جواہرِ ہومیوپیتھی
28
"شاکر"
H/DR. S. M. ZAFFAR
B.Sc. D.H.M.S. R.H.M.P.
Ex-Lecturer G.H.M. College
ہومیوپیتھک ڈاکٹر مسعود ایم صدیقی
ایم اے ڈی ایچ ایم ایس
ریڈرز پبلیکیشنز
لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ○

پیش لفظ

شفا منجانب اللہ ہے۔

انسانی جسم کو اس کے خالق نے کچھ اس طرح بنایا ہے کہ جیسے ہی جسم کے اعضا کے افعال میں کسی قسم کا نقص پیدا ہوتا ہے تو اس کی علامات ظاہر ہونے لگتی ہیں اور اگر ان علامات کی بنیاد پر مرض کی بروقت تشخیص و علاج کر لیا جائے تو شفایابی حاصل کی جا سکتی ہے۔

عام زندگی میں دیکھا گیا ہے کہ ایلوپیتھک طریقہ ء علاج سے مایوس ہو کر اکثر مریض ہومیوپیتھک طریقہ ء علاج کی طرف رجوع کرتے ہیں اور یہ ایک حقیقت ہے کہ اگر ہومیوپیتھ ڈاکٹر صحیح تشخیص کر کے مرض کا اصل سبب تلاش کر لے اور علامات کی بنیاد پر صحیح اور متعلقہ دوا تجویز کر لے تو ہومیو پیتھک ادویات اپنا جادوئی اور تیر بہدف اثر دکھاتی ہیں۔

کسی بھی قسم کی کوئی بیماری یا حادثہ زندگی میں کسی بھی وقت اور کہیں بھی پیش آ سکتا ہے اور اگر اس کا بروقت اور صحیح علاج کر لیا جائے تو صحت یابی یقینی ہو جاتی ہے۔ اسی امر کو پیش نظر رکھتے ہوئے زیر نظر کتاب کو اتنا آسان بنانے کی کوشش کی گئی ہے کہ عام آدمی جو طبی اصطلاحات سے بھی واقف نہ ہو اس کتاب سے استفادہ کر سکتا ہے۔

اس کتاب میں اعضاء انسانی اور مرض کی مناسبت سے مختصر علامات بیان کر کے متعلقہ دوا تجویز کرنے کے ساتھ ساتھ اس کی طاقت اور دوا کی خوراک کا وقفہ بھی بیان کر دیا گیا ہے تاکہ ہومیو ڈاکٹرز کے علاوہ عام آدمی کو بھی دوا تجویز کرنے میں آسانی ہو۔

امید ہے کہ ہومیوپیتھک طریقہ ء علاج سے دلچسپی رکھنے والے حضرات اس کتاب کو مفید و معاون پائیں گے۔

مسعود ایم صدیقی

فہرست

حساسیت/قوت ادراک

Sensations

حساسیت اور قوت ادراک اچھی صفات ہیں لیکن بعض دفعہ عام آدمی یا کوئی مریض بلاوجہ کے احساسات اور وہموں میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ اسے لفساتی مرض کہا جاتا ہے جس میں کچھ عجیب و غریب سے محسوسات' خیالات' شکوک و شبہات اور وہم پیدا ہوتے ہیں۔ اس کیفیت کا سبب اعصابی تناؤ' اعصابی کمزوری' ذہنی پریشانی' دماغ پر چوٹ' غم و غصہ' گھریلو فکرات' کاروباری الجھنیں خوف و خدشات' فاقہ کشی' مذہبی تعصبات' حافظے کی کمزوری اور پست حوصلگی وغیرہ ہو سکتے ہیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ دل کی حرکت رکتی ہوئی محسوس ہو۔

سکوٹا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ کسی بلندی یا کسی جگہ سے گرنے کا احساس۔

بیلا ڈونا 200' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ کپکپی کا احساس۔ چلنے سے افاقہ محسوس ہو۔

ڈروسرا 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ چھاتی سے پیٹ یا معدے میں گرم پانی ٹپکنے کا احساس۔

سنگونیریا 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ کسی دوسرے کے بستر میں ہونے کا احساس۔

پٹرولیم 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ ایسا محسوس ہو کہ تمام چیزیں اور تمام لوگ کالے ہیں۔

سٹرامونیم 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ ایسا محسوس ہو کہ خوراک یا گلے کی نالی سے پانی باہر نکلا پڑ رہا ہے۔

ورائٹرم البم 200 یا 1M، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ ایسا محسوس ہو کہ بستر میں کھٹمل رینگ رہے ہیں۔ بستر بہت سخت محسوس ہو۔ کھوپڑی میں مغز حرکت کرتا ہوا محسوس ہو۔ سخت بے چینی اور پریشانی ہو۔

آرسنک البم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ دوہرے وجود کا احساس۔ ایسا محسوس ہو کہ وقت اور فاصلہ بڑھتا جا رہا ہے۔

کنابس انڈیکا 200 یا 1M، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ جھنجھناہٹ کا احساس۔ چبھنے اور چھرا لگنے کا احساس۔ سن ہونے کا احساس۔

اکونائٹ نیپلس 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ ایسا محسوس ہو کہ وہ منتشر ہو رہا ہے یا بکھر رہا ہے۔

بپٹیشیا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ کمرے میں کتے یا بلی ادھر ادھر دوڑتے ہوئے محسوس ہوں۔

ایتھوزا سناپیم 200 یا 1M، ہفتہ میں، تین مرتبہ

☆ ایسا محسوس ہو کہ پیٹ میں کیڑے رینگ رہے ہیں۔

کوکولس انڈیکا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ بستر میں جب کروٹ لے تو ایسا محسوس ہو کہ پانی کی مشک یا تھیلا مڑ رہا ہے۔

اورنی تھوگیلم 200 یا 1M، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ جسم میں ٹھنڈے پانی کا احساس۔

ر-ٹن کولس 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ ایسا محسوس ہو کہ اس کا وجود اس دنیا کے لئے نامناسب ہے۔
اورم میٹلیکم 200 یا 1M' ہفتہ وار'
تین مرتبہ

☆ ایسا محسوس ہو کہ مریض اجنبی جگہ پر ہے۔
اوپیم 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد' تین
مرتبہ

☆ ایسا محسوس ہو کہ کتا گوشت اور ہڈیاں جھنجھوڑ رہا ہے۔
نائٹرک ایسڈ 200 یا 1M' چار گھنٹے
بعد' تین مرتبہ

☆ ایسا محسوس ہو کہ کمرہ بہت چھوٹا ہے۔
سائیکلے من 30 یا 200' چار گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ ٹانگ کے اوپر چوہا دوڑتا ہوا محسوس ہو۔
ایلنتھس 30 یا 200' ہفتہ وار' تین
مرتبہ

☆ ایسا محسوس ہو کہ بازوؤں اور لاتوں پر چوہا دوڑ رہا ہے۔
کلکیریا فاس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ ایسا محسوس ہو کہ بازوؤں اور ٹانگوں پر گیلے کپڑے پہن رکھے ہوں۔
ورانڑم ورائڈ 200 یا 1M' چار گھنٹے
بعد' تین مرتبہ

☆ تمام جسم پر چیونٹیاں رینگتی ہوئی محسوس ہوں۔
سٹس کیناڈوسس 30 یا 200' چار گھنٹے
بعد' تین مرتبہ

☆ گھٹن کا احساس۔
وائبرنم اوپولس 200' چار گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ ہونٹوں پر کھٹمل رینگتے ہوئے محسوس ہوں۔

بوریکس 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ جسم کے اندر کوئی زندہ چیز محسوس ہو۔ ایسا محسوس ہو کہ ٹانگیں لکڑی کی بنی ہوئی ہیں۔ ایسا محسوس ہو کہ جسم پھونک یا بے لوچ ہے۔

تھوجا 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ ایسا محسوس ہو کہ نشہ کیا ہوا ہے اور کھوپڑی پھٹ جائے گی۔

میزریم 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ ایسا محسوس ہو کہ ہاتھ کے اوپر مکڑیاں رینگ رہی ہیں۔

وسکم البم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ ایسا محسوس ہو کہ کالے بادلوں نے مریض کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے۔

سیمی فوگا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ جسم کی سطح یا جلد پر کپڑے رینگتے ہوئے محسوس ہوں۔

فاسفورس 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ ایسا محسوس ہو کہ زبان جل گئی ہے۔ یا دودھ یا کسی بھاپ سے جھلس گئی ہے۔

پلاٹینم 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ بستر کے بہت چھوٹا ہونے یا سکڑ جانے کا احساس۔

سلفر 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ ایسا محسوس ہو کہ کوئی مریض کا پیچھا کر رہا ہے یا ہتھوڑے مار رہا ہے۔

لیکے سس 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

—— ✪ ——

سردرد

Headach

(See migraine & Sinusitis etc also)

اس تکلیف میں سر کی جلد اور گوشت میں درد ہوتا ہے۔ ابرو اور پیشانی کی جلد کو حرکت دینے سے درد میں زیادتی ہوتی ہے۔ سردرد دو قسم کا ہوتا ہے۔ درد سر دموی اور درد صفراوی۔ دموی سردرد سارے سر پر خاص طور پر پیشانی اور گدی میں زیادہ ہوتا ہے۔ نازک مزاج لوگوں کی آنکھوں کے سامنے چنگاریاں اور مکھیاں سی اڑتی ہوئی محسوس ہوتی ہیں۔ پتلے خون کے مریضوں کا جسم زرد' زبان' لب اور مسوڑھے پھیکے پڑ جاتے ہیں۔ ان کا دل دھڑکتا ہے اور ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہو جاتے ہیں۔ درد صفراوی کسی ایک مقام مثلاً" کنپٹی' پیشانی یا داہنی آنکھ پر ٹھہر جاتا ہے۔ یہ عموماً" صبح کے وقت بستر سے اٹھنے پر ہوتا ہے۔ یہ درد عام طور پر چند گھنٹوں سے چار پانچ دن تک رہتا ہے۔ ڈکار آنے سے اس درد کو افاقہ ہوتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ کانوں میں بھنبھناہٹ کے ساتھ سر درد۔ اعصابی کمزوری کی وجہ سے سردرد۔

کالی فاس 6x یا 30' تین گھنٹے بعد

☆ شدید پیاس' قبض' پھاڑنے والا سر درد جھکنے اور حرکت سے تکلیف میں اضافہ ہو۔

برائی اونیا 30 یا 200' تین گھنٹے بعد'
چھ مرتبہ

☆ مسلسل متلی کے ساتھ سردرد جبکہ زبان صاف ہو۔

اپی کاک 30' تین گھنٹے بعد

☆ معدے کی بد نظمی۔ زیادہ کھا لینے کی وجہ سے سر درد۔ زبان پر سفید تہہ جمی ہو۔ نہانے خاص طور پر دریا میں نہانے سے سردرد بڑھ جائے۔

انٹم کروڈم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ صبح دس گیارہ بجے کے درمیان خالی پن کا احساس۔ صبح سویرے سردرد زیادہ ہو۔

سلفر 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ آنکھ کی بصارت میں بدنظمی۔ آنکھ پر بوجھ کی وجہ سے سردرد۔

روٹا 30' چار گھنٹے بعد

☆ سر کے بالائی حصے پر دباؤ۔ شدید درد خصوصاً" سکول جانیوالے بچوں کا سردرد۔

ایسڈ فاس 30' چار گھنٹے بعد

☆ پیاس ندارد۔ مرغن اور مسالہ دار خوراک کھانے کی وجہ سے۔ کھلی ہوا میں بہتر محسوس کرے۔

پلساٹیلا 30' چار گھنٹے بعد

☆ سر کی طرف سیلان خون۔ شدید تپکن کا درد۔

بیلاڈونا 30' تین گھنٹے بعد

☆ درد گدی سے شروع ہو کر سر کی طرف جائے۔ مریض خاموشی سے لیٹے رہنا چاہے۔ پیشاب کرنے کے بعد بہتر محسوس کرے۔

جیلسی میم 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ کسی ایک مقام پر درد' گدی پر درد چلنے اور شور سے درد میں اضافہ۔

نیوکو کیسن 200' 10 منٹ بعد

☆ کسی مایوسی یا صدمے اور رنج کے بعد سردرد۔ اعصابی سردرد۔ دھواں سانس کے ساتھ اندر جانے کے بعد تکلیف بڑھ جائے۔

اگنیشیا 200 یا 1M' تین گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ ٹھنڈ محسوس کرنے والا مریض۔ بیٹھ کر وقت گذارنے کا عادی مریض۔ نشہ آور مشروبات پینے کے بعد سردرد۔

نکس وامیکا 30' چار گھنٹے بعد

☆ ناک کی جڑ میں دباؤ اور درد۔ ناک میں سرسراہٹ۔ ناک کی نسیج میں ورم کی وجہ سے سردرد۔

کالی بچ 30' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ خشک ٹھنڈی ہوا لگ جانے سے اچانک سردرد۔ طبیعت میں فکرمندی ہو۔

اکو نائٹ 30 یا 200' آدھا گھنٹہ بعد' تین مرتبہ

☆ سر کا بھاری پن۔ ماتھے میں درد۔ اعصابی درد دائیں آنکھ کے اوپر اور پیچھے۔ لیٹنے کھانے

اور آرام کرنے سے بہتر ہو۔

پٹی سیلنم 30 یا 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ چمکدار روشنی سے حساسیت۔ آنکھوں سے پانی جاری ہونے کے ساتھ سر درد۔

یوفریزیا 30، تین گھنٹے بعد

☆ لو لگنے کی وجہ سے سردرد۔ گیس لائٹ کے نیچے کام کرنے کی وجہ سے شدید سردرد۔

گلونائن 6 یا 30، دو گھنٹے بعد

☆ سورج کی گرمی کی وجہ سے سر درد۔ سورج نکلنے کے بعد سے غروب ہونے تک درد بڑھتا جائے۔ ابتداء دل کے اسباب سے ہوئی ہو۔

کالیما لیٹی فولیا 30 یا 200، چھ گھنٹے بعد

☆ سکول جانیوالی لڑکیوں کا سردرد۔ ماہواری کے ایام میں دھوپ میں جانے کی وجہ سے سر درد۔ ہتھوڑے لگنے کا سا درد۔

نیٹرم میور 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ اعصابی چوٹ کی وجہ سے سردرد۔ سر کو پیچھے لیجانے سے درد میں کمی محسوس ہو۔

ہائپریکم 30، تین گھنٹے بعد

بائیو کیمی نیشن نمبر12 سردرد کے لئے مفید دوا ہے۔
مذکورہ ادویات کے علاوہ سپائی جیلیا، سنگونیریا، لیکے سس، لائیکوپوڈیم میگنیسیافاس اور ڈیمیانا بھی اچھی دوائیں ہیں۔

—— ✪ ——

آدھے سر کا درد/درد شقیقہ

Migraine

(see headach also)

اکثر یہ مرض موروثی ہوتا ہے لیکن امراض گردہ، عام جسمانی کمزوری، خون کی خرابی، بے خوابی اور بصارت کے امراض بھی اس کا سبب ہوتے ہیں۔ کثیف آب و ہوا، زیادہ دماغی محنت اور مصائب و آلام، تیز دھوپ اور گرم لو میں پھرنا بھی اس مرض کا سبب ہو سکتے ہیں۔ اس مرض کا دورہ سا پڑتا ہے اور آدھے سر میں درد ہوتا ہے یعنی ایک جانب زیادہ شدید اور دوسری طرف قدرے کم ہوتا ہے۔ بعض اوقات یہ درد طلوع آفتاب کے ساتھ شروع ہوتا ہے اور غروب آفتاب تک رہتا ہے۔ بعض دفعہ سرشام شروع ہو کر رات بھر رہتا ہے اور صبح کو آرام آ جاتا ہے اس درد میں جی متلاتا ہے اور ابکائیاں آتی ہیں۔ درد ابرو میں یا ایک جانب کن پٹی میں ٹھہر جاتا ہے اور بعض اوقات دو تین یوم تک رہتا ہے۔ جب یہ درد ٹھیک ہونے لگتا ہے تو مریض کو نیند آجاتی ہے اور سو کر اٹھنے کے بعد مریض خود کو بالکل صحتمند محسوس کرتا ہے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ کمزور و ناتواں، چڑچڑے مزاج کے موٹے مریض۔ جو اکثر بے حس اور بے پروا سے رہیں۔ ان کے مزاج (moods) میں تبدیلی آتی رہے۔ ان کے طور طریقوں میں بھی اچانک اور عجیب سی تبدیلی ہوتی رہے۔ خواتین کے موقوف حیض کے دوران بے قاعدگی اور پریشانی کی وجہ سے یادداشت کمزور ہو جائے۔ سگریٹ نوشی کی وجہ سے آدھے سر کا درد ہو۔ اوپرے رنگت والے مریض۔ ناک کے اوپر پیلی سی پٹی بنی ہو۔ شدید اور چبھنے والے درد ہوں۔ درد بائیں جانب کی کنپٹی پر ٹھہر جائے۔

سیپیا 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ نظام عصب کی کسی بیماری میں مبتلا شخص۔ بدمزاج چڑچڑا، مراقی، اور صفراوی مزاج مریض۔ شراب کے اثرات بد کی وجہ سے سردرد یا ضرورت سے زیادہ کافی، تمباکو اور مسالے استعمال کرنے کے نتیجے میں سردرد۔ ذہنی تھکاوٹ۔ فکر مندی۔ کاروباری پریشانیاں اور فکرات، جنسی بے اعتدالی۔ تنہائی پسند، غمگین۔ بیٹھے ہوئے وقت گزارنے والا مریض۔

نکس وامیکا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ موقوفیٔ حیض کے دوران۔ ماہواری سے پہلے، گرمی سے۔ سونے کے دوران اور سونے کے بعد شدید درد۔ بائیں جانب کا آدھا سردرد۔

لیکے سس 30 یا 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ دماغی کام کرنے سے سر درد۔ ٹھنڈ لگنے سے۔ سر کھلا رہنے سے۔ کسی قسم کے دباؤ یا بوجھ کی وجہ سے۔ مسلسل بیٹھے رہنے یا لو لگ جانے کی وجہ سے سردرد۔

گلونائین 30، تین گھنٹے بعد

☆ نظام عصب کے مرض میں مبتلا اشخاص۔ شوروغل کے سبب خوفزدہ۔ آب و ہوا کی تبدیلی کی وجہ سے۔ زرد چہرہ۔ بائیں جانب کی آنکھ کے اوپر ٹھہرا ہوا درد خاص طور پر بائیں پتلی کا درد۔ درد اعصابہ متعلقہ پلک۔ پشت سر سے بائیں آنکھ کی طرف بڑھنے والا تیز، پھاڑنے والا، چیرنے والا اور چبھنے والا درد جو کہ وقفے وقفے سے ہو۔ سورج کے بڑھنے کے ساتھ ساتھ آہستہ آہستہ سردرد بھی بڑھے۔ جب درد کا حملہ شدید ہو تو صفراوی قے ہو جائے۔ جیسے جیسے سورج ڈوبنا شروع ہو ہولے ہولے آہستہ آہستہ سردرد کم ہو جائے۔ ایسا محسوس ہو کہ کھوپڑی کی ہڈی کے مقام اتصال پر سر کھلا ہوا ہے۔

سپائی جیلیا 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ صفراوی مزاج کے اعصابی طور پر کمزور اور گیس کے مرض میں مبتلا لوگوں کے لئے۔ اساتذہ اور طلبہ میں دماغی تھکن کی وجہ سے آدھے سر کا درد۔ دھندلا یا آدھا دکھائی دینا یا اندھا پن۔ دائیں جانب کا سر درد۔ خاص طور پر جو اتوار کے روز ہو۔ بعض اوقات پورے معدے میں درد ہو۔ آنتوں کی نالیوں میں شدید درد کے حملے کے دوران زور دار تیزابی قے۔ گرم اور بہار کے موسم میں تکلیف میں اضافہ ہو۔ رات کو ٹھیک ٹھاک طریقے سے سونے اور قے کرنے کے بعد تکلیف میں افاقہ ہو۔

آئرس ورسیکالر 200 یا زیادہ، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ چڑچڑے اور خوفزدہ قسم کے لوگوں کے لئے۔ موقوفیٔ حیض کے دور سے پہلے یا اس کے دوران کے سردرد کے لئے۔ چہرے سے تھکا ماندہ معلوم ہو۔ سر بند سا ہو یا بوجھل۔ گالوں پر محدود جگہ پر سرخی۔ دائیں آنکھ کے اوپر درد۔ اعصابی، چیرنے والا چٹکن والا درد۔ اکثر اوقات آٹھویں روز ہو۔ صبح سویرے سردرد ہو۔ گدی سے درد شروع ہو اور اوپر کی طرف

پھیلے۔ آنکھ کے مقام پر ٹھہر جائے۔ سورج کے ساتھ گھٹنے بڑھنے والا درد۔ سر میں شدید قسم کی گھٹن یا دباؤ کا احساس ہو۔

سینگوئیریا C 200' دس منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ معاون دوا۔

بیسی لینم 200 یا 1M' پندرھویں روز' تین مرتبہ

دیگر اہم ادویات : بیلاڈونا' برائی اونیا' کاربوویج' نیٹرم میور' سفیلنم' سلفر' تھوجا' فاسفورس اور میڈورنیم وغیرہ۔

سر چکرانا

Vertigo/Giddiness

اس مرض میں مریض کو چکر آتے ہیں۔ اردگرد کی چیزیں گھومتی نظر آتی ہیں۔ آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا جاتا ہے۔ وہ خود کو سنبھال نہیں پاتا۔ کسی چیز کا سہارا لیتا ہے یا گر پڑتا ہے۔ جی متلاتا اور قے آتی ہے۔ ٹھنڈے پسینے آنے لگتے ہیں۔ اس مرض کے اسباب نشہ آور اشیاء کا زیادہ استعمال' رطوبات جسم کا زیادہ خارج ہو جانا' بلڈ پریشر' سر میں چوٹ لگ جانا' حیض کا کثرت سے آنا۔ بدہضمی اور بعض عصبی امراض مثلاً" سکتہ' مرگی اور درد شقیقہ وغیرہ ہیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ جگر میں درد کے ساتھ سر چکرائے۔ آگے کی جانب گر پڑنے کا رجحان یعنی ایسا لگے کہ آگے کی طرف گر پڑے گا۔

چیلی ڈونیم 30' چار گھنٹے بعد

☆ پانی دیکھنے یا کوئی پل پار کرتے ہوئے سر چکرانے لگے۔

فیرم فاس 12x یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ آنکھیں اوپر کو اٹھانے اور کانوں میں غرّانے کی سی آوازوں کے ساتھ۔ کشتی یا کسی سواری پر چڑھتے ہوئے چکر آئیں۔

پٹرولیم 30' تین گھنٹے بعد

☆ بہت زیادہ مادہ منویہ ضائع ہو جانے کی وجہ سے چکر۔ صبح کے وقت چکر۔ کھڑے ہوئے

ایسا محسوس ہو کہ گر پڑے گا۔

فاسفورک ایسڈ 30' چار گھنٹے بعد

☆ کھلی ہوا میں چکر آئیں۔ شام کو کھانے کے بعد سر چکرائے۔

فاسفورس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ سمندر میں چکر آئیں۔ شور سے چکر بڑھیں۔ آنکھیں بند کرنے سے متلی کے ساتھ چکر آئیں۔

تھیریڈیان 30' چار گھنٹے بعد

☆ بصارت کے دھندلانے کے ساتھ چکر۔ چلتے ہوئے یا کسی چیز کے آرپار دیکھتے ہوئے تکلیف بڑھے۔ حیض کے دب جانے سے چکر آئیں۔

سائکلیمن 30' چار گھنٹے بعد

☆ غنودگی کے ساتھ چکر آئیں۔ سیٹ سے اٹھتے ہوئے بڑھ جائیں۔

ا-تھیوزا 30' چار گھنٹے بعد

☆ رطوبات کے اخراج کو روک دینے کی وجہ سے۔ آنکھیں بند کرنے اور سونے کے بعد زیادہ چکر آئیں۔

لیکے سس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ نیند اڑ جانے۔ چلتی ہوئی یا حرکت کرتی ہوئی چیزیں دیکھنے سے چکر آئیں ایسے فالج کی وجہ سے جس میں اعصابی حرکت ماؤف ہو جائے لیکن حس باقی رہے۔

کوکولس انڈیکا 30' چار گھنٹے بعد

☆ دائیں جانب مڑنے پر زیادہ چکر آئیں۔

سینو تھس Q یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ جب کسی چیز پر صحیح طور پر نگاہ نہ جما سکے تو چکر آئیں۔ بیٹھے ہونے کی حالت میں زیادہ چکر آئیں اور چلنے کی صورت میں بہتر محسوس کرے۔

الیومنا 30' چار گھنٹے بعد

☆ افقی یا سیدھی حالت میں چکر آئیں۔ ایسا محسوس ہو کہ چکروں کی وجہ سے بائیں جانب کو گر جائے گا۔

سلی سائکلک ایسڈ 30' چار گھنٹے بعد

☆ نیچے کی جانب جاتے یا حرکت کرتے ہوئے چکر آئیں۔ گر جانے کا خوف محسوس کرے۔

بوریکس 30، چار گھنٹے بعد

☆ کرسی سے اٹھتے ہوئے یا حرکت کرنے سے چکر آئیں۔ سکون کے ساتھ لیٹنے سے بہتر محسوس ہو۔

برائی اونیا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ سردرد اور گرنے کے احساس کے ساتھ چکر آئیں۔ خصوصاً" مرگی کی تشنجی کیفیت میں۔

کلکیریا فاس 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ بوڑھے اور غیر شادی شدہ مرد و خواتین کو چکر آئیں۔ آنکھیں کھولنے، حرکت کرنے یا سر گھمانے سے چکر آئیں۔

کونیم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ صبح کو سو کر اٹھنے کے بعد چکر آئیں۔ اوپر کی جانب دیکھنے سے سر چکرائے۔

پلساٹیلا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ شام کے کھانے کے بعد یا حس ختم ہو جانے کی وجہ سے چکر آئیں۔

نکس وامیکا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ اندھیرے میں چکر آئیں۔ اونچی عمارتوں کو دیکھنے سے چکر آئیں۔

ارجنٹم نائٹریکم 30، چار گھنٹے بعد

☆ پڑھنے سے سر چکرائے۔

نیٹرم میور 30، چار گھنٹے بعد

☆ چارپائی جیسے گھوم رہی ہو۔ کمرے کی چیزیں گھومتی محسوس ہوں۔

کونیم 30، چار گھنٹے بعد

☆ چلتے ہوئے ایسا محسوس ہو کہ نشے میں دھت ہو۔

جیلسی میم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ لیٹنے یا جھکنے سے تکلیف میں اضافہ ہو جائے۔

رہس ٹاکس 30، چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی کالی فاس 6x بھی مفید دوا ہے۔

—— ○ ——

بالوں کا گرنا

Falling of Hair

بال کا گرنا تو فطری عمل ہے کیونکہ انفرادی طور پر ایک بال کی عمر دو تا پانچ سال ہوتی ہے۔ اس کے بعد اس کا سوتا سکڑ جاتا ہے اور بال گر جاتا ہے۔ لیکن کچھ مدت کے بعد یہی سوتا فعال ہو جاتا ہے اور نیا بال پیدا ہو جاتا ہے۔ لیکن بالوں کا زیادہ گرنا ایک مرض ہے۔ کبھی بال تھوڑے تھوڑے گرنے اور کبھی سارے گرنے سے گنج ہو جاتا ہے۔ بالوں کی نشوونما میں ہارمونز اثر انداز ہوتے ہیں لہٰذا یہ کہا جا سکتا ہے کہ ہارمونز کی کمی سے بال گرتے ہیں لیکن تاحال اس کی اصل وجہ اور گنج پن کا علاج دریافت نہیں ہو سکا۔ عام خیال یہ ہے کہ جسمانی اور دماغی کمزوری، بعض قسم کے بخار، سل، داد یا بفروغیرہ قسم کی بیماریاں بھی بال گرنے کا سبب ہوتی ہیں۔ ویسے عمر کے ساتھ ساتھ بال گرنا فطری ہے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ بال جڑوں پر کھڑے ہو جائیں۔ سر میں گرمی کے احساس کے ساتھ بال گرنے لگیں۔
سلفر آئیوڈیٹم 6، چار گھنٹے بعد

☆ سر اور جسم کے دوسرے حصوں سے بال گرنے لگیں اور بال جھڑنے والی جگہیں چمکدار اور گنجی رہ جائیں۔
سلینیم 6 یا 30، چار گھنٹے بعد

☆ سر میں کثرت سے سفید خشکی کے ساتھ بالوں کا گرنا۔
کالی میور 6x یا 30، چار گھنٹے بعد

☆ بالوں کی جڑوں میں پھنسیاں اور چھالے ہوں اور بال گریں۔
سیپا 30 یا 200، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ بالوں میں قدرتی ملائمت نہ ہو۔ بالوں کی جڑیں اور کنارے خشک ہوں۔ بال الجھے ہوئے اور گتھے ہوئے ہوں۔ بال درمیان کے کسی حصے سے ٹوٹنے لگیں۔
ایسڈ فلور 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ کھوپڑی میں سوزش اور چبھن۔ بال کھنچنے کا احساس۔ غیر صحتمند بال۔ بال گریں۔
میگنیسیا کارب 30، چار گھنٹے بعد

☆ پھنسیوں اور سوزش کی وجہ سے بال سر سے گریں۔

زنکم فاس 30' چھ گھنٹے بعد

☆ کھوپڑی پر ایگزیما ہو۔ بال آپس میں الجھ جائیں۔

میزریم 30' چار گھنٹے بعد

☆ سر سے گچھوں میں بال گریں اور وہ حصے گنجے ہو جائیں۔ بہت زیادہ سکری کی وجہ سے بال گریں۔

فاسفورس 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ کمزوری کی وجہ سے سر اور جسم کے دوسرے حصوں سے بال گریں۔

ایسڈ فاس 6 یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ کھوپڑی کا ورم اور سوجن۔ مریض کنگھا کرنے شیو کرنے اور بال کٹوانے سے گریز کرتا ہو۔

چائنا 6 یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ چہرے پر غیر ضروری بال "خصوصاً" خواتین میں۔

اولیم جیکورس 3x' چار گھنٹے بعد

☆ کھوپڑی کا ایگزیما۔ گھونگھریالے' نرم اور سرخ بال۔

میزریم 30' چار گھنٹے بعد

☆ کھوپڑی سے بدبو آئے۔ خشک الجھے ہوئے اور گتھے ہوئے بال۔

سورینم 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

بالوں کی مناسب افزائش کے لئے بائیو کیمک کی کلکیریا فاس 6x ہر چار گھنٹے بعد دینا بہت مفید ہے۔ ٹھنڈ محسوس کرنے والے مریض جنھیں کنگھا کرتے ہوئے' چھینکیں آ جائیں کے لئے سیلیشیا 6x چار گھنٹے بعد دینا فائدہ مند ہے۔

بائیو کیمک دوائیں :

☆ جب بال بہت باریک ہو جائیں اور گرنے لگیں۔

نیٹرم میور 6x یا 12x' چار گھنٹے بعد

☆ گچھوں میں بالوں کا گرنا۔

سلیسیا 12x' چار گھنٹے بعد

☆ طویل بیماری کے بعد یا بہت کمزوری کی وجہ سے بالوں کا گرنا۔

فلکیریا فاس 6x' چار گھنٹے بعد

☆ بہت زیادہ سکری۔ بال گچھوں میں گریں۔ اور اس جگہ گنج ہو جائے۔

کالی سلف 6x' چار گھنٹے بعد

مندرجہ بالا ادویات کو علیحٰدہ علیحٰدہ یا ملا کر دینے سے بہت اچھے نتائج حاصل کئے جا سکتے ہیں۔ چھ ہفتوں تک روزانہ تین مرتبہ 6x طاقت میں دو گولی دینے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔

وقت سے پہلے بالوں کا سفید ہو جانا

Premature Greying of Hair

عموماً" چالیس سال کی عمر سے سب لوگوں کے بال سفید ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ لیکن بعض اوقات عمر سے پہلے ہی بلکہ نو عمری میں ہی بال سفید ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ بعض خاندانوں میں بھی بال جلدی سفید ہونے کا رجحان پایا جاتا ہے۔ وقت سے پہلے بال سفید ہونے کی کوئی خاص طبی وجوہات تو دریافت نہیں ہو سکیں البتہ وٹامن کی کمی' ورزش نہ کرنا۔ خوشبودار اور معدنی تیلوں کا استعمال' دائمی نزلہ زکام' دماغی تناؤ' ذہنی پریشانیاں' کثرت مباشرت' جلق غیر متوازن غذا' روحانی یا جسمانی صدمہ' لمبی بیماریاں اور بال کی سکری وغیرہ بال سفید ہونے کے عام اسباب سمجھے جاتے ہیں۔ ان وجوہات کو رفع کر کے بال سفید ہونے سے کسی حد تک بچا جا سکتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ بالوں کو تیزی سے بڑھانے کے ساتھ کالے بھی کرنا۔

ویز بیڈن (Wies beaden) 30' چار گھنٹے بعد

☆ بہت زیادہ تیزابیت۔ وقت سے پہلے بال سفید ہونے لگیں۔

ایسڈ سلف 30' چار گھنٹے بعد

☆ وقت سے پہلے بال سفید ہونے سے روکنے کے لئے۔

تھائرائیڈینم 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد

☆ ایسی بیماریاں جن سے شدید کمزوری ہو جائے۔ مثلاً" ٹائی فائڈ وغیرہ کے بعد بال سفید ہونے لگیں۔ مریض اندھیرے اور شور سے خوف کھائے ٹھنڈی یخ چیزیں پینا پسند کرے۔

فاسفورس 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ جب تمام جسم پر غیر معمولی پسینہ آتا ہو اور وقت سے پہلے بال سفید ہونا شروع ہو جائیں۔

پائلو کارپس Pilocarpus
(Jaborandi 1M) ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ کمزوری کی وجہ سے۔ مادہ تولید ضائع ہو جانے کی وجہ سے۔ بچوں کے بال سفید ہونے لگیں۔

ایسڈ فاس 3x یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ سورا کے مریضوں کے بال گچھوں میں سفید ہونے لگیں۔

سورینم 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ ایسے مریضوں کے بال سفید ہونا شروع ہو جائیں۔ جو مسلسل ذہنی دباؤ کے شکار رہتے ہوں۔

لائیکو پوڈیم 30 یا 200' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ ایک بہترین موثر اور آزمودہ دوا۔

سینوتھس (Cenothus Q) 5 یا 7 قطرے' چار گھنٹے بعد
بائیو کیمک کی کلکیریا فاس 6x اور نیٹرم میور 6x چار گھنٹے بعد دینا بھی مفید ہے۔ بیرونی استعمال کے لئے آرنیکا۔ کینتھرس Q اور جیبورانڈی Q دس فیصد تناسب سے ناریل یا زیتون کے تیل میں بہت فائدہ مند ہے۔

--- o ---

سر کی خشکی / سکری

Dandruff

سر کی خشکی / سکری خون کی کمی یا جسم کی کمزوری کی وجہ سے ہوتی ہے۔ سر میں زیادہ خشکی کی وجہ سے بال کمزور ہو کر جھڑنے شروع ہو جاتے ہیں اور گنج پن کا سبب بنتے ہیں۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ کثرت سے خشکی۔ چھلکے دار خشکی کی تہہ جمی ہو۔ پشت سر پر بہت زیادہ پسینہ۔

سینی کولا 30، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ سردرد اور کھوپڑی پر چبھن کے ساتھ خشکی۔ گرم پانی سے دھونے سے اور بڑھ جائے۔

لائیکو پوڈیم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ سفید خشکی۔ چھلکے دار اور پرت والی۔ بال خشک۔ بال گریں۔ مرطوب موسم اور ماحول پر تکلیف بڑھ جائے۔

تھوجا 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ زردی مائل بڑی مقدار میں خشکی۔ کھوپڑی پر داد یا ایگزیمہ۔ گرمی سے تکلیف بڑھ جائے۔

کالی سلف 6x یا 30، چار گھنٹے بعد

☆ جب تمام کھوپڑی خشکی سے بھری ہو اور بال گچھوں میں گر رہے ہوں۔

فاسفورس 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ سفید خشکی وافر مقدار میں۔

کالی میور 6x یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ سر میں خارش یا چبھن کے ساتھ خشکی۔ بال خشک کھردرے۔

میڈورینم 200 یا 1M، پندرھویں روز، تین مرتبہ

☆ گول گچھوں میں خشکی۔ کھوپڑی کے داد کی طرح۔ کھجانے سے بھی جلن اور خارش کو آرام یا فائدہ نہ ہو۔

سیپیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ ناقابل برداشت کھاج کے ساتھ سکری۔ کھوپڑی کی جلد حساس ہو۔ خشک چھلکے دار خشکی۔

آرسنک البم 30' چار گھنٹے بعد

☆ کھوپڑی کے کناروں پر زیادہ خشکی۔ جلد اور کھوپڑی چپچپی تیل کی طرح۔

نیٹرم میور 12x یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ معاون دوا۔ بال خشک' کھردرے۔ کھوپڑی سے بو آئے۔ ناقابل برداشت کھاج اور جلن۔ بالوں میں ملائمت نہ ہو۔

سورینم 200 یا 1M' پندرھویں دن' تین مرتبہ

ان ادویات کے علاوہ کلکیریا کارب' کینتھرس' گریفائٹس میزریم۔ سٹیفی سیگریا اور سلفر وغیرہ بھی بہترین دوائیں ہیں۔

جوئیں

Lice

بالوں یا سر میں باریک باریک کیڑے ہو جاتے ہیں جنھیں جوئیں کہتے ہیں۔ ان کی زندگی کا عرصہ قریباً ایک ماہ ہوتا ہے۔ مادہ جو انڈے دیتی ہے انھیں لیکھ کہا جاتا ہے جو ایک ہفتے کے اندر جوئیں بن جاتی ہیں اور رینگنا شروع کر دیتی ہیں۔ ان جوؤں کی چھ ٹانگیں ہوتی ہیں اور ہر ٹانگ میں ایک پنجہ ہوتا ہے جس سے وہ بالوں میں چمٹی رہتی ہیں۔ یہ کھوپڑی کے پچھلے حصے یعنی گردن میں زیادہ ہوتی ہیں۔ یہ جوئیں خون چوستی ہیں جس کی وجہ سے سر میں خارش ہوتی ہے۔ عام طور پر جوئیں ایک سے دوسرے شخص تک پہنچتی ہیں۔ سکولوں کے بچوں میں اکثر جوئیں ہو جاتی ہیں کیونکہ وہاں اگر ایک بچے کے بھی جوئیں ہو جائیں تو اڑ کر دوسرے بچوں تک پہنچ جاتی ہیں۔ ان جوؤں کو مارنے اور علاج کرنے کے علاوہ سر کی صفائی رکھنا بہت ضروری ہے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ سر کی جوؤں کے لئے۔ خصوصی علامت بدبو۔

کاربولک ایسڈ 30، چار گھنٹے بعد

☆ سر اور پرائیویٹ یا مخصوص حصوں کی جوؤں کے لئے۔

سٹیفی سیگریا Q یا 30، چار گھنٹے بعد

☆ سر کی جوؤں کے لئے۔ سر میں سے بدبو آئے۔ سر میں نمی اور دانے ہوں۔

ونکا مائنر 30، چار گھنٹے بعد

☆ جلد میں جوئیں ہوں۔ جو جلدی جلدی بڑھیں۔ علاج مشکل ہو۔

لائیکو پوڈیم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ سر کی جوئیں۔ بال گندے اور بے چمک۔ معاون دوا۔

سورینم 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ معاون دوا کے طور پر۔

بیسی لینم 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

بیرونی استعمال کے لئے : سٹیفی سیگریا Q تیل میں ملا کر 1-9 کے تناسب سے۔ (ناریل، سرسوں یا زیتون وغیرہ کا تیل استعمال کیا جا سکتا ہے)

دماغی خلل

Mental Derangement

(See insanity & Mania also)

اس مرض کی علامات بدلتی رہتی ہیں۔ کبھی دماغی سکون کی وجہ سے مرض میں کمی اور کبھی غصے اور جوش کی وجہ سے شدید ہو جاتی ہیں۔ مریض چیختا چلاتا ہے۔ چڑچڑا ہو جاتا ہے۔ بکواس کرتا اور ایک بات کو بار بار دہراتا ہے۔ مسلسل بولے چلا جاتا ہے۔ اس کا جی متلاتا اور ابکائیاں آتی ہیں۔ قبض کی شکایت ہو جاتی ہے۔ سر چکرانے لگتا ہے۔ مریض تھکا ہوا اور پست ہمت ہوتا ہے۔ حافظہ کمزور ہو جاتا ہے۔ دماغ میں عجیب و غریب خیالات آتے ہیں۔ بعض دفعہ کپڑے پھاڑنے لگتا ہے۔ خودکشی کی طرف مائل ہوتا ہے۔

یہ مرض کسی دماغی چوٹ، کاروباری یا گھریلو الجھنوں، غم، خوف، اعصابی کمزوری، فاقہ کشی، غربت، مذہبی جنون یا کمزور عورت کے زیادہ عرصے تک دودھ پلانے کی وجہ سے ہو سکتا ہے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ ہمیشہ کاروبار کے متعلق باتیں کرے۔ چڑچڑا اور غصیارہ شخص۔

برائی اونیا 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ اپنے آپ کو ناکام خیال کرے۔ زندگی سے کوئی دلچسپی نہ ہو اور خودکشی کے خیالات آئیں۔

اورم مٹیلیکم 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ غلط الفاظ لکھے اور ہجے غلط کرے۔ اکیلا ہونے سے ڈرے۔ طبیعت میں پریشانی اور احساس کمتری کا شکار۔

لائیکو پوڈیم 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ مزاج میں تبدیلی آتی رہے۔ خون یا چاقو دیکھنے کے بعد خودکشی کا رجحان۔ کبھی مسکرائے اور نہ ہنسے۔

الیومنا 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ چہرے سے ایسا لگے جیسے اس سے کوئی گناہ سرزد ہو گیا ہو۔ جنسی معاملات پر انحصار کرے۔ جذبات پھٹ پڑیں۔ بچہ بغیر آنسوؤں کے روئے۔

سٹیفی سگریا 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ ہر چیز کو ٹھیک حالت میں چاہے۔ کسی بے قاعدگی پر غیر معمولی حساس۔ دوسروں کی بد نصیبی پر خوشی محسوس کرے۔ بہت زیادہ نازک مزاج۔

آرسنک البم 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ ناامیدی اور مایوسی کے بعد شکایتیں کرے۔ آہیں بھرے اور روہانسی ہو جائے۔ مزاج بدلتا رہے۔

اگنیشیا 1M یا 10M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ اپنے پیاروں حتیٰ کہ شوہر اور بچوں تک کو پسند نہ کرے۔ فطری محبت کی کمی۔

سیپیا 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ سر کی چوٹ کی وجہ سے شکایات۔ زندگی سے پر موسیقی مریض کو افسردہ کردے۔

نیٹرم سلف 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ نرم مزاج، شریف النفس، منکسرالمزاج، رونے والی طبیعت کا مریض، جلدی ہمت ہار دے۔ مذہبی یاسیت، پیاس ندارد، کھلی اور ٹھنڈی ہوا پسند کرے۔

پلساٹیلا 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ روح اور جسم کو الگ الگ محسوس کرے۔ موسیقی کی وجہ سے رونے اور کانپنے لگے۔

تھوجا 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ ہسٹریکل قہقہہ یا ہنسی کے دورے۔ خوش مزاجی کا پاگل پن۔ دماغی کیفیات بڑی تیزی سے بدلتی رہیں۔

کروکس سٹیوا 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ معاون دوا۔

سلفر 200 یا 1M' پندرھویں روز' تین مرتبہ

بائیو کیمک کی کالی فاس 6x بھی مفید دوا ہے۔

مخبوط الحواسی/پاگل پن

Insanity/Madness

(See mania also)

دماغ میں فتور آجانے کو دیوانگی کہا جاتا ہے۔ جب ذہنی توازن بگڑ جائے تو مریض بے ہودہ باتیں کرنے لگتا ہے۔ وہمی اور بدحواس ہو جاتا ہے۔ اس کے دل میں وسوسے اور الٹے سیدھے خیالات آنے لگتے ہیں۔ دیوانگی سے پہلے کچھ علامتیں ظاہر ہونے لگتی ہیں مثلاً" مریض بدمزاج اور پست ہمت ہو جاتا ہے۔ سر گھومنے لگتا ہے۔ کاروبار سے دل اچاٹ ہو جاتا ہے۔ طبیعت میں بے چینی اور سردرد کرنے لگتا ہے۔ حافظہ کمزور ہو جاتا ہے۔ بے خوابی اور بے چینی بڑھ جاتی ہے۔ مرض شدت اختیار کرنے پر اس کا رویہ غیر مہذبانہ ہو جاتا ہے۔ بات بات پر لڑتا اور تکرار کرتا ہے۔ گھر سے نکل بھاگتا ہے۔ غیر اخلاقی اور عامیانہ حرکتیں کرنے لگتا ہے۔ بعض دفعہ دیوانگی اس حد تک بڑھتی ہے کہ مریض کپڑے اتار پھینکتا ہے اور برہنہ ہو جاتا ہے۔ غرضیکہ وہ پاگل پنے کی حدود میں داخل ہو جاتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ ایسا خیال کرے کہ وہ کسی بادشاہ سے کم نہیں ہے۔ ایسے جنون میں مبتلا ہو جس میں ایک ہی بات یا مضمون پر سوچتا رہے۔ پھٹے پرانے کپڑے اور چیتھڑے پہنے اور ان سے کھیلتا رہے۔

سلفر 200 یا 1M' 10 منٹ بعد

☆ اپنے آباواجداد اور خود کو بڑا رئیس سمجھے اور اسی طرح ظاہر کرنے کی کوشش کرے۔ اپنی اہمیت جتانے کے لئے مبالغہ آمیز قسم کی باتیں کرے۔ جنسی بے اعتدالی کی وجہ سے مخبوط الحواس ہو گیا ہو۔

فاسفورس 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ جلدی طیش میں آکر تشدد پر اتر آئے۔ حسد اور جلن کرے۔ دوسروں پر حکمرانی کرنا چاہے

لائیکو پوڈیم 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ مریض کو اندھیرے سے ڈر لگے۔ پاگل پنے میں جنگلی ہو گیا ہو۔

سٹرامونیم 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ ذرا سی بات پر شدید قسم کا طیش آ جائے۔ تشدد پر اتر آئے۔ دوہری انا کا احساس ہو۔

انا کارڈیم 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ بغیر شرم و حیا کے تمام کپڑے اتار دے۔ ننگ دھڑنگ ہو جائے۔ بستر میں گھنٹوں جاگتا پڑا رہے۔ نیند نہ آئے نبض اور دل کی غیر معمولی دھڑکن۔

ہائیو سائمس 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ موسیقی سننے سے افسردہ اور غمگین ہو جائے۔ کچھ الٹا سیدھا سوچتا اور خود کو گولی مارنے کی کوشش کرتا ہے۔ سر کی چوٹ کی وجہ سے پاگل پن۔

نیٹرم سلف 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ موسیقی سے بہت حساس۔ جھگڑالو اور شرارتی۔ تباہی اور بربادی کی طرف مائل۔

ٹرنٹولا ہسپانیہ 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ ایسا محسوس کرے کہ کسی مافوق الفطرت طاقت کے سائے میں ہے۔ زہر دیے جانے کا خوف۔ اس وہم میں مبتلا رہے کہ دوسرے لوگ اس کے بارے میں باتیں کر رہے ہیں۔

لیکے سس 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ ذرا سی بات پر بھی اشتعال میں آ جائے اور چیخنے چلانے لگے۔ کسی غم صدمے یا خوف کی وجہ سے حواس باختہ ہو۔

نیٹرم سلف 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ بیوقوفوں کی سی باتیں کرے۔ ہنسنے اور ناچنے سے جذباتی ہو جائے۔ تصور کرے کہ وہ موسیقی سن رہا ہے۔ آنکھیں بند کرے اور خوبصورت خیالات و تصورات میں گم ہو جائے۔

کنابس انڈیکا 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ جھگڑالو۔ بدحواس' ہذیان بکنے والا۔ وہمی ناقابل برداشت شدید درد کی وجہ سے بدحواسی۔

وراٹرم البم 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ شور کو برداشت نہ کر سکے۔ حسد کی وجہ سے دوسروں کو برا بھلا کہے۔ گالیاں دے۔ تشدد پر اتر آئے۔ الٹی سیدھی بکواس کرے۔ فالج یا رعشہ پڑ جائے۔

نکس وامیکا 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ معاون دوا۔

بیسلینم 1M یا 10M' پندرھویں روز' تین مرتبہ

بائیو کیمک کی کالی فاس 6x چار گھنٹے بعد دینا بھی مفید ہے۔

—— ✪ ——

جنون

Mania

(See insanity also)

بدمزاجی، پست ہمتی، سردرد، کمزور حافظہ، کام سے نفرت، منتشر خیالی، بے چینی، نیند نہ آنا دماغی ضعف، سر گھومنا، چڑچڑا پن، کاروبار سے لاپرواہی وغیرہ اس مرض کی علامات ہیں۔ ہذیان اور بکواس، غیر ضروری اور بے موقع بولتے رہنا، ایک بات پر بار بار تکرار کرنا، قیاس آرائی کرنا اور سوچنے سمجھنے کی صلاحیت مفقود ہونا بھی جنون کی علامات ہیں۔ بگڑی ہوئی جنونی کیفیت میں شرم و حیا، غلط صحیح کی تمیز، ضروریات زندگی کا شعور وغیرہ بھی نہیں رہتا ہے۔

بعض اوقات مریض مرنے اور مارنے پر آمادہ ہو جاتا ہے۔

بہت زیادہ دماغی محنت، ذہنی صدمہ، کثرت مباشرت، خانگی و کاروباری مسائل، سوچ و فکر، معاشی بدحالی، آتشک کا مرض، مذہبی جنون و تعصب، جلق کی بد عادت، نفسانی خواہشات کا بڑھے ہونا، مستورات میں رحم کے امراض، دماغی امراض، معدے و جگر کے امراض وغیرہ کے سبب یہ مرض لاحق ہو سکتا ہے۔ بعض اوقات یہ مرض موروثی بھی ہوتا ہے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ کسی چوٹ کے لگ جانے کے بعد۔ مریض کسی کے قریب آنے اور چھونے تک سے ڈرے۔

آرنیکا مونٹینا 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ نہ رکنے والی ہنسی اور قہقہہ۔ کسی ایک جگہ نہ بیٹھ سکے۔ مسلسل حرکت کرتا رہے۔ چین سے نہ بیٹھے۔

کنابس انڈیکا 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ بہت زیادہ جنسی تعلقات کے بعد۔ اپنی شخصیت کی مبالغہ کی حد تک اہمیت سمجھنا اور سوچنا۔

فاسفورس 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ کپڑے پھاڑ ڈالے۔ گانے گائے اور موسیقی کو بہت پسند کرے۔ چیزیں توڑے پھوڑے۔ ہر کسی کو برا بھلا کہے۔ لڑے جھگڑے۔

ٹرنٹولا ہسپانیہ 1M یا 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ لو لگ جانے کے بعد بہت زیادہ بکواس کرے۔ اول فول بکنے لگے سونے کے بعد تکلیف بڑھ جائے۔

لیکے سس 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ معاون دوا۔ مریض ایک ہی مسئلے پر سوچتا رہے۔ ایسا جنون جس میں بار بار ایک ہی بات کو سوچے اور دہرائے۔ صبح کے وقت تکلیف بڑھے۔

سلفر 200 یا 1M' ہفتہ وار

بائیو کیمک کی کالی فاس 6x بھی چار گھنٹے بعد دینا مفید ہے۔

استسقاء الدماغ/دماغ کے پردوں میں پانی آجانا

Hydrocephalus

یہ بیماری اکثر پیدائشی یا موروثی ہوتی ہے لیکن سوزش اور رسولی کی وجہ سے بھی ہو سکتی ہے۔ اس مرض میں کھوپڑی کے اندر سیرم یعنی آب خون جمع ہو جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے مریض کا سر بڑا ہوتا ہے۔ جب یہ تکلیف پیدائشی ہو تو شروع میں اس کی علامات واضح نہیں ہوتی ہیں۔ سوائے اس کے کہ بچے کی آنکھ کے ڈھیلے ادھر ادھر گھومتے ہوں یا بھینگا پن ہو۔ البتہ بعد میں سر بڑا ہونے لگتا ہے اور تشنج ہونے لگتا ہے۔ شکل عجیب و غریب سی لگتی ہے۔ بعض اوقات یہ مرض خود بخود رک جاتا ہے۔ بصورت دیگر آپریشن کیا جا سکتا ہے۔ جن بچوں کی نشوونما رک جاتی ہے اور یہ مرض بڑھتا جاتا ہے' ان کی موت واقع ہو جاتی ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ پھوڑے پھنسیاں دبائے جانے کی ہسٹری کے ساتھ۔ مریض نیند میں چلائے۔ ٹھنڈے پسینے آئیں۔ غفلت یا مدہوشی طاری ہو۔

سلفر 200 یا 1M' دس منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ مریض یا اس کی فیملی میں دق کے مرض کی ہسٹری پائی جائے۔

ٹوبر کولینم 'IM' پندرھویں روز، تین مرتبہ

☆ شدید سردرد۔ چہرہ سرخ۔ بخار۔ خون کا دوران چہرے اور سر کی طرف۔

بیلا ڈونا 30' چار گھنٹے بعد

☆ مریض سر میں گھڑ گھڑاہٹ محسوس کرے خود بخود روئے۔ سر پر شدید پسینے کے باوجود آرام نہ آئے۔ لال بخار یا چیچک کے بعد دماغ کے پردوں میں پانی آ جائے۔

مرکیورس سال 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ بچہ موٹا ہونے کے باوجود کمزور ہو۔ سر بڑا ہو۔ انڈے کھانے کی خواہش کرے۔ سوئے ہوئے کھوپڑی پر خاصا پسینہ آجائے۔

کلکیریا کارب 200 یا 'IM' پندرھویں روز، تین مرتبہ

☆ شدید سردرد۔ خاندان میں دق یا سفلس کی ہسٹری پائی جائے۔ کھلی ہوا میں بہتر ہو۔

کالی آیوڈیم 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ پیاس ندارد۔ شدید درد کی وجہ سے مریض چلائے۔ بڑی تیزی سے رطوبات جمع ہو جائیں۔

ایپس ملفیکا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ سوتے ہوئے پٹھوں میں جھٹکے لگیں پیر میں چلبلاہٹ۔ مریض تکیے میں سر گھسائے اور زور زور سے چیخیں مارے۔ سر کو گھمائے۔

زنکم میٹلیکم 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ نیند میں چونک پڑے۔ حواس باختہ ہو جائے۔ پیروں پر بہت زیادہ پسینہ آئے۔ چہرہ اور ہاتھ ٹھنڈے۔ تمام سر پر پسینہ۔ ٹھنڈ محسوس کرنے والا مریض۔

سلیسیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ فالج کا ابتدائی مرحلہ۔ جسم کا آدھا حصہ غیر ارادی طور پر حرکت کرے۔ آنکھیں روشنی پر کوئی رد عمل نہ کریں۔ پیشاب رک جائے۔ احساسات معطل ہو جائیں۔ چیخوں کے ساتھ مدہوشی اور بے حسی۔

ہیلی بورس 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ مزمن کیسوں کے لئے۔ مریض نیند کے دوران اور بعد میں زیادہ تکلیف محسوس کرے۔
لیکے سس 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین
مرتبہ

☆ ایک ٹانگ مسلسل ہلتی رہے۔ پیشاب رک جائے تالو یا چندیا کا ابھار۔
ایپوسائنم کینابینم 30 یا Q' چار گھنٹے
بعد

بائیو کیمک کی کلکیریا فاس 6x چار گھنٹے بعد دینے سے بہت
فائدہ ہوتا ہے۔

دماغ کی جھلیوں/پردوں کا ورم

Encephalitis

(Inflamation of the brain)

اس مرض میں دماغ کی جھلیوں پر ورم آجاتا ہے۔ عام طور سے مرض کا حملہ اچانک ہوتا ہے۔ ویسے مرض کے شروع میں بے خوابی اور سردرد کی شکایت ہوتی ہے۔ اچانک حملے کی صورت میں تیز بخار کے ساتھ قیں آتی ہیں اور شدید سردرد ہوتا ہے۔ حواس خمسہ بہت حساس ہو جاتے ہیں اور ہذیان کی کیفیت ہو جاتی ہے۔ مریض کی آنکھ کی پتلیاں پھیلتی اور سکڑتی ہیں اور روشنی محسوس کرنے کی حس تک باقی نہیں رہتی۔ مریض دانت رگڑتا ہے سر کو ادھر ادھر مارتا ہے۔ بیہوشی طاری ہو جاتی ہے۔ پیٹ میں نفخ اور قبض ہو جاتا ہے۔ پیشاب رک جاتا ہے۔ آنکھیں ادھ کھلی اور چہرہ وحشت زدہ ہو جاتا ہے۔ جلد جسم سرد اور چکنی ہو جاتی ہے۔ مریض خراٹے لینے لگتا ہے اور اس کی موت واقع ہو جاتی ہے۔ اس مرض کا فوری طور پر طبی اور علامات کے مطابق علاج کرانا ضروری ہے۔ مہلک اور شدید قسم کے کیس کے صحیح علاج کے لئے مریض کو فوری طور پر ہسپتال داخل کرا دینا چاہئے۔ مریض کو پر سکون' ہوا دار اور اندھیرے کمرے میں رکھنا چاہئے۔

مادہ سل کا دماغ میں موجود ہونا' سر پر چوٹ آنا' سخت گرمی' چیچک یا جلدی امراض' آتشک' سورج کی تمازت' ناک یا کان کے ورم کا دماغ تک پہنچ جانا' زیادہ دماغی محنت' زیادہ شراب خوری وغیرہ اس مرض کے اسباب سمجھے جاتے ہیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ جسم گرم' چہرہ چمکیلا' نبض تیز' ہذیان' سر میں شدید درد۔ نیند سے چونک کر اٹھ بیٹھے۔ دانت پیسے۔

بیلا ڈونا 2x ہر ایک گھنٹہ بعد

☆ جھلیوں میں شدید ورم۔ پتلیاں پھیلی ہوئی۔ بے ہوشی۔ بہت زیادہ نقاہت نبض تیز اور بے قاعدہ۔ تشنج کا ڈر ہو۔

وریٹرم وراائڈ 1x ہر ایک گھنٹہ بعد

☆ یہ دوا چھوٹے بچوں کے لئے زیادہ موزوں ہے جبکہ وہ چیخیں چلائیں۔ اپنے ہاتھوں کو سر

پر رکھ کر چلائے۔ پیاس نہ لگے اور پیشاب مقدار میں کم آئے۔ چہرہ پھولا ہوا۔ مادہ سل کی وجہ سے ہونے والے پردوں کے ورم کے لئے بھی یہ دوا زیادہ مفید ہے۔

ایپس ملفیکا 3x' ہر ایک گھنٹہ بعد

☆ جب مرض چوٹ لگنے یا دماغی صدمے سے ہوا ہو۔

آرنیکا 1x' ہر ایک گھنٹہ بعد

☆ سخت سردرد' یکایک چلا اٹھے' سر کو تکیے پر مارے' ماتھے پر شکن' پتلیاں پھیلی ہوئی۔ ایک طرف کا بازو اور دوسری طرف کی ٹانگ ہلتے رہنا۔

ہیلی بورس 3x' ہر آدھا گھنٹہ بعد

☆ پیٹ تنا ہوا اور زبان سفید۔ پسینہ کثرت سے آئے۔ بخار تیز ہو۔ ہلانے جلانے سے مریض چلانا شروع کردے۔ مریض منہ کو مسلسل اسطرح ہلاتا رہے کہ جیسے کچھ چبا یا کھا رہا ہے۔ چبھنے والی اور تیز دردیں۔ چھانٹ کے دب جانے کی وجہ سے پیدا ہونے والے مرض کے لئے۔

برائی اونیا 3x' ہر ایک گھنٹہ بعد

☆ بخار بہت خفیف یا بالکل نہ ہو۔ مرض کا زیادہ شدید حملہ نہ ہوا ہو۔ مادہ سل یا چھانٹ کے دب جانے کی وجہ سے پیدا ہونے والا مرض۔

زنکم میٹلیکم 6x سفوف' ہر دو گھنٹے بعد

☆ بے چینی' ڈر' شدید پیاس۔ دھوپ یا گرمی میں زیادہ دیر رہنے کی وجہ سے پیدا ہونے والا مرض۔ غصے اور غیظ و غضب کی وجہ سے دماغ کے پردوں پر ورم آگئی ہو۔ ابتدائی مرحلے کے لئے۔

اکوناٹ 3x' ہر ایک گھنٹہ بعد

دماغ کی سوزش

Affection of brain

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ بہت زیادہ کام کرنے کی وجہ سے دماغی تھکن۔

کالی فاس 6x یا 30

☆ دماغ کی قلت خون۔

ٹبا کم 30 یا 200

☆ کالرہ کے حملے کے دوران بچوں میں دماغی بیماری۔

نکس موسکاٹا 30 یا 200

☆ دماغی سوزش۔

ارم ٹرائفلم 30 یا 200

☆ اعصابی تناؤ یا خوف کے بعد دماغی لاغری اور کمزوری۔

فاسفورس 30 یا 200

☆ دماغ میں گومڑ یا رسولی۔

پلمبم میٹلیکم 30 یا 200

☆ دماغ کی چوٹ یا چوٹ کے بعد دماغ پر اثرات۔

نیٹرم سلف 200 یا زیادہ طاقت

☆ دماغی کام کرنے سے خوفزدہ۔ ایسے مریض جو سردی زیادہ محسوس کریں۔

سلیسیا 12x یا 30

☆ دماغی فالج یا دماغی تھکن۔

زنکم میٹلیکم 30 یا 200

☆ کسی چوٹ یا زخم کی وجہ سے دماغی سوزش۔

روٹا 30 یا 200

دل

Heart

(See other heart ailments also)

قلب یا دل انسانی جسم کا ایک اہم عضو ہوتا ہے۔ یہ پٹھوں سے بنا ہوا ایک پمپ ہے جو جسامت میں بند مٹھی کے برابر ہوتا ہے۔ دل ہر منٹ میں قریباً" ستر مرتبہ دھڑکتا ہے اور ہر منٹ میں 5 لیٹر خون سارے جسم میں پمپ کرتا ہے۔ یعنی اوسط عمر کی پوری زندگی میں 180 ملین گیلن خون کی پمپنگ کرتا ہے۔ دل کے غلاف کی سوجن' اندرونی جھلی کی سوجن' دل کی سوجن' درد دل' اختلاج قلب (دھڑکن) دل کا غوطہ کھا جانا اور غش وغیرہ دل کے عام امراض ہیں۔ جس کی تفصیل دل کے مختلف امراض میں بیان کی گئی ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ موٹا دل۔ ایسا محسوس ہو کہ دل گلے میں اچھل آیا ہو۔

فائٹولا کا 30' چار گھنٹے بعد

☆ ماہواری کے دوران اور پیشاب کرنے سے پہلے' بعد اور دوران دل میں درد ہو۔

لیتھیم کارب 30' چار گھنٹے بعد

☆ دل کی کمزوری اور اس میں جلن کا سا احساس۔

پرونس 30' چھ گھنٹے بعد

☆ دائیں جانب لیٹنے سے دل کی دھڑکن تیز ہو۔

الیومن 30' چار گھنٹے بعد

☆ بے چینی اور جلن کا احساس۔ خون کی کی کمی وجہ سے دل کی دھڑکن تیز ہو۔

آرسنک البم 30' چار گھنٹے بعد

☆ ماہواری اور خونی بواسیر کو دبانے کی وجہ سے دل کے امراض لاحق ہوں۔

کولن سونیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد'

تین مرتبہ

☆ دل کے متعلق بہت حساس ہو۔ دل کا عمل تیز ہو۔

پائرو جینم 200' ایک خوراک

☆ تنگیٔ نفس اور دھڑکن۔ دل کی طبعی بیماریوں میں۔ جب اس کے بارے میں سوچے تو تکلیف بڑھ جائے۔

اوکیلک ایسڈ 30' چار گھنٹے بعد

☆ نبض ضعیف اور تیز۔ دل کا عمل سست ہو۔

لیکرو ڈیکٹس 30' آدھا گھنٹہ بعد' تین مرتبہ

☆ دل کی دھڑکن چلنے سے بہتر ہو۔

کارڈس مریانس 6 یا Q' چار گھنٹے بعد

☆ دل سکڑنے لگے۔ مریض یخ ٹھنڈی چیزیں کھانا پینا پسند کرے۔

فاسفورس 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ دل کی سوزش یا زخم۔ درد اور تکلیف معمولی سی بھی حرکت سے بڑھ جائے۔

برائی اونیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ جذباتی ہو جانے سے دل دھڑکے۔

کلکیریا آرسنک 30' چار گھنٹے بعد

☆ مریض ایسا محسوس کرے کہ دل دائیں جانب ہے۔

بوریکس 30' چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی کالی فاس 6x چار گھنٹے بعد دینا بھی مفید ہے

دل کا دھڑکنا

Palpitation

(See heart ailment also)

اس مرض میں دل زور زور سے دھڑکتا ہے۔ دھڑکن سینے کے اوپر بھی محسوس کی جا سکتی ہے۔ ذرا سے خوف غصے' جوش اور دہشت سے بھی دل تیز دھڑکنے لگتا ہے مریض بے چین ہو جاتا ہے۔ اسے دل ڈوبتا ہوا محسوس ہوتا اور گھبراہٹ سی ہوتی ہے۔ آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا جاتا ہے۔ بعض اوقات دل کی دھڑکن کی آواز اتنی تیز ہوتی ہے کہ قریب کھڑا ہوا دوسرا آدمی بھی سن سکتا ہے۔ کبھی کبھار بے ہوشی بھی طاری ہو جاتی ہے۔ نبض نہایت تیز حتیٰ کہ 150 فی منٹ یا اس سے بھی تیز ہو جاتی ہے۔ نقرس اور بدہضمی کے مریضوں کو اپنا دل لرزتا ہوا معلوم

ہوتا ہے۔ بعض مریضوں کو دل کی دھڑکن کے ساتھ درد بھی محسوس ہوتا ہے۔ نفخ شکم' بدہضمی' فکرات' چائے کا بکثرت استعمال' کثرت جماع' زیادہ جسمانی یا دماغی محنت اور شراب یا تمباکو نوشی اس مرض کے عام اسباب ہیں۔ بعض امراض عصبی اور امراض دل بھی دل کے تیز دھڑکنے کا سبب بنتے ہیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ ایسے مریض جن کو بواسیر ہو۔ ضعف معدہ' بدہضمی اور ریح کی شکایت ہو۔

کالن سونیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ دل کے مقام پر شدید دھڑکن۔

ایتھوزا 30' چار گھنٹے بعد

☆ تھکن اور جذبات سے دھڑکن تیز ہو جائے۔

☆ کرینگس 30 یا Q' تین گھنٹے بعد

☆ متلی کے ساتھ دھڑکن۔ سردرد اور اعصابی جذباتیت۔

برومیم 30' چار گھنٹے بعد

☆ دل اور سینے کی گھٹن اور سکڑن کے ساتھ دھڑکن۔

☆ کیکٹس 30 یا Q' تین گھنٹے بعد

(☆ اوپر کی دو ادویات دل کی طاقت کے لئے بہت مفید ہیں اور یکے بعد دیگر دی جا سکتی ہیں۔)

دیگر اہم ادویات : اکونائٹ' آرسنک البم' کاربوویج' فاسفورس' سلفر' جیلسی میم اور ارجنٹم نائٹریکم وغیرہ۔

دل کے اردگرد کی شرائن اور وریدیں' رگیں' نالیاں' خون کے پھٹے

Coronary Thrombosis

خون کی نالی یا دل کی شریانیں اور وریدیں خون سے بننے والے کسی پھٹے کی وجہ سے کوئی کھوکھلا عضو یا نالی بند ہو جائے تو دل کی دیواریں اور ٹیوب کے سوراخ بند ہو جانے کی وجہ سے دل کا عمل رک سکتا ہے۔ لہٰذا ایسی صورت میں فوری طور پر طبی امداد کے لئے کوشش کرنی چاہئے۔ تاہم عارضی طور پر درج ذیل ادویات میں سے علامات کے مطابق کوئی دوا دینا بہت فائدہ

مند ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ بایاں بازو سن ہو جائے اور بائیں جانب فالج کی کیفیت ہو جائے۔ کمر اور گردن کے گرد چست کپڑا تک برداشت نہ کر سکے۔

لیکے سس 200' آدھا گھنٹہ بعد' تین مرتبہ

☆ سینے میں شدید قسم کا اکڑاؤ اور سکڑاؤ' کھچاؤ اور گھٹن۔ خراش دار درد۔

آرنیکا 200' آدھا گھنٹہ بعد' تین مرتبہ

☆ غصے کے اثرات بد کی وجہ سے خون یا دل کی شریانوں میں خون کا پھٹکیرا جم جائے۔

کالوسنتھ 200' آدھا گھنٹہ بعد' تین مرتبہ

☆ دل کے مقام پر کھچاؤ۔ جیسے دل کو کسی بند سے جکڑ دیا گیا ہو' اور دل سکڑنے لگا ہو۔

کیکٹس 30 یا Q' آدھا گھنٹہ بعد' تین مرتبہ

بائیو کیمک کی میگنیسیا فاس 6x فیرم فاس 6x اور کالی میور 6x آدھا آدھا گھنٹے بعد دینا بھی بہت مفید ہے۔

مذکورہ ادویات کے علاوہ امونیا کارب' ایپس ملفیکا' برٹیا کارب' بیلاڈونا' بوتھ روپس لین' کلکیریا آرسنک' کالی میور' لیلیم tig' لائیکوپوڈیم' ہائیوسائمس Hyoscyanmus' میڈورنیم' مرکیورس سال' اوپیم' فاسفورس' سکیلے کار سلفر' وغیرہ بھی مفید ہیں۔

——— ✪ ———

بلند فشار خون

Hypertension

(High Blood Pressure)

دل پٹھوں سے بنا ہوا پمپ ہے جو جسامت میں بند مٹھی کے برابر ہوتا ہے۔ دل ہر منٹ میں قریباً ستر مرتبہ دھڑکتا ہے۔ یہ ہر منٹ میں 5 لیٹر خون سارے جسم میں پمپ کرتا ہے۔ یعنی پوری زندگی میں180ملین گیلن فشار خون ہر فرد میں ہوتا ہے۔ خون جب رگوں سے گذرتا ہے تو اس میں دباؤ پیدا ہوتا ہے یہی فشار خون ہے۔ ایک صحت مند جوان فرد میں فشار خون 120/80 ہوتا ہے۔ (120 فشار خون دل کی ہر دھڑکن کے وقت اور 80 دو دھڑکنوں کے درمیانی وقفے میں) آج کل بلند فشار خون کی شکایت عام ہو گئی ہے۔ یہ بیماری موروثی بھی ہو سکتی ہے۔ اس کے علاوہ بھی کئی اسباب ہو سکتے ہیں۔ مثلاً" مٹاپا۔ شراب نوشی۔ ناقص غذا۔ ذہنی دباؤ اور ورزش نہ کرنا۔ ان کے علاوہ فشار خون چند بیماریوں اور دواؤں کے ضمنی اثرات سے بھی بڑھ جاتا ہے عام خیال یہ ہے کہ سر کا درد اور تھکن اس کی علامتیں ہیں۔ مگر ہمیشہ ایسا نہیں ہوتا ہے۔ بلند فشار خون سرخ رگوں کے تنگ ہونے کے سبب ہوتا ہے۔ کیونکہ اس سے دوران خون کے نظام پر دباؤ بڑھتا ہے۔ اگر اس غیر معمولی دباؤ کی بروقت تشخیص اور علاج نہ ہو تو دل کی بیماریاں یا فالج ہو سکتا ہے۔

احتیاطی تدابیر کے طور پر وزن کو بڑھنے نہ دیا جائے۔ نمک کم استعمال کیا جائے۔ باقاعدگی سے ورزش کی جائے۔ پیدل چلا جائے۔ خالی پیٹ تیز چلا جائے۔ تیز قدموں سے سیر اور تیراکی کی جائے۔ لفٹ کے بجائے سیڑھیاں چڑھی جائیں۔ ایسی صورت حال سے بچنے کی کوشش کی جائے جس سے اعصابی دباؤ، فکر یا پریشانی پیدا ہو۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ دم کشی یا دل گھٹنے کا درد۔ دل کے مقام پر کھچاؤ۔

کیکٹس Q یا 30، تین گھنٹے بعد

☆ آنکھ کے سفید پردے کی تنزلی خاص طور پر ریڑھ کے مغز کے ساتھ فشار خون۔

پلمبم آیوڈیم 30 یا 200، چھ گھنٹے بعد

☆ گیس اور بے خوابی کی شکایت۔ تنگیء نفس۔ ذرا سی بھی تھکن یا محنت سے دھڑکن۔

کرینگس 30 یا Q' چار گھنٹے بعد

☆ اعصابی کمزوری کے ساتھ فشار خون کی بہترین دوا (دوران حمل' احتیاط سے استعمال کی جائے)

رودل فیاس (Rauwolfias) 5-10

قطرے' چار گھنٹے بعد

☆ بوڑھے کنوارے اور کنواریوں کے لئے۔ بوڑھے لوگوں کے لئے۔

کونیم 200 یا 100' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ ذیابیطس' گردے کی بیماری۔ گلٹی یا گومٹر۔ تھائرائیڈ غدود کے بڑھنے کے ساتھ۔ کسی قسم کے صدمے کے جھٹکے کی وجہ سے۔ نمکین چیزوں کے کھانے کی خواہش۔

نیٹرم میور 30 یا 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ موقوفیء حیض کے مرحلے کے دوران۔ سونے کے بعد تکلیف بڑھے۔ بہت زیادہ ہذیان بکے۔

لیکے سس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ دل کی علامات کے ساتھ۔ خودکشی' کی طرف میلان۔ بہت زیادہ مایوسی۔

اورم میٹیلکم 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ سر اور ہڈیوں میں تیز درد۔ سفلس کی وجہ سے۔

کالی آئی اوڈیم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ طوفان اور اندھیرے سے خوف۔ لمبے' ذہین اور بہت زیادہ دباؤ میں رہنے والے یا حساس لوگوں کا فشار خون۔ ٹھنڈی یخ چیزیں پسند کریں۔

فاسفورس 30 یا 200' دس منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ سر چکرائے۔ سر میں جلن دار درد۔ سر میں بھاری پن کے ساتھ نیند ندارد۔ استقا۔ چہرہ اور ٹانگوں پر ورم۔ دھڑکن۔ جب اکیلا ہو تو تکلیف میں اضافہ ہو۔ دباؤ محسوس کرے۔ ٹھنڈی چیز لگانے سے بہتر ہو۔

بورہیویا ڈفیوزا

(Boerhaavia diffusa) 6 یا Q'

چار گھنٹے بعد

☆ بڑھاپے کا جزوی ادھرنگ۔ (وہ فالج جس میں اعصابی حرکت ماؤف ہوتی ہے مگر حس باقی رہتی ہے) شریانوں کی دیوار کی سختی کے ساتھ فشار خون۔
اورم آیوڈیم 30' چھ گھنٹے بعد

☆ ٹھنڈ محسوس کرنے والے مریض۔ انڈے کھانے کی خواہش۔ سر' ہتھیلیوں اور تلوؤں میں پسینہ۔ موٹے اور پلپلے مریض۔
کلکیریا کارب 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ پیاس ندارد۔ سستی۔ غم اور بلاوجہ کے وہم اور خیالات کی وجہ سے خون کا دباؤ۔
جیلی میم 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ جذباتی گڑبڑ۔ محبت میں ناکامی' اور مایوسی۔ کسی رنج یا صدمے کی وجہ سے۔
اگنیشیا 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ سفلس کے کیسوں میں۔ دل کے غلاف کی سوزش۔ سر چکرائے۔ تنگی تنفس۔ درد دل۔
نیٹرم آیوڈیم 30 یا 200' دس منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ بڑھاپے کی کمزوری اور بے شعوری کے ساتھ۔ بڑھاپے میں طور طریق کی تبدیلی۔
برٹا کارب 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد

☆ گیس کی شروعات کی وجہ سے۔ ریاحی۔ مٹھائیوں اور گرم کھانوں کی خواہش۔ شام 4 تا 8 تکلیف بڑھے۔
لائیکو پوڈیم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ قلب یا شریانوں کے سکڑنے کا دباؤ زیادہ۔ اور دل کی شریانوں کے پھیلنے کا عمل کم۔
برٹا میور 3x یا 6x' چار گھنٹے بعد

☆ سستی سر چکرائے۔ شدید درد۔ دماغ میں اجتماع خون۔
گلونائن (Glonoine) 3 یا 6' آدھا گھنٹہ بعد

بائیو کیمک کی کلکیریا فلور 12x سلیشیا 12x اور کالی فاس 6x چار گھنٹے بعد دینا بہت مفید ہے۔

ضروری خون کا دباؤ

○ ضروری خون کا دباؤ (بغیر اہم علامات کے خون کا دباؤ) کریٹگس Q' گلونائن Q اور پیسی فلورا کے پانچ پانچ قطرے چار گھنٹے بعد

○ قلب یا شریانوں کے زیادہ سکڑنے یا دل یا شریانوں کے کم پھیلنے کے دباؤ کے لئے۔ Viscum alb Q 5-7 doops چار گھنٹے بعد۔ ضروری خون کے دباؤ کے لئے طبعی علاج وغیرہ کیا جانا چاہئے۔

خون کا کم دباؤ

Hypotension

(Low Blood Pressure)

جیسا کہ بلند فشار خون کے ضمن میں بیان کیا گیا کہ ایک صحتمند جوان آدمی کا فشار خون 120/80 ہوتا ہے اور خون جب رگوں سے گزرتا ہے تو اس میں دباؤ پیدا ہوتا ہے اور اسی کو فشار خون کہتے ہیں۔ اگر فشار خون اس سے کم ہو تو وہ بھی غیر صحتمندی کی علامت ہے یعنی خون کا دباؤ کم ہونا بھی دل کے پمپنگ کرنے کے عمل میں نقص کی علامت ہے۔ ایسی صورت میں نمک انڈے' اور قدرے گرم اشیاء کا استعمال کرنا چاہئے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ شدید پیاس اور قبض۔ تیز دھوپ میں بے ہوش ہو جائے۔ نمک کے لئے خواہش کرے۔

نیٹرم میور 12x یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ ایسا محسوس کرے کہ اگر چلے پھرے گا نہیں تو حرکت قلب بند ہو جائے گی۔ حرکت قلب میں بے قاعدگی۔

جیلی میم 30' چار گھنٹے بعد

☆ رطوبات زندگی مثلاً" خون اور منی وغیرہ اور پانی قے اور دستوں سے ضائع ہو جائے۔

چائنا 30' چار گھنٹے بعد

☆ جنسی افعال میں بہت زیادہ ملوث ہونے کی وجہ سے۔

ایسڈ فاس 30' چار گھنٹے بعد

☆ قوت حیات کی کمزوری۔ معدے کے اوپری حصے میں ریاح۔ تازہ ہوا کی خواہش کرے۔
کاربووبج 6 یا 30، چار گھنٹے بعد

☆ معدے کے نچلے حصے میں ریاح۔ بار بار یورک ایسڈ کی سوء المزاجی۔ مٹھائیوں کی خواہش کرے۔
لائیکو پوڈیم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

تیزی سے بڑھنے والے جوان لوگوں کے لئے بائیو کیمک کی کلکیریا فاس 6x تین گھنٹے بعد مفید دوا ہے۔

دل بیٹھنا یا دم گھٹنا

سینے کا درد

Angina Pectori

اس مرض میں دل بیٹھنے یا گھٹنے لگتا ہے۔ دل میں تشنج کے سخت دورے شروع ہو جاتے ہیں۔ دل کے مقام پر یکایک درد ہونے لگتا ہے اور اس کی ٹیسیں کندھے اور بازو اور سینے تک جاتی ہیں۔ دل تیزی سے دھڑکتا ہے اور سانس پورا نہیں آتا ہے۔ مریض پیلا پڑ جاتا ہے۔ اور پسینے سے شرابور ہو جاتا ہے اس مرض کے چند منٹوں اور بعض اوقات کئی گھنٹوں تک دورے ہوتے ہیں۔ مریض کو غشی ہو جاتی ہے اور موت واقع ہونیکا دھڑکا رہتا ہے۔ دل ڈوبنے کی وجہ سے آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا جاتا ہے۔ دل کی دھڑکن اتنی تیز ہوتی ہے کہ سینے کے اوپر تک محسوس کی جا سکتی ہے۔

یہ مرض عموماً چالیس سال کی عمر کے بعد ہوتا ہے اور عورتوں کی نسبت مردوں کو زیادہ لاحق ہوتا ہے۔ عام طور پر نقرس مزاج لوگوں کو یہ مرض زیادہ ہوتا ہے۔ بدہضمی، رنج و غم، فکرات، زیادہ ورزش کر لینا، گرم سرد ہو جانا، شراب خوری اور تمباکو وغیرہ اس مرض کے عام اسباب ہیں۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ دل کی طاقت کے لئے بہترین مشروب یا دوا۔
کیکٹس Q، کریٹیگس Q 10-15 قطرے، ہر چار گھنٹے بعد

☆ دل بیٹھنے یا دم گھٹنے (Angina)' کا احساس جس میں شدید بے چینی ہو۔ جلن کا احساس ہو۔ شدید پیاس ہو اور موت کا خوف ہو

آرسنک البم 30 یا 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ انجائنا جس میں بے ہوشی کی کیفیت ہو' بے چینی ہو اور نبض کمزور ہو۔

ہائڈرو ایسڈ 30' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ سینے اور بائیں بازو میں درد' دل کی حرکت اچانک بند ہوتی محسوس ہو۔ گھٹن ہونے کا احساس

سپی ژوگا 30' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ جب مریض شدید درد اور بائیں بازو کے سن ہونے کی وجہ سے بے حس یا بے ہوش ہونے لگے۔

ناجا ٹی (Naja t) 30 یا 200' 15 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ ہوا کے دباؤ کی وجہ سے دل کا درد۔ مریض پنکھا کیا جانا یا ہوا لینا پسند کرے۔ جسم ٹھنڈا اور نیلا پڑنے لگے۔

کاربوویج 30 یا 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ جب مریض شدید درد کی وجہ سے بائیں جانب نہ لیٹ سکے۔

سپائی جیلیا 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ احساس جیسے دل کام کرنا بند کر دے گا۔ نبض سست۔ حرکت سے مرض بڑھے۔

ڈی جی ٹیلس (Digitalis) Q یا 30' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ دل ڈوبنے کا احساس سینے میں' درد کے ساتھ جس میں درد بائیں بازو اور انگلیوں کی جانب منتقل ہو رہا ہو اور بازو سن ہوتا محسوس ہو جو کہ حاد مرحلے کی علامت ہے۔

لیٹروڈ کٹس (Latrodectus m) 30 3x to' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ طویل بیماری کی وجہ سے حرکت قلب بند (ہارٹ فیل) ہونے کا خدشہ۔

امونیم کارب 30' آدھے گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ دل کی اکڑن کے ساتھ انجائنا۔

وائبرنم اوپوس (Viburum op)

10-5 قطرے' آدھا گھنٹہ بعد

☆ دھڑکن دل میں درد کے ساتھ۔ سینے میں کاٹنے والا درد جو کندھے اور بائیں بازو کی طرف بڑھے۔ چلنے اور کھانے سے تکلیف میں اضافہ ہو۔ شدید قسم کی Tension ہو۔ سر چکرائے اور آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا جائے۔

ٹری نالیا ارجنا

Q (Terminalia Arjuna) یا 6'

آدھا گھنٹے کے بعد یا ضرورت کے مطابق

☆ دل اور بائیں جانب سینے کی شریانوں میں پھاڑنے والا درد جو بائیں بازو کی جانب بڑھے۔

لیکے سس 30' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ جب دل کے اطراف سے درد دائیں کندھے کی جانب بڑھے یا دائیں ہنسلی کی ہڈی یا دائیں گھٹنے کی جانب پھیلے۔

لیک کینئم (Lac-can) 30 یا 200'

10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ دل کے کمزور ہونے کی وجہ سے انجائنا۔

سٹرو فینتھس Q (Strophanthus)

10-8 قطرے' ہر چار گھنٹے بعد یا حسب ضرورت

☆ جوف سینہ اور دل کے مقام پر شدید قسم کی گھٹن اور کھنچاؤ۔

کیکٹس g' Q 15-10 قطرے' 15 یا 20 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ شدید قسم کی ٹھنڈک کے ساتھ بہت زیادہ نقاہت، نیلاہٹ اور تمام جسم کی کمزوری۔ کمزور دل۔ دل کو تقویت دینے والی بہترین دوا۔

وراٹرم البم 30 یا 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ دل کی شدید دھڑکن، مایوسی اور خودکشی کے خیالات۔

اورم میٹلیکم 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

بائیو کیمک کی میگنیسیا فاس 6x بھی مفید دوا ہے۔

—— o ——

آنکھ

Eye (affections)

(See other related chapters also)

آنکھ دکھنا' آشوب چشم' آنکھ پر چوٹ' آنکھ میں کوئی چیز پڑ جانا' وبائی آنکھ آنا' آنکھوں کے رو ہے۔ ککرے' ناخونہ' پتلی والے پردے کی سوزش' موتیا بند' رتوندا یا شبکوری' دور و نزدیک کی کمزور نظری' پپوٹوں کے کناروں کی سوزش وغیرہ آنکھ کے عام امراض ہیں۔ جس میں سے بیشتر امراض کا علاج ادویات سے ہو جاتا ہے۔ تاہم ضرورت پڑنے پر آپریشن بھی کیا جا سکتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ آنکھ میں درد۔

کیسیکم 30' چار گھنٹے بعد

☆ آنکھوں کے پیچھے ٹھنڈک کا احساس۔

کلکیریا فاس 12x یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ چھینکتے ہوئے آنکھیں چپک جائیں۔

گیمبوجیا (Gambogia) 30' چار گھنٹے بعد

☆ نصف نظر۔ چیزوں کے اوپری حصے نظر نہ آئیں۔

اورم میٹیلکم 200 یا 1M ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ پلکوں کا فالج۔

کاسٹی کم 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ آنکھوں کے سامنے رنگ اور روشن دھبے۔

کالی بائی کروم 30' چار گھنٹے بعد

☆ گوہانجی (انجن ناری) آنکھ کے بیرونی کونے (کونے) کی سوزش۔ پلکوں کا ایگزیما۔

گریفائٹس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ آنکھوں میں ٹھنڈا پن۔ کوئی چیز رینگتی ہوئی محسوس ہو۔ چیزیں اپنے سائز سے چھوٹی نظر آئیں۔

پلاٹینم 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ آنکھوں سے خون جاری ہو اور خراش دار درد ہو۔

آرنیکا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ آنکھیں چپکی ہوئی۔ آبلہ دار سوزش یا زخم۔ روشنی سے خوف۔ چندھیا پن۔

رہس ٹاکس 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ آنکھوں کے سامنے چمک پڑے۔ بھینگا پن۔ آنکھیں گرم اور تھکی ماندہ۔

میگنیشیا فاس 12x یا 30، چار گھنٹے بعد

☆ آنکھوں میں اچانک درد کی شدید لہر۔ تیز چبھن والا درد۔ مغلی جلن۔ جب ناک صاف کرے یا سنکے تو آنکھوں سے خون آ جائے۔

نائٹرک ایسڈ 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ آنکھیں سرخ گرم۔ پردۂ شبکی (آنکھ کا پردہ) کی مرگی۔

گلونائن 30، چار گھنٹے بعد

☆ آنکھوں کے گرد نیلا پن۔ ایک کے دو دکھائی دیں۔ روشنی سے بہت زیادہ حساس۔

کروٹیلس ہرائیڈس (Crotalus h)

30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ آنکھوں کے سامنے دھواں سا نظر آئے۔ پلکیں بھاری بھرکم سی۔ دھندلا نظر آئے۔

جیلسی میم 30، چار گھنٹے بعد

☆ تشنج اور اینٹھن کے بعد آنکھیں ادھ کھلی یا نیم وا۔

ہائیو سائمس (Hyoscyamus)

200، چھ گھنٹے بعد

☆ پلکوں کا تشنج۔ آنکھیں بہت زیادہ پڑھنے یا کوئی باریک بینی کا کام کرنے کے بعد بہت زیادہ تھکی ہوئی یا دھندلی۔

روٹا 6 یا 30، چار گھنٹے بعد

☆ یرقان کی وجہ سے آنکھیں پیلی۔ بائیں آنکھ میں درد۔

چیلی ڈونیم 6 یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ آنکھیں ایسی لگیں کہ پیچھے کو دھکیل دی گئی ہوں۔ پلکوں کا سرطان۔ آنکھوں میں کمزوری۔

کونیم 200' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ دائیں جانب کے آنسو بہانے والے غدود کی سوجن۔

سلیسیا 12x یا 30' چھ گھنٹے بعد

☆ آنکھ کا ورم۔ خراش دار پانی بہنے کے ساتھ جلن۔

آرسنک البم 30' چار گھنٹے بعد

☆ آنکھ کے کوئے کی سوجن۔ آنکھوں میں جلن روشنی کی ناپسندیدگی کے ساتھ۔

امونیم کارب 30' چار گھنٹے بعد

☆ آنکھ کے پردے کی لاغری۔

کاربو سلف 30' چار گھنٹے بعد

☆ زیادہ خون بہہ جانے کے سبب بینائی جاتے رہنا۔

چائنا 6 یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ آنکھ کے بیرونی کوئے کا ورم۔ پلکوں اور قرنیہ پر آبلے۔

انٹم کروڈم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ آنکھوں کے سامنے بجلی کی سی چمک کے شعلے سے کوند جائیں۔ ایسا محسوس ہو کہ چمکدار ستارے آنکھوں کے سامنے ناچ رہے ہوں۔

کروکس سٹیوا 30' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ آنکھیں بڑی بڑی محسوس ہوں۔ عصب بینائی کا ورم۔ سبز موتیا یا دھند۔

جلسیم سیٹیکم 30' چار گھنٹے بعد

☆ اندرونی کوئے میں درد۔ بار بار گوہانجی یا انجن ناری نکل آئے۔

سٹینی سیگریا 30' چار گھنٹے بعد

☆ آنکھوں کے سامنے کالے دھبے نظر آئیں۔ پلکیں بھاری محسوس ہوں کہ ان کو کھولتے ہوئے بھی دقت ہو۔

سیپیا 30 یا 200 چھ گھنٹے بعد

☆ روشنی کے سامنے کھڑا نہ ہو سکے۔ نرم بے ضرر پانی آنکھوں سے جاری رہے۔

الیم سیپا 30' چار گھنٹے بعد

☆ آنکھ کی پتلی پھیل جانے کا پرانا مرض۔ دھندلا پن۔ آنکھ کے آگے جالا سا آجائے۔ قرنیہ کے اوپر زخم یا دھبے۔

کلکیریا کارب 200' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ پلکیں سوزش زدہ۔ آنکھوں سے گاڑھی پیلے رنگ کی بے ضرر رطوبت بڑی مقدار میں نکلے۔ آنکھوں میں درد ہو۔ گرمی سے تکلیف میں اضافہ ہو۔

پلساٹیلا 30' چار گھنٹے بعد

☆ پلکوں کا اگزیما۔ آنکھیں پیچھے کو دھنسی ہوئی۔ پلکوں میں کھجاؤ اور تشنج۔

میزریم 30' چار گھنٹے بعد

☆ سوتے میں آنکھیں نیم وا یا ادھ کھلی۔ رات دن کا اندھا پن۔ آنکھ کے کوئے کے اندرونی حصے کے قریب گوہانجی۔

لائیکو پوڈیم 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ آنکھوں میں جلن۔ شعلے کی سی چمک پڑے۔ آنکھوں سے پتلی خون ملی رطوبت نکلے۔ آنکھیں کھلی کھلی سی۔ پتلی خون ملی رطوبت نکلے۔ آنکھیں کھلی کھلی جیسے گھور کر دیکھ رہا ہو۔ ٹکٹکی لگا کر دیکھنا۔

کینتھرس 30' چار گھنٹے بعد

☆ پردہ شبکیہ کی علیحدگی۔

زینتھائن 30' چار گھنٹے بعد

☆ دائیں آنکھ میں اعصابی درد۔

سنگونیریا 30 c یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ پردہ شبکیہ کا احتناق دم یعنی اجتماع خون۔

ابلنتھس (Ailanthus g) 30' چار گھنٹے بعد

☆ مریض ایسا محسوس کرے کہ اس کی آنکھوں کے سامنے کوئی پردہ یا جالی سی آگئی ہے۔ آنکھوں کے سامنے کالے دھبے۔

سلفر 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ اندھیرے سے خوف۔ وحشیانہ نظر۔ گھور کر دیکھنا۔ وحشیانہ طور پر آنکھیں کھلی کھلی۔

سٹرامونیم 200 یا 1M' چھ گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ سردرد کے ساتھ بینائی میں بے قاعدگی۔

نیٹرم فاس 30 یا 12x' چار گھنٹے بعد

☆ بھنوؤں اور پلکوں کا درمیانہ حصہ سوجا یا پھولا ہوا۔

کالی کارب 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ پلکیں سوجی ہوئی۔ سرخ' استقا' پانی نکلے' گرم آنسو' گرے۔

ایپس ملفیکا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ بہنے والا ناسور۔ آشوب چشم۔' آنکھ کے سفید پردے کی جھلی کی سوجن۔ پیپ والا آشوب چشم

ارجنٹم نائٹریکم 30' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ پردۂ شبکیہ کی سوزش۔ آنکھوں کا تشنج۔ آنکھیں بیمار اور گول۔

سائنا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ آنکھ کے گھیرے کے اعصاب کا درد۔ ڈیکسی نیشن کی وجہ سے۔

تھوجا 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ آنکھوں میں چبھن۔ حرکت سے تکلیف بڑھ جائے۔

برائی اونیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ قلب کی بیماری کی وجہ سے پردہ شبکیہ میں اجتماع خون۔

کیکٹس 30 g' چار گھنٹے بعد

——— ✪ ———

آنکھوں میں جلن

Eyes Burning

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ چبھن۔ پلکیں سوجی ہوئی۔ سرخی اور جلن۔ لیٹنے سے تکلیف میں اضافہ ہو۔
بیلا ڈونا 30، چار گھنٹے بعد

☆ شدید ٹھنڈ کی وجہ سے جلن۔ تیز درد۔ نرم اور بے ضرر رطوبت یا پانی خارج ہو۔
ایلم سیپا 30، چار گھنٹے بعد

☆ چبھنے والا خراشدار پانی بہے۔ بے چینی۔ اور نہ مٹنے والی پیاس۔ گھونٹ گھونٹ پانی وقفے وقفے سے پینا پسند کرے۔
آرسنک البم 30، چار گھنٹے بعد

☆ خراشدار رطوبت خارج ہو۔ پلکیں سوجی ہوئی اور جلن ہو۔
یوفریزیا 30، چار گھنٹے بعد

☆ خاموشی سے لیٹے رہنے کی خواہش۔ سستی اور کاہلی کمر میں کپکپی کبھی زیادہ کبھی کم۔ جسم میں درد۔ سر بند۔ پیاس ندارد۔ پیشاب کے بعد بہتر محسوس کرے۔
جیلسی میم 30، چار گھنٹے بعد

آنکھ کی چوٹ

Eye Injury

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ کسی بیرونی شے کی وجہ سے کوئی چوٹ۔
آرنیکا 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ اعصابی چوٹ کے لئے۔
ہائپرکیم 30 یا 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

بائیو کیمک کی فیرم فاس 3x یا 6x آدھا آدھا گھنٹہ بعد دینا بھی مفید ہے۔

بامھنی/سلاق (پلکوں کی سوجن/سوزش)

Blepharitis Inflamation of Eye lids

اس مرض میں آنکھ کے پپوٹوں کے کناروں پر ورم آ جاتی ہے اور وہ سرخ ہو جاتے ہیں۔ ان میں درد اور جلن ہوتی ہے۔ پلکوں کی جڑ میں چھوٹی چھوٹی پھنسیاں ہو جاتی ہیں جن سے زخم بن جاتے ہیں اور ان پر کھرنڈ آ جاتا ہے۔ آنکھوں سے لیسدار رطوبت نکلتی ہے۔ جس سے پلکیں چپک جاتی ہیں۔ صبح کو سو کر اٹھنے پر آنکھیں چپکی ہوتی ہیں۔ پپوٹوں کے کنارے سرخ موٹے اور گول ہو کر پلٹ جاتے ہیں۔ آنکھوں سے پانی بہتا رہتا ہے۔ سرد ہوا اور روشنی سے درد میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ یہ مرض عام طور سے بچوں کو ہو جاتا ہے۔ اگر مرض کا بروقت اور صحیح علاج نہ کیا جائے تو شفا یابی مشکل ہو جاتی ہے۔ گردوغبار، دھوئیں کی خراش، آنکھوں کو صاف نہ رکھنا، سرخ بخار اور خسرہ وغیرہ قسم کے امراض کی وجہ سے بھی یہ مرض ہو جایا کرتا ہے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ پلکوں پر گوہانجی (انجن ناری) وغیرہ کی وجہ سے اکڑاہٹ اور سوجن۔

سٹیفی سیگریا 30 یا 200، چھ گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ سفلس کے کیسوں میں۔ گرم اور ٹھنڈی ہر چیز سے حساس کہ چھونے سے بھی شدید تکلیف ہو۔

مرکیورس کار 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ پلکوں کے کناروں کی سوجن۔ پلکوں کے بال اڑ جائیں۔

پیٹرولیم 30، چار گھنٹے بعد

☆ آنکھوں سے غیر ارادی طور پر آنسو یا پانی بہنے کی وجہ سے پلکوں میں جلن اور سرخی۔ ٹھنڈ محسوس کرنے والے مریض۔

سلیسیا 12x یا 30، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ پلکوں اور بھنوؤں خصوصاً" اوپری پلکوں میں سوزش۔
کالی کارب 200، 10 منٹ بعد، تین
مرتبہ

☆ رسولی، پھوڑے، زخم وغیرہ کی وجہ سے پلکوں کی سوجن۔
کونیم 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین
مرتبہ

☆ شدید اور کاٹنے والے درد کے ساتھ پلکوں کی سوزش۔ پلکوں میں پیپ پڑنی شروع ہو جائے۔ چھونے سے شدید حساس۔ ٹھنڈ سے تکلیف بڑھے اور گرم چیز سے آرام آئے۔
ہیپر سلف 3x پس نکالنے کے لئے اور
1M پیپ کو دبانے یا ختم کرنے کے
لئے۔ اس دوا کو بڑی احتیاط سے
استعمال کرنا چاہئے۔

☆ پانی والا (استسقا والا) سوجن۔ پلکوں کے نیچے پانی یا آنسو بھرے رہیں۔ ٹھنڈے پانی اور دیگر ٹھنڈے مشروبات کی خواہش۔
فاسفورس 30 یا 200، 10 منٹ بعد،
تین مرتبہ

☆ آنکھوں سے آنسو بہیں۔ سوجن ہو۔ نچلی پلکوں کی سوجن۔ گرمی سے تکلیف بڑھے۔ پیاس ختم ہو جائے۔
ایپس ملفیکا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد،
تین مرتبہ

☆ پلکیں سوجی ہوئی آنکھوں سے بہت زیادہ پانی بہے۔ شدید قسم کی بے چینی ہو۔ ٹھنڈ سے تکلیف بڑھے اور گرمی سے آرام آئے۔
رہس ٹاکس 30، چار گھنٹے بعد
بائیو کیمک کی فیرم فاس 6x اور کالی میور 6x ہر چار گھنٹے بعد
دینا بہت زیادہ فائدہ مند ہے۔

آشوب چشم

Conjunctivitis

(See Trachoma also)

آنکھ کے سفید پردہ کی سوزش (رطوبتی جھلی جو کہ آنکھ کے گولے کی اندرونی سطح کو ڈھکے رکھتی ہے) کو آشوب چشم کہتے ہیں۔ جھلی سرخ ہو جاتی ہے اور تھوڑا سا ورم آجاتا ہے اور آنکھ سے پانی بہتا ہے۔ آنکھوں میں ذرات سے محسوس ہوتے ہیں اور چبھن ہوتی ہے۔ آنکھوں میں چیڑ پڑ جاتی ہے۔ اس سے آنکھیں چپکنے لگتی ہیں اور آنکھ کھولنا مشکل ہوتا ہے۔ یہ مرض ہر موسم اور ہر عمر کے لوگوں کو ہو سکتا ہے لیکن موسم بہار اور خزاں میں اکثر دیکھنے میں آتا ہے۔ اس مرض سے احتیاط کے لئے اچھی غذا اور صفائی بہت ضروری ہے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ آنکھوں سے خراش دار پانی بہے شدید جلن ہو۔ آنکھیں سوج جائیں۔ ایسا محسوس ہو کہ آنکھ میں کوئی بیرونی چیز یا ذرات پڑ گئے ہیں۔ پلکیں چپکنے لگیں۔
مرکیورس کار، چار گھنٹے بعد

☆ سردی لگ جانے کے فوراً بعد اچانک آنکھوں سے پانی جاری ہو جائے اور آنکھیں سوج جائیں۔
اکونائٹ 30 یا 200، تین گھنٹے بعد

☆ آنکھوں میں چبھن درد اور جلن۔ دھونے سے تکلیف میں اضافہ ہو۔
سلفر 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ آنکھ شعلے کی طرح سرخ، سوزش اور درد۔ چہرہ سرخ۔
بیلاڈونا 30، چار گھنٹے بعد

☆ آنکھوں کی سرخی اور سوزش۔ زور لگانے سے ہی آنکھیں کھولی جا سکیں۔
رہس ٹاکس 30، چار گھنٹے بعد

☆ پلکیں سوجی ہوئی سرخ۔ گرمی سے تکلیف بڑھے۔
ایپس ملفیکا 30، چار گھنٹے بعد

☆ خراش دار پانی جیسی رطوبات خارج ہوں۔ مریض چمکدار روشنی برداشت نہ کر سکے۔

یوفریزیا 30' تین گھنٹے بعد

☆ لیسدار سفیدی مائل رطوبت خارج ہو۔

کالی بائی کروم 30' چار گھنٹے بعد

☆ سر درد۔ کثرت سے پیپ دار رطوبت خارج ہو جس سے دھندلا نظر آئے۔ دانہ دار سوجن۔

ارجنٹم نائٹریکم 30' چار گھنٹے بعد

☆ آنکھوں سے سبزی مائل زرد رطوبت خارج ہو۔ گرمی سے تکلیف میں اضافہ ہو۔ کھلی اور ٹھنڈی ہوا میں بہتر محسوس ہو۔

پلساٹیلا 30' چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی کالی میور 6x اور فیرم فاس 6x کے بعد دو دو گھنٹے بعد استعمال کرانا بہت فائدہ مند ہے۔

آنکھوں میں ڈالنے کے لئے یوفریزیا آئی ڈراپس۔

انگوری پردہ کا ورم

Iritis

(Inflamation of the Iris)

اس مرض میں پتلی والے پردے میں سوزش ہو جاتی ہے۔ اس کا رنگ تبدیل ہو جاتا ہے۔ پتلی سکڑ جانے کی وجہ سے اس کی اصل ساخت بگڑ جاتی ہے۔ قرنیہ کی چمک ختم ہو جاتی ہے۔ مریض روشنی برداشت نہیں کر پاتا اور نظر کمزور ہو جاتی ہے۔ بیضیہ رطوبت غلیظ اور دھندلی ہو جاتی ہے۔ بعض اوقات سوزشی مواد پیدا ہونے سے پتلی بیٹھ جاتی ہے۔ آنکھ میں سوزش اور درد ہوتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ شدید درد کے ساتھ انگوری پردے کا ورم۔ جو آنکھ کے اردگرد کی ہڈیوں کے اندر تک محسوس ہو۔

اورم میٹیلکم 200' چار گھنٹے بعد

☆ انگوری پردہ پر مسے جیسے ابھار۔ سفلس کی وجہ سے انگوری پردہ کے ورم کی شکایات۔

تھوجا 200' چار گھنٹے بعد

☆ سرد خشک ہوا لگ جانے کی وجہ سے انگوری پردے کا ورم۔

اکونائٹ 30 یا 200' دو گھنٹے بعد

☆ ٹھنڈ لگ جانے کے بعد آنکھوں میں تیز پھاڑنے والا درد جو سر اور چہرے تک جائے۔ حرکت سے تکلیف بڑھے۔

برائی اونیا البم 30' تین گھنٹے بعد

☆ مشینی چوٹ لگنے سے انگوری پردے کا ورم۔

آرنیکا مونٹینا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ جلن دار درد۔ رات کے وقت بڑھ جائے۔ گرمائش سے بہتر ہو۔

آرسنک البم 30' تین گھنٹے بعد

☆ آنکھیں کھولنے سے پانی بہے۔ بھیگ جانے یا موتیا بند کے آپریشن کے بعد' پلکیں سوج جائیں۔

روہس ٹاکس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ آنکھ کے کوئے کے اندرونی حصے میں درد واقع ہو اور آنکھ کی بھنوؤں اور آنکھ کے آس پاس کے حصوں تک درد پھیل جائے۔

سینابیرس 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ آنکھ کی پتلی سکڑ جائے۔ انگوری پردہ بے رنگ ہو جائے۔ روشنی سے بہت زیادہ حساس۔ آنکھ کے اندر اور اردگرد شدید درد۔ رات کے وقت اور مرطوب موسم میں تکلیف بڑھ جائے۔

مرکیورس سال 30' چار گھنٹے بعد

☆ جب انگوری پردہ کا ورم قریبی بافتوں اور قرنیہ تک پھیل جائے اور اندرونی حصے میں پیپ پڑ جائے۔ گرمائش سے بہتر ہو۔

ہیپر سلف 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ مرکری وغیرہ کے استعمال کے بعد انگوری پردہ کا ورم۔ سلفس وغیرہ کی وجہ سے انگوری پردے کا ورم غیر معمولی سوزش اور سوجن۔

کالی آیوڈیم 6 یا 30' چھ گھنٹے بعد

دیگر فائدہ مند دوائیں : ارجنٹم نائٹریکم' ا۔سفوٹڈا' بیلاڈونا' سڈرون' چائنا' کروٹن tig' نکس وامیکا' پلساٹیلا' سلیسیا' سٹیفی سیگریا' ٹیربنتھ اور زنکم میٹلیکم وغیرہ

پردۂ قرنیہ کا ورم

Keratitis

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ آنکھوں سے پیلا اور گاڑھا مادہ خارج ہو۔ دھندلا پن یا جالا سا محسوس ہو۔ روشنی اور چھونے سے آنکھیں حساس ہوں۔

ہیپر سلف 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ ٹھنڈ سے آنکھوں کے پردہ قرنیہ کی ورم بڑھے۔ مریض موٹے پلپلے سے ہوں۔ ٹھنڈ زیادہ محسوس کریں۔

کلکیریا کارب 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ آنکھوں سے گندہ چپکنے والا سفید سا مادہ کثرت سے خارج ہو۔

کالی بائی کروم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ قرنیے کا دھندلا پن اور جالا۔ جلن کا غیر معمول رجحان پایا جائے۔ تیزابی آنسو یا پانی جاری رہے۔ شدید درد محسوس کرے۔ رات کے وقت تکلیف بڑھ جائے۔

نائٹرک ایسڈ 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ پلکوں کا درد اعصابہ۔ روشنی سے بہت زیادہ حساس آنکھیں۔

لیک ڈی فلوریئم (Lac-fel) 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ رات کے وقت درد زیادہ ہو اور ٹھنڈے پانی سے نہانے کے بعد افاقہ ہو۔

سفیلینم 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ قرنیہ میں شدید اور ناقابل برداشت درد تیزابی آنسوؤں کے ساتھ۔

مرک سال 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ معاون دوا۔

سلفر 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

بائیو کیمک کی کالی میور 6x اور 12x بھی بہت مفید دوا ہے۔

آنسو/ آنکھوں سے پانی بہنا

Lachrymation/Tears

آنکھ میں سوزش ہو جاتی ہے اور سرخ ہو جاتی ہے۔ آنکھ سے پانی آنے لگتا ہے۔ ٹھنڈ لگنے سے تکلیف میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ آنسوؤں کی وجہ سے آنکھوں میں جلن ہوتی ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ خراشدار آنسو۔ آنکھوں میں جلن پیدا کریں۔

یوفریزیا 30' چار گھنٹے بعد

☆ بے ضرر آنسو۔ گھر کے اندر زیادہ بہیں۔ کھلی ہوا میں بہتر ہو۔

ا-لیم سیپا 30' چار گھنٹے بعد

☆ آنسو جلن پیدا کریں۔ پانی بنانے اور نکالنے والی نالی کے بند ہو جانے کی وجہ سے ٹھنڈ سے تکلیف میں اضافہ ہو۔

روہس ٹاکس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ ٹھنڈ محسوس کرنے والے مریضوں کے لئے جبکہ رہس ٹاکس اپنا اثر نہ کرے۔

سلیسیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی نیٹرم میور 6x اور 12x بھی مفید ادویات ہیں۔
مندرجہ بالا کے علاوہ درج ذیل ادویات بھی آنکھوں
سے پانی جاری ہونے یا آنسو نکلنے کے لئے فائدہ مند ہیں۔
مرک کار' پٹرولیم' فلورک ایسڈ' سلفر' نیٹرم میور' آرسینک البم'
اور ہائیڈراسٹک کین وغیرہ۔

بصارت کی تکلیفات

Affections of vision

آشوب چشم، روہے، گکرے، آنکھ میں خونی نقطہ، ناخونہ، جالا آجانا۔ پتلی والے پردے کی سوزش، موتیا بند۔ دھندلا نظر آنا۔ رتوندا، قریب نظری، نظر کی کمزوری بعید نظری، پپوٹوں کے کناروں کی سوزش، پڑبال، کالا موتیا، بھینگا پن، آنکھ کے تر مرے اور انجن ناری یا گوہانجی وغیرہ آنکھ کے عام امراض ہیں۔ مختلف طریقہ کے علاج کی طرح ہومیوپیتھی طریقہ ء علاج میں بھی ان امراض کا شافی علاج دریافت کر لیا گیا ہے۔ علامات کے مطابق متعلقہ دوا دینے سے بہتر نتائج حاصل کئے جا سکتے ہیں۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ رطوبت کی وجہ بینائی یا بصارت میں رکاوٹ ہو۔ سانپ سے نظر آئیں۔

ار جنٹم نائٹریکم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد تین مرتبہ

☆ بصارت/بینائی جاتی رہے۔ وقتی طور پر۔ آنکھوں کے سامنے کالے دھبے سے پھریں۔

مرک سال 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ چندھیانا۔ چیزیں بہت زیادہ پیلے رنگ کی نظر آئیں۔

کالی بائی کروم 30، چار گھنٹے بعد

☆ بغیر کسی سبب کے بصارت/بینائی ختم ہو جائے۔ یا سفید چیزوں کو مسلسل دیکھنے سے ایسا ہو۔

ٹاکم 30، چار گھنٹے بعد

☆ اچانک بے ہوش ہو جانے کی وجہ سے بینائی جاتی رہے۔

پلمبم میٹلیکم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد تین مرتبہ

☆ چندھیا پن۔ بے شمار ستارے آنکھوں کے سامنے گھومیں۔ دھندلا نظر آئے۔ چیزیں صاف نظر نہ آئیں۔ جھلملاہٹ ہو۔

سانگلے مین 30، چار گھنٹے بعد

☆ خناق کے بعد چندھیاپن۔ قلبی تکلیفات۔ مریض نیند کے بعد زیادہ تکلیف محسوس کرے۔

لیکے سس 30، چار گھنٹے بعد تین مرتبہ

☆ نشہ آور مشروبات پینے سے بینائی جاتی رہے۔

نیٹریینتھ Q یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ ایسے مریضوں کی بینائی جاتی رہے جن کے دماغ کے پردوں میں پانی آ جائے۔

ایپو سائنمQ یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ متلی کے ساتھ بینائی جاتی رہے۔ بہت زیادہ مشت زنی کرنے اور زیادہ جنسی اختلاط کی وجہ سے بینائی پر برا اثر پڑے۔ ایک کے دو نظر آنے لگیں۔

سیپیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد تین مرتبہ

☆ آنکھوں کے سامنے دھند محسوس ہو۔ دن کا اندھا پن۔ آنکھوں کے ڈھیلوں پر دباؤ اور درد۔

رینیس کولس بلب 30 یا 200' چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ آنکھوں میں کمزوری کا احساس کمزور بینائی اور چندھیا پن۔

فائی سو سٹگما (Physostigma) 6 یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ آنکھ کی سوزش کی وجہ سے بینائی جاتی رہے۔

مینسی نیلا (Mancinella) 30' چار گھنٹے بعد

☆ آتشی دھبے نظر آئیں۔ معاون دوا۔

سورینم 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ چیزیں سرخ پٹی والی نظر آئیں۔ دھوپ یا سورج میں لیٹے رہنے کی وجہ سے بینائی ختم ہو جائے۔ مصنوعی روشنی میں آنکھوں کی تکلیف بڑھ جائے۔

کونیم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد تین مرتبہ

☆ مریض کو قوس و قزح کے رنگ نظر آئیں۔ دھندلاہٹ۔ آنکھیں ملنے سے بینائی صاف ہو۔ مشت زنی کی وجہ سے بینائی کمزور ہو جائے یا ختم ہو جائے۔

ایسنفاس 30' چار گھنٹے بعد

☆ ہسٹریکل۔ پڑھتے ہوئے بینائی چلی جائے۔ زیادہ روشنی، تمباکو نوشی سے بینائی کمزور پڑ جائے۔ روشنی کے گرد ہالہ نظر آئے۔ دھندلا نظر آئے۔

فاسفورس 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ چکر کے ساتھ اچانک بینائی متاثر ہو۔ رنگ نظر آئیں۔

بیلاڈونا 30، چار گھنٹے بعد

☆ نکسیر کے ساتھ بینائی جاتی رہے۔

اوکسے لیکم ایسڈ (Oxalicum acidum) 30، چار گھنٹے بعد

☆ ملیریا بخار کے بعد بینائی ختم ہو جائے۔

چائنا سلف 30، چار گھنٹے بعد

☆ پلکیں جھڑ جائیں۔ حمل کے دوران ایک کے دو نظر آئیں۔ آنکھوں کی پتلیاں پھیلی ہوئی۔ دھندلا پن۔ نگاہ ایک جگہ نہ ٹھہر سکے۔

جیلسی میم 30، چار گھنٹے بعد

☆ چھوٹی چیزیں بڑی نظر آئیں۔ چیزیں کالی نظر آئیں۔ روشنی چاہے۔

سٹرامونیم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد تین مرتبہ

☆ سر درد کے ساتھ بینائی جاتی رہے ناک سے ہوا خارج کرتے ہوئے ایک کے دو نظر آنے لگیں۔

کاسٹی کم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ متلی کے ساتھ ایک کے دو نظر آئیں۔ پردہ بصری سے خون جاری ہونے کی وجہ سے، صدمے اور آنکھوں کا بہت زیادہ استعمال کرنے کی وجہ سے بینائی ختم ہو جائے۔

کروٹون ٹگ لیم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ تمام چیزوں کے گرداگرد ٹیڑھی میڑھی آتشی چیزیں اور شعلے نظر آئیں۔

نیٹرم میور 12x یا 30، چار گھنٹے بعد

☆ روشنی سے حساس، غیر واضح اور چکراتی ہوئی نظر۔

تھریڈیان 30، چار گھنٹے بعد

☆ آلہء بصر کی کمزوری کی وجہ سے بینائی ختم ہو جائے۔ ایک کے دو نظر آئیں۔ دیکھے کسی کی طرف اور نظر کوئی دوسرا آئے۔

سفیلینم 200 یا 1M، ہفتہ وار تین مرتبہ

☆ کثرت مطالعہ سے بینائی کی کمزوری۔ خراب یا کم روشنی میں پڑھائی۔ سلائی یا گھڑی سازی کی وجہ سے بینائی جاتی رہے۔

روٹا 30، چار گھنٹے بعد

☆ چیزوں کا صرف اوپر والا حصہ نظر آئے۔

آرم میٹلیکم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ پڑھتے ہوئے الفاظ اور حروف گھومتے ہوئے محسوس ہوں۔ اوپر نیچے جاتے ہوئے محسوس ہوں۔ یا بالکل غائب ہو جائیں۔

سائیکیونا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ چیزوں کا نچلا آدھا حصہ نظر آئے۔

ڈیجی ٹیلس 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

--- ✪ ---

Trachoma

(Granular conjunctivitis)

(See conjunctivitis also)

آنکھ کے ککرے وائرس کی وجہ سے ہوتے ہیں اور ایک شخص سے دوسرے کو یہ بیماری لگتی اور پھیلتی ہے۔ اس بیماری میں آنکھ کے پپوٹے کے اندر باریک باریک سرخ دانے پیدا ہوتے ہیں آنکھ میں خارش ہوتی ہے۔ آنکھ میں پانی بھرا رہتا ہے۔ پپوٹا بوجھل ہو جاتا ہے اور روشنی بری لگتی ہے۔ پلکیں رطوبت سے چپکی ہوتی ہیں' خاص طور پر صبح کو سو کر اٹھنے کے بعد۔ آنکھوں کو دھوئیں' گردوغبار اور گندی ہوا سے بچانا چاہئے اور صاف رکھنی چاہئیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ بے ضرر گاڑھا پیلے رنگ کا مادہ خارج ہو۔ کھلی اور ٹھنڈی ہوا میں بہتر ہو۔ گرمائش سے تکلیف میں اضافہ ہو۔

پلساٹیلا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ آنکھوں کے کوؤں یا کونوں میں پھٹن۔ کثرت سے پانی بہے۔ پاخانہ قبض سے ہو۔

گریفائٹس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ آشوب چشم۔ پلکوں پر دانے نکلے ہوں۔ آنکھوں سے پانی نکلے۔

کوپرم سلف 30' چار گھنٹے بعد

☆ رات کے وقت پلکیں آپس میں چپک جائیں۔ آنکھوں سے تیزابی پانی بہے۔ کھلی ہوا میں تکلیف میں اضافہ ہو۔

کلکیریا کارب 200' 10 منٹ بعد تین مرتبہ

☆ پلکوں پر دانے۔ چپکاہٹ۔ پیلے رنگ کی رطوبت خارج ہو۔ شام اور رات کے وقت تکلیفات بڑھیں۔

کالی بائی کروم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ پانی بہنے والا آشوب۔ اندرونی کوئے میں زیادہ تکلیف ہو۔
زنکم میٹلیکم 30' چار گھنٹے بعد

☆ قرنیہ اور پلکوں پر زخم بن گئے ہوں۔ مریض ٹھنڈ اور کھلی ہوا سے بہت زیادہ حساس ہو۔
آنکھ کے سفید پردہ کا مزمن آشوب۔
ہیپر سلف 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی فیرم فاس 6x اور کالی میور 6x بھی مفید ادویات ہیں۔

ناخونہ (آنکھ کے پردے کا موٹا ہو جانا)

Pterygium

آنکھوں میں کنکروں کی وجہ سے آنکھ کے سفید حصے میں سرخ گوشت پیدا ہو جاتا ہے۔ جس کے بڑھ کر سیاہ حصے پر پھیلنے کا امکان ہوتا ہے۔ اس سے آنکھوں میں خراش ہوتی ہے۔ گردوغبار اور دھوئیں میں کام کرنے والے لوگوں کو بھی ناخونہ ہو سکتا ہے۔ بعض اوقات آنکھوں میں ٹھنڈی ہوا لگتے رہنے سے بھی یہ مرض ہو جاتا ہے۔ ناخونہ زیادہ ہو جانے کی صورت میں آپریشن کر کے سرخ گوشت کو صاف کیا جا سکتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ آنکھ کے پردے کے موٹا پڑ جانے کی اعلیٰ دوا۔
زنکم سلف 1M یا اوپر کی طاقتیں'
پندرھویں روز چھ مرتبہ

☆ آنکھ کے کوئے پر ڈنک مارنے کے سے تیز درد۔ آنکھ سے کثرت سے پانی بہے اور چندھیا پن ہو۔ ٹھنڈی ہوا سے اور رات کے وقت تکلیف بڑھے۔ گرم کمرے میں بہتر ہو۔
زنکم میٹلیکم 30' چار گھنٹے بعد

☆ ٹھنڈ محسوس کرنے والا موٹا پلپلا سا مریض۔ ٹھنڈ اور بھیگنے کی وجہ سے آنکھ کا پردہ موٹا ہونے کے لئے۔
کلکیریا کارب 200 یا 1M' ہفتہ وار'
چھ مرتبہ

☆ غنازریا کنٹھمالا کے ساتھ اور غدودوں کے بڑھ جانے کی وجہ سے۔
چمافیلا 30' چار گھنٹے بعد

دیگر اہم ادویات : اموینم برومائڈ' ارجنٹم نائٹریکم' آرسنک البم' لیکے سس' کلس موسکاٹا' سوریئم' رٹین' سپائی جیلیا' سٹینی سیگریا' سلفر اور ٹیلیوریم وغیرہ۔

آنکھ کے پردے کی تکلیفات

Ailments of Retina

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ پردے کی سوزش اور زخم' شدید اور تیز آنکھ کا درد۔ حرکت کرنے سے درد بڑھے۔
برائی اونیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ اچانک نظر میں کمی آجائے۔ کسی چوٹ یا چندھیا پن کی وجہ سے پردے کا علیحدہ ہو جانا۔
دوران حمل پردے کی سوزش۔
جیلسی میم 30' چار گھنٹے بعد

☆ پردہ روشنی سے بہت زیادہ حساس ہو۔ درد آنکھ کی گہرائی تک ہو۔
کونیم میک 200' دس منٹ بعد تین مرتبہ

☆ پردے سے پانی یا رطوبت بہنے لگے۔ پردہ علیحدہ ہو جائے۔ پردے میں سوزش یا زخم ہو۔ اور آنکھ کے گرد درد اور سوجن۔ افسردگی۔
نیٹرم میور 30 یا 200' دس منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ پردے کے نیچے رطوبت۔ سر اور چہرے کی تمتماہٹ کے ساتھ آنکھ کے ڈھیلے کے نچلے حصے میں ہلکا درد۔ آنکھ کے اندر چبھنے والا درد۔ پلکوں میں تشنجی ورم۔
ایپس ملفیکا 200' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ کسی چوٹ کی وجہ سے پردہ علیحدہ ہو جائے۔ پردے سے خون نکلنے لگے۔
آرنیکا 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ سوزش اور زخم کے ساتھ پردے سے خون بہے۔

لیکے سس 30 یا 200، 10 منٹ بعد تین مرتبہ

☆ پردے کی سوزش۔ سخت بے چینی۔ خاص طور پر آدھی رات کے بعد پیاس لگے اور تھوڑی مقدار میں پانی پئے پیشاب قلیل اور البیومن ملا ہوا۔

آرسنک البم 30، چار گھنٹے بعد

☆ جب آنکھیں روشنی سے بہت زیادہ حساس ہوں۔ مریض کو روشنی کے اردگرد ہالہ سا نظر آئے۔ پردے کی سوزش اور زخم۔ ٹھنڈے مشروبات کی خواہش کرے۔

فاسفورس 200 یا 1M، ہفتہ وار تین مرتبہ

☆ پردے کے اوپر تہہ نشین مادہ۔ اوپر کی نصف نظر ایسی لگے کہ کسی کالی چیز سے ڈھکی ہے۔ نچلا نصف نظر آئے۔ پردہ کی تقلیر۔

اورم میٹلیکم 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ روشنی سے اچانک یا ایک دم حساسیت آنکھ اور پردہ میں شدید درد۔

بیلاڈونا 30، تین گھنٹے بعد

☆ پردے کی سوزش۔ سانپ کے زہر کی وجہ سے پردے میں خون آ جائے۔

کروٹیلس ہوریڈس 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

دیگر اہم ادویات : ڈی جی ٹیلس، رہس ٹاکس، سفلینم، روٹا اور ہائپر یکم وغیرہ۔

——— ✪ ———

گوہانجی/انجن ناری

Stye (Eyes)

*(See cysts also)

آنکھوں کے پپوٹے کے کونے پر ایک موٹا سا دانہ نکل آتا ہے۔ پپوٹے کے کنارے متورم اور سخت ہو جاتے ہیں اور ان میں درد ہوتا ہے۔ اگر بروقت علاج نہ کیا جائے تو یہ پھنسی پک کر پھوٹ جاتی ہے۔ کبھی کبھی یہ پھنسیاں یکے بعد دیگر نکلتی ہیں اور یہ سلسلہ مدتوں جاری رہتا ہے۔ ہاضمے کی خرابی' خراب غذا' خون کی خرابی اور آنکھوں سے زیادہ کام کرنا اس مرض کے عام اسباب ہیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ گوہانجی کے لئے اعلیٰ دوا۔

کلکیریا کارب 3x یا 6' روزانہ' تین مرتبہ

☆ گوہانجی۔ پلکیں سوجی ہوئی۔

الیومنا Silic 30' چار گھنٹے بعد

☆ گوہانجی۔ دائیں جانب کی اوپری پلک پر ہو۔

امونیم کارب 30' چار گھنٹے بعد

☆ گوہانجی۔ مسے کی قسم کی اور سخت۔

تھوجا 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ گوہانجی۔ جلن کا احساس۔ گرم سیکائی سے سکون ملے۔

آرسنک البم 30' چار گھنٹے بعد

☆ گوہانجی۔ وقتاً" فوقتاً" ہو جائے۔ زخم بن جائے۔ مندمل نہ ہو یا دبے نہیں۔ گانٹھ کی طرح سخت۔ اگر صحیح طور سے علاج نہ کیا جائے تو فاسد مادے کی تھیلی یا بیضہ دان بن جائے۔

سٹیفی سیگریا 30' چار گھنٹے بعد

☆ فاسد مادے کی تھیلی بننے سے روکنے کے لئے یا تحلیل کرنے کے لئے۔
تھایوسینیا مائن (Thiosinamine)
3x، تین گھنٹے بعد

☆ آنکھوں میں پانی کے ساتھ اندرونی کوئے پر گوہانجی ہو۔
نیٹرم میور 30، تین گھنٹے بعد

☆ بار بار گوہانجی ہو۔ پکنے لگے۔ درد ہو۔ ٹھنڈ سے تکلیف بڑھے۔ خاص طور پر گرمائش سے بہتر ہو۔
ہیپر سلف 30، تین گھنٹے بعد

☆ خاص طور پر اوپری پلک پر گوہانجی کے لئے۔ بار بار ہو جائے۔ گرمائش سے تکلیف میں اضافہ ہو۔ ٹھنڈ سے بہتر ہو۔
پلساٹیلا 30 یا 200، تین گھنٹے بعد

☆ آبلہ دار گوہانجی۔ پکنے لگے۔ آنکھوں میں سرخی اور جلن۔
سلیسیا 30، تین گھنٹے بعد

☆ آنکھ کے بیرونی کوئے کے قریب گوہانجی۔
اورم سلف 30، تین گھنٹے بعد
گوہانجی اور فاسد مادے دونوں کے لئے بایو کیمک کی کلکیریا فلور 12x یا 30x بھی بہترین دوا ہے۔

---o---

اندھاپن

Blindness

اس مرض میں بینائی آہستہ آہستہ کمزور ہو کر یکدم زائل ہو جاتی ہے۔ کبھی نظر دھندلی ہو جاتی ہے اور چیزیں صاف اور واضح طور پر نظر نہیں آتی۔ کبھی ایک کی دو چیزیں نظر آتی ہیں۔ گاہے پوری چیز کا نصف حصہ نظر آتا ہے۔ نظر کے نقص کی وجہ سے مریض فاصلے کا بھی صحیح اندازہ نہیں کر پاتا ہے۔ آنکھ کی پتلیاں ساکت اور پھیلی ہوئی ہوتی ہیں۔ بظاہر آنکھوں میں کوئی نقص نظر نہیں آتا ہے۔ اور آنکھیں نارمل دکھائی دیتی ہیں۔ اندھیرے میں مریض کو کچھ بھی دکھائی نہیں دیتا ہے اس لئے وہ بالکل اندھوں کی طرح چلتا ہے۔

اعصابی کمزوری، دماغ کی رسولی یا پھوڑا، سر میں شدید چوٹ آنا۔ آتشکی زہر کا موجود ہونا، وبائی سوزش، سر چکرانا، سر میں مستقل درد رہنا، کرم امعاء، کثرت سے تمباکو نوشی اور شراب نوشی اس مرض کے عام اسباب ہیں۔ جسم میں بعض سمیات کا زہر موجود ہونا، گرم سرد ہو جانا اور مستورات میں حبس حیض بھی اندھے پن کے اسباب ہو سکتے ہیں۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ دن کے وقت نظر نہ آنے کے لئے۔

بوتھروپس (Bothrops) 30، چار گھنٹے بعد

☆ اچانک بینائی جاتی رہے۔ وجہ بھی معلوم نہ ہو۔

ایکونائٹ 200 یا 1M، 10 منٹ بعد تین مرتبہ

☆ کوڑھ کے مریض کی بینائی جاتی رہے۔

ہرا برازیل (Hura Brazil) 30، چھ گھنٹے بعد

☆ اعصابی کمزوری کی وجہ سے اندھا پن۔ رنگ نظر نہ آئیں۔

سینٹو نینم (Santoninum) 6، چار گھنٹے بعد

☆ رات کے وقت نظر آنا بند ہو جائے۔

رینن کولس بلب (Ranunculus bulb) 30' چار گھنٹے بعد

☆ اعصابی تناؤ' خوف یا روشنی کی وجہ سے بینائی خراب ہو۔

فاسفورس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ کمزور' خون کی کمی اور ہسٹریکل مریضوں کی بینائی کمزور یا خراب ہو جائے۔

نیٹرم میٹلیکم 30' چار گھنٹے بعد

☆ رات کے وقت نظر کم آئے۔ آنکھیں چندھیانے لگیں۔

فائی سو سٹگما (Physostigma) 30' چار گھنٹے بعد

☆ رات کے وقت کا اندھا پن۔ تمام چیزیں آدھی نظر آئیں یا ان کا آدھا حصہ نظر آئے۔

لائیکو پوڈیم 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد' تین مرتبہ

بائیو کیمک کی کلکیریا فاس 6x اور کالی فاس 6x ہر چار گھنٹے بعد دینا بھی بہت فائدہ مند ہے۔

—— ✪ ——

بھینگا پن

Squint/Strabismus

بھینگے پن میں دونوں آنکھیں ایک سیدھ میں نہیں دیکھتی ہیں کیونکہ دونوں آنکھوں کی دھری متوازی نہیں ہوتی ہے۔ بعض دفعہ صرف ایک آنکھ میں نقص ہوتا ہے۔ صرف وہی اندر یا باہر کو مڑتی ہے۔ عام طور پر بھینگا پن بچپن سے ہوتا ہے لیکن کسی بیماری کی وجہ سے جوانی میں بھی ہو سکتا ہے۔ عام طور پر یہ نظر کی کمزوری سے ہو جاتا ہے۔ بعض دفعہ پولیو اور ٹائی فائڈ وغیرہ کی وجہ سے بھی بھینگا پن ہو سکتا ہے۔ جس میں ایک آنکھ کے عضلات میں نقص پیدا ہو جاتا ہے۔ اس تکلیف کے لاحق ہوتے ہی آنکھوں کا ٹیسٹ کرا کے صحیح علاج کرانے سے بھینگا پن دور ہو سکتا ہے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ بچوں میں پائے جانے والے ہم مرکز بھینگے پن کے لئے۔ خصوصاً ایسے بچوں کے لئے جن کو تشنج ہوتا ہو یا اینٹھن کی وجہ سے بھینگا پن ہو گیا ہو۔

سکوٹا 30 Vir، چار گھنٹے بعد

☆ ہم مرکزی بھینگا پن جو کسی خاص وقت یا عرصے میں ہو۔ اندرونی پردۂ بصارت میں تشنج کی وجہ سے پیدا شدہ بھینگا پن۔

جیبورانڈی 30، چار گھنٹے بعد

☆ کیڑوں کی وجہ سے بھینگا پن۔

سائنا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی میگنیسا فاس 6x بھی مفید دوا ہے۔

دیگر اہم ادویات : جیلی میم، سپائی جیلیا، نکس وامیکا، سائکلے مین، بیلاڈونا، سورینم۔ Hyoscyamus، سٹرا مونیم اور اگیری کس m بھی مفید ادویات ہیں۔

ناک

Affections of Nose

نزلہ زکام' نکسیر یا ناک سے خون آنا' ناک کی بواسیر' ناک سے بدبو آنا اور قوت شامہ زائل ہو جانا ناک کے عام امراض ہیں۔ نزلہ زکام میں ناک میں سے پانی بہتا ہے۔ چھینکیں آتی ہیں۔ سر میں درد ہوتا ہے۔ حلق اندر سے متورم اور سرخ ہو جاتا ہے۔ کھانسی اور بخار بھی ہو جاتا ہے۔ بعض اوقات ناک کے ایک نتھنے اور بعض دفعہ دونوں سے قطرے قطرے خون بہتا ہے اور کبھی کبھار دھار بندھ کر خون بہتا ہے۔ نکسیر آنے سے پہلے پیشانی پر بوجھ اور دباؤ ہوتا ہے۔ ناک کی بواسیر میں ناک کے نتھنوں میں مسے پیدا ہو جاتے ہیں۔ مریض کو سانس لینے میں دقت ہوتی ہے اس لئے وہ منہ کھلا رکھتا ہے۔ مسوں کی وجہ سے زکام کی شکایت رہتی ہے۔ کبھی ناک سے خون بھی بہتا ہے۔ پرانے زکام کی وجہ سے ناک کے نتھنوں میں پپڑیاں جم جاتی ہیں۔ مزمن زکام کی وجہ سے مریض کی قوت شامہ یعنی سونگھنے کی صلاحیت مفقود ہو جاتی ہے لیکن بسا اوقات ہی ایسا ہوتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ نتھنوں کے اندر زخم۔ ناک میں کھرنڈ یا چھلکے سے۔ ناک کے اوپر دھبے یا پھنسیاں۔
کاسٹی کم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ ناک سخت اور سرخ۔ نتھنے سوجے ہوئے یا سکڑی ہوئی ناک جس میں سے روئیں جھڑیں اور السر ہو۔
کالی کارب 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ گومٹر جو ناک کے اندر باریک جھلیوں میں پیدا ہو اور سطح پر ظاہر ہو۔ لمبی ناک ڈالی کی طرح جوڑ والی۔
کلکیریا فاس 2x یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ نتھنوں کی ہڈیوں میں ورم اور سوجن۔ السر ہو اور ناک کا ناسور۔ ناک سے بدبو آئے۔ سبز زرد بدبو دار پیپ کی طرح کی رطوبت ناک سے جاری ہو۔
مرکیورس سال 30' چار گھنٹے بعد

☆ ناک کی خارش۔ مریض ہر وقت ناک کو نوچتا یا رگڑتا رہے۔

سائنا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ ناک کی نوک چمک دار، سرخ اور سوجی ہوئی۔ ناک پر نیچے کی جانب دباؤ والا درد۔

بوریکس 30، چار گھنٹے بعد

☆ ناک کا درد اور ناک سے خون جاری ہونا۔ جلد کا سرطان یا ناک کے اندر گومڑ جو سطح پر ظاہر ہو۔

کونیم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ ناک بہت زیادہ خشک، پیلی رطوبت خارج ہو۔ ناک بھری ہوئی اور بند یا رکی ہوئی۔ نتھنوں میں کھرنڈ بھرے ہوں اتنے کہ ناک پھٹتی سی محسوس ہو۔ ناک کے پردہ پر السر۔ ناک بہت وزنی اور بھاری محسوس ہو۔

کالی بائی کروم 30، چار گھنٹے بعد

☆ نتھنوں سے پانی بہے۔ نتھنے سرخ ہوں۔ ناک کے اوپر پھنسیاں ہوں۔

میزریم 30، چار گھنٹے بعد

☆ ناک میں خارش یا کھجلی۔ ناک کی نوک چمک دار سرخ۔

کیپسی کم 30، چار گھنٹے بعد

☆ شدید قسم کی چھینکیں جبکہ تمام منتخب ادویات ناکام ہو گئی ہوں۔

اوپیم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ ناک کا بیرونی حصہ ٹھنڈ سے مزمن طور پر متاثرہ۔ ناک سے سوں سوں کی آوازیں نکلیں۔ ناک میں جلن ہو۔

سٹس کین 30، چار گھنٹے بعد

☆ ناک کا کونا گانٹھ دار یا ابھار والا ہو۔ ناک میں ناسور ہو۔ بدبو دار رطوبت خارج ہو۔ السر ہو۔ ناک سوجی ہوئی اور درد بھری۔

اورم میٹلیکم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ ناک کے سوراخ کا اگلا حصہ سرخ۔ ناک پر پپڑی یا کھرنڈ سے جمے ہوں۔ نتھنوں میں السر ہو۔ ناک سوجی ہوئی اور سوزش والی۔

سلفر 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین

مرتبہ

☆ ناک کی ہڈیاں سوجی ہوئی۔ ناک کی جڑ میں دبانے والا درد۔ ناک سے سبز رنگ کی رطوبت خارج ہو۔

پلساٹیلا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ ناک سن ہو جائے۔ نتھنوں کی ہڈیوں میں زخم ہو۔ سفلس کا پرانا نزلہ۔

آسفوٹڈا 30، چار گھنٹے بعد

نکسیر

Epistaxis

ناک سے خون آنے کو نکسیر پھوٹنا کہا جاتا ہے۔ اس مرض میں عموماً" ایک نتھنے سے اور بعض اوقات دونوں سے دھار سے یا قطرہ قطرہ خون بہتا ہے۔ اکثر نکسیر آنے سے پہلے پیشانی پر دباؤ اور بوجھ محسوس ہوتا ہے۔ چھینکنے' سر یا ناک پر چوٹ لگنے' زیادہ مشقت کرنے' شدید گرمی اور سر میں اجتماع خون کی وجہ سے نکسیر آ سکتی ہے۔ بواسیر اور حیض کے خون بند ہو جانے کی وجہ سے بھی نکسیر آ جاتی ہے۔ جن بچوں کے پیٹ میں کیڑے ہوتے ہیں ان کو بھی نکسیر پھوٹ جاتی ہے۔

عام طور پر نکسیر آنا معمولی مرض سمجھا جاتا ہے اور اکثر بغیر علاج کے ہی آرام آ جاتا ہے البتہ مرض کے شدید ہونے کی صورت میں اس کا علاج کرنا ضروری ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ نکسیر کی بہترین دوا۔ بلا درد ناک سے خون بہے۔

ملی فولیم Q 10-15 قطرے' آدھا گھنٹہ بعد

☆ نکسیر کی اعلیٰ ترین دوا۔ ذرا سی حرکت سے بھی نکسیر بڑھ جائے۔ نوجوانوں کی نکسیر کے لئے خاص طور پر بہت مفید دوا۔

برائی اونیا Q 5-6 قطرے' تین گھنٹے بعد

☆ موقوفی ء حیض پر نکسیر۔

لیکے سس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ خون سرخ چمکیلا' متلی' زبان صاف۔

اپی کاک 6 یا 30' آدھا گھنٹہ بعد' تین مرتبہ

☆ چمکدار سرخ خون۔ سورج کی گرمی سے بڑھ جائے یا ابھر جائے۔ کھانسی کے بعد نکسیر بہے۔

سائناڈن ڈیکٹائی لون
(Cynadonrrrrdactylon) Q یا
6' تین گھنٹے بعد

☆ خون کی رنگت کالی سی۔ آسانی سے نہ جمے۔ ہاتھ یا منہ دھوتے ہوئے نکسیر زیادہ ہو جائے۔

امونیم کارب 30' چار گھنٹے بعد

☆ خاموشی اور آسانی سے نکسیر بہے۔ ناک سے پھونک مارتے ہوئے زیادہ ہو جائے۔ خون آسانی سے نہ جمے۔ برف کی طرح ٹھنڈے پانی اور مشروبات کی خواہش۔

فاسفورس 200' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ چہرہ سرخ ہو جائے اور خون کا بہاؤ سر کی طرف ہو۔

بیلاڈونا 30 یا 200' آدھا گھنٹہ بعد

☆ باریک ناڑوں کا ڈھیلا پن' پھولا ہوا جسم' رات اور صبح کے وقت تکلیف بڑھے۔

بووسٹا 30' چار گھنٹے بعد

☆ مسلسل یا بار بار نکسیر بہے۔ جلن والے درد اور چڑچڑا پن۔

آرسنک البم 30' چھ گھنٹے بعد

☆ خون سیاہی مائل اور لوتھڑے والا۔ اتنی شدید نکسیر کہ مریض بے ہوش ہونے لگے اور اس کے کان میں گھنٹیاں سی بجنے لگیں۔ مریض پنکھے یا ہوا کی خواہش کرے۔

چائنا 30' آدھا گھنٹہ بعد

بائیو کیمک کی فیرم فاس 3x چار گھنٹے بعد۔

بیرونی استعمال کے لئے : فیکس ریلگ

'Trillium PQ (Ficus relig Q)

ہیما میلس یا ملی فولیم Q Hamamelis Q کے 5 تا 10 قطرے ناک میں ڈال کر روئی برف میں بھگو اور نچوڑ کر نتھنوں میں ٹھونس دی جائے۔

—— ✪ ——

ٹھنڈ/نزلہ زکام

Cold, catarrh and Coryza

حقیقتاً" نزلہ زکام ایک ہی مرض کے دو نام ہیں۔ دونوں میں صرف اتنا فرق ہے کہ جب ناک کے اندر کی لعاب دار جھلی متورم ہو جاتی ہے۔ چھینکیں آتی ہیں اور ناک بہتی ہے تو اسے زکام کہتے ہیں۔ جب حلق میں سوزش ہوتی ہے اور کھانسی آتی ہے تو اسے نزلہ کہا جاتا ہے۔ اس مرض کے شروع میں طبیعت ست رہتی ہے۔ سر میں ہلکا سا درد ہوتا ہے۔ پیشانی پر بوجھ ہوتا ہے۔ بعض دفعہ پانی کی خراش سے ناک کے کنارے ورم آلود ہو جاتے ہیں۔ ناک کے نتھنے سرخ ہو جاتے ہیں۔ حلق اندر سے متورم اور سرخ ہو جاتا ہے۔ آنکھوں سے بھی پانی بہنے لگتا ہے اور آنکھیں سرخ ہو جاتی ہیں۔ ہلکا بخار بھی ہو جاتا ہے۔ کھانسی ہوتی ہے اور حلق خشک ہو جاتا ہے بھوک نہیں لگتی اور پیاس بڑھ جاتی ہے۔

پیشاب قلیل مقدار میں اور سرخی مائل آتا ہے۔ ایک دو روز بعد ناک کی رطوبت گاڑھی ہو جاتی ہے۔

نزلہ زکام ایک متعدی مرض ہے اور ایک خوردبینی کیڑے کی وجہ سے ہوتا ہے۔ ایک مریض سے دوسرے کو لگتا ہے۔

ٹھنڈی ہوا لگنا' پانی سے بھیگنا' کھٹی ٹھنڈی اور زیادہ گرم اشیاء کھانا' گردوغبار اور دھوئیں کا ناک میں پہنچنا۔ گرم سرد ہو جانا' نمدار زمین پر بیٹھنا وغیرہ اس مرض کے عام اسباب ہیں معدے کی خرابی اور قبض کی وجہ سے بھی یہ مرض لاحق ہوتا ہے۔ جسم میں قوت مدافعت کی کمی کے باعث بھی کمزور لوگوں کو یہ مرض جلدی جلدی ہوتا ہے۔

پہلی حالت/ مرحلہ

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ چھینکوں کے ساتھ زکام۔ آنکھوں اور ناک سے کثرت سے پانی بہنا۔ گھر کے اندر اور گرمائش سے تکلیف میں اضافہ ہو کھلی ہوا میں بہتر محسوس کرے۔

ایلیم سیپا 30' تین گھنٹے بعد

☆ تمام جسم برف کی طرح سرد۔ جسم اندرونی اور بیرونی طور پر ٹھنڈا۔ جسمانی نظام کو گرمی پہنچانے کے لئے۔

کیمفر 6 یا 30' آدھا گھنٹہ بعد

☆ چھینکیں۔ آنکھ اور ناک سے پانی بہے۔ حلق میں سوزش۔ بار بار تھوک نگلنے کی خواہش۔ منہ سے بری بو آئے۔ بخاری کیفیت پسینہ کے ساتھ۔ جس سے کوئی افاقہ نہ ہو۔ رات کے وقت تکلیف بڑھ جائے۔

مرکیورس سال 30، تین گھنٹے بعد

☆ آنکھوں میں جلن اور پانی بہے۔ ناک سے خراش دار رطوبت نکلے۔

یوفریزیا 30، تین گھنٹے بعد

☆ زکام۔ حلق میں درد۔ چہرہ سرخ۔ سر کی طرف خون کا اجتماع۔

بیلاڈونا 30، چار گھنٹے بعد

☆ جب سونے لگے تو ناک سے پانی بہنا شروع ہو جائے۔

تھوجا 30 یا 200، چھ گھنٹے بعد

☆ چھینکوں کے ساتھ نزلہ اور اعضاء کی ہڈیوں میں درد۔ گوشت میں دکھن۔

یوپیٹوریم پرفولیم، تین گھنٹے بعد

☆ خشک سرد ہوا لگ جانے سے اچانک زکام ہو جائے۔ ٹھنڈ محسوس کرے۔ سر میں درد۔ آنکھوں سے پانی جاری ہو۔ چھینکیں آئیں۔ پریشانی اور خوف۔ بخار کی سی کیفیت۔

اکونائٹ 30 یا 200، دو گھنٹے بعد

☆ ناک خشک۔ سر میں درد۔ حرکت کرنے سے تکلیف بڑھے۔ پیاس زیادہ۔ ہونٹ خشک اور جھلسے ہوئے۔ پاخانہ سخت۔ قبض کے ساتھ۔

برائی اونیا 30 یا 200، تین گھنٹے بعد

☆ ٹھنڈ کا احساس اگرچہ چہرہ گرم ہو۔ بے چینی اور نہ مٹنے والی پیاس۔ اکثر پانی پیئے لیکن کم مقدار میں۔ گرم مشروبات پینے سے اچھا محسوس کرے۔

آرسنک البم 30، تین گھنٹے بعد

☆ کھانا کھاتے ہوئے ناک سے پانی بہے۔

ٹرومبیڈیم (Trombidium) 30 یا 200، چھ گھنٹے بعد

☆ ناک سے خراش دار پانی اور رطوبت بہے۔ جو اوپر والے ہونٹ کو چھیل دے۔ ناک بلغم یا ریشے سے بھری ہوئی۔ منہ سے سانس لے۔

آرم ٹرائفلم 30، تین گھنٹے بعد

☆ خشک نزلہ، ناک بند ہو جائے۔ بچے ناک سوں سوں کریں۔
سمبیوکس نائگرا 30، چار گھنٹے بعد

☆ دن کے وقت ناک بہے اور رات کے وقت ٹھنڈ کے احساس کے ساتھ ناک بند ہو جائے۔
نکس وامیکا 30، تین گھنٹے بعد

☆ زکام جس کو ٹھنڈے پانی سے نہانے سے آرام آئے۔
کلکیریا سلف 30، چار گھنٹے بعد

☆ زکام، چھینکیں آئیں اور ناک بہے ماتھے میں درد اور سرخی۔ آنکھوں سے پانی نکلے۔
سباڈیلا 30، چار گھنٹے بعد

☆ چبھن والا درد، ست طبیعت، کمر میں ٹھنڈ کا احساس، چھینکیں، بندھی ہوئی گاڑھی رطوبت ناک سے نکلے بخار کی سی کیفیت، پیشاب کے اخراج کے بعد بہتر محسوس کرے۔
جیلسی میم 30، تین گھنٹے بعد

نزلے زکام کے لئے بائیو کیمک کی کلکیریا فاس 6x اور فیرم فاس 6x یکے بعد دیگر تین تین گھنٹے بعد بہت فائدہ مند ہیں۔

دوسری حالت/ مرحلہ۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ شروع میں ناک سے پانی جیسی رطوبت بہے اور آخر کار بعد میں وہ گاڑھی اور پیلی ہو جائے۔ حلق میں نگلتے ہوئے درد ہو جیسے گلے میں لکڑی کی کھپچیاں اٹک گئی ہوں۔ ٹھنڈ سے نہایت حساس۔
ہیپر سلف 30، چار گھنٹے بعد

☆ ناک سے پیلی اور سبز لیس دار رطوبت خارج ہو۔
کالی بچ 30، چار گھنٹے بعد

☆ پرانے/مزمن کیس جن کی ہسٹری میں دق کی علامات موجود ہوں۔
ٹیوبر کولینم 200 K یا 1M، پندرھویں دن، چھ مرتبہ

☆ نلکے کی طرح ناک سے پانی بہے۔ زیادہ پیاس۔ پاخانہ قبض کے ساتھ۔ زکام میں دوپہر تک شدت آئے اور اس کے بعد کمی آنا شروع ہو جائے۔
نیٹرم میور 30، چار گھنٹے بعد (حاد حالت میں برائی اونیا 30)

☆ ناک سے سبزی مائل زرد رطوبت خارج ہو۔ ذائقہ اور پیاس ختم ہو جائے۔ کھلی ہوا میں اچھا محسوس کرے۔

پلساٹیلا 30، چار گھنٹے بعد

☆ موٹے اور پلپلے لوگوں کو نزلہ زکام۔ ٹھنڈ محسوس کریں۔ نہانے کے بعد تکلیف بڑھ جائے۔

کلکیریا کارب 200، چھ گھنٹے بعد

☆ ناک سے گاڑھے زرد رنگ کی رطوبت خارج ہو۔ نزلے زکام کے بعد کی کیفیت۔ قبض ہو۔

ہائیڈراسٹس 30، چار گھنٹے بعد

☆ زکام جو صبح کے وقت شدید ہو۔ مزمن/پرانا نزلہ زکام خشک ہو۔ ناک سے کوئی رطوبت خارج نہ ہو۔ نہانا پسند نہ کرے۔

سلفر 200، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ پرانے مزمن اور ضدی کیس۔ جب علامات کے مطابق متعلقہ ادویات ناکام ہو جائیں۔

بیسلینم (1M Bacillinum) ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ پرانا مزمن نزلہ زکام، خشک، ناک بند۔ سردی اور موسم کی تبدیلی پر تکلیف بڑھ جائے۔

سورینم 200، ہفتہ وار، تین مرتبہ

بائیو کیمک کی درج ذیل ادویات علامات کی مناسبت سے بہت مفید ہیں۔

1- زردی مائل بلغم۔ گرمائش سے تکلیف بڑھے۔

کالی سلف 6x، چار گھنٹے بعد

2- سر ٹھنڈا۔ گاڑھے سبز زرد رنگ کی رطوبت خارج ہو۔

کلکیریا فلور 6x یا 12x، چار گھنٹے بعد

3- حاد اور مزمن نزلے زکام کے لئے۔

کلکیریا فاس 6x، اور نیٹرم میور 12x چار گھنٹے بعد

—o—

انفلوئنزا

Influenza

(see cold, catarrh also)

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ خشک کھانسی کے ساتھ نزلہ۔ بہت زیادہ پیاس۔ زبان پر سفیدی۔ ذرا سی حرکت سے بھی سر درد زیادہ ہو جائے مریض خاموش اور تنہا لیٹا رہنا پسند کرے۔ دبانے سے بہتر محسوس کرے۔

برائی اونیا البم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ تمام جسم میں درد اور دکھن کا احساس۔ تیز نبض لیکن ٹمپریچر نبض کی مناسبت سے کم۔ مریض بہت ٹھنڈ محسوس کرے۔ حتیٰ کہ کسی طرح کی گرمائش بھی مریض کو گرم نہ کر سکے۔ کمر اور رانوں میں سخت شدید درد۔ دھڑکن والی تیز نبض۔ سخت بے چینی۔

پائیرو جینم 200' تین گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ بڑی اعلیٰ درجہ کی دوا۔ تھوڑے تھوڑے وقفے سے شدید پیاس۔ سخت بے چینی۔ مریض سخت تھکا ماندہ اور بے سکت۔

آرسنک البم 30' چار گھنٹے بعد

☆ سخت اعصابی کمزوری۔ پھیکی رنگت گیس کی علامات۔ تیز بخار۔ جلدی تھک جائے۔ بے سکت ہو جائے۔

کالی فاس 6x یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ کپکپی اور کمر میں ٹھنڈے پن کا احساس۔ پسلیوں اور کمر میں شدید درد۔ پھاڑنے والا سر درد۔ ہڈیوں میں ایسا سخت درد جیسے وہ ٹوٹ جائیں گی۔ آنکھیں سوجی ہوئی سرخ۔

یوپٹوریم پرف 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ کمر اور پسلیوں میں درد۔ رات کے وقت ناک بند ہو جائے۔ مریض سخت ٹھنڈ محسوس کرے۔ حتیٰ کہ بستر میں بھی سردی لگے۔ ذرا سی بھی حرکت اور ہوا لگنے سے سردی کا

احساس اور زیادہ بڑھ جائے۔ پسینے کے بعد پھر سے ٹھنڈ لگنے لگے اور کپکپی شروع ہو جائے۔
نکس وامیکا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ ٹھنڈ اور چھینکوں کے ساتھ نزلے کی ابتدائی حالت۔ پسلیوں اور جسم میں تھکن اور بھاری پن۔ پیاس ندارد۔ پھاڑنے والا سردرد۔ بڑی مقدار میں پیلا پیشاب آنے سے افاقہ ہو۔
جیلی میم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ معاون دوا۔
انفلوائزینم 200 اور سلفر 200
بائیو کیمک کی فیرم فاس 6x کالی میور 6x اور نیٹرم سلف 12x
بھی مفید ادویات ہیں۔ جو تین تین گھنٹے بعد دی جانی چاہئیں۔

نزلے زکام کے ساتھ بخار

Hay fever

(See allergic Rhintis, cold or catarrh also)

نزلے زکام میں سینہ جکڑ جاتا ہے۔ سر میں درد اور بوجھ محسوس ہوتا ہے۔ ناک سے پانی بہتا ہے۔ چھینکیں آتی ہیں اور آنکھیں سرخ ہو جاتی ہیں۔ نبض تیز چلتی ہے۔ حلق میں خراش ہو جاتی ہے۔ انہی اسباب سے بخار ہو جاتا ہے۔ عام طور پر بخار 102 درجے سے زیادہ نہیں ہوتا ہے لیکن مریض سست اور کاہل سا ہو جاتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ مزمن نزلہ زکام۔ مریض جلدی ٹھنڈ سے متاثر ہو جائے۔
سورینم 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ گلے میں مقامی چبھن۔ نزلہ اور بہت زیادہ چھینکیں۔
سباڈیلا 30' دو گھنٹے بعد

☆ ناک سے اتنا زیادہ پانی بہے کہ نتھنے چھل جائیں اور زخم بن جائیں۔ ناک بند۔ چھینکیں آئیں۔ ناک بھری ہوئی۔ ناک میں کھجائے یا نوچے۔ رات کے وقت تکلیف بڑھ جائے۔

☆ خنک ٹھنڈی ہوا لگ جانے سے اچانک بخار ہو جائے۔

اکونائٹ 30' آدھا گھنٹہ بعد' تین مرتبہ

☆ آنکھوں سے جلن والا پانی رطوبت اور ناک سے بے ضرر رطوبت' پانی نکلے۔ شدید قسم کی چھینکیں۔ کھلی ہوا میں تکلیف بڑھ جائے۔

یوفریزیا 30' چار گھنٹے بعد

☆ جب گرم ہو تو ٹھنڈ محسوس کرے۔ لگاتار چھینکیں۔ ناک بھری ہوئی۔ آنکھوں اور ناک سے پانی بہے۔ مرطوب اور کھلی ہوا میں تکلیف بڑھ جائے۔

ڈلکا مارا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ بہت زیادہ چھینکیں آئیں۔ آنکھوں اور ناک سے اس قدر پانی بہے کہ ناک اور ہونٹ سوج جائیں۔ گھر کے اندر اور صبح کے وقت تکلیف میں اضافہ ہو۔ کھلی ہوا میں بہتر ہو۔

ا۔لیم سیپا 30' دو گھنٹے بعد

☆ ناک' آنکھوں اور چہرے پر جلن اور سوزش۔ اونچی آواز میں چھینکیں۔ رات کے وقت ناک بھری ہوئی اور بند۔ مریض ٹھنڈ محسوس کرے اور مزاج میں چڑچڑا پن ہو۔

نکس وامیکا 30' چار گھنٹے بعد

☆ نہ مٹنے والی پیاس۔ ناک سے پانی کی مانند رطوبت خارج ہو اور اس سے جلن ہو۔ چھینکتے ہوئے درد ہو۔ شدید قسم کی بے آرامی اور بے چینی ہو۔

آرسنک البم 30' تین گھنٹے بعد

☆ آنکھیں گرم اور بھاری محسوس ہوں۔ تمام جسم میں درد ہو۔ پیاس ندارد۔ صبح کے وقت ناک بہے۔ تیزابی پانی جس سے ناک چھل جائے یا کھال پھٹ جائے۔ شدید قسم کی چھینکیں۔ پیشاب کرنے کے بعد بہتر ہو۔

جیلی میم 30' چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی نیڑم میور 6x یا 12x کی تین گھنٹے بعد خوراک دینا بہت فائدہ مند ہوتی ہے۔

چھینکیں

Sneezing

(See catarrh, cold, cough and allergies also)

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ جسم کے درد کے ساتھ چھینکیں آئیں۔ ریڑھ کی ہڈی کے اوپر سردی کا احساس۔ سستی اور اونگھ ہو۔

جیلی سیم 30، تین گھنٹے بعد

☆ سرد خشک ہوا لگ جانے کی وجہ سے چھینکیں آئیں۔

اکونائٹ 30 یا 200، دو گھنٹے بعد

☆ گرم کمرے میں داخل ہونے پر چھینکیں شروع ہو جائیں۔ کھلی ہوا میں بہتر ہو۔

ایلیم سیپا 30، تین گھنٹے بعد

☆ جلن کے ساتھ چھیلنے والی رطوبت خارج ہو۔ بے چینی ہو اور تھوڑے وقفے کے بعد تھوڑا تھوڑا پانی پینے کی خواہش ہو۔

آرسنک البم 30، تین گھنٹے بعد

☆ معاون دوا۔

ٹیوبرکولینم؟ 1M، ایک خوراک

الرجی سے ناک میں ورم

Alergic Rhintis

(نزلہ زکام، ناک کی نالی کی سوزش اور کھانسی بھی دیکھئے)

الرجی سے مراد ایک قسم کا رد عمل ہے جو کسی خاص چیز پر کسی فرد کی جانب سے ہوتا ہے جبکہ دوسرے بہت سے افراد پر اس چیز کا اس طرح کا رد عمل نہیں ہوتا ہے اور نہ ان پر اس قسم کی علامات ظاہر ہوتی ہیں جیسی کہ کسی ایک شخص پر ہوں۔ مثلاً ڈبل روٹی کی خوشبو سے گھر کے کسی شخص کو نزلہ زکام ہو جائے جبکہ اسی گھر کے دوسرے افراد پر اس کے کھانے تک سے کسی

قسم کے اثرات نہ ہوں۔ ہانمن اعظم نے خود اس صورت حال کو بیان کیا ہے کہ بعض چیزوں سے بعض لوگ الرجک ہوتے ہیں جبکہ دوسروں پر کسی قسم کے اثرات نہیں ہوتے ہیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ گردوغبار سے الرجک جس کے نتیجے میں نزلہ زکام ہو جائے۔ ناک سے کثیر پانی بہنے لگے۔ چھینکیں آنے لگیں۔ خصوصاً" شام کے وقت۔ سر کے اگلے حصے یا ماتھے میں ہلکا سا درد ہو اور آنکھوں سے بلا ارادہ آنسو نکلنے لگیں اور آنکھوں میں جلن ہو۔

جنیشیا 30' ہر چار گھنٹے بعد

☆ گردوغبار' دھوئیں' خوشبویات اور خوشبو کے چھڑکاؤ سے الرجک۔ جس سے ناک اور حلق کی نالی متاثر ہو اور ناک بند ہو جائے۔ چھینکیں آنے لگیں اور کھانسی ہو جائے۔

سٹاناٹن 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ کثیر مقدار میں ناک سے پانی بہے۔ ناک کے اندرونی حصے میں جلن اور شدید چبھن۔

سولانم لائیکو پر سیئم 30' چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی نیٹرم میور 12x اور نیٹرم سلف 12x ہر تین گھنٹے بعد دینے سے بھی بہتر نتائج حاصل کئے جا سکتے ہیں۔

ناک کے مسے

Polypus

(Nasal)

ناک کے اندر پلپلے ریشہ دار سفیدی مائل سرخ رنگ کے مسے پیدا ہو جاتے ہیں۔ جسکی وجہ سے مریض کو اکثر زکام کی شکایت رہتی ہے۔ ماؤف جانب کا نتھنا بند رہتا ہے۔ کبھی ناک سے خون بھی آجاتا ہے۔ ناک کا نتھنا بند ہونے کی وجہ سے سانس لینے میں دقت ہوتی ہے۔ مسا بڑا ہو جائے تو ناک کی شکل بگڑ جاتی ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ ناک کے مسے کی بہت اعلیٰ دوا۔ بو' قوت شامہ جاتی رہے۔ ناک سے کثیر مقدار میں رطوبت نکلے۔ ناک میں رکاوٹ ہو یا ناک بند ہو جائے۔

لیمنا مائنر Q یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ بو سونگھنے کی صلاحیت کے خاتمے کے ساتھ ناک کا گومڑ۔ ناک کی جڑ میں ورم ہو۔ مریض جلدی ٹھنڈ پکڑے۔ موسم کی تبدیلی پر تکلیف میں اضافہ ہو۔ سر کے دائیں جانب درد۔

سنگونیریا 30 C یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ رطوبتی گومڑ جس سے آسانی سے خون خارج ہو۔ خشک یا تر نزلہ زکام۔ ٹھنڈ محسوس کرنے والا مریض۔

کلکیریا کارب 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ مریض جس سمت لیٹے اسی طرف کی ناک بند ہو جائے۔ مرطوب موسم میں تکلیف بڑھے۔

ٹیوکریم مارم 30' چار گھنٹے بعد

☆ ناک کے نتھنوں میں سوزش۔ ٹھنڈ محسوس کرنے والا مریض۔ ناک بند ہو جائے۔ مریض ٹھنڈ لگنے کی رغبت رکھتا ہو۔ پردہ حاجب میں سوراخ ہو جائے۔

سلیسیا 6x یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ اکثر اوقات چھینکیں آئیں۔ ناک کے گومڑ سے آسانی کے ساتھ خون بہنے لگے۔ بدبو کا وہم۔ ٹھنڈے مشروبات کی خواہش کرے۔

فاسفورس 200' ہفتہ وار' تین مرتبہ

بائیو کیمک کی کلکیریا فاس 6x یا 12x بھی مفید دوا ہے۔

--- ✪ ---

کان کا بہنا

Otorrhoea

(Discharge from the Ears)

شروع میں کان درد کے ساتھ ہلکا بخار ہو جاتا ہے۔ کان میں درد کی وجہ سے نیند بھی نہیں آتی۔ کان کی نالی متورم ہو کر سرخ ہو جاتی ہے۔ ورم بڑھنے سے سماعت خراب ہو جاتی ہے۔ دو تین روز میں سوزش میں کمی آجاتی ہے البتہ زرد رنگ کی پتلی رطوبت خارج ہونے لگتی ہے۔ جو روزبروز گاڑھی ہوتی جاتی ہے اور پیپ میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ خسرہ اور خناق وغیرہ کے دوران بہنے والے کان کا مواد متعدی ہوتا ہے۔ لہٰذا دوسرے صحتمند لوگوں کو اس سے پرہیز اور احتیاط کرنی چاہئے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ قوت سماعت کی کمی کے ساتھ کان کا اندرونی حصہ سوجا ہوا محسوس ہو۔ پانی کی مانند مادہ خارج ہو جس میں سڑے ہوئے گوشت کی سی بو آئے۔

تھوجا 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ سخت بدبو دار کثیر پانی کے اخراج کے ساتھ کان کا قدرے سوزشی ہونا۔ دماغی انیمیا کی وجہ سے نیچے کی جانب حرکت کرنے سے خوف محسوس ہو۔

بوریکس 30' چار گھنٹے بعد

☆ کان کے سوراخ میں زخم جس سے کھال چھلے۔ ٹھنڈ سے بہت زیادہ حساس۔ کثیر مادہ خارج ہو۔ کان سے پیپ اور خون خارج ہو۔ گلے کے اور کان کے غدودوں کا پکنا۔ متاثرہ کان میں ٹپکن' دھڑکن اور گڑگڑاہٹ سی ہو۔

مرکیورس سال 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ سفلس کی وجہ سے کان سے عرصہ دراز تک مادہ خارج ہوتا رہے۔

اورم آر سنکم 30 یا 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ جب کوئی چیز چبائے تو بائیں کان میں شدید درد ہو۔ دونوں کانوں میں سوجن اور سرخی

ہو۔ لال بخار کے بعد کی کانوں کی تکلیفات کے لئے۔

ایس ملفیکا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ قبض کے ساتھ پاخانہ ہو۔ کان کی اندرونی نالی میں سے گلے کے اندر رطوبت کے قطرے گریں۔ کان سے گاڑھی رطوبت خارج ہو۔

ہائیڈراسٹس کین 30' چار گھنٹے بعد

☆ مریض ٹھنڈ' درد اور چھوئے جانے سے بہت زیادہ حساس ہو۔ چیرنے والے دردوں کے ساتھ بدبو دار مادہ خارج ہو۔

ہیپر سلف 30' چار گھنٹے بعد

☆ ناقابل برداشت خارش' بدبودار کیشر پیلا سا مادہ خارج ہو۔ رطوبت جم جائے اور کھرنڈ سے بن جائیں۔

سورینیم 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ کان سے بدبودار رطوبت خارج ہو اور ہڈیوں کی تکلیفات بھی ہوں۔ ہڈیاں کھرنے لگیں یا ان میں زخم ہوں۔

اسفونڈا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ کان میں درد ہو اور سبزی مائل پیپ خارج ہو۔ کھلی اور ٹھنڈی ہوا میں تکلیف میں افاقہ ہو۔

پلساٹیلا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ گاڑھی پیلی اور بدبودار پیپ خارج ہو۔ کان کے اندر گہرائی تک درد ہو۔ کاٹنے اور چبھنے والے درد جو کہ کان سے گلے تک پھیلے۔

کالی بائی کروم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ سردی۔ زکام کی وجہ سے بہرہ پن اور گلے سے درد کان کے درمیان تک جائے۔ کان کے اندر ورم۔ سوجن کان سے شروع ہو کر گالوں تک پھیل جائے۔

جیلی میم 30' چار گھنٹے بعد

☆ کثرت سے پتلا مواد جیسا زخموں سے رستا ہے خارج ہو۔ کانوں میں رینگنے کے سے

احساس کے ساتھ کان کی نالی میں جلن اور خارش اور درد۔

آرسنک البم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ بدبودار پانی جیسا اور دہی کی طرح کا مادہ خارج ہو۔ ناک کے اندرونی حصے میں بھی ورم ہو اور اوپری حصے میں کھرنڈ ہو۔ کان اور حلق کی درمیانی نالی اور کان میں خارش اور درد۔

سلیسیا 30 یا 200، چھ گھنٹے بعد

☆ کان کی حاد بیماری جبکہ مزمن بیماری میں حاد علامات ظاہر ہوں۔

بیلاڈونا 30، چار گھنٹے بعد

☆ کثیر تیزابی رطوبت کا اخراج۔ قوت سماعت کمزور۔ کسی گاڑی میں بیٹھنے اور سفر کرتے ہوئے تکلیف میں اضافہ ہو۔

نائٹرک ایسڈ 30 یا 200، چھ گھنٹے بعد

☆ پانی کا سا گاڑھا بدبودار مادہ۔ بدبودار پیپ۔ کان کے اندرونی حصے کا ورم۔ مریض ٹھنڈ محسوس کرے۔ پیاس ندارد۔ پیشاب کے بعد بہتر ہو۔

سٹس کین 30، چار گھنٹے بعد

☆ بدبودار پیپ کا اخراج اکثر ہو جائے۔ دائیں کان میں شدید چبھن خاص طور پر کان کے ڈھول کے قریب۔

زنکم میٹلیکم 30 یا 200، چھ گھنٹے بعد

☆ کنپٹی کی ہڈی کے قریب گاڑنے والا درد اور جلن۔ کثرت سے بدبودار مادہ خارج ہو۔

کالی آیوڈیم 30 یا 200، چھ گھنٹے بعد

☆ کان کے پردے کی سوزش۔ کان کا ڈھول پھٹ جائے۔ پیپ ٹپکنے لگے جو ابتداء میں صاف ہو لیکن بعد میں گندی ہو جائے۔ مچھلی کی سی بدبو آنے لگے۔

ٹیلوریم 30، چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی کلکیریا فاس 6x کالی میور 6x اور سلیسیا 30 بھی مفید ادویات ہیں۔

—— ✪ ——

کان/کان کا درد/سوزش و دیگر تکالیف

Ear/Ear affections, Ear ach (otalgia)

کان کی سوزش اور ورم کی وجہ سے شدید درد اور ٹیسیں ہوتی ہیں جو چہرے اور پیشانی تک جاتی ہیں۔ مریض سخت تکلیف محسوس کرتا ہے۔ اکثر یہ درد عصبی ہوتا ہے اور اس وقت کان میں ورم اور سوزش نہیں ہوتی ہے۔ البتہ درد ناقابل برداشت اور شدید ہوتا ہے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ کان میں میل جمع ہو جانے کی وجہ سے اس کا دباؤ/درد۔

سپائی جیلیا 30 یا 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ اچانک ہوا لگ جانے سے کان درد۔

اکونائٹ 30 یا 200، دو گھنٹے بعد

☆ کان سے زردی مائل گاڑھی رطوبت خارج ہو۔ ٹھنڈی جگہ اور ٹھنڈی ہوا میں بہتر محسوس کرے۔

پلساٹیلا 30 یا 200، تین گھنٹے بعد

☆ سرخ چہرے کے ساتھ تپکن والا درد۔ گرمی کا احساس۔ سر کی جانب خون کا بہاؤ۔

بیلاڈونا 30، دو گھنٹے بعد

☆ نزلے زکام سے جلد متاثر ہونے والے مریض لیس دار بلغم کے ساتھ۔

کالی بائی کروم 30، چار گھنٹے بعد

☆ ناقابل برداشت کان درد۔ گرمائش سے زیادہ بڑھے۔ رات کے وقت اور غصے کے بعد تکلیف میں اضافہ ہو۔

کیمومیلا 30 یا 200، دو گھنٹے بعد

☆ کان میں پھنسی کی وجہ سے درد۔ پردے میں چھید یا سوراخ۔ بدبودار پیپ خارج ہو۔ ٹھنڈ سے تکلیف بڑھے۔

ہیپر سلف 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ کان اور حلق کے درمیان کی نالی میں شدید درد۔ شدید ٹھنڈک محسوس کرے۔ کمرے

اندر اور گرمائش سے تکلیف بڑھے۔

ایلم سیپا 30 یا 200' دو گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی کالی میور 6x اور فیرم فاس 6x کے بعد دیگر دو گھنٹے بعد دی جائے۔ بیرونی استعمال یا کان میں ڈالنے کے لئے Mulleinoil ایئرڈراپس۔

دیگر مفید ادویات : کالوسنتھ' سلفر' سفیلنیم' پائیرو جنیم وغیرہ۔

کن پیڑے / گل سوئے

Mumps

(See fever also)

اس مرض میں کان کے نیچے کا غدود جسے پیروٹڈ گلینڈ کہتے ہیں سوج جاتا ہے اور بخار بھی ہو جاتا ہے۔ یہ مرض وبا کے طور پر پھیلتا ہے اور عام طور پر زندگی میں ایک مرتبہ سے زیادہ نہیں ہوتا ہے۔ مرض کی ابتدا میں سردی کے ساتھ بخار چڑھ جاتا ہے۔ ایک کان کے اردگرد ورم ہو جاتا ہے اور شدید درد ہوتا ہے۔ غدود متورم اور سخت ہو جاتے ہیں۔ چوتھے روز کے بعد آرام ہونا شروع ہو جاتا ہے اور آٹھ دس روز میں بالکل آرام آجاتا ہے۔ مرض کے شدید حملے کی صورت میں بخار تیز ہو جاتا ہے اور دوسری طرف کا غدود بھی ورم آلود ہو جاتا ہے۔ منہ کھولنے اور جبڑوں کو حرکت دینے سے درد زیادہ محسوس ہوتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ حفظ ماتقدم یا علاج شروع کرنے کے لئے بہترین دوا۔

پیروٹی ڈینم 200 یا 1M' ایک خوراک

☆ خشک ٹھنڈی ہوا لگ جانے کے بعد یا اچانک کن پیڑے نکل آنا۔ بے چینی' اضطراب اور خوف کے ساتھ بخار بھی ہو۔

اکونائٹ 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ شدید درد اور سوجن ہو۔ جب سوجن اور سرخی اودے یا ارغوانی رنگ کی ہو جائے۔

لیکے سس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ سوجن کے اوپر کانوں کے اندر پھاڑنے والے درد۔ جلد پیلی ہو۔ متاثرہ حصہ سخت اور درد بھرا ہو۔

فائٹولاکا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، چھ مرتبہ

☆ پیلی سوجن۔ زبان موٹی بھاری سی۔ بھیگی ہوئی زبان پر دانتوں کے نشان۔ پیاس کے ساتھ بڑی مقدار میں تھوک۔

مرک سال 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، چھ مرتبہ

☆ جب ورم سخت ہو جائے۔ مریض تازہ ہوا اور پنکھے کی خواہش کرے۔

کاربوویج 30، چار گھنٹے بعد

☆ زبان کی نوک سرخ۔ سوجن اور سوزش بخار کے ساتھ سخت بے چینی۔

رہس ٹاکس 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، چھ مرتبہ

☆ جبکہ کان متاثر ہوں اور ان میں درد ہو۔ گرمی سے تکلیف بڑھے۔ کھلی ہوا اور ٹھنڈ میں بہتر ہو۔ پیاس ندارد۔

پلساٹیلا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، چھ مرتبہ

☆ بخار، خسرہ یا چیچک کے ساتھ۔ ناقابل برداشت درد۔ نہ بجھنے والی پیاس۔ ایک وقت میں تھوڑا پانی پیئے لیکن تھوڑے تھوڑے وقفے کے بعد۔ سخت بے چینی اور پریشانی ہو۔

آرسنک البم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ پسینے کے ساتھ گردن اور چہرہ تمتمایا ہوا سرخ۔

پلوکار میور 3x یا 6، چار گھنٹے بعد

☆ سوجن چمکدار اور سرخ اور گرم۔ چبھنے والے درد کانوں کی طرف بڑھیں۔ چہرہ سرخ تمتاہٹ والا۔

بیلاڈونا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی فیرم فاس 6x اور کالی میور 6x بھی بہت مفید ادویات ہیں۔

زائدہ حلمیہ / کنپٹی کی ہڈی کا پچھلا ابھار
Mastoid Process

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ تیر کی طرح کے درد۔ بیرونی دباؤ، چھونے اور ٹھنڈی ہوا سے بہت زیادہ حساس۔ درد بھری سوزش اور زخم۔

ہیپر سلف 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ گہرائی تک تکلیف دہ پیپ کا اجتماع۔ درد اور سوجن۔ کنپٹی کی ہڈی کے پچھلے ابھار کا کھرنا یا ہڈی تحلیل ہونا۔

کیپسی کم 30، تین گھنٹے بعد، چھ مرتبہ
حاد کے کیسوں کے لئے اور مزمن
کیسوں کے لئے اونچی طاقتیں

☆ سوجی ہوئی اور چھونے سے درد اور تکلیف محسوس ہو۔ کھینچنے اور پھاڑنے والا درد۔ کھانستے اور نگلتے ہوئے چوٹ سی لگے۔

سلیسیا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ سوزشی مرحلے کے لئے۔ متاثرہ حصہ سرخ اور گرم ہو۔

بیلاڈونا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ بائیں جانب کی سوزش اور سوجن۔ یا بائیں جانب ابھی شروع ہوئی ہو۔ چیرنے اور کترنے والے درد۔ ایسا درد جیسا گھن کھا رہا ہو۔ رات کے وقت تکلیف میں اضافہ ہو۔

مرکیورس بن آیوڈائیڈا 3x، تین گھنٹے بعد

☆ ذیابیطس کے مریضوں کے لئے۔ ذیابیطس کے نقصانات کو روکنے کے لئے۔

فلورک ایسڈ 30 یا 200، چھ گھنٹے بعد

☆ معاون دوا۔

سلفر 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

بائیو کیمک کی ٹکیہ یا سلف 6x بھی مفید دوا ہے۔

کان کا گومڑ/مسہ

Ear Polypus

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ مزمن سوزش کان۔ کان کے درمیان میں مسہ۔
تھوجا 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ بائیں کان کے اندر گومڑ۔ ہوا سے بہت زیادہ حساس۔ گال کی ہڈی سے شروع ہو کر کان کے اندر جانے والا پھاڑنے والا درد۔
لیکیسس 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ کان کے بیرونی سوراخ یا چھید میں گومڑ ہو۔
مرکیورس کار 30، چار گھنٹے بعد

☆ مریض کو ہوا لگنے سے مسہ ہونے کی رغبت ہو۔ ناک کے سوراخ کے پیچھے سوزش اور پانی۔ مریض کو قبض ہو۔
ہائیڈراسٹس 30، چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی کالی سلف 6x بھی مفید دوا ہے۔

بہرہ پن

Deafness

ضعف دماغ، وجع المفاصل، چیچک، شرح بخار، آتشک، سردی لگنے یا کان میں میل بھر جانے، یوسے کین ٹیوب میں نقص پیدا ہو جانے، عام کمزوری، رطوبت کا اخراج رک جانے اور گلے کے غدود بڑھ جانیکی وجہ سے اونچا سنائی دینے لگتا ہے۔ بعض دفعہ بجلی کی کڑک، توپ کی آواز یا کسی اونچی آواز یا دھماکے سے بھی قوت سماعت متاثر ہو جاتی ہے۔ مریض کم سننے لگتا ہے یا مختلف آوازیں سنائی دیتی ہیں یا سننے کی صلاحیت ختم ہو جاتی ہے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ کسی صدمے یا اعصابی تناؤ کھچاؤ یا گڑبڑ کی وجہ سے بہرہ پن ہو جائے۔
مگنیشیا کارب 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ اچانک یا سخت ٹھنڈی ہوا لگ جانے سے بہرہ پن۔

اکونائٹ 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد

☆ ایگزیمہ یا کسی رطوبت خارج ہونے کو روکنے کے نتیجے میں

لو.بیلیا انفلیٹا 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ سردی محسوس کرنے والے مریض۔ جن کے پاؤں ٹھنڈے رہتے ہوں اور موسم کی تبدیلی سے بہت زیادہ حساس ہوں۔

کلکیریا کارب 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ صرف آواز سنائی نہ دیتی ہو۔

چینوپوڈیم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ کان سے متعلقہ اعصاب کے فالج کی وجہ سے بہرہ پن۔

کاسٹی کم 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ صرف انسانی آواز نہ سن سکتا ہو۔

فاسفورس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ ایسا محسوس کرے کہ کان بند ہو گئے ہیں یا ان میں کوئی بیرونی چیز پھنس گئی ہو۔ ٹھنڈ اور ہوا میں اچھا محسوس کرے۔

پلساٹیلا 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ شور شرابے والی جگہ کم سنائی دے۔ کار اور بس وغیرہ میں چڑھتے ہوئے زیادہ بہتر سن سکے۔

گریفائٹس 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ لال بخار کے بعد کا بہرہ پن۔ مریض ٹھنڈ اور چھوئے جانے سے غیر معمولی حساس۔

ہیپر سلف 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ کان اور حلق کے درمیان کی نالی بند/رکاوٹ ہونے کی وجہ سے بہرہ پن۔

مرکیورس ڈلس 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ معاون دوا۔

سلفر 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

بائیو کیمک کی فیرم فاس 6x کالی میور 6x اور سلیسیا 30x ہر

چار گھنٹے بعد دینا بہت فائدہ مند ہوتا ہے۔

کان کا میل

Wax in Ears

جسم کے دوسرے اعضاء کی طرح کان کی صفائی بھی نہایت ضروری ہے۔ صفائی نہ کرنے کی وجہ سے کان میں میل جمع ہوتا رہتا ہے جس سے قوت سماعت متاثر ہوتی ہے اور اونچا سنائی دینے لگتا ہے۔ مختلف قسم کی آوازیں سنائی دیتی ہیں۔ کان کا معائنہ کرنے سے میل واضح طور پر نظر آتا ہے۔ لہٰذا وقتاً" فوقتاً" کان صاف کرتے رہنا چاہئے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ قوت سماعت ناقص ہو۔ سرخ خون کی رنگت کی میل۔

کونیم میک 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ سننے میں دقت ہو۔ پیاس ندارد۔ کانوں میں سخت اور پیلی میل ہو۔

پلساٹیلا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ کانوں میں الفاظ کی آوازیں گونجیں۔ بہرہ پن۔ بہت زیادہ میل ہو۔

کاٹی کم 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ کانوں میں شدید کاٹنے والا درد۔ کانوں میں پیلی' سفید سی اور سخت میل۔

لیکیسس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ بدبو۔ کانوں کے پیچھے ورم اور درد۔ سرخی مائل میل۔

سورینم 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

ورم نرخرہ/ آلہء صوت کی سوزش

Laryngitis

(See hoarseness also)

اس مرض میں حنجرہ/نرخرہ اور ہوا کی نالی کی جھلی پر ورم آجاتا ہے اور گاڑھی رطوبت پیدا ہو جاتی ہے۔ گلے میں سوزش ہوتی ہے۔ نگلتے اور بولتے ہوئے تکلیف ہوتی ہے۔ گلے میں خشکی آ جاتی ہے۔ خشک کھانسی ہوتی ہے۔ تنگی نفس ہوتی ہے۔ اپی گلاٹس سرخ اور پھولا ہوا ہوتا ہے۔ آنکھیں سرخ اور جسم گرم ہو جاتا ہے۔ آواز بیٹھ جاتی ہے۔ نرخرے میں سوزش اور چبھن ہوتی ہے۔ عموماً" یہ مرض نزلے سے پیدا ہوتا ہے۔ بخار بھی ہو جاتا ہے۔ آواز بھدی ہو جاتی ہے۔ ترش اور زیادہ گرم اشیاء کے کھانے پینے' سردی لگنے' بارش میں بھیگنے زیادہ گرم غذا کھانے اور گلے میں گردوغبار کی وجہ سے خراش ہونے سے یہ مرض اکثر لاحق ہو جاتا ہے۔ زیادہ چلانے' اونچا بولنے اور حنجرے پر چوٹ لگنے سے بھی یہ مرض ہو جایا کرتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ گلے کا بیٹھنا اور آواز کا کھو جانا۔ گانے والوں کے گلے کی پرانی سوزش۔ آواز اونچی کرنے سے کھانسی شروع ہو جائے۔

ارجنٹم نائٹریکم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ ٹھنڈ محسوس کرنے والے موٹے اور پلپلے مریض۔ ہوا کی نالیوں میں شدید جلن۔ خشکی اور چیرنے والی کھانسی۔ خاص طور پر رات کے وقت مزمن آلہء صوت کی سوزش۔

کلکیریا کارب 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ آواز اور گلا بیٹھا ہوا۔ آلہء صوت اتنا حساس کہ چھونے تک سے تکلیف ہو اور ہوا تک لینے میں دقت ہو۔ گلے کی سوزش کی وجہ سے بخار۔

اکونائٹ 30' چار گھنٹے بعد

☆ نزلاوی سوزش گلا۔ گلا بیٹھی ہوئی کھانسی ایسا محسوس ہو کہ آلہء صوت چھل جائے گا۔

ایلیم سیپا 30' چار گھنٹے بعد

☆ سفید لیس دار مادہ کے اخراج کے ساتھ گلا بیٹھنا۔ آواز بیٹھنا یا کھو جانا۔ بدبو دار سانس۔

[illegible] یا 30' چار گھنٹے بعد

کھانسی کے ساتھ ٹھنڈے پن کا احساس۔ نرخرہ میں چبھن۔ خشک تشنجی کھانسی۔ جس سے گلے میں کھچاوٹ ہو۔ بولتے ہوئے آلہء صوت میں بہت زیادہ ارتعاش۔

فاسفورس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ مزمن گلے بیٹھنے کی تکلیف بھاری پن کے ساتھ۔ بافتوں کی سوجن اور لیس دار مادے کا اخراج۔ صبح کے وقت تکلیف بڑھے۔ گیسوی یا چھلے دار آلہء صوت کی سوزش۔ لیس دار اور تاردار مواد یا تھوک نکلے۔

کالی بائی کروم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ نرخرہ خشک اور کچا پکا سا۔ پانی والا یا استسقائی سوزش صوت۔ چھونے سے بھی تکلیف ہو۔ گلا بیٹھ جائے۔ گلے میں کسی چیز کے پھنسنے کے احساس کے ساتھ گھٹن۔

لیکے سس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ آلہء صوت کا استسقا۔ گیسوی سوزش۔ خشک کھانسی اور نرخرہ میں جلن اور چبھن۔ گلے میں ارتعاش اور جلن۔

کالی آیوڈیم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ شدید قسم کا گلا بیٹھنا جس میں کتے کے بھونکنے کی سی رف کھانسی ہو۔ تھوک نکالنا مشکل ہو۔ گلا بیٹھنے کے ساتھ معمولی سی گھٹن اور تشنج بھی ہو۔ صبح کے وقت تکلیف بڑھ جائے۔ درد اور چبھن۔ کوئی چیز نگلتے ہوئے ایک کان سے دوسرے کان کی طرف بڑھتا ہوا درد محسوس ہو۔ قلیل مقدار میں پیپ بھی خارج ہو۔

ہیپر سلف 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ گانے والوں کا گلا بیٹھنا جس میں آواز بند ہو جائے۔ گرمائی پہنچانے یا سیکائی کرنے سے بہتر ہو۔ گرم کمرے میں بھی افاقہ ہو جبکہ آرام کرنے کے بعد تکلیف میں اضافہ ہو جائے۔

انٹم کروڈم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ سفلس کی وجہ سے گلا بیٹھنا۔ گلے کے اعضاء سوجے ہوئے جن کی رنگت کالی سی ہو جائے اور بہت زیادہ کھانسی اور خشکی ہو۔

مرک سال 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ نرخرے سے بلغم یا لعاب سا نکلے۔ آواز بیٹھی ہوئی۔ گلے میں چبھن۔ نرخرہ پر پریشر کی وجہ سے کھانسی بڑھ جائے۔ شام کے وقت تکلیف بڑھ جائے۔

رومیکس 30' چار گھنٹے بعد

☆ زخرے اور حلقوم کی سوزش۔ اندرونی ورم اور مسلسل درد۔ آواز بیٹھی ہوئی۔ آواز کمزور اور دبی ہوئی اور گلا بیٹھا ہوا۔

اورم ٹرائفلم 30' چار گھنٹے بعد

☆ شدید اشتعا۔ آلہ ء صوت کی سوزش۔ گلے میں خشکی اور بیٹھا ہوا۔ گلا ورم آلود اور سرخ۔ گاڑھی رطوبت یا لعاب والا تھوک۔

سینگونیریا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ آلہ ء صوت میں جلن دار درد۔ جلدی جلدی مختصر اور خشک بھاری کھانسی دوروں کی شکل میں۔ زیادہ تر دن کے اوقات میں۔ رات کے وقت نسبتاً کم اور گرم بستر میں افاقہ ہو۔

آرسنک البم 30' چار گھنٹے بعد

☆ حلقوم اور زخرہ کا السر۔ آواز میں اونچا نیچا پن۔ خشک پن۔ جلن دار کھانسی۔ ناقص قوت گویائی۔ حلقوم اور زخرہ میں تنگی اور کھاؤ سوزش اور گلا بیٹھنے کے ساتھ۔

آیوڈیم 30' چار گھنٹے بعد

☆ آلہ ء صوت کی سوزش اور لگاتار مختصر خشک کھانسی۔

اسٹینم میٹلیکم' چار گھنٹے بعد

☆ آلہ ء صوت کی سوزش کی وجہ سے ہونے والی پرانی کھانسی جس میں تھوک یا لعاب نہ ہو۔ چبھن اور جلن کا احساس جیسے کوئی زخم یا السر ہو۔ عام طور پر ایک طرف محسوس ہو۔ مزمن خشک کھانسی جو تھوڑی تھوڑی دیر بعد ہو اور سارے دن ہوتی رہے۔

نائٹرک ایسڈ 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ بات کرتے ہوئے زخرہ میں کھچاوٹ ہو۔ ایسا محسوس ہو کہ زخرہ میں کوئی پر پھنسا ہوا ہے۔

ڈروسرا 30 یا 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ نچلے جبڑے کے غدودوں کی سوزش اور ورم۔ زخرہ سوجا ہوا۔ سانس لینے میں بھی وقت ہو جیسے گلے میں کچھ پھنسا ہوا ہو۔ زخرہ بہت زیادہ خشک ہو اور تھوڑی دیر بعد بھونکنے کی سی کھانسی ہو۔ زخرہ میں جلن اور چبھن کے ساتھ خشک کھانسی۔

سپانجیا 30' چار گھنٹے بعد

☆ گانے والوں کے زخرہ کا نزلہ۔ آلہ ء صوت کے پٹھے کام کرنا چھوڑ دیں۔ اونچی آواز میں نہ بول سکے صبح اور شام کو تکلیف بڑھے۔

کاسٹی کم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ حاد سوزش آلہء صوت۔ حلقوم چمک دار سرخ۔ بات کرتے ہوئے زخرہ میں درد اور تکلیف ہوتی ہے۔

بیلاڈونا 30' چار گھنٹے بعد

سوزش حلقوم

Pharyngitis

(See other throat Troubles also)

اس مرض میں لوزتین کے ساتھ ساتھ ٹانسلز بھی سرخ اور متورم ہو جاتے ہیں۔ حلق میں سرسراہٹ اور کھرکھراہٹ ہوتی ہے۔ ہلکا سا بخار ہو جاتا ہے۔ گلے میں خشکی اور گرمی محسوس ہوتی ہے اور درد ہوتا ہے۔ حلق کی جھلی متورم اور سرخ ہو جاتی ہے۔ گلے میں سوزش اور خراش ہوتی ہے۔ بار بار کھانسی آتی ہے۔ گلے میں کوئی چیز اٹکی ہوئی محسوس ہوتی ہے۔ مریض کو تھوک نگلنے اور بات کرنے میں بھی دقت ہوتی ہے۔ کوئی چیز نگلتے ہوئے درد محسوس ہوتا ہے۔ ورم کان کی طرف بڑھتے جانے سے بہرہ ہونیکا خدشہ ہوتا ہے۔ بیماری پرانی ہو جائے تو گلٹیوں میں پیپ پڑ کر زخم بننے کا خطرہ ہوتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ حلقوم کے پٹھوں کے فالج کے لئے۔

لیکے سس 30' چار گھنٹے بعد

☆ پاخانہ قبض کے ساتھ ہو۔ شدید پیاس۔ گلہ خشک ہو۔

نیٹرم میور 30' چار گھنٹے بعد

☆ گلا سوجا ہوا۔ گلے کا مزمن نزلہ زکام۔

سلیسیا 12x یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ سوزش حلقوم کھانسی اور لیس دار سفید مادہ کے اخراج کے ساتھ۔

کالی بائی کروم 30' چار گھنٹے بعد

☆ سوئی کے ناکے کی مانند باریک سے زخم کے ساتھ سوزش حلقوم جس میں سے آسانی سے خون رسے۔

بیلاڈونا 30' تین گھنٹے بعد

☆ گلے کے زخموں پر سفید دھبوں کے ساتھ سوزش حلقوم۔
فائٹولاکا 30' چار گھنٹے بعد
بائیو کیمک کی کالی میور 6x اور فیرم فاس 6x بھی مفید ادویات ہیں۔

ورم آلود گلا (گلے کی ورم)

Sore Throat

(See Hoarseness also)

گلے کی سوجن کی وجہ سے تیز بخار ہو جاتا ہے۔ گلے کے غدود بڑھ کر سرخ ہو جاتے ہیں۔ درد کی لہریں کانوں تک جاتی ہیں۔ کوئی چیز نگلنے اور کھانے میں دقت ہوتی ہے۔ سانس میں بدبو پیدا ہو جاتی ہے اور زبان گندی ہو جاتی ہے۔ بعض دفعہ کوا بھی ورم آلود ہو جاتا ہے۔ نچلے جبڑے کے نیچے ہاتھ لگانے سے بڑھے ہوئے غدود محسوس کئے جا سکتے ہیں۔ اگر بروقت صحیح طور پر علاج نہ کیا جائے تو گلے میں پیپ بھی بننا شروع ہو سکتی ہے۔ بعض بچوں کے گلے کے غدود وقفے وقفے سے متورم ہوتے ہیں۔ ایسے بچوں کے علاج پر خصوصی توجہ دینا چاہیے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ اجتماع خون کی وجہ سے گلا سرخ گرم اور سوجا ہوا ہو اور اس میں جلن ہو۔
بیلاڈونا 30' تین گھنٹے بعد

☆ گلے میں جلن اور خشکی۔ نہ بجھنے والی پیاس۔ تھوڑے تھوڑے وقفے کے بعد ذرا ذرا سا پانی پئے۔
آرسنک البم 30' تین گھنٹے بعد

☆ گلے میں ارغوانی رنگ کی سوزش۔ گلے کے گرد کپڑے کی تنگی یا کپڑا لگنا تک برداشت نہ کر سکے۔
لیکے سس 30' چار گھنٹے بعد

☆ منہ میں بہت زیادہ تھوک کے ساتھ گلے کی سوجن۔ درد کے بغیر گلے میں پیپ بننا شروع ہو جائے۔
مرکیورس سال 30' تین گھنٹے بعد

☆ خشک سرد ہوا لگ جانے کی وجہ سے گلے میں سوزش ہو جائے۔ اچانک تکلیف کا آغاز ہو۔ ڈر اور فکر اور بے چینی بھی ہو۔

اکونائٹ 30 یا 200، تین گھنٹے بعد

☆ گلے میں پیپ بننا شروع ہو جائے۔ گولی لگنے کے سے اور چبھن والے درد ہوں۔ مریض ٹھنڈ اور چھونے سے حساس ہو۔

ہیپر سلف 30، تین گھنٹے بعد

☆ تیز قسم کا درد۔ خالی منہ ویسے ہی نگلتے ہوئے تکلیف بڑھے۔ صرف رقیق یا پتلی چیزیں نگل سکے۔ گلے کے غدود سوجے ہوئے ہوں۔

برائٹا کارب 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

غرارے کرنے کے لئے فائٹولا کا Q کے آٹھ دس قطرے آدھا گلاس نیم گرم پانی میں ملا کر دن میں تین مرتبہ کرنے سے بہت زیادہ فائدہ ہوتا ہے۔

گلے کے غدود کا ورم

Tonsillities

گلے کے غدودوں کا ورم زیادہ تر بچوں کو ہوتا ہے۔ گلے میں ورم ہو جاتی ہے اور درد ہوتا ہے۔ سردی کے ساتھ تیز بخار ہوتا ہے۔ گلے کے غدود سرخ ہو جاتے ہیں۔ ان کا حجم بڑھ جاتا ہے۔ باہر کی جانب نچلے جبڑے کے نیچے ہاتھ لگا کر دیکھنے سے بڑھے ہوئے غدود کا پتہ چل جاتا ہے۔ مریض کو کوئی چیز نگلتے ہوئے سخت تکلیف ہوتی ہے۔ اعضاء اور کمر میں درد ہوتا ہے۔ عام طور پر چار پانچ دن تک شدید تکلیف کے بعد سوجن ختم ہونے لگتی ہے۔ آرام نہ آنے کی صورت میں پیپ پڑنے کا خطرہ ہوتا ہے۔ اس لئے بروقت مناسب علاج اور احتیاطی تدابیر اختیار کرنی چاہئیں۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ معاون دوا۔

بیسی لینم 1M، پندرھویں روز، تین مرتبہ

☆ کسی چیز کا نگلنا مشکل ہو۔ مریض اپنی عمر سے زیادہ کا لگے۔

زنکم فاس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ گلے کے غدود کے ورم کبھی ایک طرف اور کبھی دوسری طرف۔

لیک کینینم 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ دائیں جانب سے شکایت شروع ہو۔ بہت زیادہ درد ہو۔

لائیکو پوڈیم 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ تیز بخار ہو۔ غدود سرخ اور بڑھے ہوئے۔ ہوا لگ جانے کے بعد ٹیکن والا درد جو کانوں کی طرف پھیلے۔

بیلاڈونا 30' تین گھنٹے بعد

☆ ٹونسلز کا ورم جو گرمی سے بڑھے اور ٹھنڈ سے افاقہ ہو۔ پیاس ندارد غدودوں میں چبھنے والا درد ہو۔

ایپس ملفیکا 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ گرمی سے اور گرم چیزیں پینے سے آرام ملے اور ٹھنڈی چیزوں سے تکلیف بڑھے۔ جلن اور بے چینی ہو۔

آرسنک البم 30' چار گھنٹے بعد

☆ خالی گلے نگلنا یا تھوک نگلنا مشکل ہو۔ تمباکو نوشی سے تکلیف بڑھے۔

اگنیسیا 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ غدود سوجے ہوئے اور سوزش ہو۔ ذرا سی بھی ہوا لگ جانے سے تکلیف بڑھ جائے۔

برائٹاکارب 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ مزمن مرض کے لئے۔ غدودوں میں زخم ہو گئے ہوں۔ مریض گرمی تک میں گرم کپڑے پہنے اور اوڑھے۔

سورینم 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ ٹھنڈ محسوس کرنے والا مریض۔ غدود بڑھ جائیں۔ ان میں درد ہو اور پکنے کا رجحان رکھتے ہوں یعنی اکثر اوقات پک جاتے ہوں۔

سلیسیا 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ سانس کے ساتھ بدبو آتی ہو۔ غدود سرخ ہو جائیں۔ چبھنے والا درد ہو۔ رات کے وقت تکلیف زیادہ ہو جائے۔

مرکیورس سال 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ کان کے پاس کے غدود کی اکڑاہٹ کی پرانی تکلیف ہو۔ کھانسی ہو۔ رات کے 3 سے 4 بجے کے دوران تکلیف زیادہ بڑھ جائے۔

کالی کارب 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ ٹھنڈ محسوس کرنے والے مریض۔ ہر قسم کی ٹھنڈ سے بہت زیادہ ذکی الحسی۔ غدود بڑھ جائیں۔ غدود کے پکنے کا مرحلہ۔ تپکن والا درد۔

ہیپر سلف 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ کوئی چیز نگلنا مشکل ہو۔ خشک کھانسی ہو۔

سپا نجیا 30' چار گھنٹے بعد

☆ غدود سرخ ہوں اور ان پر سفید دھبے پڑے ہوں۔ درد ہو۔

فائٹولاکا 30' چار گھنٹے بعد

☆ غدودوں کی تکلیف کی شکایت بائیں جانب سے شروع ہو۔ گرمی سے تکلیف میں اضافہ ہو۔ سرکے اور کھٹے کھانوں سے بھی تکلیف بڑھے۔ ٹھنڈ اور ٹھنڈی چیزوں سے افاقہ ہو۔

لیکے سس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ صرف رقیق یا پتلی چیزیں نگل سکے۔ ٹھوس یا سخت کھانے گلے میں پھنس جائیں۔

بپٹیسیا 30' چار گھنٹے بعد

☆ گیسوی یا چھالے دار ٹانسلز۔ سٹر-پٹوکوکس جرثومے کی وجہ سے سوزش۔ نگلتے ہوئے درد ہو جو کہ کانوں کی طرف بڑھے۔

ایلنتھس 30' چار گھنٹے بعد

آواز یا گلا بیٹھنا

Hoarseness

(See laryingtis also)

حنجرہ یعنی لیرنگ میں ہلکا درد ہوتا ہے۔ حلق خشک ہو جاتا ہے اور خشک کھانسی ہوتی ہے۔ آواز بیٹھ جاتی ہے۔ حلق میں خراش کی وجہ سے مریض بار بار کھنکھارتا ہے۔ شروع میں تھوڑا تھوڑا بلغم نکلتا ہے۔ مرض بڑھ جانے کی صورت میں بلغم میں خون آنے لگتا ہے اور تعفن پیدا ہو جاتی ہے۔ تنگی نفس محسوس ہوتی ہے۔ حلق کی جھلی متورم ہو جاتی ہے۔ بخار بھی ہو جاتا ہے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ گویوں کا گلا یا آواز بیٹھنا۔ جیسے ہی وہ گانا شروع کرنے لگیں۔
سلینیم 30 یا 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ اچانک ہوا لگ جانے سے آواز بیٹھ جائے۔
بوریکس 1x یا 30، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ خشک اور ٹھنڈ لگ جانے سے گلا بیٹھ جائے۔
اکونائٹ 30 یا 200، دو گھنٹے بعد

☆ اچانک شدید طور پر آواز بیٹھ جائے اور گلے میں چھیلن کا احساس ہو۔
بیلاڈونا 30، چار گھنٹے بعد

☆ گلے میں جلن اور درد کے ساتھ آواز بیٹھنا۔ کسی ایک مقام پر جلن محسوس ہو۔
سپاڈیلا 30، چار گھنٹے بعد

☆ فالجی اثرات کی وجہ سے آواز بیٹھنا۔ گلے کے گرد کپڑا تک چھونا برداشت نہ کر سکے۔
لیکے سس 30، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ پیشہ ور گویوں کا گلا بیٹھنا۔ مزمن ورم زخرہ۔
ارجنٹم نائٹریکم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ ہوا لگ جانے کی وجہ سے قے اور سخت بھوک کے ساتھ آواز بیٹھنا۔

سائنا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ آلہء صوت کے فالج کی وجہ سے آواز بیٹھ جانا۔

اوکسے لک ایسڈ 6 یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ ٹھنڈے یخ مشروبات پینے کی خواہش۔ کثیر پیشاب اور چپچپے پسینے کے ساتھ ہوا لگ جانے کی وجہ سے آواز بیٹھنا۔ شام کے وقت تکلیف بڑھ جائے۔

فاسفورس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ بہت زیادہ تھوک بنے۔ گلے میں جلن اور گرم بخارات سے۔ مکمل طور پر آواز کا جاتے رہنا۔

مرکیورس سال 30' چار گھنٹے بعد

☆ مسلسل بولتے رہنے سے جیسے مقرر' سیاستدان یا گانے والے جو آواز کا لگا تار استعمال کریں۔

آرنیکا 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ لگاتار دھسکا۔ کھانستے ہوئے غیر ارادی طور پر پیشاب نکل جائے۔ نزلے زکام کی وجہ سے آواز بیٹھ جائے۔

کاسٹی کم 30' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ گلا بیٹھے لیکن بولنے سے بہتر ہو۔

روہس ٹاکس 30' چار گھنٹے بعد

☆ اکثر اوقات گلا خراب اور آواز بیٹھ جائے۔

وائنھیا 6 یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ بخار کی سی کیفیت۔ طبیعت ست۔ ماہواری کے ایام کے دوران گلا بیٹھنا۔

جیلسی میم 30' چار گھنٹے بعد

☆ مسلسل گلا صاف کرے۔ گلے کی سوزش کے ساتھ آواز بیٹھ جائے۔ مٹھائیاں کھانے سے تکلیف بڑھے۔

سپا نجیا 30' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ گرمی لگ جانے کی وجہ سے آواز بیٹھ جانا۔

انٹی مونیم کروڈم 30' چار گھنٹے بعد

☆ سانس کے ساتھ دھواں اندر چلا جائے۔ ہسٹریا کی وجہ سے۔ جذباتی بدنظمی یا ہیجان کی وجہ سے۔

اگنیسیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ سورا کے مریضوں کے لئے معاون دوا۔ غیر معمولی حساس اور ٹھنڈ لگنے کا میلان رکھنے والے مریض

سورینیم 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ لگاتار متلی۔ زبان صاف۔ آلہ ء صوت کی سوزش یا ٹھنڈ کی وجہ سے آواز بیٹھنا۔

اپی کاک 30' چار گھنٹے بعد

☆ مقررین کی آواز بیٹھنا۔ مسلسل دھکا۔ گانے یا بولنے یا ہوا لگنے سے تکلیف بڑھ جائے۔

آرم ٹرف 30' چار گھنٹے بعد

☆ مکمل طور پر آواز جاتی رہے۔ ڈھیلی کھانسی کے ساتھ گلا خشک اور پیاس ندارد۔ کھلی اور ٹھنڈی ہوا میں بہتر ہو۔

پلساٹیلا 30' چار گھنٹے بعد

☆ جب ارجنٹم نائٹریکم غیر موثر ہو۔

مینگنم ا سیٹکم (Manganum Acet)

30' چار گھنٹے بعد

☆ جب منتخب ادویات غیر موثر ہو جائیں۔ مریض رات کے وقت بے آرام ہو۔

سفیلنم 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

بایو کیمک کی کلکیریا فاس 6x فیرم فاس 6x اور کالی میور 6x چار گھنٹے بعد دینا بہت فائدہ مند ہے۔

—— ✪ ——

خراٹے بھرنا

Snoring

تالو کی جھرجھراہٹ سے پیدا ہونے والی بھدی گڑگڑاہٹ والی سانس کے شور کو خراٹے کہا جاتا ہے۔ بعض اوقات نیند کے دوران نرخرے یا حنجرے کی جھلی سے بھی خراٹے کی آوازیں نکلتی ہیں۔ اکثر اوقات دیکھنے میں آیا ہے کہ بہت زیادہ موٹے لوگ جنہیں سانس لیتے ہوئے دقت ہوتی ہے وہ نیند کے دوران سانس لیتے ہوئے اونچی آوازیں نکالتے ہیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ مزمن ورم گلے کے لئے۔ ناک سوجی ہوئی اور سرخ۔ تیزابی' پانی ناک سے جاری ہو۔ خون ملی بدبودار رطوبت نکلے۔ اور مریض خراٹے لے۔

ہپوزینیم (Hippozaeninum) 30'
چار گھنٹے بعد

☆ درد زہ کے دوران ورم گلا۔ اینٹھن اور تشنج کے بعد گلا سوج جائے۔ زودرنج مریض۔ کھلی ہوا میں بہتر محسوس کرے۔

پلساٹیلا 30' چار گھنٹے بعد

☆ ناک میں گومڑ کی وجہ سے۔ ورم ناک کے مزمن کیسوں کے لئے مریض لاغر ہو اور خراٹے لے۔

لمنا مائنر Q یا 6' چار گھنٹے بعد

☆ جب مریض نیم بے ہوش یا سکتے کے عالم میں ہو تو خراٹے بھرے۔ منہ کے ذریعے سانس لے۔ پاخانہ سخت اور قبض ہو۔

اوپیم 200' تین گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ معاون دوا۔

بیسی لینم 200 یا 1M' پندرھویں روز'
تین مرتبہ

خرخراہٹ

Wheezing

(See Asthma and Bronchitis also)

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ معاون دوا۔ مزمن کیسوں کے لئے۔

بسی لینم 200 یا 1M' پندرھویں روز'
تین مرتبہ

☆ خرخراہٹ ہوتی رہے جب تک کہ کوئی رطوبت یا تھوک نہ نکل آئے۔

کاربو ویجیٹیبلس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ خراٹے۔ گلے میں خرخراہٹ۔

برومیم 30' چار گھنٹے بعد

☆ خراٹے۔ سینے میں خرخراہٹ کے ساتھ کھانسی۔ سینے میں تنگی تناؤ کھچاؤ۔ کھانے پینے کے بعد تکلیف بڑھ جائے۔

نکس وامیکا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ تنگی ء تنفس۔ چھوٹے چھوٹے سانس سینے میں بلغم کی وجہ سے خرخراہٹ۔ زبان پر میل جمی ہو۔

انٹی مونیم ٹارٹ 30 یا 200' ایک خوراک

☆ خراٹے' خرخراہٹ' سینے میں سخت اور جمے ہوئے کثیر مادے کو اکھاڑنا مشکل ہو۔ خاص طور پر بوڑھے لوگوں کے لئے۔

سینگا Q یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ سبزی مائل' تیز بو والے' میٹھے تھوک کے ساتھ خرخراہٹ۔

سٹینم میٹیلیکم 30' چار گھنٹے بعد

☆ نہ بجھنے والی شدید پیاس اور بے چینی۔ پیپ کی مانند بکثیف تھوک کے ساتھ خرخراہٹ۔

آرسنک البم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ کثیر مقدار میں کثیف تھوک کے ساتھ خرخراہٹ۔ شام کے وقت کھانسی زیادہ ہو جائے۔ سینے میں درد کے ساتھ قے کرنے کی کوشش کرے۔

کریازوٹ 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ سینے میں شدید خرخراہٹ۔ ایسا معلوم ہو کہ پھیپھڑے بلغم سے بھر گئے ہیں۔ خاص طور پر بچوں کی بلغمی نالیوں کے نزلے زکام کے لئے۔

لائیکو پوڈیم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ حلق میں بلغم یا رطوبت جمع ہو جائے۔ سیٹی سی بجے۔ متلی ہو۔ اور سینے میں خرخراہٹ ہو۔

کالی بائی کروم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ اگرچہ بلغم گاڑھا نہ ہو اس کے باوجود باہر نکلنا مشکل ہو۔ شام کے وقت اور لیٹنے کے بعد کھانسی زیادہ ہو جائے۔

سیپیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ سینے میں بلغم بھرا ہو۔ خرخراہٹ کے ساتھ کھانسی ہو۔ صاف زبان کے ساتھ متلی اور قے ہو۔

اپی کاک 30' چار گھنٹے بعد

☆ چھینکوں کے ساتھ سانس کی گھٹن۔ لگاتار تھکا دینے والی کھانسی۔ خرخراہٹ کے ساتھ۔

جسٹیسیا (Justicea) Q یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ پہلی نیند کے بعد تشنجی کھانسی۔ لیٹنے کے بعد خرخراہٹ بڑھ جائے۔

ارلیا (Aralia r) 30' چار گھنٹے بعد

☆ بہت کافی مقدار میں رطوبت۔ گرمی سے ٹھنڈ میں جانے پر تکلیف میں اضافہ ہو جائے۔

ڈلکا مارا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ سانس لینے میں دقت ہو۔ خرخراہٹ والی اور ہونکنے والی کھانسی۔ سر کی جانب سے گلے کی طرف اور سانس کی نالیوں میں ٹھنڈ بڑھتی محسوس ہو۔

آیوڈیم 30' چار گھنٹے بعد

☆ خرخراہٹ۔ کھانسی کے ساتھ فرج ڈھیلے پڑ جائیں۔ گرمائش سے بہتر ہو۔ ٹھنڈ سے تکلیف بڑھے اور صبح 3 تا 4 بجے کے دوران۔

کالی کارب 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ سینے کی نالیوں میں حاد تکلیف۔ سینے میں دباؤ۔ کثیر سفیدی مائل تھوک اور رطوبت۔

گرنڈیلیا 30، چار گھنٹے بعد

☆ گلے میں ریشہ جمع ہو جائے۔ گلے میں سرسراہٹ سی ہو۔

کاسٹی کم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ ہلکی سی کھانسی۔ ریشہ جمع ہو جائے۔ سانس لینے میں دقت ہو۔ ٹھنڈ اور ٹھنڈی ہوا میں تکلیف بڑھ جائے۔

ہیپر سلف 30، چار گھنٹے بعد

☆ مریض گرمی کے موسم میں بھی گرم کپڑے پہنے۔ تشنجی کھانسی خرخراہٹ۔ معاون دوا۔

سورینم 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ سینے میں دباؤ اور خراش۔ حلق میں نزلہ گرے۔ صبح کے وقت تکلیف بڑھ جائے۔

سلفر 30 یا 200، 4 گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ گلے میں سرسراہٹ۔ چمکدار سبزی مائل کثیر تھوک۔ مرطوب موسم میں تکلیف زیادہ ہو۔

نیٹرم سلف 30 یا 200، 4 گھنٹے بعد، تین مرتبہ

بائیو کیمک کی فیرم فاس 6x اور کالی میور 6x بھی مفید ادویات ہیں۔

----- ✪ -----

گلے اور ناک کی گانٹھیں اور غدود

Adenoids

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ مریض ٹھنڈ سے متاثر ہونے والا یا زود حس ہو۔ گلے میں گرمی اور خشکی کا احساس۔ جلدی جلدی پانی پیے۔ کھانے کے بعد بہتر محسوس کرے۔

سسٹس کین (Cistus can) 30، چار گھنٹے بعد

☆ ایسے بچے جو جلدی جلدی گلے کے غدودوں کے ورم (Tonsilities) میں مبتلا ہو جائیں۔

برائٹاکارب 200 یا 1M، ہفتہ وار، چھ مرتبہ

☆ مریض میں ٹھنڈ کا رجحان پایا جائے۔ یعنی سردی سے جلد متاثر ہو جائے۔ ناک بند ہو جائے۔ حلق کے غدود متورم ہو جاتے ہوں۔ نتھنے بند ہو جانے کی وجہ سے منہ سے سانس لینا پڑے۔

ایگرافس نٹ (Agraphis nut) 6 یا 30، ہر 4 گھنٹے بعد

☆ ناک سے گاڑھی، لیسدار، سبزی مائل زرد رطوبت خارج ہو اور بدبودار ہو۔ ناک بند ہو جائے اور پانی بہے۔

کالی بائی کروم 30 یا 200، ہر 4 گھنٹے بعد

☆ موٹے اور پلپلے بچے جن کو موسم کی تبدیلی پر سردی لگ جائے۔ وہ نزلے زکام میں مبتلا ہو جائیں اور ٹھنڈ سے مرض میں شدت پیدا ہو۔

کلکیریا کارب 200 یا 1M، پندرھویں دن، تین مرتبہ

☆ سبزی مائل پیپ دار رطوبت خارج ہو۔ مریض ٹھنڈ سے ذکی الحس ہو۔

کلکیریا آیوڈیم 30 یا 200، ہر 4 گھنٹے بعد

☆ بے رنگ رطوبت کے ساتھ ساتھ ناک کی ہڈی قدرتی طور پر بڑھ جائے۔ رطوبت لیسدار اور پیلی سی رنگت کی۔ سردی اور زکام۔ ناک بند۔

ہائی ڈراس ٹس C (Hydrastis C)

30' ہر چار گھنٹے بعد

☆ علاج شروع کرنے کے ساتھ دوسری متعلقہ ادویات کے علاوہ بہتر نتائج حاصل کرنے کے لئے۔

بیسی لینم 1M یا 10M' پندرھویں روز'

تین مرتبہ

علامات کے مطابق متعلقہ دوا کے ساتھ ساتھ بائیو کیمک کی

کلکیریا فلور 12x اور کلکیریا فاس 6x دینا بھی بہت مفید ہے۔

زبان کی تکلیفات

Affections of Tongue

زبان انسانی جسم کا ایک نہایت حساس عضو ہے۔ بہت سے امراض کی تشخیص زبان کی حالت، رنگت اور ذائقے وغیرہ سے بھی کی جاتی ہے۔ مختلف امراض میں زبان کی ہیئت بدل جاتی ہے۔ مثلاً" زبان پر سفیدی، میل، خشکی اور کانٹے سے جے ہونا۔ زبان کا سفید، نیلا، پیلا اور سرخی مائل رنگ ہونا وغیرہ۔ زبان کی علامات سے مرض کی تشخیص میں بڑی مدد ملتی ہے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ ریاحی شکایات ہوں۔ زبان پر موٹی سفید تہہ جمی ہو۔

انٹم کروڈم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ زبان خشک، زرد اور چپچپی۔

ایسنفاس 30، چار گھنٹے بعد

☆ زبان پر بال کا احساس۔

سلیسیا 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ زبان ٹھنڈی اور نیلگوں۔

کیمفورا Q یا 30، چار گھنٹے بعد

☆ زبان سیاہی مائل۔ ٹائی فائڈ میں نیلی، پھٹی ہوئی۔ گھونٹ گھونٹ پانی پینے کی خواہش یا پیاس۔

آرسنک البم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ چکنی اور ہموار جیسے وارنش مل دی گئی ہو۔

پائیرو جینم 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ سفیدی جمی ہوئی۔ دانتوں کے نشان پڑے ہوں۔ دست آئیں۔

پوڈو فائلم 30، چار گھنٹے بعد

☆ زبان صاف ہو لیکن متلی اور قے ہو۔

اپی کاک 30، چار گھنٹے بعد

☆ زبان خشک۔ لمبے وقفے کے بعد زیادہ مقدار میں پانی پینے کی خواہش۔
برائی اونیا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ زبان خشک، سخت اور چمڑے کی طرح۔
پٹیسیا Q یا 30، چار گھنٹے بعد

☆ زبان کی ناک سرخ ہو۔
رہس ٹاکس 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ گیلی زبان۔ گندی اور میلی۔ زرد۔ دانتوں کے نشان۔ قبض۔
ہائیڈرائٹس کین Q یا 30، چار گھنٹے بعد

☆ خشک اور اوپر کے تالو سے لگی ہوئی زبان۔
نکس موسکاٹا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ زبان خشک لیکن پیاس ندارد۔ کھلی ہوا میں اچھا محسوس کرے۔
پلساٹیلا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ زبان منہ سے باہر نکلی پڑے۔
سٹرامونیم 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ نیلے پن کے ساتھ سیاہ زبان۔ پھٹی ہوئی۔
بفورانا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ موٹی اور بھاری زبان۔ بھیگی ہوئی اور پیاس۔ دانتوں کے نشان۔
مرکیورس سال 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ سانپ کی طرح زبان باہر کو نکلی ہوئی۔
کوپرم میٹلیکم 30 یا 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ زبان خشک۔ سیاہی مائل۔ زبان باہر نکالنا مشکل ہو۔ مریض سونے کے بعد تکلیف زیادہ محسوس کرے۔
لیکے سس 30 یا 200 چار گھنٹے بعد

☆ زبان کے درمیان سرخ دھاری ہو۔
وراٹرم ورائڈ 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

سرمئی ' سفید ' خشک اور پتلی زبان کے لئے بائیو کیمک کی کالی میور 6x چار گھنٹے بعد اور خشک ' سوجی ہوئی ' گہری سرخ۔ دانتوں کے نشان والی زبان کے لئے فیرم فاس 6x بھی مفید ہیں۔

منہ کی خشکی

Dryness of Mouth

علامات ' دوا اور طاقت ' دورانیہ

☆ بغیر پیاس کے منہ خشک۔ خشکی کی وجہ سے زبان تالو سے لگ جائے۔

نکس موسکاٹا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ زبان ایسی خشک گویا جل گئی ہو۔

میڈورینم 200' ہفتہ وار ' تین مرتبہ

☆ بغیر پیاس کے منہ خشک۔

پلساٹیلا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ منہ انتہائی درجہ خشک ' منہ کی رطوبتی جھلیاں ناک اور گلا تک خشک ہو۔

وائتھیا (Wyethia) 30' چار گھنٹے بعد

☆ جلے ہوئے چمڑے کی طرح منہ خشک۔

ہائیو سیامس 30 یا 200 (Hyoscyamus)' چار گھنٹے بعد

☆ شدید پیاس وقفے وقفے سے تھوڑا تھوڑا گھونٹ گھونٹ پانی پئے۔ طبیعت میں بے چینی۔

آرسنک البم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ ذیابیطس کے مریض کا منہ خشک ہو۔

ایسڈفاس 6 یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ لمبے وقفے کے بعد بہت زیادہ پانی پینے کی خواہش۔ پاخانہ قبض کے ساتھ۔

برائی اونیا البم 30 یا 200 چار گھنٹے بعد

☆ زبان اور منہ خشک۔

کالی بائی کروم 30' چار گھنٹے بعد

منہ کے چھالے

Aphthae

(See mouth ulcers also)

بعض اوقات منہ کی بلغمی جھلیوں میں سفید آبلے اور چھوٹے چھوٹے زخم بن جاتے ہیں۔ اگرچہ یہ عام طور پر چھوت کے زہر یا فنگس کی وجہ سے ہوتے ہیں یا بعض دفعہ جراثیم کش ادویات Anti Biotics کے مسلسل استعمال کی وجہ سے بھی ہو سکتے ہیں۔ منہ کے چھالوں کے علاج کے لئے درج ذیل ادویات علامات کے مطابق بہت مفید و موثر ہیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ سوجی یا ورم آلود زبان کے ساتھ منہ کے چھالے جس میں کثرت سے تھوک بنے۔ مسوڑھوں سے خون جاری ہو۔ پائیوریا ہو۔

سلفر ایسڈ 30' چار گھنٹے بعد

☆ منہ میں سفید آبلے جن میں درد ہو اور آسانی سے خون جاری ہو جائے۔

بوریکس 30' تین گھنٹے بعد

☆ منہ کے چھالے۔ سوزش دہن۔ زبان پر زردی مائل مادہ۔ دانتوں پر چپچپاہٹ والی رطوبت کافی مقدار میں جمی ہوئی۔ قبض بھی ہو۔

ہائیڈراسٹس کین (Hydrastis Can)

30' چار گھنٹے بعد

☆ آبلے جن میں درد ہو۔ منہ سے بدبو آئے۔ بہت زیادہ تھوک بنے۔ بہت زیادہ پیاس۔ منہ میں رطوبت سی جمع رہے۔

مرکیورس سال 30' تین گھنٹے بعد

☆ بہت زیادہ درد والے آبلے۔ تھوک اور منہ کی رطوبت بدبو والی اور خراش دار۔

نائٹرک ایسڈ 30' چار گھنٹے بعد

☆ بہت سے آبلے کچے پکے سے جن میں جلن ہو۔ مسوڑھے سوجے ہوئے۔ پلپلے سوڑھے۔ آسانی سے خون جاری ہو جائے۔ زبان ورم آلود۔ سونے کے بعد مریض زیادہ تکلیف محسوس کرے

لیکے سس 30' چار گھنٹے بعد

ذائقہ

(Taste)

اللہ تعالیٰ نے انسان کی راحت و سکون کے لئے جسم کے مختلف اعضاء میں کچھ حسیات اور لذتوں کی فراہمی کا اہتمام کیا ہے۔ اسی طرح انسان زبان سے بولنے کے علاوہ ذائقہ حاصل کر کے لذت پاتا ہے۔ صحتمند آدمی مختلف اشیاء خوردونوش کھا پی کر راحت و سکون حاصل کرتا ہے لیکن کسی بیماری کے سبب بعض دفعہ منہ کا ذائقہ خراب ہو جاتا ہے۔ چیزیں کڑوی کسیلی اور بدذائقہ لگنے لگتی ہیں۔ بعض دفعہ ذائقہ نمکین اور تانبے کی مانند ہو جاتا ہے۔ جس کے نتیجے میں کچھ کھانے پینے کو جی نہیں چاہتا اور اگر کھانے پینے کی کوشش کرے تو متلی، قے اور ابکائی آجاتی ہے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ چینی تک کڑوی لگے۔

سینگونیریا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ ہر چیز کڑوی لگے۔ خاص طور پر تپ دق کے مریضوں کو۔

سٹینم میٹیلکم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ پانی کڑوا لگے۔

آرسنک البم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ مٹھائیاں تک بھی کڑوی لگیں۔

ریومیکس 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ پانی کے سوا ہر چیز کڑوی لگے۔

اکونائٹ 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ اگرچہ منہ کا ذائقہ کڑوا ہو لیکن کھانے پینے کی چیزوں کا ذائقہ ٹھیک ہو۔

نکس وامیکا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ آلو بخارے وغیرہ کا ذائقہ کڑوا لگے۔

آیوڈیم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

سانس کی بدبو

Bad Breath

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ بدبودار اخراج اور بدبودار سانس۔

کاربالک ایسڈ 30، چار گھنٹے بعد

☆ تانبے کے سے ذائقے کے ساتھ اور بہت زیادہ تھوک کے ساتھ بدبو۔

مرکیورس سال 30، چار گھنٹے بعد

☆ متعلقہ دوا کے ساتھ ساتھ۔

سوریتم 200، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ بائیو کیمک دوا۔

کالی فاس 6x، چار گھنٹے بعد

تھوک

(Sallivation)

اس مرض میں بہت کثرت سے تھوک آتا ہے۔ بعض دفعہ اس قدر تھوک آتا ہے کہ مریض کے لئے کھانا پینا اور بولنا مشکل ہو جاتا ہے اور مریض کمزور ہوتا جاتا ہے۔ یہ مرض معدے کی خرابی، زبان کی سوزش، منہ کے زخم، گوشت خورہ، زبان یا منہ کے پھیل جانے، آدھے سر کے درد اور حلق کے امراض کی وجہ سے ہو سکتا ہے۔ بعض اوقات یہ مرض ایام حمل میں بھی ہو جاتا ہے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ تاردار اور کثیر تھوک، بات کرتے ہوئے منہ سے رال ٹپک جائے۔

آئرس ورسیکالر 30، چار گھنٹے بعد

☆ تیزابی یا خراشدار چھیلنے والا تھوک بہت زیادہ مقدار میں۔

آرم ٹرائفلم 30، چار گھنٹے بعد

☆ روئی کی طرح کا جھاگ دار پانی کی طرح پتلا میٹھا سا تھوک۔ خراب ذائقہ کا۔ صبح کے وقت زیادہ۔ پیاس ندارد۔

پلسا ٹیلا 30' چار گھنٹے بعد

☆ صابن کی طرح کا جھاگ دار تھوک۔

برائی اونیا 30' چار گھنٹے بعد

☆ منہ میں تھوک جمع ہوتے رہنے کی وجہ سے مسلسل تھوکتا رہے۔

امونیا کارب 30' چار گھنٹے بعد

☆ کثیر بدبودار اور خون ملا تھوک۔

نائٹرک ایسڈ30' چار گھنٹے بعد

☆ کثیر مقدار میں تھوک آئے۔ مسلسل نگلتا رہے۔ زبان صاف ہو۔

اپی کاک 30' چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی نیٹرم میور 12x چار گھنٹے بعد دینا بھی فائدہ مند ہے۔

دیگر اہم ادویات : منینم منیلیکم، کیمومیلا، نکس وامیکا، سلیسیا، برومیم، مرک سال، الیومنا، کریازوٹ، اگنیسیا، گریفائٹس، جرانڈی، رہس ٹاکس، ہیپر سلف، سلفر، لیک کین، وغیرہ۔

— ✪ —

ہکلانا/تتلانا

Stammering

تتلانے میں لفظ کو زبان سے فوراً ادا کیا جا سکتا ہے البتہ اس کا تلفظ درست نہیں ہوتا جبکہ ہکلانے میں لفظوں کی ادائیگی میں رکاوٹ ہوتی ہے۔ ہکلاہٹ میں عضلات پر پورا قابو نہیں ہوتا ہے تتلاہٹ میں عضلات تکلم پر اختیار تو ہوتا ہے لیکن تلفظ صحیح نہیں ہوتا ہے۔ لکنت کی اصل وجہ موروثی ہوتی ہے لیکن خوف بیماری' اعصابی کمزوری کی وجہ سے بھی یہ مرض ہو سکتا ہے۔ دماغی کمزوری سے بھی بچہ ہکلانے لگتا ہے۔ ٹھہر ٹھہر کر گفتگو کرنے اور خوداعتمادی سے اس تکلیف کا ازالہ کیا جا سکتا ہے۔ بعض دفعہ بچے سے تتلا کر بات کرنے سے ان کی عادت بن جاتی ہے لہذا بچپن میں اس عمل سے گریز کرنا چاہئے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ ہکلانے کی سب سے اعلیٰ دوا۔ اکثر اوقات الفاظ کا تلفظ غلط کرے اور حروف اور الفاظ ادا ہونے سے رہ جائیں ہم آہنگ الفاظ میں ہکلاہٹ ہو تتلاہٹ۔ زبان اور ہونٹوں کی اعصابی حرکت ماؤف ہو۔

کاسٹی کم 30' چار گھنٹے بعد

☆ تیز اور ہکلاتی ہوئی گفتگو۔

مرک سال 30' چار گھنٹے بعد

☆ بھاری پن والی' کانپتی ہوئی اور فالج زدہ سی گفتگو۔ زبان کی کمزوری۔ ہکلاتی ہوئی یا تتلاہٹ والی گفتگو۔

بیلا ڈونا 30' چار گھنٹے بعد

☆ ہکلاہٹ۔ مشکل سے گفتگو کرے۔ ناقابل فہم۔

سٹرامونیم 200' چھ گھنٹے بعد

☆ ہکلاہٹ۔ مریض کی بات جب کوئی دوسرا نہ سمجھے تو غصے میں آ جائے۔

بفورانا 30' چھ گھنٹے بعد

☆ کسی لفظ کے پہلے حروف کو کئی مرتبہ ادا کرے اور اس کے بعد صاف طور سے بولے۔

سپائی جیلیا 30' چار گھنٹے بعد

☆ بعض الفاظ کا تلفظ کرنا مشکل ہو یا کچھ مخصوص الفاظ کا صحیح تلفظ نہ کر سکے۔ خاص طور پر دوسرے اور تیسرے حرف کا تلفظ کرنا مشکل ہو۔

لیکے سس 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ لکنت۔ کمزور آواز۔

سیکالے کار 30' چار گھنٹے بعد

—— ✪ ——

دانت

Affections of Teeth

(See Toothache and Pyorrhoea also)

دانتوں میں کھوڑیں' مسوڑھوں کی سوزش' مسوڑھوں سے پیپ آنا' مسوڑھوں کے ناسور' مسوڑھوں سے خون آنا' منہ سے بدبو آنا' دانتوں پر میل جمنا اور درد ہونا دانتوں کے عام امراض ہیں۔ بعض دفعہ ماؤف دانت کے اردگرد کے مسوڑھے متورم ہو جاتے ہیں اور چہرے اور گالوں تک ورم آجاتی ہے۔ دانتوں پر میل جم جانے سے جڑیں کھوکھلی ہو جاتی ہیں۔ یہ میل مسوڑھوں کو متاثر کرتی ہے اور پائیوریا کا مرض ہو جاتا ہے۔ دانتوں سے پیپ اور خون آنے لگتا ہے۔ غذا کھاتے ہوئے سخت تکلیف ہوتی ہے۔ دانتوں کی روزانہ کسی معیاری پیسٹ یا منجن سے صفائی کرنا چاہئے۔ بہتر ہے کہ رات کو سونے سے پہلے دانت ضرور صاف کئے جائیں تاکہ دن بھر کے کھانے پینے سے پیدا ہونے والی کیوینیز صاف ہو جائیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ دانت چبائے یا رگڑے۔

کلمیم میٹلیکم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ دانتوں پر زردی یا میل جما ہو۔

کلکیریا رینالس 30' چار گھنٹے بعد

☆ دانت آہستہ آہستہ نکلیں۔

کلکیریا فاس 6x یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ عقل ڈاڑھ میں کاٹنے والا درد ہو۔

شیر نتھس (Cheiranthus Ch)
30' چار گھنٹے بعد

☆ چباتے ہوئے دانت ڈھیلے محسوس ہوں۔

نائٹرک ایسڈ 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ دانتوں پر سیاہ دانے سے نکل آئیں یا کالا میل ہو۔

سٹیفی سیگریا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ دانتوں کو آپس میں رگڑنے کی نہ رکنے والی خواہش۔

فائٹولاکا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ دانتوں میں ٹھنڈک سی محسوس ہو۔

انٹم ٹار ٹیکم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

دانت نکلنا

Teething

بچوں کے دانت نکلنے کے وقت مزاج میں چڑچڑا پن، بھوک مر جانا، دست آنا، بخار ہونا، نیند نہ آنا اور وزن کم ہونا عام شکایات ہیں۔ اس قسم کی شکایات کے لئے ہومیوپیتھی میں کئی ادویات ہیں جن کے استعمال سے بچوں کی یہ تکالیف دور ہو جاتی ہیں اور دانت نکالنے کا مرحلہ آسانی سے طے ہو جاتا ہے۔ ذیل میں چند مخصوص اور اہم ادویات بیان کی گئی ہیں جن کو متعلقہ علامات کے مطابق استعمال کرانے سے بہتر نتائج بر آمد ہوتے ہیں۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ موٹے بچے جن میں دانت نکالنے کا عمل سست ہو۔ سر پر کثرت سے پسینہ آئے اور وہ ٹھنڈ محسوس کریں۔

کلکیریا کارب 200، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ بے چینی اور نیند نہ آنے کے ساتھ بخار۔ دانتوں کے درد کی وجہ سے بچہ چیخیں مارے۔

اکونائٹ 6 یا 30، چار گھنٹے بعد

☆ کثرت سے دست آئیں۔ بچہ مسوڑھوں کو رگڑے اور کوئی سخت چیز دانتوں میں رکھ کر دبائے۔

پوڈوفائلم 30، چار گھنٹے بعد

☆ دانت نکالنے کے دوران بچہ بہت سی چیزیں ناپسند کرے۔ اور پھر سو جائے۔ بخار سے بچے کا چہرہ سرخ ہو جائے۔

بیلاڈونا 30، تین گھنٹے بعد

☆ پانی کی طرح پتلے سبزی مائل دست۔ بچہ چڑچڑا ہو جائے۔ بچہ چاہے کہ اسے ہر وقت گود میں لے کر پھرا جائے۔ رات کے وقت تکلیف بڑھے۔

کیمومیلا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' چھ مرتبہ

بائیو کیمک کی کلکیریا فاس 6x یا بائیو کمی نیشن نمبر 21 چار گھنٹے بعد دینے سے بہتر نتائج حاصل کئے جا سکتے ہیں۔ اگر دانت نکلنے کے دوران کسی عضو کا فالج ہو جائے تو کالی فاس 6x اور میگنیسیا فاس 6x تین گھنٹے بعد دینا بہت مفید ہے۔

دانتوں کا درد

Toothache

دانتوں میں درد کی وجہ سے سخت بے چینی اور تکلیف ہوتی ہے۔ دانت میں درد ہونے پر ساتھ کے مسوڑھے میں ورم اور سوجن ہو جاتی ہے۔ بعض دفعہ سوجن چہرے اور گالوں تک بھی آجاتی ہے۔ اکثر دانتوں میں سوراخ ہو جانے یا بوسیدہ ہونے کی وجہ سے درد ہوتا ہے۔ بدہضمی اور عام صحت اچھی نہ ہونے کے سبب بھی دانتوں میں درد ہو جاتا ہے۔ دانت کی جڑ میں سوجن ہو جانے' دانت صاف نہ رکھنے' کبھی ٹھنڈی اور میٹھی چیزیں زیادہ کھانے سے دانتوں میں درد ہوتا ہے۔ پارہ کا بیجا استعمال اور گنٹھیا وغیرہ کی وجہ سے بھی دانتوں کی تکلیفات ہوتی ہیں۔ حاملہ خواتین کو اکثر دانت درد کی شکایت ہو جاتی ہے۔ دانتوں کی تکلیفات سے بچنے کے لئے معیاری منجن اور پیسٹ کا روزانہ استعمال بہت ضروری ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ گلنے سڑنے یا خراب دانتوں میں سوزش کی وجہ سے۔ ٹھنڈی یا گرم چیز لگنے کی وجہ سے درد۔ رات کے وقت تکلیف زیادہ ہو۔

مرکیورس سال 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ پائیوریا کی وجہ سے درد ہو۔

کاربوویج 30' چار گھنٹے بعد

☆ درد کو ٹھنڈی اور گرم رقیق یا پتلی چیزوں سے آرام آئے۔

میگنیسیا فاس 30' چار گھنٹے بعد

☆ دودھ کے دانت گلنے سڑنے لگیں اور خراب ہو جائیں۔ دانت بہت جلد خراب ہو جائیں۔ دانتوں کے گلنے سڑنے کی خرابی کی وجہ سے درد ہو۔

کریازوٹ 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ کوئی میٹھی چیز کھانے اور پینے سے دانتوں میں درد ہو۔

نیٹرم کارب 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ مسوڑھے کا ورم ہو۔ منہ خشک ہونے کے ساتھ ٹیکن والا درد۔

بیلاڈونا 30، چار گھنٹے بعد

☆ حیاتیاتی مادوں کے ضیاع کی وجہ سے درد جبکہ عورت بچے کو دودھ پلا رہی ہو۔

چائنا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ دانت کا درد کان گال کی ہڈی اور کنپٹی کی طرف پھیلے، پسینہ آنے سے بہتر ہو۔

ا-فس چینوپوڈی

(Aphis Chenopodi) Q یا 30،

چار گھنٹے بعد

☆ دانتوں میں کھوڑ ہو۔ کھانے اور ٹھنڈا پانی پینے سے اور رات کے وقت تکلیف زیادہ ہو۔

انٹم کروڈم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ دانت اور مسوڑھے بہت زیادہ حساس ہوں۔ آسانی سے خون بہنے لگے۔

ہیپر سلف 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ گلنے سڑنے والے دانتوں کی جڑوں میں شدید درد۔ دبانے اور چبانے سے سخت تکلیف اور درد ہو۔ درد آنکھوں کی طرف پھیلے۔ ٹھنڈ اور ٹھنڈی چیزوں اور دبانے سے شدید ذکی الحس۔

سٹیفی سیگریا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ شدید درد ہو۔ ٹھنڈ اور کھلی ہوا سے بہتر ہو۔ ایک کے اوپر دوسرا دانت نکل آیا ہو۔

ا-لیم سیپا 30، تین گھنٹے بعد

☆ دانت بہت لمبے محسوس ہوں۔ درد دانتوں کی جانب پھیلے۔ چھونے سے بہت زیادہ ذکی الحس۔

پلاٹینم 30، تین گھنٹے بعد

☆ پیاس نہ ہو۔ منہ میں ٹھنڈا پانی رکھنے سے اچھا محسوس ہو۔ گرمائش سے تکلیف میں اضافہ ہو۔

پلساٹیلا 30 یا 200، دو گھنٹے بعد

☆ پانی میں کام کرنے والوں کے دانتوں میں درد کے لئے ٹھنڈے پانی میں ہاتھ ڈالنے سے تکلیف بڑھے۔

فاسفورس 30 یا 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ ناقابل برداشت درد۔ درد کانوں اور چہرے کی طرف جائے۔ گرمائش اور کافی پینے سے درد بڑھے۔

کیمومیلا 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ دانت نکلوانے کے بعد خون کا بہنا روکنے کے لئے۔ دانتوں کا گرنا۔ فلنگ کرانے کی وجہ سے ہونے والے درد کو کم کرنے کے لئے۔

آرنیکا مونٹینا، آدھا گھنٹہ بعد، تین مرتبہ

مسوڑھوں کی بیماریاں

(Ailments of Gums)

انسان کے جسم کے نظام انہضام میں دانت خاص اہمیت رکھتے ہیں کیونکہ یہ غذا کو خوب اچھی طرح چبا کر باریک کرتے ہیں اور لعاب دہن شامل کرتے ہیں جس سے غذا کے ہضم ہونے میں بڑی مدد ملتی ہے۔ چونکہ دانت مسوڑھوں میں پیوست ہوتے ہیں اس لئے ان کی بھی اسی قدر اہمیت ہے۔ بعض دفعہ مسوڑھوں میں سوزش پیدا ہو جاتی ہے اور ان سے پیپ آنے لگتی ہے۔ مسوڑھوں میں ناسور بن جاتے ہیں۔ مسوڑھے متورم ہو جاتے ہیں۔ ان تکلیفات کے علاوہ ان سے معدے اور جسم کے دوسرے امراض جنم لیتے ہیں' اس لئے مسوڑھوں اور دانتوں کی صحت پر خصوصی توجہ دینی چاہئے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ مسوڑھوں میں گرمائش کے احساس کے ساتھ سوزش اور تپکن والا درد۔
بیلا ڈونا 30' چار گھنٹے بعد

☆ دانت بھُرنے اور گرنے لگیں۔ مسوڑھے پھول جائیں اور پلپلے سے ہو جائیں۔ خون آسانی سے نکلنے لگے۔
کریازوٹ 30' چار گھنٹے بعد

☆ مسلسل خون بہے۔ خون آسانی سے جمے نہ رکے۔ مسوڑھوں میں سوزش اور ناسور۔
فاسفورس 30' چار گھنٹے بعد

☆ مسوڑھے پیلے اور ارغوانی سے۔ خون نکلے۔ صبح کے وقت اور دبانے سے تکلیف میں اضافہ ہو۔
لیکے سس 30' چار گھنٹے بعد

☆ پایوریا۔ مسوڑھوں میں کھچاؤ محسوس ہو۔ آسانی سے خون بہے۔
کاربوویج 3x یا 6' چار گھنٹے بعد

☆ مسوڑھوں پر آبلے۔ دانت گر جائیں۔
ہیکلا لاوا 3x یا 6x' چار گھنٹے بعد

☆ مسوڑھوں کی تکلیفات میں طوفان سے پہلے اضافہ۔ مسوڑھوں میں شدید درد۔

روہو ڈو ڈینڈرون

30 (Rhododendron)' چار گھنٹے

بعد

☆ مسوڑھوں میں ٹھنڈی گرم اشیاء لگیں۔ بہت زیادہ حساسیت۔ سانس کے ساتھ بدبو آئے۔ غیر صحتمند مسوڑھے۔ مسوڑھوں میں زخم ناسور اور سوزش۔

مرکیورس سال 30' چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی فیرم فاس 6x اور کالی میور 6x کے بعد دیگر چار گھنٹے بعد دینا بہت مفید ہے۔

Gum paint : Glycerine 70% + Arinca Q

+ Calendula Q + Echinacea Q 30%

مسوڑھوں سے خون جاری ہونا

(Bleeding Gums)

اس مرض میں مسوڑھے متورم ہو جاتے ہیں۔ زبان پر میل جم جاتی ہے اور منہ سے بدبو آنے لگتی ہے۔ مسوڑھے سکڑ جاتے ہیں۔ دانت ہلنے لگتے ہیں۔ دانتوں سے خون آنے لگتا ہے۔ ٹھنڈی اور گرم چیزیں لگنے لگتی ہیں۔ دانت بہت زیادہ حساس ہو جاتے ہیں۔ بعض اوقات شدید درد ہوتا ہے۔ پیپ پڑ جاتی ہے جو کھانے کے ساتھ معدے میں پہنچ کر کئی امراض کا سبب بنتی ہے۔ بعض اوقات دانتوں کی جڑیں کمزور ہو کر دانت گر جاتے ہیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ مسوڑھوں میں کھنچاؤ ۔ آسانی سے خون بہنے لگے۔ پائیوریا۔

کاربوویج 3x یا 6 تین گھنٹے بعد' تین

مرتبہ

☆ مسوڑھوں میں دکھن اور سوزش۔ دانت نکلنے کے بعد خون کا اخراج۔

آرنیکا 200 یا 1M' آدھے گھنٹے بعد

☆ مسوڑھوں سے گندے پتلے خون کا اخراج۔ مسوڑھے سوجے ہوئے۔ پھولے ہوئے یا سپنج دار اور بہت زیادہ حساس کہ چھوا تک نہ جا سکے۔ آسانی سے خون بہنے لگے۔ صبح کے

وقت تکلیف بڑھ جائے۔

لیکے سس 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ مسوڑھے سوجے ہوئے۔ ٹھنڈی اور گرم چیزیں لگیں اور تکلیف ہو۔ رات کے وقت تکلیف بڑھ جائے۔ غیر صحتمند مسوڑھے۔ تھوک بہت زیادہ آئے۔

مرکیورس سال 30' چار گھنٹے بعد

☆ مسوڑھوں سے شدید خون جاری ہو۔ مسوڑھے پھولے ہوئے اور موٹے' گرم اور کھٹی ڈکاریں آئیں۔

سیلے سائکلک ایسڈ
(Sali Cyclic Acid) 30' چار گھنٹے
بعد

☆ آسانی سے اور بہت زیادہ خون خارج ہو۔ خون مسلسل بہتا رہے اور جمے بھی نہیں۔

فاسفورس 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

بائیو کیمک کی فیرم فاس 3x مسوڑھوں کی ہر قسم کی بیماری کے لئے بہت مفید دوا ہے۔

پائیوریا/مسوڑھوں سے پیپ آنا
(Pyorrhoea)

پائیوریا کے مرض میں دانتوں سے پیپ آنے لگتی ہے۔ جریان خون بھی ہوتا ہے۔ زبان میلی رہتی ہے اور سانس کے ساتھ بدبو آتی ہے۔ بعض دفعہ دوسرے شخص کو بدبو محسوس ہوتی ہے۔ اس مرض میں مسوڑھے سکڑنا شروع ہو جاتے ہیں۔ دانتوں کی جڑیں ننگی ہو جاتی ہیں اور دانت ہلنے لگتے ہیں۔ ٹھنڈی گرم چیزیں لگنے لگتی ہیں۔ دانت بہت زیادہ حساس ہو جاتے ہیں۔ مرض بڑھ جانے کی صورت میں مریض متاثرہ دانتوں سے محروم ہو جاتا ہے کیونکہ دانت اور مسوڑھے کمزور ہو جانے کی وجہ سے دانت گر جاتے ہیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ دانتوں اور پائیوریا کے لئے بہترین دوا۔

کیلنڈولا 30' چار گھنٹے بعد

☆ دانتوں کا درد۔ تھوک کثرت سے آئے۔ کھاتے ہوئے بہتر ہو۔ ٹھنڈی ہوا لگنے اور دانتوں کو ایک دوسرے سے ملانے سے تکلیف میں اضافہ ہو۔

پلانٹیگو 30' چار گھنٹے بعد

☆ مسوڑھے سکڑے ہوئے جن سے آسانی کے ساتھ خون بہنے لگے۔

کاربوویج 3x یا 6' چار گھنٹے بعد

☆ درد والی سوزش اور زخم۔ ہوا سے بہت زیادہ حساس۔ مسوڑھوں کے اوپر آبلے ہوں۔

سلیسیا 12x یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ پھولے ہوئے مسوڑھوں سے خون جاری ہو۔ منہ سے بدبو آئے۔ دانت جلدی ٹوٹنے لگیں۔

کریازوٹم 30' چار گھنٹے بعد

☆ مسوڑھے پکنے لگیں اور ان میں پیپ پڑ جائے۔

گن پاوڈر 3x یا 6' چار گھنٹے بعد

☆ مسوڑھے پھولے ہوئے اور منہ میں نمی ہو۔ بدبو آئے۔ تھوک زیادہ بنے اور پیاس ہو۔

مرک سال 30' چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی سلیسیا 12x یا 30x بھی مفید دوائیں ہیں۔
بیرونی علاج کے لئے مسوڑھوں پر لگانے کے لئے کیلنڈولا Q ایکی نیسیا ریچی Q اور آرنیکا Q + گلیسرین کا لوشن 1 اور 9 کی مناسبت سے۔

———✪———

سکروی

Scurvy

سکروی کا مرض وٹامن سی کی کمی کی وجہ سے یا غیر متناسب اور ناکافی خوراک کے سبب پیدا ہوتا ہے۔ اس مرض میں منہ کی جھلیاں ورم آلود' خشک اور سوزشی ہو جاتی ہیں۔ جریان خون ہوتا ہے اور مسوڑھے سوج جاتے ہیں۔ ایک طرح کا السر یا زخم بن جاتا ہے۔ جلد میں مساموں کے گرد خونی نکتے سے بن جاتے ہیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ سوجے ہوئے منہ کے لئے جو کہ مرکری یا پایوریا کی وجہ سے ہو۔

کاربوویج 3x یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ سکروی یا ورم آلود منہ کے لئے جبکہ مسوڑھے نرم ہوں اور ان سے آسانی کے ساتھ خون بہنے لگے۔

مرکیورس سال 30' چار گھنٹے بعد

☆ شدید لاغری' ہلکے بخار کی سی کیفیت۔ السر میں جلن ہو اور مریض پریشان ہو۔

آرسنک البم 30' چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی کالی میور 6x اور نیٹرم فاس 6x بھی مفید ادویات ہیں۔

سانس رک جانا

Asphyxia

(Apparent Death)

بعض دفعہ کسی فرد کی اچانک موت واقع ہو جاتی ہے۔ لیکن اس میں اس بات کا احتمال بھی ہو سکتا ہے کہ کسی شخص کی حیاتیت (گرمی یا حدت جسم) کسی خاص وجہ سے عارضی طور پر موقوف ہو گئی ہو اور ایسی صورت میں اگر احتیاط اور ضروری علاج معالجے سے کام نہ لیا جائے تو واقعی موت واقع ہو سکتی ہے۔ لہٰذا ایسے حالات میں جبکہ ابھی پورے طور پر موت واقع ہو جانے کا یقین نہ ہو جائے بڑی احتیاط اور ضروری اقدامات کرنا نہایت ضروری ہے۔ جب تک واضح اور قطعی طور پر یقین نہ ہو جائے یا مردے کی مخصوص بو کا احساس نہ ہو جائے اس وقت تک کوئی ایسا غلط اقدام نہیں کرنا چاہئے جس سے کہ عارضی حیاتیت ختم ہونے کے بجائے واقعی موت ہو جائے۔

اچانک موت درج ذیل اسباب سے واقع ہو سکتی ہے۔

(1) بھوک سے۔

(2) بلندی سے گرنے یا شدید چوٹ آنے سے۔

(3) غیر معمولی بجلی کی کوند سے (آسمانی برق یا بجلی گرنے سے)۔

(4) ڈوبنے سے۔

(5) زہریلے مادے یا بخارات کی وجہ سے دم گھٹنے سے یا کسی کیمیکل کی بو سے۔

(6) سردی یا ٹھنڈے یخ ہو جانے سے۔

(7) کسی مسلسل یا اچانک جان لیوا بیماری سے۔

(8) لو لگنے (Sun stroke) سے۔

اب ہم مندرجہ بالا اسباب میں سے ایک ایک کا علیٰحدہ علیٰحدہ جائزہ اور احتیاطی تدابیر اور ضروری علاج بیان کرتے ہیں۔

1۔ بھوک سے : جب کوئی شخص طویل عرصے تک بھوکا رہا ہو اور نتیجتاً اس کے جسم کی حرارت معطل ہو گئی ہو تو اسے وقفے وقفے سے گرم دودھ پلایا جائے۔ دودھ کی مقدار شروع میں کم سے کم یعنی کہ قطرہ قطرہ دی جائے اور آہستہ آہستہ اس کی مقدار چائے کے چمچے کے برابر کر دی جائے۔ ازاں بعد کچھ وقت کا وقفہ دے کر بہت تھوڑی سی مقدار میں کوئی گرم

مشروب مثلاً "گوشت کی یخنی دی جائے یا Avena Sat Q کے 10 سے 15 قطرے گرم پانی میں ملا کر دیئے جائیں۔ جب جسم میں حرارت پیدا ہو جائے اور مریض کچھ دیر گہری نیند سو چکے تو اس کو تھوڑی سی مقدار میں خوراک دی جائے۔ کھانا وقفے وقفے سے اور تھوڑی تھوڑی مقدار میں دیا جائے اور اس طرح مریض کو آہستہ آہستہ اپنی قوت بحال کرنے میں اس کی مدد کی جائے حتیٰ کہ وہ مکمل طور پر صحت یابی حاصل کر لے۔

2۔ **گرنے یا چوٹ لگنے سے** : جب مریض کہیں سے گرنے یا چوٹ لگنے کی وجہ سے بے ہوش ہو جائے تو اسے بڑے آرام کے ساتھ آہستہ سے پر سکون جگہ پر یا بستر پر لٹا دینا چاہئے۔ اس کا سر اونچا رکھنا چاہئے اور ہر آدھا گھنٹہ بعد اس کو آرنیکا مونٹ 200 کی چند خوراکیں دینی چاہئیں۔ منہ کے ذریعے آرنیکا دینے کے علاوہ جلد پر ملنا بھی بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔

3۔ **برق یا بجلی سے** : جب مریض بجلی گرنے سے بے ہوش ہو گیا ہو تو اس کو کھلی اور صاف فضا میں لٹا دینا چاہئے اور اس کے چہرے، گردن اور چھاتی پر ٹھنڈے پانی کے چھینٹے مارنے چاہئیں۔ اگر جسم ٹھنڈا ہو گیا ہو تو حرارت پیدا کرنے کے لئے اس کو سہلانا چاہئے۔ اگر ضرورت ہو تو مصنوعی تنفس بھی دیا جا سکتا ہے۔

4۔ **ڈوبنے سے** : اگر ڈوبنے کی وجہ سے مریض بے حس و حرکت ہو جائے تو اس کو ہاتھوں سے سہلانا اور رگڑنا چاہئے۔ اس کے جسم کو گرم کپڑے سے ڈھک دینا چاہئے اور اس کو گرم کمرے میں رکھنا چاہئے۔ اس کی ناک کے نتھنے، گلے اور منہ کو صاف کرنا چاہئے۔ گرم پانی کی بوتل یا کسی اور گرم چیز سے مریض کی ریڑھ کی ہڈی یا کمر کی سکائی کرنی چاہئے۔ مریض کے پاؤں اور تلوؤں کو مسلسل سہلانا چاہئے۔ ضرورت ہو تو مصنوعی تنفس بھی دینا چاہئے۔ لیکے سس 30 یا 200 یا علامات کے مطابق متعلقہ دوا جلدی جلدی دینی چاہئے۔

5۔ **کیمیکل یا زہریلی گیس یا بخارات سے دم گھٹنا** : کسی قسم کے کیمیکل زہریلی گیس یا بخارات سے دم گھٹنے کی صورت میں مریض کو کھلی ہوا میں رکھ کر مصنوعی تنفس دینا چاہئے۔ ساتھ ہی کاربوویج 30 یا 200 تھوڑے تھوڑے وقفے سے دیتے رہنا چاہئے۔ بعض اوقات کوئلے کی زہریلی گیس سے مریض کا چہرہ ہلکا گلابی نظر آتا ہے جس سے دیکھنے والوں کو مغالطہ لگ سکتا ہے کہ مریض خطرے سے باہر ہے اور اس میں زندگی کی حرارت باقی ہے۔ ایسی صورت میں غلط فہمی کی وجہ سے مناسب دیکھ بھال نہ کر سکنے کے نتیجے میں موت واقع ہو سکتی ہے لہٰذا اس حالت میں مریض کی مکمل طور پر تیمارداری کی جانی چاہئے اور احتیاطی اقدامات اور طبی

امداد دینی چاہئے۔

اگر مریض مکمل طور پر بے حس یا بے ہوش ہو تو اوپیم 200 یا 1M استعمال کرانی چاہئے۔ اگر مریض کا جسم ٹھنڈا ہو تو اسے گرم کپڑے سے پورے طور پر ڈھانپ دینا چاہئے۔ گرم پانی وغیرہ بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔

6۔ **ٹھنڈ یا سردی سے جم جانے سے** : جب مریض کی حرارت زندگی شدید ٹھنڈ کی وجہ سے معطل ہوئی ہو تو مریض کو ٹھنڈی جگہ یا ٹھنڈے کمرے سے بڑا آرام کے ساتھ کسی گرم جگہ منتقل کر دینا چاہئے اور کوشش کرنی چاہئے کہ اسے ٹھنڈی ہوا کا کوئی جھونکا تک نہ لگے۔

7۔ **طویل، مسلسل یا اچانک شدید بیماری سے** : مریض کا علامات کے مطابق علاج کیا جائے اور حسب ضرورت متعلقہ دوا دی جائے۔ گویا صدمے کی نوعیت اور مریض کی کیفیت کے مطابق جس قسم کی احتیاطی تدابیر اور علاج ضروری سمجھا جائے ویسا ہی کیا جائے۔ اس سلسلے میں مذکورہ اسباب کو پیش نظر رکھا جائے اور ان سے متعلقہ جو علاج اور احتیاطی تدابیر بیان کی گئی ہیں اس کے مطابق حسب ضرورت عمل کیا جائے۔

8۔ **لو لگنے سے** : اگر مسلسل دھوپ میں رہنے یا لو لگنے سے حالت بگڑی ہو تو مریض کو کسی اندھیری، سایہ دار اور پرسکون جگہ رکھنا چاہئے اور اس کے کپڑے ڈھیلے کر دینے چاہئیں۔ گرم پانی سے تر کر کے ایک کپڑا اس کے سر کے گرد لپیٹ دینا چاہئے اور اس کو تھوڑی تھوڑی دیر بعد بدلتے رہنا چاہئے۔ ساتھ ساتھ اس کے جسم کی ہلکے گرم پانی سے ٹکور کرتے رہنا چاہئے۔ Glonoine 6 یا 30 کی چند خوراکیں تھوڑے تھوڑے وقفے سے دینا بہت فائدہ مند ہے۔ منہ کے ذریعے دینے کے علاوہ اس دوا کا جسم پر ملنا بھی مفید ہے۔ نمکین پانی یا گلوکوز وغیرہ تھوڑی تھوڑی مقدار میں وقفے وقفے سے دیتے رہنا چاہئے۔

دمہ

Asthma

(سانس کی نالیوں کا دمہ)

سانس کی نالی کی سوزش جو کھانسی اور کسی چیز سے الرجک ہونے کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے وہ ایسونی فیلیا کی مقدار بڑھا دیتی ہے۔ جس سے تشخیص کے عمل میں آسانی پیدا ہوتی ہے۔ عمل تنفس میں دقت' نسیج میں ہوا کی موجودگی' خرخراہٹ کی آواز کے ساتھ کھانسی سانس کی نالیوں کے دمہ کی تکلیف کی خاص خاص شکایات ہیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ سردی کے موسم میں تنگیء نفس کی شکایت بڑھ جائے۔ گردوغبار میں' موسم کی تبدیلی پر۔ ٹھنڈی چیزیں پینے سے' تھکن سے اور دھوئیں سے۔ صبح کے وقت شدت پیدا ہو جائے۔ آواز بیٹھ جائے ساتھ سینے میں درد کی شکایت ہو۔

Q (Cassia Sophera) کاسیا سوفیرا
یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ کیڑوں کی ہسٹری کے ساتھ بچوں کو دمہ کی تکلیف کے لئے۔

سائنا 10M یا 50M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ بہت زیادہ بو کی وجہ سے۔ گیس کی شکایت رکھنے والے مریض کے لئے۔ تنگیء نفس اور سینے میں کھچاؤ اور تناؤ کے لئے۔

سنگونیریا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ مریض صرف کھڑے ہوئے صحیح طور پر سانس لے سکے۔

کینابس سٹیوا 100 یا 1M' چار گھنٹے بعد' چھ مرتبہ

☆ غصے کی وجہ سے۔ گھٹن کی وجہ سے سینہ بند ہو جائے۔

کیمومیلا 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد

☆ اگرچہ دمے کے شدید حملے کے دوران جسم ٹھنڈا ہو اس کے باوجود پنکھے کی ہوا لینے کی خواہش ہو۔

کاربوویج 30' آدھا گھنٹے بعد

☆ پھیپھڑوں میں ہوا پہنچانے میں دقت محسوس ہو۔ سمندر میں بہتر محسوس کرے اور زمین یا خشکی پر آنے کے بعد تکلیف میں اضافہ ہو جائے۔ سمندر سے دور رہنے والوں کا دمہ۔
برومیم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ خنک اور تلی کی وجہ سے ہونیوالا دمہ۔ تنگیء نفس اور سینے میں چبھن کا احساس۔
سکوٹیلا 30' چار گھنٹے بعد

☆ خشک کھانسی۔ آرام سے تکلیف بڑھے۔ صبح کے چار بجے تنگیء نفس۔
پنی سلینیم 200' چار گھنٹے بعد

☆ کمر کے بل ہاتھ پاؤں پھیلا کر لیٹنے سے بہتر محسوس کرے۔
سورینیم 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ بچوں میں دمہ کی وجہ سے تشنج۔ رطوبات کے اخراج کے ساتھ سوزش۔ (بطور معاون دوا)
بیسی لینم 1M' پندرھویں روز' چھ مرتبہ

☆ ذرا سی بھی حرکت کے بعد سانس لینا مشکل ہو جائے۔ خون میں آکسیجن بڑھانے کے لئے سانس لینے والے مرکز میں حرارت پیدا کرنی پڑے۔
اسپی ڈوسپرما Q (Aspidosperma)
10-1 قطرے' دو گھنٹے بعد

☆ بہت زیادہ تنگیء نفس۔ کھانسی اور رطوبات کا زیادہ اخراج۔ نسیج میں ہوا کی موجودگی۔
انٹی مونیم آرسنکم 6 یا 30' تین گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ رات کے وقت دمہ۔ جبکہ بہترین منتخب کردہ دوائیں بھی کام نہ کریں۔
سفیلینم 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ ٹھنڈے مزاج کے افراد کے لئے' جن کی تکلیف میں ٹھنڈی چیزیں پینے' غصہ کرنے اور فکر مندی سے اضافہ ہو جائے۔ طبیعت میں شدید بے چینی اور نہ مٹنے والی پیاس۔
آرسنک البم 30' دو گھنٹے بعد

☆ برسات اور مرطوب موسم میں دمہ جس میں ہر حملے کے دوران آنتیں ڈھیلی پڑ جائیں۔
نیٹرم سلف 6x یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ شدید حملے کی وجہ سے مریض بے جان ہو جائے۔ پھیپھڑوں میں فالج کی سی کیفیت ہو

جائے۔ نیلا یرقان ہو جائے۔

ہائڈرو ایسڈ 30 یا 200' آدھا گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ صبح سویرے یا آدھی رات کے وقت تنگیء نفس۔ خواہش کرے کہ تمام کھڑکیاں کھول دی جائیں۔

سلفر200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ ہسٹریا کی وجہ سے دمہ۔ کھانسی ہو۔ بستر گرم ہونے کی وجہ سے تکلیف بڑھے۔

نکس موسکاٹا (Nux Moch) 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ ٹریفک کی وجہ سے آلودہ فضا اور لوہے کے کارخانہ کی وجہ سے سانس لینے میں دقت۔

سلفورکم ایسڈ (Acid Sulphurocum) 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ پھولوں کی خوشبو سے دمہ ہو جائے۔

ایلنتھس 30' چار گھنٹے بعد

☆ نزلے زکام کے ساتھ دمہ۔ کھلی ہوا کی خواہش۔ رحم میں بدنظمی۔

سیپیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ پتھر کاٹنے والوں' کپڑے کی ملوں میں کام کرنے والے مزدوروں اور کارندوں کو دمہ کی شکایت۔ (احتیاط سے استعمال کرائی جائے۔)

سلیسیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد (یا حسب ضرورت)

☆ رفع حاجت کرتے ہوئے کچھ بہتر رہے۔ گردوغبار سانس کے ساتھ اندر جانے سے تکلیف زیادہ بڑھے۔

پوتھوس فوئڈس (Pothos foe) 6 یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ شدید حملے کے دوران جبکہ فکر' خوف اور تنگیء تنفس ہو۔

اکونائٹ Q' اپی کاک Q 5 تا 10 قطرے یکے بعد دیگر' آدھا گھنٹہ بعد

☆ جب سونے لگے یا سونے کے بعد تکلیف بڑھے۔ کھٹے اور سرکے والی اشیاء کھانے سے بھی تکلیف میں اضافہ ہو۔

لیکے سس 30 یا 200' تین گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ نفسیاتی قسم کے مریضوں کے لئے۔ دن کے وقت تکلیف بڑھے۔ گھٹنوں میں چھاتی دبا کر بیٹھنے کی پوزیشن میں کچھ بہتر محسوس کرے اور سمندر کے کنارے بھی اچھا محسوس ہو۔

میڈورئیم 200 یا 1M' پندرھویں روز' تین مرتبہ

☆ مشکل سے اور جلدی جلدی سانس لے۔ ایسا محسوس کرے کہ ہر سانس آخری سانس ہو۔ پیاس بالکل نہ ہو۔

ایبس ملفیکا 30' چار گھنٹے بعد

☆ جذبات (رنج صدمہ) وغیرہ کو دبانے کی وجہ سے دمہ۔ (ذہنی اور جسمانی طور پر نفسیاتی) تھوک کم مقدار میں آئے۔ سانس کے ساتھ دھواں اندر جانے سے تکلیف بڑھ جائے۔

اگنیشیا 1M یا 10x' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ Steroids وغیرہ لینے کے بعد ہومیوپیتھک علاج کے لئے آنے والے مریضوں کے لئے۔ ویکسین کے برے اثرات۔ ٹھنڈے قسم کے مریض۔

تھوجا 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ سانس کی نالیوں میں رکاوٹ کے سبب دمہ جس میں غدود وغیرہ میں بھی بدنظمی ہو۔

تھائراڈین (Thyroidin) 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ اعصابی کمزوری کی وجہ سے دمہ۔ تشنج اور سینے میں کھچاؤ اور تناؤ۔ پانی پینے سے کچھ افاقہ محسوس ہو۔

کوپرم میٹلیکم (Cuprum met) 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ خشک ٹھنڈے موسم میں تکلیف بڑھے اور مرطوب موسم میں بہتر ہو۔

ہیپر سلف 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ اعصابی تناؤ۔ ذہنی اور جسمانی طور پر نفسیاتی۔ سوتے ہوئے گلے میں پھندا سا لگ جائے۔

ویلیریانا (Valeriana) Q یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ مریض صحیح طور پر سانس نہ لے سکے جبکہ بستر میں لیٹا ہو۔

گرنڈیلیا اور بلاٹا

'Q (Grindelia and Blatta)

10-5 قطرے' دو گھنٹے بعد

جب ایسی نوفل کاؤنٹ (eosinophil count) زیادہ ہو تو ہسٹامائن (Histamine) اور ایسی نوفلینم (Eosinophilinumn) 1M یا 200 دینا بہت فائدہ مند ہے۔

----- ✪ -----

ہوا کی نالیوں کا پھیلاؤ

(Bronchiectasis)

(See bronchitis and asthma also)

ہوا کی نالیوں (شعبتیں) کے پھیلاؤ کو Bronchiectasis کہا جاتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ تنگیء نفس کے ساتھ نسیج میں ہوا کی موجودگی اور کھانسی۔ اخراج مشکل ہو اور بلغمی رطوبات کی زیادتی۔

انٹی مونیم آر سنکم 6 یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ شدید کھانسی اور پوزیشن (پہلو) بدلنے سے بڑھ جائے۔ دانتوں کا ناسور یا زخم۔

کریازوٹ 30' چار گھنٹے بعد

☆ کھانسی جو چھینکوں پر ختم ہو۔ اخراج مشکل ہو۔ غدوددں کی رطوبت بہت زیادہ اور سخت ہو۔

سینگا 5Q یا 10 قطرے' چار گھنٹے بعد

☆ نیلا یرقان۔ پھیپھڑے وریدی خون سے بھرے ہوں۔ خشک' تشنجی اور گھٹن والی کھانسی۔

ہائیڈروسیانک ایسڈ 30' دو گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ گھٹنے میں بہتر محسوس کرے۔ چھاتی کی حالت دن کے وقت خراب اور سمندر کے قریب بہتر محسوس کرے۔

میڈورینم 200 یا 1M' پندرھویں روز' تین مرتبہ

بائیو کیمک کی سلیسیا 6x یا 12x بھی مفید ہے۔

ذات الجنب/ذات الصدر/ پھیپھڑے کے پردے کی سوزش

Pleurisy

اس مرض میں پھیپھڑے کے پردے میں سوزش ہو جاتی ہے۔ سینے کے عضلات درد کرنے لگتے ہیں۔ اکثر اوقات سینے کے ایک طرف درد ہوتا ہے۔ سینے کو حرکت دینے اور گہرا سانس لینے سے زیادہ درد ہوتا ہے۔ سینہ کے اوپر دبانے سے آرام ملتا ہے۔ درد کی لہریں بغل اور ہنسلی کی ہڈی تک محسوس ہوتی ہیں۔ سانس کھینچ کر اور تیز آتا ہے۔ نبض بھری ہوئی اور تیز چلتی ہے۔ چہرہ سرخ ہو جاتا ہے۔ پلیوریسی کے ساتھ پھیپھڑے کے متورم ہو جانے کی صورت میں بلغم بکثرت اور خون کی آمیزش ہوتی ہے۔ یہ مرض سردی لگنے، گیلا کپڑا پہنے رکھنے، زخم یا سینے پر چوٹ لگنے سے ہو جاتا ہے۔ بعض اوقات اس مرض کا سبب مادہ سل ہوتا ہے جو پھیپھڑوں میں سرایت کر جاتا ہے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ پھیپھڑوں کے پردے کی سوزش کے ساتھ سینے میں چبھنے والے درد۔ آگے کی جانب جھکنے سے تکلیف میں اضافہ ہو۔ بلغم کا ذائقہ میٹھا سا ہو جس پر مکھیاں بیٹھیں۔

سٹینم میٹیلکم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ چھاتی میں چبھنے والا درد ہو۔ بائیں کروٹ سے لیٹنے سے تکلیف بڑھے۔ ٹھنڈے پانی کی خواہش ہو۔

فاسفورس 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ خشک سرد ہوا لگ جانے کی وجہ سے پھیپھڑوں کے پردے کی سوزش ہو جس کے ساتھ تیز بخار بھی ہو۔

اکونائٹ 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ سینے میں شدید چبھنے والا درد۔ گرمائش اور چلنے سے تکلیف بڑھے۔

کالی آیوڈیم 30، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ سینے میں کھچاؤ۔ پیاس ندارد۔ گرمائش سے تکلیف میں اضافہ ہو۔

ایپس ملفیکا 30، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ سینے میں چبھنے والے درد۔ کمر کے بل لیٹنے سے تکلیف بڑھے۔ صبح کے وقت تکلیف میں اضافہ ہو۔

سلفر 30 یا 200' ایک خوراک

☆ چھاتی میں چبھن دار درد۔ حرکت کرنے سے تکلیف میں اضافہ ہو۔ آرام اور گرمائش سے افاقہ ہو۔

برائی اونیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

بائیو کیمک کی فیرم فاس 6x کالی میور 6x اور کلکیریا فاس 12x
بھی مفید ادویات ہیں۔

دیگر اہم ادویات : آرسینک ایوڈیم' ٹوبر کولینم' نیٹرم سلف
اور ایکنے لکسا انڈیکا وغیرہ۔

——— ✪ ———

کھانسی/گلا بیٹھنا

Cough

(See hoarsness, Wheezing etc also)

کھانسی عموماً" ہوا کی نالیوں کی لعاب دار جھلی کی سوزش کی وجہ سے ہوتی ہے۔ سردی کی کھانسی اکثر اوقات چند روز رہ کر ختم ہو جاتی ہے۔ لیکن کبھی کبھار بد پرہیزی کی وجہ سے دیر تک چلتی ہے۔ بعض دفعہ کھانسی خشک ہوتی ہے اور اس کے ساتھ بلغم نہیں آتا ہے یا بہت کم مقدار میں نکلتا ہے۔ بلغمی کھانسی میں پتلا لیسدار اور چمکیلا بلغمی مادہ بڑی مقدار میں خارج ہوتا ہے عام طور پر کھانسی کا زور رات کے وقت زیادہ ہوتا ہے۔ گھبراہٹ اور بے چینی ہوتی ہے اور نیند خراب ہوتی ہے۔ کھانسی کے ساتھ گلے میں خراش ہوتی ہے۔ آواز بھاری ہو جاتی ہے۔ سینے میں گھٹن ہوتی ہے۔

عام طور سے گردوغبار، سل، آتشک، جوڑوں کے درد، بعض امراض قلب اور دھوئیں وغیرہ کے سبب سے کھانسی ہو جاتی ہے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ کھانستے ہوئے دماغ ڈھیلا پڑ جائے۔

کاربو ایجی میلس 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ کھانسی کے ساتھ محسوس ہو کہ گلے میں گرد جمی ہے۔

جیلی ڈونیم 6 یا 30، چار گھنٹے بعد

☆ کھانسی اور سانس کی گھٹن صرف دن کے وقت۔

ریومیکس 30، چار گھنٹے بعد

☆ رات کے وقت خشک کھانسی چبھن کے ساتھ۔ کھانسی سے چہرہ سرخ ہو جائے اور سر میں گھٹن سی ہو۔

بیلاڈونا 30، چار گھنٹے بعد

☆ رات کے دو اور چار بجے کے درمیان شدید کھانسی۔

کالی کارب 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ خشک کھانسی گرم اور نمکدار مشروبات کی خواہش کے ساتھ۔

لیک کینائنم (Lac Caninum) 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ کھانسی ہمیشہ چھینکوں پر آ کر اختتام پذیر ہو۔

سینگا 30، چار گھنٹے بعد

☆ پہلی ایک دو گھنٹے کی نیند کے بعد کھانسی شدید ہو۔

اریلیا (Aralia r) 30 یا Q، چار گھنٹے بعد

☆ خشک کھانسی خشک ٹھنڈی ہوا لگ جانے کی وجہ سے دماغ میں خوف یا پریشانی ہو۔

اکونائٹ 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ درد کا ہر قسم کا دورہ اعصابی کھانسی کو بڑھا دے۔

ہرا برازیل (Hura. b) 30، چار گھنٹے بعد

☆ خشک اور سخت کھانسی۔ رات کے وقت بڑھ جائے۔ دن میں ہلکے ہلکے حرکت کرتے یا چلتے ہوئے بہتر ہو۔

سفیلنم 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ کھانسی جو اوپر کی طرف جانے کی نسبت نیچے کی طرف آتے ہوئے بڑھ جائے اور شام چار سے آٹھ بجے تک زیادہ ہو۔

لائیکو پوڈیم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ سگریٹ پیتے ہوئے کھانسی میں کمی ہو۔ ہر حملے کے بعد سانس لینے میں دقت ہو۔ رونے کے دوران اور بعد میں کھانسی۔

ٹرنٹولا ہسپانیہ (Tarentula h.) 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ گلہ بیٹھنے اور آواز ختم ہو جانے کے ساتھ کھانسی۔

فاسفورس 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ پیلا اور ذائقے میں میٹھا بلغم۔ سینے میں کمزوری اور خالی پن۔

سٹینم میٹیلکم، چار گھنٹے بعد

☆ دوران حمل کھانسی۔ تشنجی کھانسی۔

وائی برنم آپولس 30' چار گھنٹے بعد

☆ سینے میں خرخراہٹ۔ بلغم نکالنا مشکل ہو۔ زبان پر سفیدی۔ کھانسی اور جمائیاں کے بعد دیگرے آئیں۔

انٹی مونیم ٹارٹ 30' آدھا گھنٹہ بعد' تین مرتبہ

☆ موسیقی سننے سے کھانسی شروع ہو جائے۔

ایمبرا گر-سیا 30' چار گھنٹے بعد

☆ ٹھنڈی ہوا لگنے کے بعد کھانسی۔ گلے میں کسی بیرونی چیز یا ریزے کا احساس۔ نگلتے ہوئے وقت محسوس ہو۔ مریض ٹھنڈ اور چھوئے جانے سے بہت زیادہ حساس۔

ہیپر سلف 30' چار گھنٹے بعد

☆ لیٹے ہوئے کھانسی میں کمی ہو۔

مینگنم (Manganum acet) 30'

چار گھنٹے بعد

☆ چیچک کے بعد کھانسی یا باری کے بخار کے دب جانے سے۔

یوپیٹوریم پرفولیم 30' چار گھنٹے بعد

☆ ہچکی کے بعد کھانسی۔

زِ ینکم 6 P یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ علامات مسلسل بدلتی رہیں۔ بہترین منتخب ادویات بھی ناکام ہو جائیں۔ ذرا سی بھی ہوا لگنے سے نزلہ زکام ہو جائے۔

ٹوبرکولینم 200' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ جب بھی چلے کھانسی ہونے لگے لہٰذا ہر وقت کھڑے رہنا پڑے۔ دھوئیں سے تکلیف بڑھے۔ کھانسی کے ہر وقفے کے بعد نیند کا غلبہ ہو۔

اکینیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ نزلے زکام کی کھانسی۔ غیرارادی طور پر پیشاب خطا ہو جائے۔ چھینکیں آئیں۔

سکیولا مارٹما (Squilla mar) 30' چار گھنٹے بعد

☆ بلغم کی بہت خرخراہٹ۔ ڈھیلی کھانسی۔ نہانے کے بعد اور صبح کے وقت زیادہ کھانسی۔
سلفر 200' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ سوتے میں خشک کھانسی۔ غصے کے بعد کھانسی زیادہ ہو۔
کیمومیلا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ خشک کھانسی۔ سسکاری (سی کی آواز) کھانسی یعنی آری چلنے اور لکڑی کا بور نکلنے کی سی آواز کے ساتھ۔
سپانجیا 30' چار گھنٹے بعد

☆ گاڑھے لیس دار بلغم یا رطوبت کے ساتھ کھانسی۔ گرم کمرے میں تکلیف بڑھے اور گرم چیزیں کھانے پینے سے بھی۔ جب ٹھنڈے پانی میں ہو تو کھانسی آئے اور ٹھنڈی چیزیں پینے سے آرام آئے اور ٹھنڈے پانی سے منہ دھونے سے بھی سکون ملے۔
کوکس کیکٹائی (Cocus Cacti) 30' چار گھنٹے بعد

☆ لیسدار' تاردار بلغم کے ساتھ کھانسی۔ مزمن نزلے زکام کا مریض۔ کھانستے ہوئے کانوں میں درد ہو۔
کالی بائی کروم 30' چار گھنٹے بعد

☆ گلے میں سانس کی نالی میں چبھن کے ساتھ کھانسی۔ تشنجی کھانسی۔ رطوبت کی قے کے ساتھ۔ چیچک وغیرہ قسم کی بیماریوں کے بعد کی کھانسی۔
کاربوویج 30' چار گھنٹے بعد

☆ خشک کھانسی۔ سانس کی نالی میں ہوا' دھواں اور دھند وغیرہ کے داخل ہونے سے تکلیف بڑھ جائے۔ بات کرتے ہوئے کھانسی آجائے۔
مینتھا پیپرٹا (Mentha Pip) 30' چار گھنٹے بعد

☆ خشک درد والی کھانسی۔ سر درد۔ رونے اور حرکت کرنے سے تکلیف بڑھ جائے۔ شدید پیاس۔ قبض کے ساتھ اجابت۔
برائی اونیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ خشک کھانسی۔ کھانسنے کے لئے جھکنا پڑ جائے۔ کھانسی کے ساتھ کوئی بلغم نہ نکلے۔
کالی میور 6x یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ مسلسل متلی اور قے کے ساتھ چھینکیں۔ زبان صاف ہو۔

اپی کاک 30' چار گھنٹے بعد

☆ لگاتار اور پھٹنے والی کھانسی۔ نزلے زکام کے بعد ہونے والی کھانسی۔

سٹرا چنینم (Strychninum) 30'

چار گھنٹے بعد

☆ کھانسی سے فاصلے کے اعضاء تک میں درد ہو جائے۔

کیپسی کم 30' چار گھنٹے بعد

☆ رات کے وقت کھانسی اور دن میں دست۔

پٹرولیم 30' چار گھنٹے بعد

☆ گرم کمرے میں شدید کھانسی۔ کھلی ہوا میں بہت ہو۔ منہ خشک ہو لیکن پیاس نہ ہو۔

پلساٹیلا 30' چار گھنٹے بعد

☆ کھانستے ہوئے بچوں کا سانس رک جائے۔ چہرہ نیلا پیلا سا ہو جائے۔ سانس کے لئے جلدی جلدی کوشش کرے۔ بندوق کے فائر کی طرح کھانسی جلدی اور مختصری۔

کورالیم (Corallium) 30' چار گھنٹے بعد

☆ کھانستے ہوئے پیشاب نکل جائے۔ مرطوب اور ٹھنڈی جگہ اچھا محسوس کرے۔ خشک کھانسی ہو۔

کاسٹی کم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کمبینیشن نمبر 6 چار چار گھنٹے بعد دینے سے بھی بہت فائدہ ہوتا ہے۔

—— ✪ ——

مزمن کھانسی

(Chronic Bronchitis)

پھیپھڑوں کی ہوائی نالیوں میں نزلی ورم ہو جانے سے کھانسی کا مرض لاحق ہوتا ہے۔ جب یہ ورم پھیپھڑوں کی کیپلریز میں ہو جائے تو اس سے شدید کھانسی کی شکایت پیدا ہو جاتی ہے۔ سینے میں خاص طور پر بالائی حصے میں جکڑن محسوس ہوتی ہے اور سانس لینے میں دقت ہوتی ہے۔ ابتدا میں کھانسی خشک ہوتی ہے لیکن چند دنوں کے بعد جھاگ دار اور لیسدار بلغم نکلنا شروع ہو جاتا ہے اور آہستہ آہستہ بلغم گاڑھا پیلا اور پیپ جیسا ہو جاتا ہے۔ اگر اس مرض کا بروقت اور صحیح علاج نہ کیا جائے تو مزمن کھانسی ہو جاتی ہے جس میں مریض کو کثرت سے ٹھنڈا پسینہ آتا ہے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ بلغم لیسدار اور گاڑھا ہونے کی وجہ سے اسے اکھاڑنے کے لئے بہت زیادہ کھانسنا پڑے۔ کھانستے کھانستے پیشاب خطا ہو جائے۔

سکیولا مارٹما (Squilla) 30، چار گھنٹے بعد

☆ سینے میں خرخراہٹ۔ سانس لیتے ہوئے آوازیں نکلیں۔ جب سونے لگے تو سانس رکنے لگے۔ جب سو کر اٹھے تو سانس لینے کے لئے ہانپنے لگے اور اٹھ کر بیٹھنا پڑ جائے۔ جب لیٹے تو سانس لینا مشکل ہو جائے۔

گرنڈیلیا (Grindelia) Q یا 6، آدھے گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ درد اور تشنجی کھانسی، تنگیٔ نفس، رات کے وقت تکلیف بڑھ جائے۔

نیفتھیلائن (Naphthaline) 30، چار گھنٹے بعد

☆ ایسے مریض جو جلد جلد کھانسی نزلے اور زکام میں مبتلا ہوتے ہیں اور انھیں سانس گھٹنے والی مزمن کھانسی ہو۔

بیسی لینم (Bacillinum) 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ جب جسم نیلا پڑ جائے اور ٹھنڈا ہو جائے۔ مریض خواہش کرے کہ اس کو پنکھا کیا جائے۔

کاربوویج 30، چار گھنٹے بعد

☆ مزمن کھانسی۔ کھانستے ہوئے جسم کے دوسرے اعضاء تک دکھنے اور درد کرنے لگیں۔
کیپسی کم 30' چار گھنٹے بعد

☆ کھانسی کے حملے کے بعد سانس رک جائے۔
کلورالم (Chloralum) 30' چار گھنٹے
بعد

☆ جب جلد جلد سانس لینا پڑے اور بہت وقت ہو۔ بہت زیادہ تنگیء نفس کے ساتھ خرخراہٹ۔ بلغم کا اخراج بڑی مشکل سے ہو۔
انٹی مونیم آرسنکم' 6 یا 30' چار گھنٹے
بعد' چھ مرتبہ

☆ سانس کی نالیوں کے پھیلاؤ کے ساتھ ساتھ تھوک یا بلغم بہت مقدار میں۔
سابل سیرولاٹا (Sabal Ser) 6 یا Q'
چار گھنٹے بعد

☆ خشک اور دشوار کھانسی۔ تھوک خارج کرنا مشکل ہو۔
انٹی مونیم آیوڈیم 30' چار گھنٹے بعد

☆ چھاتی میں سوزش کے ساتھ کھانسی۔ ٹھنڈا پانی پینے سے بہتر محسوس کرے۔ کھانستے ہوئے پیشاب خطا ہو جائے۔
کاسٹی کم 30' چار گھنٹے بعد

☆ نڈھال ہو جائے۔ سخت بے چینی ہو۔ مختصر وقفے سے ذرا سے پانی کی خواہش۔ خشک کھانسی۔ پانی یا کچھ اور پینے کے بعد تکلیف بڑھ جائے۔ آدھی رات کے وقت اٹھ کر بیٹھ جائے۔ ٹھنڈ محسوس کرے۔
آرسنک البم 30' چار گھنٹے بعد

—— ✪ ——

کھانسی

(Bronchitis)

Acute (حاد)

See cough also

بلغی جھلیوں اور ہوا کی نالیوں کی سوزش کو Bronchitis کہا جاتا ہے اور اسی کی وجہ سے کھانسی ہوتی ہے۔ حاد قسم کی کھانسی کے تین مراحل یا حالتیں ہیں۔ ان تینوں مراحل اور حالتوں کے لئے علامات کے مطابق علیحدہ علیحدہ تفصیل اور دوا نیچے بیان کی گئی ہے۔

پہلا درجہ

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ خشک کھانسی جس سے بخار اور سر میں شدید درد ہو۔ بہت زیادہ وقفے کے بعد زیادہ مقدار میں ٹھنڈا پانی پینے کی خواہش ہو۔ حرکت سے تکلیف میں اضافہ ہو جائے۔

برائی اونیا 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ صحت مند آدمی جو اچانک ٹھنڈی ہوا لگنے سے جلد متاثر ہو جائیں۔ طبیعت میں بے چینی ہو اور ٹھنڈ محسوس کریں۔ بخار تیز ہو۔ نبض تیز ہو۔ خوف اور فکر مندی بہت ہو۔

ایکونائٹ 30 یا 200' دو گھنٹے بعد

☆ جسمانی طور پر کمزور اشخاص اور تیز بخار ہو۔

فیرم فاس 6x یا 30' تین گھنٹے بعد

☆ بخار' نزلہ زکام۔ سینے میں خراش اور تھکا دینے والی اور گھٹن والی کھانسی۔ پسینہ آنے سے بھی تکلیف میں کمی نہ آئے۔ منہ میں تھوک بھر جائے۔

مرکیورس سال 30' چار گھنٹے بعد

☆ آنکھیں سرخ۔ چہرہ چمکیلا سرخ۔ تیز بخار۔ سانس لینے میں دقت۔ جلدی جلدی چھوٹے چھوٹے سانس لینے پڑیں۔ خشک کھانسی۔ گلا بیٹھ جائے۔ جلد خشک اور گرم۔ لیکن جسم کے ڈھکے ہوئے حصے نم آلود۔

بیلاڈونا 30' دو گھنٹے بعد

اگر اوپر دی گئی ادویات میں سے کسی سے بھی افاقہ نہ ہو رہا ہو تو سلفر کی 30 یا

خشک اور اچانک ہونے والی کھانسی کے علاج کے لئے پہلی خوراک ایکونائٹ 200 تین گھنٹے بعد دوسری خوراک ہیپر سلف 200 اور چار گھنٹے بعد تیسری خوراک سپانجیا 200 اور اس کے بعد ہیپر 200 اور سپانجیا 200 کی یکے بعد دیگرے چار چار گھنٹے بعد دونوں کی دو دو خوراکیں دینے سے بہتر نتائج حاصل کئے جا سکتے ہیں۔

کالی کھانسی

Whooping Cough

(See cough also)

کالی کھانسی اکثر تین سال سے دس سال تک کی عمر کے بچوں کو ہوتی ہے۔ یہ مرض عمر بھر میں صرف ایک ہی مرتبہ ہوتا ہے۔ اس مرض کا سبب ایک خوردبینی کیڑا بتایا جاتا ہے جو کہ مریض کی ناک اور منہ کی رطوبت میں پایا جاتا ہے۔ اگرچہ کالی کھانسی خود زیادہ مہلک نہیں ہوتی لیکن اس کی وجہ سے بعض دوسری تکالیف پیدا ہو جاتی ہیں۔ کھانستے ہوئے زور لگانے کی وجہ سے آنکھیں سرخ ہو جاتی ہیں۔ ناک یا کان سے خون جاری ہو جاتا ہے۔ کان کا پردہ پھٹنے کا بھی خطرہ ہوتا ہے۔ بخار، تیز تنفس اور سینے میں سیٹی سی بجنے لگتی ہے۔ بعض اوقات پھیپھڑوں میں ورم ہو جاتا ہے اور دمہ بھی ہو سکتا ہے۔ کمزور بچوں کے سر میں پانی بھی جمع ہو سکتا ہے۔ تشنج کا عارضہ بھی ہو سکتا ہے۔ کھانسی کی اصل وجہ ہوا کی نالیوں کی لعاب دار جھلی کی سوزش ہوتی ہے۔ کھانسی کے دوران ہوا اندر کی جانب کھینچنے سے حلق میں تیزی کے ساتھ گزرنے کی وجہ سے ہوپ سی آواز نکلتی ہے اور زیادہ کھانستے ہوئے مریض کی رنگت بھی کالی سی ہو جاتی ہے اس لئے اسے کالی کھانسی کہتے ہیں۔ اس مرض کی ابتداء میں عام طور پر بخار ہوتا ہے۔ نزلہ زکام ہو جاتا ہے۔ عام طور پر کالی کھانسی کے سخت اور طویل دورے پڑتے ہیں۔ مریض کا دم گھٹنے لگتا ہے۔ عام طور پر کھانسی کا دورہ رات کے وقت زیادہ ہوتا ہے۔ عام طور پر کھانسی کی میعاد چھ ہفتے ہوتی ہے۔ لیکن یہ عرصہ کم زیادہ بھی ہو سکتا ہے۔ متعلقہ ادویات کے ساتھ ساتھ چھاتی اور کمر پر زیتون کے تیل سے مالش کرنا بھی مفید ہے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ معاون دوا۔ کالی کھانسی کا علاج شروع کرنے کے لئے بہترین دوا۔ سفیلنم 1M ایک خوراک

☆ کالی کھانسی کی اعلیٰ ترین دوا جبکہ کھانسی کا حملہ اچانک اور شدید ہوا ہو۔
ڈروسیرا Q یا 6' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ مدافعتی یا احتیاطی دوا۔ سفیلنم کے بعد اس کی ایک خوراک دینے سے بہتر نتائج حاصل کئے جا سکتے ہیں۔

پرٹوزین (Pertussin) 200 یا 1M'
ایک خوراک

☆ گلے کی خشکی کے ساتھ کالی کھانسی۔ پیٹ میں درد ہو اور کھانسی کا دورہ پڑنے پر آنکھ سے آنسو تک نکل آئیں۔ ٹھنڈ سے تکلیف میں اضافہ ہو جائے۔
بیلاڈونا 30' چار گھنٹے بعد ۔

☆ جوان بچوں کی کھانسی کے لئے بہترین دوا۔ جن کی تکلیف ذرا سے سانس' ہوا اور دھند سے بڑھ جائے۔

مینتھا پیپرٹا (Mentha Pip) 30'
تین گھنٹے بعد

☆ کھانسی کے ساتھ سخت اور لیسدار مادہ کی قے بھی ہو رات کے وقت اور گرمائش سے تکلیف میں اضافہ ہو جائے۔ ٹھنڈے کمرے میں اور ٹھنڈی چیزیں پینے سے افاقہ ہو۔
• کوکس کیکٹس (Coccus Cact)
30' چار گھنٹے بعد

☆ کھانسی کے ساتھ تشنج' ٹھنڈے اور چپکنے والے پسینے کے ساتھ تبدیل ہونے والی کیفیات کے لئے۔

کوپرم آرسنکم (Cuprum ars) 30'
تین گھنٹے بعد

☆ کھانا شروع کرنے پر چند نوالے لینے کے بعد کھانسی اور قے ہونے لگے۔
برائی اونیا البم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی میگنیشا 6x اور کلکیریا فاس 6x بھی مفید ادویات ہیں۔

یرقان

Jaundice

یرقان بذات خود مرض نہیں بلکہ بعض امراض جگر اور بعض دوسرے امراض کی علامت ہے۔ یہ مرض متعدی بھی ہوتا ہے جو ایک مخصوص وائرس کی وجہ سے ہوتا ہے اور ایک مریض سے دوسرے تک کھانسی اور چھینکوں کے ذریعے پھیلتا ہے۔ یہ مرض موسم خزاں میں زیادہ ہوتا ہے۔

اس مرض کے آغاز میں بھوک مر جاتی ہے۔ آنکھوں کی رنگت زرد ہو جاتی ہے۔ اکثر جی متلاتا ہے۔ پیٹ میں بے چینی ہوتی ہے۔ زیادہ مریضوں کو قبض کی شکایت ہو جاتی ہے۔ عام طور پر پہلے چار دن بخار ضرور ہوتا ہے' جو کہ 99 اور 101 درجے تک ہوتا ہے۔ چوتھے دن بخار اترتے ہی یرقان ظاہر ہونے لگتا ہے۔ یرقان کی حالت میں پاخانہ بے رنگ اور پیشاب سرخی مائل آتا ہے۔ بخار اترتے ہی عام طور پر بھوک لگنے لگتی ہے۔ جگر اور تلی بڑھ جاتے ہیں۔ جسم پر خارش ہوتی ہے۔ بعض اوقات جسم پر دانے بھی نکل آتے ہیں کبھی مریض کو ہر چیز زرد دکھائی دیتی ہے۔ مرض بڑھ جانے کی صورت میں پیشاب پاخانہ بھی زرد آتا ہے۔ بلکہ تھوک بھی زرد آنے لگتا ہے۔ بعض بچوں کو پیدائش کے چند دن بعد یرقان ہو جاتا ہے۔ تین دن کے اندر یہ مرض بڑھ کر سات سے چودہ دن کے اندر رفع ہو جاتا ہے۔ یرقان کا بروقت علاج کرانا ضروری ہے ورنہ اس سے بڑی پیچیدگیاں پیدا ہوتی ہیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ جھاگدار سیاہی مائل پیشاب۔ لگاتار متلی کے ساتھ۔ خصوصیت سے موقوفیٔ حیض کی عمر کے دوران یرقان کے لئے۔

لیکے سس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ شدید بھوک۔ چہرے کی رنگت گہرے بھورے رنگ کی سی۔ جلد پیلی اور گندی۔

آیوڈیم 30' چار گھنٹے بعد

☆ بے چینی اور بخار کے ساتھ جگر کے آس پاس شدید درد۔ حمل کے دوران یرقان۔ نومولود بچے کے یرقان کے لئے۔

اکونائٹ 30' تین گھنٹے بعد

☆ شدید پیاس اور قبض۔ گوشت وغیرہ کی خوراک کھانے کے بعد تکلیف زیادہ ہو۔ معدے میں پھاڑنے اور پھیلنے والے درد کے ساتھ۔

برائی اونیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' چھ مرتبہ

☆ خشک اور سخت پاخانہ۔ آنکھ کا سفید پردہ پیلا ہو۔ بھوک بالکل ختم ہو گئی ہو۔ متلی اور قے ہو۔ دودھ پینے سے بدہضمی ہو جائے۔ دائیں کوکھ میں درد۔

کیریکا پپایا Q (Carica Papaya)

یا 30' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ ٹھنڈ محسوس کرنے والے مریض۔ جلدی جلدی اجابت کی ضرورت محسوس کرے لیکن اخراج نہ ہو۔ ریاح' گیس' ہوا یا بلند معیار زندگی کی وجہ سے یرقان ہو۔

نکس وامیکا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ کونین کے اثرات بد کی وجہ سے یرقان۔ شدید نہ بجھنے والی پیاس اور بے چینی۔

آرسنک البم 30' چار گھنٹے بعد

☆ نومولود کو یرقان ہو۔ بچہ بہت زیادہ روئے اور چیخے گود میں لے کر پھرنے سے سکون محسوس کرے۔

کیمومیلا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ جگر کی سوزش کی وجہ سے پیچیدگیوں کے سبب یرقان۔ چاک کی طرح گندے بدبودار پانی کی طرح کے پاخانے۔

پوڈو فائلم 30' چار گھنٹے بعد

☆ رطوبات زندگی ضائع ہونے اور ضرورت سے زیادہ مباشرت کرنے کی وجہ سے یرقان۔ ہاضمہ کمزور۔ جگر پر ورم ہو اور بہت حساس ہو جائے۔ ریاحی تکلیفات کی وجہ سے یرقان ہو۔

چائنا 30 یا 6' چار گھنٹے بعد

☆ یرقان کی ابتداء میں جبکہ زبان صاف ہو اور متلی اور بدہضمی ہو۔

اپی کاک 30' تین گھنٹے بعد' چھ مرتبہ

☆ خون کی کمی کے ساتھ دماغی اور پھیپھڑوں کی تکلیفوں کے ساتھ یرقان۔

فاسفورس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ آنکھیں پیلی۔ جگر بہت زیادہ حساس کہ چھونے سے بھی تکلیف ہو۔ جگر میں پھیلنے اور بڑھنے والا درد جو جگر کے اطراف میں جائے۔

چیلی ڈونیم Q یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ کالا اور مہلک یرقان۔ ناک' منہ' اندام نہانی اور آنتوں سے گہرے رنگ کا خون خارج ہو۔

کروٹیلس ہرائڈس (Crotalus H)

30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ زبان پر سفیدی خصوصاً" مرکزی حصے میں۔ بائیں جانب لیٹنے کے بعد دائیں کوکھ میں پھاڑنے والا درد۔ بدذائقہ۔ متلی اور قے اور ہلکا سردرد۔

کارڈس میریانس (Carduus M) Q یا

30' چار گھنٹے بعد

☆ جگر کی بدنظمی کے ساتھ یرقان۔ تارکول کی طرح کالا پاخانہ۔

لیپٹنڈرا (Leptandra) 30' چار گھنٹے بعد

☆ ہیمولیٹک (Haemolytic) یرقان کے لئے

T.N.T 200' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ معاون دوا۔

سلفر 30 یا 200' ہفتہ وار' تین مرتبہ

بائیو کیمک کی فیرم فاس 6x سلفر 30 یا 200 کالی میور 6x اور نیڑم سلفر 12x بھی مفید ادویات ہیں۔

پتے میں پتھری کا درد

Gall Stone Colic

پتے میں صفرا یا کسی کرم کے اسمیں چلے جانے سے اس پر صفراوی تہیں جم کر پتھریاں بن جاتی ہیں۔ جو چنے یا ماش کے دانے کے برابر' نوک دار اور گول سی ہوتی ہیں۔ یہ تعداد میں دو چار دس اور سینکڑوں کی تعداد میں ہو سکتی ہیں۔ جب یہ صفرے کی کنکریاں پتے کے اندر رہتی ہیں تب تک مریض کو کوئی تکلیف یا درد نہیں ہوتا لیکن جب کوئی پتھری پتے سے نکل کر نالی میں آتی ہے تو نم معدہ اور دائیں طرف پسلیوں کے نیچے شدید اور ناقابل درد اور ٹیسیں ہوتی ہیں جنکی لہریں شکم اور دائیں کندھے تک جاتی ہیں۔ جب تک یہ کنکری پتے میں واپس نہ چلی جائے یا بارہ انگشتی آنت (ڈیوڈنم) میں نہ گر جائے تب تک سخت درد ہوتا رہتا ہے اور اگر یہ کنکری نالی میں پھنس جائے اور صفرا کی نالی کو بند کردے تو یرقان کا مرض ہو جاتا ہے۔ مریض کو ہچکیاں آنے لگتی اور جی متلانے لگتا ہے۔ قبض ہو جاتا ہے۔ اسی کے ساتھ بدہضمی کی شکایت ہو جاتی ہے۔ مریض کچھ کھانے پینے سے گریز کرنے لگتا ہے۔ پتے کا یہ ورم پرانا ہو جائے تو بہت سی کنکریاں بن جاتی ہیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ پتے کی پتھری کے درد کے لئے سب سے اعلیٰ دوا۔

کالسٹرینم (Cholesterinum)' چار گھنٹے بعد

☆ سب سے بہترین دوا۔ پتے میں پتھری کا درد جو دائیں مونڈھے کے نچلے کنارے سے گذرے۔ جگر چھونے اور دبانے سے نرم لگے۔ چہرہ پیلا اور میلا سا ہو۔ قے آئے۔

چیلی ڈونیم 30' چار گھنٹے بعد

☆ پتے میں پتھری کا درد۔ مریض یخ ٹھنڈی چیزوں آئس کریم مشروبات اور پانی کی خواہش کرے۔

فاسفورس 200' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ ٹھنڈ کا شدید احساس۔ کثرت پسینہ کے ساتھ دائیں سے بائیں جانب تیر کی سی تیزی کے ساتھ بڑھنے والا درد۔

کلکیریا کارب 30 یا 200' ہفتہ وار' تین مرتبہ

تلی کی تکلیفات

Ailments of Spleen

تلی میں اجتماع خون، تلی کا بڑھ جانا اور خون کا پھیکا ہو جانا تلی کے عام امراض ہیں۔ جن میں تلی کسی قدر بڑھ جاتی ہے اور سخت ہو جاتی ہے۔ دبانے سے دکھتی ہے۔ اکثر قبض کی شکایت ہو جاتی ہے۔ بعض اوقات اسہال شروع ہو جاتے ہیں۔ خون پھیکا اور پتلا ہو جاتا ہے۔ ہاضمہ خراب ہو جاتا ہے پسینہ کثرت سے آنے لگتا ہے۔ خشک کھانسی ہو جاتی ہے۔ تلی کا حجم اور وزن بڑھ جاتا ہے، جو ہاتھ لگانے سے بڑھی ہوئی محسوس ہوتی ہے۔ چہرہ زرد ہو جاتا ہے اور مریض روز بروز کمزور ہوتا جاتا ہے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ تلی کے مقام پر تیز درد۔ پاخانہ قبض سے ہو۔

ہائیڈراسٹس کین Q یا 30، چار گھنٹے بعد

☆ تلی بڑھ جانے کی وجہ سے استسقا اور سوجن۔ بے چینی اور نہ بجھنے والی پیاس ہو۔

آرسنک البم 30، چار گھنٹے بعد

☆ تلی بڑھ جائے اور چھونے سے حساس۔ ورم آلود تلی۔ مریض ٹھنڈے مشروبات کی خواہش کرے۔

فاسفورس 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ بچپن میں تلی اور جگر بڑھ جائے۔

فلکیریا آرسنک 6، چار گھنٹے بعد

☆ بڑھی ہوئی تلی اور درد۔ بائیں جانب کے تمام حصے میں درد ہو۔ سانس لینے میں دقت ہو۔

سینو تھس Q 5-10 قطرے، چار گھنٹے بعد

☆ تلی بڑھی ہوئی اور سخت۔ اچھی خوراک کھانے کے باوجود لاغر ہوتا جائے۔

آیوڈیم 30، چار گھنٹے بعد

☆ تلی پر ورم آ جائے۔ مرطوب آب و ہوا میں تکلیف بڑھے۔ ٹھنڈ محسوس ہو۔ باخر ست ہو۔

چائنا 6 یا 30' چار گھنٹے بعد

تلی کے مقام پر کاٹنے والے دردوں کے لئے بائیو کیمک کی کلکیریا فاس 6x اور چبھنے والے دردوں کے لئے جس میں حرکت کرنے سے اضافہ ہو' کالی فاس 6x بہترین ادویات ہیں۔

لبلبے کی تکلیفات

Affections of Pancreas

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ چربی اور موٹاپا کم ہو رہا ہو۔ بدہضمی کی شکایت ہو۔ برف کی مانند ٹھنڈی چیزوں کی خواہش ہو۔

فاسفورس 30 یا 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ سر کی جانب خون کے دوران کے ساتھ لبلبے کی سوزش اور نزلہ زکام اور ناک بہنا۔

بیلاڈونا 30، تین گھنٹے بعد

☆ لبلبے سوزش زدہ۔ جلن کا احساس۔ بدہضمی اور میٹھے سے مادہ کی قے۔

آئرس ورسیکلر (Iris V) 30، چار گھنٹے بعد

☆ سکڑا ہوا لبلبہ۔ شدید بدہضمی اور قے۔ گوشت اور وزن کم ہو رہا ہو۔ جبکہ اچھی اور مقدار میں کافی خوراک کھا رہا ہو۔

آیوڈیم 30، چار گھنٹے بعد

☆ بڑھا ہوا لبلبہ۔ خاص طور پر گنڈ مالا کی یا خنازیری تکلیفات میں مبتلا مریض کے لئے۔

کلکیریا آیوڈیم 30، چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی کالی فاس 6x بھی مفید دوا ہے۔

بدہضمی

Indigestion

اس مرض میں ہاضمے میں نقص ہو جاتا ہے۔ معدے کے انہضام کا فعل درست نہیں رہتا۔ مختلف مریضوں میں مرض کی مختلف علامات ہوتی ہیں۔ چنانچہ شدید بدہضمی یا تو کبھی کبھار ہوتی ہے یا پرانی بدہضمی میں علامات شدید ہو جاتی ہیں۔ کھانے کے چند گھنٹوں بعد معدے میں درد یا بوجھ ہوتا ہے۔ ڈکاریں آتی ہیں۔ غذا منہ کی طرف واپس آتی ہے۔ متلی اور قے بھی ہوتی ہے۔ کبھی قبض اور کبھی اسہال آسکتے ہیں۔ منہ سے بدبو آتی ہے۔ پیٹ دبانے سے درد ہوتا ہے۔ پرانی بدہضمی میں بھوک مر جاتی ہے۔ مقام معدہ میں گرانی اور ہلکا ہلکا درد رہتا ہے۔ پیٹ میں نفخ ہوتا ہے۔ کھانے کے بعد گیس بن جاتی ہے۔ بلند آواز سے ڈکاریں آتی ہیں۔ غذا جزو بدن نہیں بنتی ہے۔

بدہضمی کی بڑی وجہ ضرورت سے زیادہ کھانا' چبا کر نہ کھانا' کچی یا ثقیل چیزیں کھانا۔ ترش اور چربی والی غذائیں کھانا۔ تمباکو اور چائے وغیرہ کا زیادہ استعمال کرنا۔ بے وقت کھانا۔ ورزش اور سیر نہ کرنا' خون کا خراب ہونا' ذہنی اور جسمانی محنت زیادہ کرنا۔ غیر ضروری طور پر طرح طرح کی ادویات استعمال کرنا وغیرہ عام اسباب ہیں۔ عصبی کمزوری' پائیوریا' ذہنی پریشانیاں' جگر اور پنکریاز کی رطوبت میں نقص ہونے کی وجہ سے بھی بدہضمی کی شکایت ہوتی ہے۔ دوسری کسی بیماری مثلاً" بخار وغیرہ کی وجہ سے بھی ہاضمہ خراب ہو جاتا ہے۔

اس مرض کے علاج کے ساتھ ساتھ پرہیز کرنا بہت ضروری ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ غصہ کرنے کے بعد بدہضمی۔ دوہرا ہونے سے بہتر محسوس کرے۔

کالوسنتھ 30 یا 200' چار گھنٹے بعد'

تین مرتبہ

☆ بہت زیادہ پیاس اور قبض۔ کافی پینے کے بعد بدہضمی۔

نیٹرم میور 30 یا 200' تین گھنٹے بعد'

تین مرتبہ

☆ کسی رنج' مایوسی اور اعصابی کمزوری کی وجہ سے بدہضمی۔

اگنیشیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ جو کچھ بھی کھائے پیئے قے کر دے۔ کسی بھی چیز کا صحیح ذائقہ محسوس نہ کرے۔ زبان جلی ہوئی سی محسوس ہو۔ مسلسل درد ہو۔ ایسا محسوس ہو کہ جوف شکم میں کوئی نوک دار چیز چبھی ہو۔ بہت زیادہ تکلیف محسوس کرے۔ ناشتہ کرنے اور سبزیاں کھانے کے بعد تکلیف بڑھے۔

ہائیڈراسٹس کین 6 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ زیادہ چائے پینے سے بدہضمی ہو جائے۔

تھوجا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ مٹھائیاں کھانے یا کسی قسم کا خدشہ محسوس کرنے سے بدہضمی۔

ارجنٹم نائٹریکم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ جگر کے مقام پر ہلکا سا درد۔ خشک کھانسی۔ صفراوی بدہضمی۔ بہت مقدار میں پانی کی پیاس لیکن گرم مشروبات سے قے ہو جائے۔ کاروبار کے بارے میں سوچتا رہے۔ پیٹ میں پتھر کا سا بھاری پن۔ دل میں جلن سی محسوس ہو۔ جوف شکم میں بھاری پن۔ کھانے کے فوراً بعد کمر کے بل لیٹنے سے بہتر ہو۔

برائی اونیا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ بائیں جانب کی پسلی کے نیچے کسی چھوٹے سے مقام پر درد۔ خراش اور سوجن اور نرم پن۔ کھانے کے فوراً بعد درد، جلن اور بھاری پن۔ درد پیچھے کی جانب کندھوں کی طرف پھیلے۔ کھانے کے بعد کچھ بہتر ہو۔

کالی بائی کروم 30، چار گھنٹے بعد

☆ خوراک کی نالی میں گھٹن اور سکڑنے کے ساتھ بدہضمی۔

ابیس نائگرا (Abies nig) 30، چار گھنٹے بعد

☆ خدشات اور خوف کی وجہ سے بدہضمی۔ کوئی بری خبر سن کر یا کہیں جاتے ہوئے بدہضمی۔

جیلسی میم 30 یا 200، آدھا گھنٹہ بعد، تین مرتبہ

☆ شدید قسم کا اپھارا۔ بہت زیادہ ڈکاریں۔ صبح کے وقت مدہوشی۔ صفراوی۔ جگر کے قریب چبھنے والے درد۔ تھوڑا اور ہلکا کھانے کے باوجود جوف شکم میں بھاری پن، جلن اور دباؤ۔

شراب اور مسالے دار چیزیں کھانے کی خواہش۔ چلنے سے تکلیف بڑھے اور کھانے کے بعد بہتر ہو۔

ہیپر سلف 30' چار گھنٹے بعد

☆ کھانے کے ذائقے کی ڈکاریں۔ کچے کھانے کی ڈکاریں۔ معدے میں جلن۔ چند گھنٹے پہلے کھائے ہوئے کھانے کی قے۔ بہت زیادہ اپھارا۔ ایسا محسوس ہو کہ بہت زیادہ کھا لیا ہے۔ معدے میں پتھر کا سا بھاری پن۔ کھانے کے ایک دو گھنٹے بعد قے ہو۔ کھایا پیا نکل جائے۔ گرم کرنے میں تکلیف بڑھے۔ عمدہ اور گرم کھانے سے بھی تکلیف میں اضافہ ہو۔ ٹھنڈی چیزیں کھانے سے عارضی طور پر کچھ افاقہ ہو۔

پلساٹیلا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ ریاحوں کے ساتھ بدہضمی۔ ریاح خارج کرنے کے بعد بہتر محسوس کرے۔

کاربوویج 30' چار گھنٹے بعد

☆ اپھارا اور پیٹ درد۔ سوتے ہوئے منہ سے تھوک ٹپکے۔ مسلسل ابکائی آنے کو ہو۔ کھانے کے ذائقے اور تیزابی ڈکاریں۔ کھانے کے قریباً" دو گھنٹے بعد جوف شکم میں کھنچاؤ کے ساتھ درد ہو۔ متلی اور کمزوری محسوس کرے۔ صبح کے وقت کپکپی ہو۔ بہت زیادہ جلن۔ پیٹ درد اور اپھارا ہو۔

گریفائٹس 30' چار گھنٹے بعد

☆ بیٹھے رہنے کے عادی لوگ۔ زیادہ کھا لینے سے بدہضمی کی شکایت ہو۔

نکس وامیکا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ دل میں جلن سی محسوس ہو۔ سانس لینے میں دقت ہو۔ پیٹ اور آنتوں میں ڈاٹ سی اٹک جائے۔ کھانے کے دو سے تین گھنٹے بعد درد۔ پیٹ بھرا بھرا معلوم ہو۔ منہ کا ذائقہ خراب ہو۔ دل ڈوبتا سا محسوس ہو۔ ٹھنڈے مشروبات پینے کے بعد اور جذباتی دباؤ سے تکلیف میں اضافہ ہو۔

اناکارڈیم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ پیٹ اور معدے میں جلن کے احساس کے ساتھ بے چینی۔ نہ بجھنے والی پیاس۔ رکھے ہوئے باسی کھانے اور سبزیاں کھانے سے بدہضمی۔

آرسنک البم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

بائیو کیمک کی کلکیریا فاس 6x اور سلیسیا 12x چار گھنٹے بعد دینا بھی فائدہ مند ہے۔

——— ✪ ———

ضعف معدہ/بدہضمی

(گیس کی شکایات کے ساتھ معدے کی گڑبڑ اور بدہضمی)

Dyspepsia

(See Flatulence also)

معدے کا فعل درست نہ رہنے کی وجہ سے بدہضمی کی شکایت ہو جاتی ہے۔ ہاضمہ خراب ہو جاتا ہے۔ معدے کی جگہ اکثر اوقات درد ہوتا ہے۔ معدے پر بوجھ سا ہوتا ہے۔ بعض اوقات غذا منہ کی طرف واپس آتی ہے۔ ڈکاریں، متلی اور قے ہوتی ہے۔ بعض اوقات شکم میں نفخ ہو جاتا ہے۔ پیشاب میں البیومن خارج ہونے لگتی ہے۔ دست آنے لگتے ہیں یا قبض ہو جاتا ہے۔ بسیار خوری، کچی پکی غذائیں کھانا، کھانے کے ساتھ پانی زیادہ پی لینا، چبا کر نہ کھانا، جگر اور پنکریاز کی رطوبت میں نقص ہو جانا، مرغن اور ثقیل چیزیں کھانا وغیرہ اس مرض کے عام اسباب ہیں۔ ورزش نہ کرنا، شراب نوشی، تمباکو نوشی، چائے نوشی، عصبی کمزوری اور آنتوں کی تکلیفات بھی اس مرض کے اسباب ہیں۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ ہلکا ریاحی درد۔ کھٹی ڈکاریں اور متلی۔ بھوک مرجانا۔ زبان لمبی سی پلپلی اور پتلی۔
ہائیڈراسٹس کین 6 یا 30، چار گھنٹے بعد

☆ صبح کے وقت سخت متلی۔ انتہائی کمزوری کے ساتھ سبزی مائل زرد قے۔ شدید بھوک۔ مٹھائیوں کے لئے خواہش۔ ہوا کا اخراج معدے کے بھاری پن کے ساتھ۔ کھانے کے بعد زیادہ ہو جائے۔ ذائقہ کڑوا۔ تلے ہوئے کھانوں سے بدہضمی۔ کھٹی ڈکاروں کے ساتھ سخت تیزابیت۔
ایتھسا انڈیکا 30، چار گھنٹے بعد

☆ نشہ کرنے اور شراب پینے والوں کا ضعف معدہ یا بدہضمی۔
نیٹرم سلف 12x یا 30، چار گھنٹے بعد

☆ جوف شکم یا معدے میں گیس یا ریاح کے ساتھ درد۔ زردی مائل بھوری زبان۔ زبان کے کناروں پر دانتوں کے نشان۔
چینی سلینم 30، چار گھنٹے بعد

☆ کھانے کے فوراً" بعد پیٹ میں شدید درد اور کھچاؤ۔
گریشولا (Gratiola) 30' چار گھنٹے
بعد

☆ مسکن ادویات کھانے کے بعد بد ہضمی۔
پوڈو فائلم 30' چار گھنٹے بعد

اعصابی کمزوری سے ہونیوالی بد ہضمی کے لئے بائیو کیمک کی
کالی فاس 6x یا 30 بہترین دوا ہے۔

آلات ہاضمہ / اعضاء ہاضمہ کے زخم

Peptic Ulcer

(Including gastric of Duodenal ulcers)

اس مرض کی ابتداء میں بد ہضمی کی شکایت ہوتی ہے۔ کچھ عرصے بعد تم معدہ میں ایک رسولی محسوس ہوتی ہے اور درد ٹیس اور جلن ہونے لگتی ہے۔ دبانے یا کھانا کھانے سے یہ درد اور زیادہ ہوتا ہے۔ اکثر قے آتی ہیں۔ جس میں غذا اور کینسر کے ٹکڑے اور خون خارج ہوتا ہے۔ سخت قسم کا قبض ہو جاتا ہے۔ پیٹ سخت ہو جاتا ہے۔ بدبو دار ڈکاریں آتی ہیں۔ برچھی چبھنے اور چھری گھونپنے کے سے درد ہوتے ہیں۔ مریض روزبروز کمزور و لاغر ہوتا جاتا ہے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ معدے سے متعلقہ مقامات کا حساس پن۔ کمر کے بل لیٹنے اور چلنے سے تیزابیت ہو۔ معدے میں جلن ہو اور کسی بھی قسم کا کھانا موافق نہ آئے۔ تیزابی بد ہضمی جس سے دل میں جلن ہو۔ معدے میں جلن، جو بعض اوقات کر کے کسی خاص حصے میں پہنچے اور گیس کی وجہ سے تناؤ ہو۔
کاربوویج 30 یا 200' چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ جوف شکم کے پار درد بھری حساسیت۔ معدے میں زخم جس سے خون کا اخراج ہو۔ بارہ انگشتی آنت سے کھانا گذرنے کے دوران شدید درد ہو۔
اورنی تھوگیلم (Ornithogalum) 5-10Q قطرے، چار گھنٹے بعد

☆ ہر کھانے کے بعد شکم اور معدے میں غیر معمولی تناؤ اور کھنچاؤ۔ کھانے کے بعد معدے میں گڑگڑاہٹ اور پتلے پاخانے آئیں۔

نائٹرک ایسڈ 30 یا 200، چھ گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ معدے میں انتہا درجے کی جلن اور چبھن۔ جلن دار گرمی کے ساتھ ورم اور سوزش معدہ۔ شدید بے چینی کے ساتھ درد۔ پیاس شدید۔

آرسنک البم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ خالی ڈکاریں۔ کافی کے رنگت کی قے جس میں سیاہ تیزابی مادہ شامل ہو۔ گرمی کے موسم میں تکلیف بڑھے۔ مسالہ دار اور تیز کھانوں کی خواہش ہو۔

فاسفورس 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ چبھنے والے درد جو کہ پسلیوں کے نچلے حصے میں پھیلیں۔ گہرے سانس اور چھونے سے تکلیف میں اضافہ ہو۔ جلن کے ساتھ پیٹ درد۔ معدے میں گرمی کا احساس۔ میٹھی چیزوں کی خواہش جن کو کھانے سے تکلیفات بڑھیں۔

ارجنٹم نائٹریکم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

دیگر اہم ادویات : کالچی کم، سٹینی سیگریا، سفیلنم، پائیرو جینم۔

بائیو کیمک کی نیٹرم 6x بھی مفید دوا ہے۔ دودھ میں ملا چونے کا پانی تیزابیت کم کرنے کے لئے بہتر ہوتا ہے۔

Nausea

جی متلانا بذات خود کوئی مرض نہیں ہے بلکہ یہ کسی دوسرے مرض کی علامت اور نتیجہ ہوتا ہے۔ مثلاً معدہ، جگر، گردوں، انتڑیوں، رحم اور بخار کے امراض میں متلی اور قے ہوتی ہے۔ جب معدے کی خرابی یا بدہضمی کی وجہ سے قے آتی ہے تو جی متلاتا ہے۔ جبکہ دماغی قے آنے سے پہلے دل نہیں متلاتا بلکہ خالی معدہ ہونے کی وجہ سے ابکائیاں آتی ہیں۔ معدے کے اپنی جگہ سے ہٹ جانے، معدے کے دب جانے، دورے کی سوزش یا تشنج، زیادہ مقدار میں یا نا مرغوب یا خراب اور گلی سڑی اشیاء کھانے سے متلی ہوتی اور قے آتی ہے۔ دماغ کے پردوں کی سوزش، دماغ کے بل جانے، دماغ پر چوٹ لگنے اور دماغ چکرانے سے بھی متلی اور قے ہوتی ہے۔ بعض اشیاء کی بو سے بھی نازک مزاج لوگوں کا جی متلاتا اور قے آتی ہے۔ بعض اشیاء کی سمیت اور زہر سے بھی متلی اور قے کی تکلیف ہوتی ہے۔ اصل مرض کی تشخیص اور علاج کے بعد متلی اور قے رفع ہو جاتی ہے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ معدے کے آپریشن کے بعد کے لئے۔ مریض تمباکو کی خواہش کرے۔

سٹیفی سیگریا 30 یا 200، تین گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ ریڑھ کے مہروں کی تکلیفات کی وجہ سے متلی۔ جب آنکھ بند کرے سر چکرانے کے ساتھ متلی ہو۔ ذرا سی بھی حرکت کرنے سے متلی۔

تھیریڈیان 30، تین گھنٹے بعد

☆ صاف اور گیلی زبان کے ساتھ لگاتار متلی کا احساس۔

اپی کاک 30، تین گھنٹے بعد

☆ اوپر کی جانب دیکھنے سے متلی۔ پیاس ندارد۔ گرم کمرے میں تکلیف بڑھے جبکہ ٹھنڈی اور کھلی ہوا میں بہتر ہو۔

پلساٹیلا 30 یا 200، تین گھنٹے بعد

☆ کھانے کے بعد متلی میں کمی ہو۔ خاص طور پر پیلی رنگت اور خون کی کمی والی خواتین کے لئے۔

لیکٹک ایسڈ 30، تین گھنٹے بعد

☆ ہاضمہ کمزور ہو۔ دوران حمل اور صبح کے وقت متلی زیادہ ہو۔

کاربوویج 30، تین گھنٹے بعد

☆ صبح کے وقت کھانے سے پہلے متلی ہو۔ کروٹ سے لیٹنے سے، کھانے کی خوشبو یا دیکھنے سے متلی ہو۔

سیپیا 30 یا 200، تین گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ صبح کے وقت متلی اور قے۔ کھانے کے بعد الٹی کرنا چاہے لیکن کر نہ سکے۔

نکس وامیکا 30، تین گھنٹے بعد

☆ سخت تکلیف دہ متلی۔ آنکھیں کھولنے سے زیادہ ہو۔ تمباکو کی بو سے اور حرکت کرنے سے متلی ہو۔

نبیکم 30 یا 200، تین گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ خراب خوراک کی بدہضمی کی وجہ سے متلی۔ کھانے پینے کے بعد متلی اور قے زیادہ ہو۔ سخت بے چینی ہو۔

آرسنک البم، تین گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی سیلیا 30 بھی مفید دوا ہے۔

نوٹ : زیادہ تکلیف کی صورت میں مندرجہ بالا ادویات علامات کے مطابق آدھا گھنٹہ بعد بھی دی جا سکتی ہیں۔

ریاح/بادی/ہوا کا بننا

Flatulence (wind formation)

(See Dyspepsia also)

اس مرض میں غذا کے صحیح طور پر ہضم نہ ہونے کی وجہ سے پیٹ میں ریح بن جاتی اور اپھارہ ہو جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے ڈکاریں آتی ہیں اور کھٹا اور کڑوا مادہ خارج ہوتا ہے۔ سانس کے ساتھ بدبو ہوتی ہے۔ زبان پر میل جم جاتا ہے۔ معدے میں بوجھ اور درد ہوتا ہے۔ سینے میں جلن ہوتی ہے۔ قبض ہو جاتا ہے یا پاخانے آنے لگتے ہیں۔ جی متلاتا ہے۔ یہ مرض عام طور پر زیادہ کھانے' ثقیل چیزیں کھانے' دو کھانوں کے درمیان وقفہ کم رکھنے' چبا کر نہ کھانے اور کچی پکی چیزیں کھانے سے ہوتا ہے۔ ورزش نہ کرنا' رات کو دیر تک جاگنا' جسمانی اور دماغی محنت زیادہ کرنا اور ذہنی پریشانیاں بھی اس مرض کے اسباب ہوتے ہیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ اونچی آواز کے ساتھ ڈکاریں۔

اسیفوٹڈا' چار گھنٹے بعد

☆ پیٹ میں بڑی گڑگڑاہٹ۔ پاخانہ کی تھوڑی سی مقدار بھی ہوا کی آواز کے ساتھ خارج ہو۔ زبردست ریحیں۔

ایلوسوکٹرین (Aloe-Soc)' چار گھنٹے بعد

☆ ہوا اور بہت زیادہ ریاح۔ پیٹ میں درد۔ پیٹ ہوا سے بھرا ہو۔ کھانے کی خوشبو سے تکلیف میں اضافہ ہو۔

کالچی کم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ پیٹ میں اپھارے اور گڑگڑاہٹ کے ساتھ ریاح۔

تھوجا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ اونچی ڈکاریں۔ مٹھائیوں کی خواہش۔ ریاح خارج ہونے کے باوجود آرام نہ آئے۔ پیٹ

سخت اور اکڑا ہوا۔

ار جنٹم نائٹریکم 30' چار گھنٹے بعد

☆ ہر کھائی ہوئی چیز ہوا میں تبدیل ہو جائے۔ ہوا خارج کرنے اور ڈکار آنے سے آرام آئے۔ معدے کے اوپری حصے میں ہوا کا اجتماع جس کا اوپر کی جانب دباؤ ہو۔ رات کے وقت اور لیٹنے کے بعد تکلیف میں اضافہ ہو۔

کاربوویج 30' چار گھنٹے بعد

☆ پہلو یا کوکھ کے مقام پر ہوا جمع ہو جائے۔ غصے کے بعد تکلیف اور زیادہ بڑھ جائے۔

کیمومیلا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ پیٹ اکڑا ہوا اور سخت۔ معدے کا نچلا حصہ زیادہ متاثرہ۔ ریاح خارج کرنے یا ڈکار آنے کے بعد بہتر محسوس کرے۔ شام 4 تا 8 تکلیف زیادہ ہو۔

لائیکوپوڈیم 30' چار گھنٹے بعد

☆ گلے سڑے انڈوں کی سی بدبو۔ زبردست ریاح۔ (بہترین اور معاون دوا)

سورینم 30' تین گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ ضعف معدہ اور ریاحی بدہضمی۔ ہر کھائی اور پی ہوئی چیز ہوا یا گیس میں تبدیل ہو جائے۔

نکس موسکاٹا 30' چار گھنٹے بعد

☆ کمزور ہاضمہ۔ ہوا خارج ہونے کے باوجود آرام نہ آئے۔ معدے میں ہوا اور ریاح کا بڑا اجتماع۔ معدہ اکڑا ہوا سخت۔

چائنا 30' چار گھنٹے بعد

☆ بیٹھے رہنے والے لوگوں کی ریاحی تکلیفات۔ شراب کے اثرات بد۔ قبض۔ پاخانہ کرنے کی ناکام کوشش۔

نکس وامیکا 30' چار گھنٹے بعد

☆ بڑی دیر تک منہ یا مقعد کے ذریعے ہوا خارج نہ ہو۔ ناف کے اردگرد ہوا یا گیس جمع ہو جائے۔

ریفینس (Raphanus) 30' چار گھنٹے بعد

☆ معدے کے اوپری حصے میں کالی مرچ کے ذائقے کی سی جلن کے ساتھ ریاح جو اوپر گلے تک جائے۔

کیپسی کم 30، چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی بائیو کیمی نیشن نمبر 25 چار گھنٹے بعد دینا مفید ہے۔

ڈکاریں

Eructations

بدہضمی اور ضعف معدہ کی وجہ سے ڈکاریں آتی ہیں۔ دل متلاتا ہے۔ بدہضمی کیوجہ سے ترش یا کھارا پانی منہ میں بھر آتا ہے۔ مریض سخت پریشان اور بے چین ہوتا ہے۔ مریض کو ہلکی اور زود ہضم غذائیں کھانی چاہئیں۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ خراب ذائقہ اور گندے سانس کے ساتھ ڈکاریں۔

ایسڈ کارب 30، چار گھنٹے بعد

☆ بے قاعدہ۔ کھائے ہوئے کھانے کے ذائقے کے ساتھ زبان ایسی سفید جیسے سفیدی سے پینٹ کر دی گئی ہو۔

انٹم کروڈم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ کھانے کے بعد پیٹ میں درد کے ساتھ ڈکاریں۔

ابیس نائگرا (Abies nig)، چار گھنٹے بعد

☆ ڈکاریں لیتے ہوئے دقت ہو۔ بے ہوشی سی ہو جائے۔ مٹھائی کھانے سے تکلیف میں اضافہ ہو۔

ارجنٹم نائٹریکم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ سخت تیزابیت کی وجہ سے بدبودار کھٹی اور اونچی آواز والی ڈکاریں۔ گیس خارج ہونے کے بعد اور تازہ ہوا میں بہتر محسوس کرے۔

کاربوویج 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ خالی ڈکاریں۔ دودھ پینے سے بڑھ جائیں۔ معاون دوا۔

سلفر 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ چکنے مسالہ دار، سبز ترکاریاں پھل، کیک، پیسٹریاں اور گوشت سے بنے کھانے کھانے کے بعد ڈکاریں۔ منہ کی خشکی کے ساتھ پیاس ندارد۔

پلساٹیلا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

غذا/کھانے کی بد ہضمی

Food Poisoning

اشیاء خوردونوش کچھ عرصہ کے بعد اکثر خراب ہو جاتی ہیں۔ ان میں پھپوندی لگ جاتی ہے۔ زہریلے مادے پیدا ہو جاتے ہیں یا مختلف النوع قسم کے کھانے زیادہ مقدار میں کھا لئے جائیں تو بد ہضمی ہو جاتی ہے۔ جی متلانے لگتا ہے۔ چکر آنے لگتے ہیں۔ قے آجاتی ہے اور طبیعت میں سخت قسم کی بے چینی ہوتی ہے۔ عام طور پر قے ہو جانے کے بعد فاسد مادے نکل جانے سے مریض کو سکون ہو جاتا ہے۔ مناسب اور بروقت علامات کے مطابق متعلقہ دوا سے بد ہضمی کی شکایت رفع ہو جاتی ہے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ ٹن کے ڈبوں میں بند یا خراب سڑی ہوئی چیزیں کھانے سے بد ہضمی۔ مریض تازہ ہوا کی خواہش کرے اور پنکھا کرائے۔

کاربوویج 30، آدھا گھنٹہ بعد

☆ تربوز کھانے یا گندہ پانی پینے سے بد ہضمی۔

زنجبیر (Zingiber) 30، آدھا گھنٹہ بعد

☆ چاکلیٹ وغیرہ اور مرغن اور گوشت سے بنے ہوئے مسالہ دار کھانے کے بعد بد ہضمی۔

پلساٹیلا 30، آدھا گھنٹہ بعد

☆ برف سے بنی ہوئی چیزیں کھانے سے۔ رکھے ہوئے کھانے اور زیادہ گلے ہوئے پھل کھانے سے بد ہضمی۔

آرسنک البم 30، آدھا گھنٹہ بعد

بھوک مرجانا

Loss of Appetite

اس مرض میں کھانے پینے کو جی نہیں چاہتا۔ کھانے کی خواہش کم ہو جاتی ہے یا بالکل ہی ختم ہو جاتی ہے۔ بعض اوقات مریض کو غذا سے نفرت ہو جاتی ہے یا رغبت کے ساتھ مناسب مقدار میں خوراک نہیں کھاتا ہے۔ عام غذائیں کھانا پسند نہیں کرتا ہے بلکہ مسالہ دار اور چٹ پٹی چیزیں کھانا چاہتا ہے۔

اس قسم کی بیماری بدہضمی، عصبی کمزوری، شراب نوشی، چائے نوشی اور مرغن غذا زیادہ مقدار میں کھا لینے کی وجہ سے ہوتی ہے۔ سرطان معدہ یا معدے کے السر کی وجہ سے بھی یہ مرض لاحق ہو سکتا ہے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ بھوک بڑھانے کے لئے ٹانک۔

الفلفا 5-10 Q قطرے، چار گھنٹے بعد

☆ بھوکا بغیر کھانے کی خواہش کے۔ چائے کے بداثرات۔ کمزور ہاضمہ۔

چائنا 30، چار گھنٹے بعد

☆ پیاس ختم ہو جائے اور کھلی ٹھنڈی ہوا کی خواہش کرے۔

پلساٹیلا 30، چار گھنٹے بعد

☆ شراب اور کافی کے رسیا لوگوں کے لئے۔

لیسی تھن 3x (Lecithin)، چار گھنٹے بعد

☆ نظام انہضام میں بدنظمی کی وجہ سے بھوک مر جائے۔ ذائقہ کڑوا۔ زبان پر خاص طور سے پچھلے حصہ پر میل کی تہہ۔

نکس وامیکا 30، چار گھنٹے بعد

☆ شدید بیماری کے بعد بھوک اڑ جائے۔

جنشیانا 5-10 Q (Gentiana lut) قطرے، چار گھنٹے بعد

☆ کھانے سے نفرت کے ساتھ بھوک میں کمی بیشی۔ متلی اور قے کھانا ہضم نہ ہونے کی وجہ سے۔

فیرم فاس 6x یا 6، چار گھنٹے بعد

☆ کھانے کی خواہش کے ساتھ بھوک مرجائے۔

میزریم 30' چار گھنٹے بعد

☆ آسانی سے مطمئن ہو جائے۔ کھانے کے چند نوالوں سے ہی بھوک کم ہو جائے۔

لائیکوپوڈیم 30' چار گھنٹے بعد

☆ صبح کے وقت بھوک مکمل طور سے مرجائے لیکن دوپہر کے وقت کھانے کی خواہش بڑھے اور رات کو بھی۔

ابیس نائگرا (Abies nig) 30' چار گھنٹے بعد

☆ معمولی کھانے کے لئے بالکل رغبت نہ ہو لیکن ناقابل ہضم' تیز مسالے اور مختلف النوع قسم کے کھانوں کی خواہش۔

اگنیشیا 30' چار گھنٹے بعد

☆ زبان پر سفید مادہ جما ہو۔ بے ہنگم سی ڈکاریں۔ ہوا نیچے کی جانب جائے۔

انٹم کروڈم 30' چار گھنٹے بعد

☆ مسلسل کام کرنے کے بعد تھکن سے مکمل طور پر بھوک مرجائے۔ موٹے جسم اور ٹھنڈے مزاج کے مریضوں کے لئے۔

کلکیریا کارب 30' چار گھنٹے بعد

علامات کے مطابق متعلقہ دوا کے علاوہ سلفر 30 تین مرتبہ ہر تین گھنٹے کے بعد دینا مفید ہے۔

----- ✪ -----

اشتہا (بھوک)

Appetite

اس مرض میں بھوک بہت لگتی ہے یعنی بھوک کا ہوکا سا ہوتا ہے۔ ادھر مریض نے کچھ کھایا ادھر تھوڑی ہی دیر کے بعد پھر بھوک لگ گئی۔ گویا مریض کچھ نہ کچھ کھاتے رہنا چاہتا ہے۔ کچھ نہ کھانے کی صورت میں اس کا دل ڈوبنے لگتا ہے۔ مریض ست اور نڈھال ہو جاتا ہے۔ اس کا کوئی بھی کام کرنے کو جی نہیں چاہتا۔

ذیابیطس کے مریض، معدے کی خراش کی تکلیف میں مبتلا اور جن بچوں کے پیٹ میں کیڑے ہوتے ہیں ان کو بھوک بہت لگتی ہے۔ بعض امراض سے صحت یابی کے بعد بھی زیادہ بھوک لگا کرتی ہے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ بھوک شدید پیاس کے ساتھ۔ میوزک سے بہت زیادہ حساس۔
ٹرنٹولا ہسپانیہ 30، چار گھنٹے بعد

☆ کیڑوں کی وجہ سے بھوک۔ کھانے کے بعد بھی بھوکا محسوس کرے۔
چائنا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ بھوک محسوس کرے لیکن کھانے کی خواہش نہ ہو۔
رہس ٹاکس 30، چار گھنٹے بعد

☆ بھوک بڑھے خصوصاً 11 بجے دن میں۔ کھانے کی کمی کی وجہ سے سر میں درد ہو جائے۔
سلفر 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ آسانی سے مطمئن ہو جائے لیکن رات کو بھوک محسوس کرے اور بے وقت کھائے۔
لائکو پوڈیم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ پیٹ میں درد کے ساتھ بھوک۔ کھانے کے بعد بہتر محسوس کرے۔
لیکے سس 30، چار گھنٹے بعد

☆ بہت زیادہ بھوک۔ مشکل سے ہی مطمئن ہو۔ صبح کھانے سے پہلے متلی اور قے۔
سیپیا 30، چار گھنٹے بعد

☆ دستوں کے ساتھ بھوک۔ اجابت کے بعد بھوک بڑھے۔
پٹرولیم 30، چار گھنٹے بعد

☆ ہچکیوں کے ساتھ بھوک۔ گرم کھانے اور مشروبات پسند کرے۔
چیلی ڈونیم Q یا 6، چار گھنٹے بعد

☆ پورا کھانا کھانے کے بعد جلد ہی پھر خواہش ہو جائے۔

ارجنٹکم میٹلیکم 30' چار گھنٹے بعد

☆ پورا کھانا کھانے کے باوجود پیٹ خالی محسوس کرے۔ موٹے اور پلپلے مریض۔

کلکیریا کارب 200' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ کھانے سے پہلے اور بعد میں بہتر محسوس کرے۔ اچھے قسم کے کھانے کھانے کے باوجود وزن کم ہوتا جائے۔

آیوڈیم 30' چار گھنٹے بعد

☆ پیٹ بھرا ہونے کے باوجود بھوک محسوس کرے۔ تحریک دینے والی اشیاء کی خواہش کرے۔

سٹیفی سیگریا 30' چار گھنٹے بعد

☆ بھوک سے بے حال ہو جائے۔ کھانے کے باوجود لاغری محسوس کرے۔ پیٹ میں محسوس ہو جیسے پانی میں تیر رہا ہو۔

ابورٹینم (Abortanum) 30' چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی کالی فاس 6x اور میگنیشیم فاس 6x ہر تین گھنٹے بعد دینا بھی بہت مفید ہے۔

تیزابیت

Acidity

(Hyperacidity gastralagia)

پیٹ کے اندر غیر معمولی تیزابیت جس سے اینٹھن' سکڑنے والے اور گھن کی طرح کاٹنے اور کھانے والے درد ہوں اور شدید جلن ہو اور نتیجتاً" سخت پریشانی ہو۔ ڈکاریں نہ آئیں۔ سر درد ہو اور قبض وغیرہ ہو جائے۔ اس قسم کی تکلیف کو زیادتی ء ترشی یا (Hyperacidity gastralagia) معدے کی تیزابیت کہتے ہیں۔

تیزابیت کے علاج کے لئے درج ذیل ادویات علامات کی مناسبت سے بڑی مفید اور آزمودہ ہیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ ہائیڈروکلورک کی تیزابیت کی زیادتی' کھانے کی نالی میں شدید جلن' کلیجے کی جلن' متلی اور

ٹھنڈ محسوس کرنے کے لئے۔

ایسڈ سلف 30' ہر چار گھنٹے بعد

☆ شدید تیزابیت، کھٹی اور بدذائقہ ڈکاریں۔

آرژورسیکالر 30' ہر چار گھنٹے بعد

☆ آہستہ ہاضمہ۔ ریح یا ہوا خارج ہونے اور ڈکاریں آنے کے باوجود بھی کوئی فرق نہ پڑے۔ باؤ اور ریاح معدے کے درمیان میں زیادہ جمع ہو جائے۔

چائنا 6 یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ زیادہ کھانے یا مسلسل بیٹھے رہنے سے ریاحی بدنظمی اور معدے کی گڑبڑ۔

نکس وامیکا 30' چار گھنٹے بعد

☆ پیٹ میں درد اور ریاح کا اجتماع۔ کھائے ہوئے کھانے کی بو سے متلی ہو۔

کالچی کم 30' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ مرغن کھانا کھانے کے بعد پیدا ہونے والی ریاح کی شکایت جس میں کم پیاس ہو یا بالکل نہ ہو اور کھلی ہوا میں کچھ آرام ملے۔

پلساٹیلا 30' چار گھنٹے بعد

☆ معدے میں اپھارا۔ جلد کھانے سے جی بھر جائے معدے کے نچلے حصے میں ہوا کا اجتماع۔ شام چار سے آٹھ بجے تک تکلیف میں اضافہ ہو۔

لائیکوپوڈیم 30' چار گھنٹے بعد

☆ خالی پیٹ ضعف معدہ یا بدہضمی، جس کو کھانے کے بعد کچھ آرام آئے۔

اناکارڈیم 30' چار گھنٹے بعد

☆ رونما ہونے والے واقعات کے احساس سے پیدا ہونے والی گیس۔ میٹھی چیزوں کی خواہش ہو۔

ارجنٹم نائٹریکم 30' چار گھنٹے بعد

☆ مسلسل ڈکاریں۔ زبان پر سفیدی جمی ہو۔ جگر میں جلن۔ تیز مسالے اور اچار وغیرہ کی خواہش۔

انٹم کروڈم 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ آہستہ اور نامکمل ہاضمہ۔ معدے کے اوپری حصے میں شدید قسم کا ریاحی اجتماع۔ ڈکاروں اور اخراج ریاح کے بعد کچھ آرام محسوس ہو۔

کاربوویج 30' چار گھنٹے بعد

☆ تیزابیت جلن دار ڈکاروں کے ساتھ سر میں سامنے یا اگلے حصے میں درد۔ رات کو تکلیف بڑھ جائے۔

روبینیا (Robinia) 30' چار گھنٹے بعد

☆ علامات کے مطابق متعلقہ دوا کے علاوہ۔

سورینم 30' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

بائیو کیمک کی نیٹرم فاس 3x یا 6x ہر تین گھنٹے بعد بچوں کے لئے خصوصی طور سے بہت مفید ہے۔

پیٹ کا درد

Abdominal Pain

(باؤ گولہ بھی دیکھئے)

پیٹ کا درد اصل میں بدہضمی کی علامت ہوتا ہے اور اکثر یہ عصبی ہوتا ہے۔ کبھی درد کے شدید دورے ہوتے ہیں اور کبھی مروڑ ہوتا ہے۔ فم معدہ میں تھوڑی دیر بعد درد ہوتا ہے۔ پیٹ میں نفخ اور مروڑ ہوتا ہے۔ سینے میں جلن ہوتی ہے۔ ڈکاریں آتی ہیں۔ جی متلاتا ہے اور قے بھی ہو جاتی ہیں۔ کھانا کھانے کے بعد یا رات کے وقت عموماً" یہ درد ہوا کرتا ہے۔ کبھی کبھی پیٹ کا درد معدہ خالی ہونے کی وجہ سے بھی ہوتا ہے اور کھانے کے بعد افاقہ ہو جایا کرتا ہے۔

بدہضمی' قبض اور ثقیل غذائیں کھانا اس مرض کے عام اسباب ہیں۔ مستورات کو ایام حمل میں بھی پیٹ درد کی شکایت ہو جایا کرتی ہے۔ تمباکو نوشی' ذہنی پریشانی' نقرس اور ملیریا کی سمیت وغیرہ بھی اس مرض کے اسباب ہوتے ہیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ پیڑو میں شدید دکھن ہو۔

وراٹرم ورائڈ 30' ہر تین گھنٹے بعد

☆ درد کے ایک مرکز سے دوسرے حصوں کی جانب درد منتقل ہو۔

ہلیم میٹلیکم 30' ہر تین گھنٹے بعد

☆ کھانا شکم (پیٹ) میں پتھر کی طرح محسوس ہو' پاخانہ سخت ہو قبض ہو۔ خاموشی سے پرسکون لیٹنے کو جی چاہے۔

برائی اونیا 30 یا 200' دو دو گھنٹے بعد؛ تین مرتبہ

☆ پیٹ کے سامنے کے حصے میں درد ہو اور زبان صاف ہو۔
اپی کاک 30، ہر تین گھنٹے بعد

☆ حلقہء ناف میں شدید درد ہو اور دبانے سے آرام آئے۔
کالوسنتھ 30، ہر تین گھنٹے بعد

☆ شدید قسم کی گیس بنے۔
سپی سی نوگا 30، ہر تین گھنٹے بعد

☆ شدید باؤ گولہ، پھاڑنے والے درد کے ساتھ۔
اکینیسیا 30 یا 200، ہر تین گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ بہت زیادہ ہوا خارج کرنے کے بعد۔ عمدہ خوراک اور مرغن غذا کھانے سے درد ہو۔
پلساٹیلا 30، ہر تین گھنٹے بعد

☆ چبھنے والے درد جو کہ حرکت سے بڑھیں۔ ماہواری سے پہلے باؤ گولہ کا درد۔
کالی کارب 30 یا 200، ہر تین گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ پیٹ کے اوپری حصے میں درد۔ پاخانہ سخت اور قبض۔
گریفائٹس 30، ہر تین گھنٹے بعد

☆ درد اچانک جسم کے دوسرے حصوں مثلاً انگلیوں اور ٹخنوں میں منتقل ہو اور پیچھے کی جانب جھکنے اور جسم کو کھینچنے سے کم ہو۔
ڈائسکوریا (Dioscorea) 30، ہر تین گھنٹے بعد

☆ زیادہ کھانے کے بعد یا مسلسل بیٹھے رہنے سے درد۔
نکس وامیکا 30، ہر تین گھنٹے بعد

☆ معدے یا پیٹ کے آپریشن کے بعد درد۔ ضعف معدہ۔
سٹیفی سیگریا 30 یا 200، ہر چار گھنٹے بعد

☆ شدید تشنجی درد جس کو گرم چیزیں پینے یا گرم سکائی سے فائدہ ہو۔
میگنیشیا فاس 6x یا 30 یا پوٹینسی نمبر 30، ہر دو گھنٹے بعد

اسہال، دست/گیس

loose Motions, gastroenteritis etc

اسہال کے مرض میں چھوٹی انتڑیوں کے فعل میں نقص پیدا ہو جاتا ہے۔ جس کے سبب وقفے وقفے سے مختلف رنگوں کے پتلے پتلے پاخانے آتے ہیں۔ جو کبھی جھاگ دار، مٹیالے اور کبھی زردی مائل ہوتے ہیں۔ بعض اوقات پاخانے کی مقدار تو زیادہ نہیں ہوتی لیکن بار بار حاجت ہوتی رہتی ہے۔ آنتوں میں تشنج ہوتا ہے۔ پیٹ میں مروڑ اور دردیں ہوتی ہیں۔ پیٹ میں نفخ ہو جاتا ہے۔

اسہال کی پانچ اقسام صفراوی، سوزشی یا دردی، خراشدار دست، عصبی دست اور خونی دست ہوتی ہیں۔ صفراوی میں مادہ صفرا یعنی پت خارج ہوتا ہے۔ سوزشی میں آنتوں لی ہوتی ہے اور پیٹ میں مروڑ ہوتا ہے۔ خراشدار میں پیٹ میں نفخ اور مروڑ ہوتا ہے اور بھورے رنگ کے دست آتے ہیں۔ عصبی دست انتڑیوں کے اعصابی مرکز کے ذکی الحس ہونے کی وجہ سے آتے ہیں۔ خونی دست معدے میں زخم اور انتڑیوں میں ورم کی وجہ سے آتے ہیں۔

بدپرہیزی، زیادہ کھا لینا، تیز مسالے دار چیزیں کھانا، خراب گوشت، کچے پھل، ثقیل اور باسی غذا، مرغن غذا، بیمار جانور کا گوشت اور گلی سڑی سبزیاں کھانا اس مرض کے عام اسباب ہیں۔ ہلکی اور زود ہضم غذا کھانا بہترین پرہیز اور علاج ہے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ دوران رفع حاجت کپکپی۔ کھٹی بو والا دست۔

ریوم 30، چار گھنٹے بعد

☆ صبح کے وقت اسہال۔ سخت دباؤ کی وجہ سے صبح کو بستر چھوڑنے پر مجبور ہو جائے۔

سلفر 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ آنتوں میں گھماؤ کے ساتھ دست۔ بے ہوش کر دینے والی بدبو کا پاخانہ۔ معدے میں خالی پن کے ساتھ بھوک محسوس کرے۔ زیادہ مقدار میں ٹھنڈا پانی پینے کی خواہش۔ میٹھی چیزوں سے نفرت۔

کلورومائسیٹین (Chloromycetin)

30، چار گھنٹے بعد

☆ بچوں کے دانت نکلنے کے دورانیہ میں دست۔ بہت زیادہ چڑچڑاپن۔ لیٹے کے بعد تکلیف

بڑھ جائے۔

کیمومیلا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، چ
مرتبہ

☆ رات کے وقت زیادہ اسہال۔

سفیلینم 200، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ پاخانہ قابو سے باہر ہو جائے۔ یہاں تک کے ریح خارج کرتے ہوئے بھی پاخانہ نکل جائے۔ بستر پر پاخانہ نکل جائے۔

ایلو (Aloe Soc) 30، چار گھنٹے بعد

☆ اچانک دست شروع ہو جائیں۔ بہت زیادہ فکر مندی اور بے چینی کے ساتھ۔ خشک ٹھنڈی ہوا لگ جانے سے معدے میں درد ہونے لگے۔

اکونائٹ 30 یا 200، آدھا گھنٹہ بعد

☆ مچھلی کھانے کے بعد دست آنا شروع ہو جائیں۔

چنی نم آرس (Chin ars) 30، چار گھنٹے بعد

☆ موٹے اور پلپلے لوگوں کے اسہال۔ مزمن دستوں کی بیماری شدید بھوک کے ساتھ۔ نا ہضم ہونے والی چیزوں جیسے چاک، کوئلہ پنسل وغیرہ کھانے کی خواہش۔

کلکیریا کارب 200، چار گھنٹے بعد، چ
مرتبہ

☆ کار، بس وغیرہ قسم کی سواری میں بیٹھنے سے دست آنے لگیں۔ نیند کی کمی کی وجہ سے تکلیف میں اضافہ ہو جائے۔

کوکولس انڈیکا 30، چار گھنٹے بعد

☆ اگرچہ اسہال کافی عرصہ تک جاری رہیں لیکن کمزوری نہ ہو۔

ایسڈ فاس 6 یا 30، چار گھنٹے بعد

☆ بغیر درد کے بہت زیادہ کمزوری کے ساتھ پانی کی مانند پتلے دست۔ پیاس زیادہ۔ تمام جسم پر پسینہ۔ تازہ ہوا کی مسلسل خواہش۔ معدہ میں اپھارا۔

چائنا 30، چار گھنٹے بعد

☆ رونما ہونے والے واقعات سے فکر مندی یا جذباتی ہونے کی وجہ سے دست آئیں۔ بلاوجہ کے وہم اور خوف کی وجہ سے دست شروع ہو جائیں۔

جیلی سیم 30، چار گھنٹے بعد

☆ ابلا ہوا دودھ پینے کے بعد اسہال لگ جائیں۔

سیپیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ چکنائی دار بھاری کھانے کھانے کے بعد دست۔ پیسٹری اور غیر سبزی وغیرہ کے متفرق کھانوں سے دست شروع ہوں۔ دستوں کی رنگت اور بناوٹ میں مسلسل فرق ہوتا رہے۔ رات کے وقت تکلیف بڑھے۔ خشک منہ کے ساتھ پیاس ندارد۔

پلساٹیلا 30' چار گھنٹے بعد

☆ شدید قسم کے دست۔ معدے اور نچلے حصے میں درد۔ جسم ٹھنڈا پڑ جائے۔ پتلے اور سفید دست۔

وراٹرم البم 30' چار گھنٹے بعد

☆ پاخانہ بڑی تیزی کے ساتھ جیسے کسی نلکے سے زوردار طریقے سے پانی نکلے۔ گرم پانی پینے سے بہتر محسوس کرے۔

کروٹن ٹگلیم (Croton tig) 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ شدید درد کے ساتھ اسہال۔ دوہرا ہو جائے۔ دبانے سے بہتر محسوس کرے۔ غصے کے بعد تکلیف بڑھے۔

کالوسنتھ 30' چار گھنٹے بعد

☆ کینسر خاص طور پر مقعد کے کینسر کی وجہ سے دست۔

کارڈس مریانس (Carduus m) 30' چار گھنٹے بعد

☆ مقعد میں ٹھنڈا پن۔ پاخانہ کرنے سے پہلے شام 4 سے 8 تک تکلیف زیادہ ہو۔

لائیکوپوڈیم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ سبزی مائل پاخانہ۔ چھوٹے بچوں میں دودھ ہضم کئے بغیر نکل جائے۔

میگنیشیا کارب 30' چار گھنٹے بعد

☆ شدید بے چینی کے ساتھ۔ پیاس بہت زیادہ۔ تھوڑا سا پانی پیے لیکن وقفے وقفے سے پانی طلب کرے۔ کھانے سے بدہضمی۔ رکھے ہوئے کھانے اور ٹھنڈے کھانوں سے تکلیف میں اضافہ ہو۔

آرسنک البم 30' تین گھنٹے بعد

☆ دن کے وقت دست اور رات کو کھانسی جلدی بیماریوں کے دب جانے کے بعد۔
پٹرولیم 30' چار گھنٹے بعد

☆ تربوز کھانے اور ندی نالوں کا گندہ پانی پینے سے اسہال۔
زنجبیر (Zingiber) 30' چار گھنٹے بعد

☆ زیادہ مقدار میں مسالہ دار اور بھاری کھانے کھانے سے دست۔ دودھ برداشت نہ کر سکے۔
نکس وامیکا 30' چار گھنٹے بعد
بائیو کیمک کمبی نیشن نمبر 8 تین گھنٹے بعد دینا بھی بہت فائدہ مند ہے۔

پیچش
Dysentery

(See Colitis also)

پیچش کا مرض ایک باریک کیڑے امیبا ڈی سنٹریائی کی وجہ سے لاحق ہوتا ہے۔ یہ جراثیم انڈے اور زندہ جراثیم کی صورت میں ہوتے ہیں۔ یہ کیڑا بذریعے پانی یا غذا آنتوں میں پہنچ کر پیچش کا مرض پیدا کرتا ہے۔ مکھیاں بھی اس مرض کو پھیلاتی ہیں۔ اس بیماری میں بڑی آنتوں میں ورم اور اندرونی سطح پر زخم ہو جاتے ہیں جس سے بار بار مروڑ اور درد کے ساتھ پاخانے آتے ہیں۔ اس مرض میں صرف آنوں یا خون کی آمیزش والی آنوں آتی ہے۔ بعض اوقات بخار بھی ہو جاتا ہے۔ پاخانہ کرتے ہوئے مریض کو بہت زور لگانا پڑتا ہے۔ مریض کو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ اس کی آنتوں میں کوئی مادہ پھنسا ہوا ہے۔ بعض اوقات پیٹ میں سدّے بن جاتے ہیں اور ان کی گولیاں خارج ہوتی ہیں جنھیں خارج کرنے کے لئے مریض کو بہت زور لگانا پڑتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ کیمپ میں زندگی گذارنے والے یا ہجرت کرنے والوں میں پیچش۔
سیپٹیسمن (Septicimin) 30 یا 200' تین گھنٹے بعد' چھ مرتبہ

☆ اموبیا جراثیم کی وجہ سے پیچش۔ تھوڑے وقفے سے گھونٹ گھونٹ پانی پینے کی پیاس۔
آرسنک البم 30' چار گھنٹے بعد

☆ رفع حاجت کرتے ہوئے رانوں سے نیچے کی جانب ٹانگوں میں جانےوالے درد کے ساتھ پیچش۔
روہس ٹاکس 6 یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ پانی کی طرح پتلے زردی مائل خون آلود یا بلغم اور آنوں والے پاخانے۔
ایگل فولیا (Aegle folia) Q یا 6'
چار گھنٹے بعد

☆ ہر دفعہ ٹھنڈا پانی پینے سے جاڑا لگے اور جلدی سے رفع حاجت کی ضرورت پیش آئے۔
کیپسیکم 30 یا 0/5 یا اس سے اوپر کی طاقت' چار گھنٹے بعد

☆ تبدیل ہونے والے جراثیم والی پیچش جس میں متلی بھی ہو اور زبان صاف ہو۔
اپی کاک 0/5 یا اوپر کی طاقت' پندرھویں روز' چھ مرتبہ

☆ جراثیمی پیچش۔ پاخانے میں خون۔ آنتوں کی کمزوری۔ رفع حاجت کرنے کے بعد ایسا محسوس ہو کہ حاجت باقی ہے یا پورے طور پر اجابت نہیں ہوئی ہے۔
مرکیورس کار 6 یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ رطوبت بلغم یا آنوں والے پاخانے۔ رات کے وقت زیادہ آئیں۔
مرکیورس سال 30' چار گھنٹے بعد

☆ مزمن پیچش جبکہ منتخب ادویات بھی موثر نہ ہوئی ہوں۔ صبح کے وقت تکلیف بڑھے۔
سلفر 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ کھٹی ڈکاروں کے ساتھ بدہضمی۔ چائے اور سگریٹ نوشی کے سبب بھوک مر جائے۔ تھوک کثرت سے آئے۔ منہ کا ذائقہ کڑوا۔ زبان بھوری۔ ریح اور بادی معدے کے کھچاؤ کے ساتھ۔ پتلے پاخانے رطوبت ملے۔ کھانے کے بعد رفع حاجت کی ضرورت۔ رات کے وقت تکلیف بڑھ جائے۔
ٹری نیلیا شیبولا
(Terminalia Chebula) 30'
چار گھنٹے بعد

☆ تبدیل ہونے والے جراثیمی پیچش کے لئے معاون دوا۔
تھوجا 200 یا 1M' پندرھویں روز' چھ مرتبہ

☆ مزمن پیچش جس میں خون اور پیپ بھی خارج ہو۔

سٹیفائیلوکوکسین (Staphlococcin)

200 یا 1M' پندرھویں روز' تین مرتبہ

☆ شدید درد جیسے چاقو سے کاٹنے سے ہوتا ہے۔ عام پاخانے کی بجائے خالص خون کا اخراج۔ مریض ایسا محسوس کرے کہ مقعد کا منہ کھل گیا ہے۔

فاسفورس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد'

تین مرتبہ

☆ جراثیمی پیچش کے لئے معاون دوا۔

سٹرپٹوکوکسین (Streptococcin)

200 یا 1M' پندرھویں روز' چھ مرتبہ

☆ رطوبت یا آنوں کی بہت زیادہ مقدار۔ معدے میں گڑگڑاہٹ کے ساتھ درد رفع حاجت کے بعد پاخانہ غیر محسوس طریقے سے نکل جائے۔

ایلو (Aloe Soc) 30' چار گھنٹے بعد

بائیوکیمی نیشن نمبر 9 پیچش کے لئے بہترین دوا ہے۔

قبض

Constipation

اس مرض میں پاخانہ سخت موٹا' خشک' مقدار میں تھوڑا' بدبودار اور سیاہ رنگت کا ہوتا ہے
پاخانے کے سخت ہونے کی وجہ سے رفع حاجت کے وقت مریض کو بہت زور لگانا پڑتا ہے۔ پاخانہ بڑی مشکل سے خارج ہوتا ہے۔ بعض اوقات پاخانے میں خون یا آنوں بھی آتی ہے۔ پیٹ میں اپھارا ہو جاتا ہے۔ فضلا کے انتڑیوں میں رکے رہنے کی وجہ سے ریح پیدا ہوتی ہے۔ مریض کا دل زیادہ دھڑکتا ہے۔ وہ ست اور چڑچڑا ہو جاتا ہے۔ اکثر سردرد کی شکایت رہتی ہے۔ خاص طور پر سر کے پچھلے حصے میں درد ہوتا ہے۔ حافظہ کمزور ہو جاتا ہے۔ مریض کے چہرے پر چھائیاں پڑ جاتی ہیں۔ رنگت زرد ہو جاتی ہے۔

مردوں کی نسبت مستورات اس مرض میں زیادہ مبتلا ہوتی ہیں۔ سبزیاں کم کھانا' خشک اور ثقیل غذا کھانا' چائے زیادہ پینا' سگریٹ اور حقہ پینا' شراب زیادہ پینا' ترش اشیاء کھانا اور ورزش نہ کرنا اس مرض کے عام اسباب ہیں۔

بواسیر' موٹاپا' بعض عصبی امراض اور امراض رحم بھی اس مرض کے اسباب ہو سکتے ہیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ مریض صرف کھڑے ہو کر رفع حاجت کر سکے۔

کاسٹی کم 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ مزمن دائمی قبض۔ بہت زیادہ ریاح بنے۔ معدے میں کھچاؤ پیدا ہو۔

کوکا Q 10 قطرے نیم گرم پانی میں' چھ گھنٹے بعد

☆ بہت زیادہ سخت پاخانہ۔ خشک جلے ہوئے کی مانند لمبا بندھا ہوا۔ اجابت کی خواہش نہ ہو۔ پیاس بڑھی ہوئی۔ لمبے وقفے کے بعد زیادہ مقدار میں پانی پیئے۔

برائی اونیا 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ زیادہ وقت بیٹھ کر گزارنے والے لوگوں کا قبض۔ رفع حاجت کی غیر موثر خواہش۔ دن میں کئی مرتبہ اجابت کی کوشش کرے۔

نکس وامیکا 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ معدے میں ڈوبنے کے سے احساس کے ساتھ۔ زبان پلپلی سی۔ سفید اور چکنی زبان۔

ہائیڈراسٹس' چار گھنٹے بعد

☆ انتڑیوں کی خشکی اور آنتوں کے راستے کے بے عمل ہونے کی وجہ سے سخت پاخانہ۔ خشک کھانوں کی خواہش۔

الیومنا 0/7 یا اس سے اوپر' چھ گھنٹے بعد

☆ ٹھنڈ محسوس کرنے والے مریض جن میں قوت حیات کی کمی ہو۔ پاخانہ مقعد میں واپس لوٹ جائے جبکہ کچھ حصہ خارج ہو جائے۔

سلیسیا 12x یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ ایسے مریض جو قبض کی کیفیت میں بہتر محسوس کریں۔ موٹے پلپلے اور سرد مزاج لوگ۔

کلکیریا کارب 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ آنتوں کی مناسب حرکت و عمل کے لئے ٹانک کے طور پر۔

کاسکرا سگرادا (Cascara Sag)

10-10 قطرے' چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کا کمبینیشن نمبر 4 قبض کے لئے مفید دوا ہے۔

مذکورہ دواؤں کے علاوہ بیلینم' سلفر' گریفائٹس' اوپیم' میگنیشیا کارب بھی فائدہ مند ادویات ہیں۔

——— ✪ ———

قے/الٹیاں

Vomiting

قے کسی مرض کی علامت ہوتی ہے۔ بعض قسم کے بخاروں میں بھی متلی اور قے ہوتی ہے۔ عام طور پر معدے کی تکلیفات یا بدہضمی کے سبب متلی اور قے ہوتی ہے۔ جگر' انتڑیوں یا گردوں کی بعض تکلیفات کی وجہ سے بھی قے آتی ہے۔ بعض دفعہ بدبو' بدمزہ چیزیں کھانے یا سونگھنے سے بھی متلی اور قے ہو جاتی ہے۔ بعض دماغی امراض کے سبب بھی قے آتی ہے۔ ریل' جہاز یا گاڑی کے سفر سے بھی متلی اور قے ہوتی ہے۔ حاملہ خواتین کو بھی متلی اور قے ہو جاتی ہیں۔ غیر مرغوب اور ضرورت سے زیادہ کھانے اور صحیح طور پر ہضم نہ ہونے کی وجہ سے بھی متلی اور قے ہوتی ہے۔ بدہضمی سے پیٹ پھول جاتا ہے۔ معدے پر بوجھ محسوس ہوتا ہے۔ سینے میں جلن ہوتی ہے۔ منہ میں پانی بھر آتا ہے۔ بدہضمی کی وجہ کھانے میں بے اعتدالی' تیز مسالہ جات کا استعمال' بے وقت کھانا' چائے نوشی' شراب نوشی' زیادہ گرم یا زیادہ ٹھنڈی چیزیں کھانا' ثقیل کھانا' بیٹھے رہنا وغیرہ متلی اور قے کے عموی اسباب ہیں۔ مرض کے اصل اسباب معلوم کر کے علاج کیا جائے تو جلد صحت یابی ہوتی ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ شدید قسم کی متلی کے ساتھ قے اور الٹیاں۔

ٹباکم 30' دو گھنٹے بعد

☆ مسلسل متلی اور صاف زبان کے ساتھ قے۔

اپی کاک 30' دو گھنٹے بعد

☆ دوران حمل قے۔ متلی اور قے۔ زیادہ کھا لینے کی وجہ سے قے آئے۔ صبح کے وقت متلی اور قے کی تکلیف۔

نکس وامیکا 30 یا 200' دو گھنٹے بعد

☆ ابکائی اور موت کا خوف۔ شدید اور مسلسل پیاس وقفے وقفے سے تھوڑا تھوڑا پانی پئے۔ پیٹ میں جلن دار درد کے ساتھ الٹیاں لگیں۔

آرسنک البم 30' دو گھنٹے بعد

☆ چکنے پانی کے ساتھ خوراک کی شدید قے' جس میں ٹھنڈے پسینے آئیں اور چہرے کی کیفیت کربناک ہو جائے۔

ویراٹرم البم 30' دو گھنٹے بعد

☆ کھانے کے ایک گھنٹہ بعد کھٹی قے۔ شراب پینے کے بعد کی قے۔

کالی بائی کروم 30' دو گھنٹے بعد

☆ دوران حمل قے اور متلی۔ چہرہ ٹھنڈے پسینے سے نہا جائے۔ منہ سے رال بہنے لگے۔ سانس بند ہونے لگے۔ نقاہت ہو۔

لوبیلیا انفلیٹا 30' دو گھنٹے بعد

☆ شدید قسم کی ابکائیاں اور درد۔ پانی معدے میں نیچے پہنچتے ہی قے ہو جائے۔ البتہ خوراک کچھ دیر تک معدے میں رہے۔ قے کا مواد زور سے خارج ہو۔

بسمتھ 30' دو گھنٹے بعد

☆ بغیر ہاضمے کے کھایا پیا نکل جائے۔ خوراک دن بھر معدے میں رہے۔ رات کو غیر ہضم شدہ خوراک کی قے ہو جائے۔

فیرم میٹ 30' دو گھنٹے بعد

☆ کھانے کے پکنے کی خوشبو سے متلی اور قے۔ گوشت' مچھلی اور انڈے کی خوشبو برداشت نہ کر سکے۔

کالچی کم 30' دو گھنٹے بعد

—— ✪ ——

ہیضہ

Cholera

ہیضے کا مرض چھوت سے پھیلتا ہے۔ ہیضے کے جراثیم گندے پانی اور اشیاء خوردنی کے ذریعے تندرست آدمی کے معدے میں پہنچ کر پیٹ میں درد' قے اور دستوں کا سبب بنتے ہیں۔ مریض کو الٹیاں لگ جاتی ہیں۔ چاولوں کی پیچ کی مانند دست آتے ہیں۔ آنکھیں اندر دھنس جاتی ہیں۔ چہرہ پر مردنی چھا جاتی ہے۔ جسم سرد پڑ جاتا ہے۔ مریض سرد پسینے سے شرابور ہو جاتا ہے۔ نبض نہایت کمزور اور باریک ہو جاتی ہے۔ پیاس شدید اور بے چینی ہوتی ہے۔ پیشاب بند ہو جاتا ہے یا بہت کم ہو جاتا ہے۔ تنگی نفس اور ہذیانی کیفیت ہو جاتی ہے۔ ہاتھ پاؤں اینٹھنے لگتے ہیں۔ پیٹ میں شدید درد ہوتا ہے۔ جسم سے قے اور دستوں کے ذریعے پانی خارج ہونے کی وجہ سے خون گاڑھا ہو جاتا ہے اور دوران خون سست ہو جاتا ہے۔ نیم بے ہوشی کی حالت طاری ہو جاتی ہے۔ اگر اس مرض کا بروقت اور صحیح علاج نہ کیا جائے تو مریض کا انجام موت ہوتی ہے۔

ہاضمے کی خرابی' کچے گندے اور سڑے ہوئے پھل کھانا' خراب گوشت اور مچھلی کھانا' تربوز' کھیرے' ککڑیاں اور خربوزے وغیرہ بہت زیادہ کھا لینا' باسی اور نیم پختہ مرغن اشیاء' ملائی دار برف اور قلفی زیادہ مقدار میں کھا لینا وغیرہ اس مرض کے عام اسباب ہیں۔ کنویں' چشمے اور تالاب سے گندہ پانی پی لینا اس مرض کا بڑا سبب ہوتا ہے۔ جس میں اس مرض کے جراثیم پائے جاتے ہوں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ احتیاطی دوا حفظ ماتقدم یا مانع مرض کے طور پر۔

کوپرم میٹلیکم 200 اور وراٹرم البم 200 جب تک وبا ختم نہ ہو جائے کے بعد دیگر ہفتہ وار

☆ ہیضے کی سب سے اعلیٰ دوا۔ جبکہ اندرونی ٹھنڈک کے ساتھ جسم بھی ٹھنڈا پڑ جائے۔

کیمفر Q یا 30' آدھا گھنٹہ بعد

☆ بدبودار پتلے سبزی مائل زرد رنگ کے اسہال (دست)

پوڈو فائلم30' آدھا گھنٹہ بعد

☆ جب ہیضے کے ساتھ سخت کھانسی بھی شروع ہو جائے۔

اسپو نجیا 30' آدھا گھنٹہ بعد

☆ ٹھنڈے مشروبات کی خواہش۔ سخت قسم کا درد قولنج اور درد خاص طور پر ناف کے ارد گرد۔ اجابت کے بعد مریض ایسا محسوس کرے کے مقعد چوڑا ہو گیا ہے یا کھلا رہ گیا ہے۔

فاسفورس 30 یا 200' آدھا گھنٹہ بعد

☆ جب جسم ٹھنڈا پڑ جائے۔ سانس میں کمزوری اور مشکل سے سانس آئے۔ مریض پنکھا کرانا چاہے۔

کاربوویج 30' آدھا گھنٹہ بعد

☆ پاخانے چاول کی پیچ کی طرح سفید۔ ٹھنڈے پسینے۔ ناقابل قابو ابکائیاں۔ انگلیوں میں تناؤ اور کھنچاؤ کے ساتھ۔

ورائرم البم 30' آدھا گھنٹہ بعد

☆ تمام جسم میں جلن کا احساس۔ سخت بے چینی۔ سانس لینے میں بڑی دقت۔ تھوڑے تھوڑے وقفے سے تھوڑے تھوڑے پانی کی خواہش۔ سخت کمزوری حالت نزع کی سی۔

آرسنک البم 30' آدھا گھنٹہ بعد

☆ جب شدید قسم کی متلی اور قے ہو اور ٹھنڈے پسینے آئیں۔

ٹباکم 30' آدھا گھنٹہ بعد

☆ جب ہیضے کی علامات کے ساتھ اونچی آواز والی جان لیوا قسم کی شدید کھانسی بھی ہو۔

سکوٹا (Cicuta V) 30' آدھا گھنٹہ بعد

☆ جسم ٹھنڈا اور نیلا پڑ جائے۔ دستوں کے ساتھ ساتھ تشنج بھی ہو۔ اعصاب کھنچنے لگیں۔ جب معدے اور سینے کے اعصاب اور پٹھوں میں نیچے کی جانب سے اوپر کو تشنج اور کھچاؤ شروع ہو۔

کوپرم میٹیلکم 30' آدھا گھنٹہ بعد

☆ جب الٹیاں بند ہو جائیں البتہ دست جاری رہیں۔ اعصاب برف کی طرح ٹھنڈے ہوں لیکن مریض ان کو ڈھکنا بند نہ کرے۔ متلی اور قے سے زیادہ ابکائیاں آئیں۔

سکالے کار 30' آدھا گھنٹہ بعد

بائیو کیمک کی میگنیشیا فاس 6x فیرم فاس 12x کالی میور 6x۔ نیٹرم سلف 12x کالی فاس 6x اور نیٹرم میور 12x آدھا آدھا گھنٹہ بعد دینے سے بھی بہتر نتائج حاصل کئے جا سکتے ہیں۔

مرض کی شدت کی حالت میں مندرجہ بالا ادویات میں سے
علامات کے مطابق 200 یا اس سے زیادہ کی طاقت میں مختصر
وقفے کے بعد بھی دی جا سکتی ہیں۔

بچوں کا ہیضہ

Cholera Infantum

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ دست کھانسی کے ساتھ۔ پاخانہ سنہرا پیلا۔ مریض برف کی مانند ٹھنڈے مشروبات کی
خواہش کرے۔

فاسفورس 30' آدھا گھنٹہ بعد

☆ جب دستوں میں واضح کھٹی قسم کی بدبو ہو۔

ریہوم 30' آدھا گھنٹہ بعد

☆ جب ذرا ذرا سے پانی کی بار بار خواہش یا پیاس ہو۔ متلی اور قے جلدی جلدی پاخانوں
کے ساتھ۔ سخت بے چینی۔

آرسنک البم 30' آدھا گھنٹہ بعد

ان کے علاوہ مندرجہ ذیل ادویات بھی دی گئی طاقت میں مفید
ہیں۔
ا-تھیوزا 30' انٹم کروڈ 30' کلکیریا فاس 6x یا 30' کیموملا 30
چائنا 30' اوپیم 30 یا 200' فاسفورس 30' پوڈوفائلم30
وغیرہ۔

مقعد کا سرک جانا/کانچ نکلنا

Rectum Prolapsus

اس مرض میں ابتدا" تو رفع حاجت کے وقت ہی کانچ نکلتی ہے لیکن آہستہ آہستہ مقعد کا عضلا اتنا ڈھیلا ہو جاتا ہے کہ زور کا کام کرنے' کھانسنے' زیادہ دیر کھڑے رہنے اور چلنے تک سے بھی کانچ نکل آتی ہے اور اجابت کے وقت سخت درد ہوتا ہے۔ بعض اوقات کانچ پر زخم بھی ہو جاتے ہیں۔ کبھی کبھی یہ پانچ اور چھ انچ لمبی ہوتی ہے۔ یہ مرض زیادہ تر بچوں میں ہوتا ہے۔ لیکن کبھی کبھار بڑے بوڑھے بھی اس بیماری میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ معاون دوا۔
سلفر 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ رفع حاجت کرتے ہوئے اور اس سے پہلے۔ یکے بعد دیگر قبض اور دست۔
پوڈو فائلم10M یا 50M' پندرھویں روز' تین مرتبہ

☆ ایسے بچے جن کو ٹھنڈ لگنے کی رغبت اور قبض ہو۔
ہائیڈرا ئسٹس 30' چار گھنٹے بعد

☆ پیشاب کرتے ہوئے مقعد سرک جائے۔ مسوں کی وجہ سے خاص طور پر بچوں کے لئے۔
میورک ایسڈ30' چار گھنٹے بعد

☆ مقعد سرک جائے۔ پتلے اسہال ہونے کی صورت میں زیادہ تکلیف ہو۔
اگنیشیا 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ بواسیر کی تکلیف میں مبتلا مریض۔ رفع حاجت کے بعد مقعد سرک جائے۔ کمر میں ہلکا سا درد ہو۔
ایسے کولس ہپ 30' چار گھنٹے بعد

☆ معدے کے ورم' سکڑن اور اکڑاہٹ کے ساتھ مقعد کا سرک جانا۔
مرکیورس سال 30' چار گھنٹے بعد

☆ مقعد کے سرکنے کے بعد اسہال شروع ہو جائیں۔

بیلاڈونا 30' چار گھنٹے بعد

☆ ایسے مریض جو زیادہ بیٹھ کر وقت گزارتے ہوں اور حرارت پیدا کرنے والی اشیاء پیتے اور کھاتے ہوں۔ مثلاً" کافی اور شراب وغیرہ۔

نکس وامیکا 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی کلکیریا 12x چار گھنٹے کے وقفے سے دینا بھی بہت فائدہ مند ہے۔

دیگر ادویات : لائیکوپوڈیم' کلکیریا کارب اور ٹوبرکولینم وغیرہ۔

—— ✪ ——

کرم/کیڑے

Worms

پیٹ کے کیڑوں کی بہت سی قسمیں ہیں۔ ان میں سے کیچوے/ ملپ (Round worm) خون چوسنے والے (Hook worms) چھوٹے/چنے (Pin worms) اور کدو کیڑے (Tape worms) زیادہ اہم ہیں اور عام طور پر یہ بچوں میں پائے جاتے ہیں۔ کدو کیڑے زیادہ خطرناک ہوتے ہیں کیونکہ ان کا اخراج مشکل سے ہوتا ہے۔ زمین پر کھیلنے' ننگے پاؤں پھرنے اور گندے ماحول میں رہنے کی وجہ سے معدے میں مختلف قسم کے کیڑے پرورش پا جاتے ہیں۔ بہت سے بچے مٹی کھاتے ہیں۔ مٹی کے ساتھ ملپ کے انڈے پیٹ میں چلے جاتے ہیں۔ مکھیاں بھی کیڑوں کے انڈے ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرتی ہیں وہ کھانے کی چیزوں پر بیٹھ کر ان انڈوں کو چھوڑ جاتی ہیں اور اس طرح کھانے کی اشیاء کے ساتھ انڈے پیٹ میں پہنچ کر بچے پیدا کرتے ہیں۔ مریض کے پیٹ میں درد ہوتا ہے۔ اکثر متلی اور قے اور الٹیاں آنے لگتی ہیں۔ مریض کمزور ہوتا جاتا ہے کیونکہ غذا جزوِ بدن نہیں بنتی ہے۔ بہت سے بچوں کو سوکھیا کا مرض لاحق ہو جاتا ہے۔

احتیاطی تدابیر : بچوں کو میدانوں اور گھر کے صحن میں پاخانہ نہ کرنے دیا جائے۔ سبزی اور پھل کو اچھی طرح دھو کر کھایا جائے۔ بچوں کو مٹی کھانے سے منع کیا جائے۔ ناخن نہ بڑھنے دیے جائیں۔ کھانے سے پہلے بچوں کے ہاتھ صابن سے دھلوائے جائیں۔ مجموعی طور پر صفائی ستھرائی کا خیال رکھا جائے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ کیڑوں کی بہترین دوا۔ علاج شروع کرنے کے لئے۔

سائنا 1M' پندرہ منٹ بعد' تین مرتبہ۔
سینٹو نائن 3x' نیٹرم فاس 6x' دوسرے دن سے دونوں دوائیں دو دو مرتبہ ایک ہفتے تک یا ضرورت کے مطابق دی جائیں

☆ باریک کیڑوں کے لئے۔

ابرٹنیم 30' چار گھنٹے بعد

☆ کدو کیڑے (Tape worms) کے لئے جن کی وجہ سے بھوک زیادہ لگے۔

اسنتھیرم (Anantherum) 30' چار گھنٹے بعد

☆ کیڑوں کی وجہ سے مریض (بچہ) دانت رگڑے یا دانت پیسے۔ معدے میں کھچاؤ ہو اور درد بھی۔ کھانے کے بعد تکلیف بڑھ جائے۔ مقعد کے اردگرد جلن ہو۔ رات کے وقت غیر ارادی طور پر پیشاب خارج ہو جائے۔ میٹھی چیزوں کی خواہش ہو۔

امبیلیا رائبس (Embilia Ribes) Q یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ چھونوں/چرنوں (pin worms) کے لئے۔

ٹیوکیریم (Teucriumm V) 30' چار گھنٹے بعد

☆ جب کیڑے پیڑو پر رینگتے ہوئے محسوس ہوں اور اندام نہانی میں چلے جائیں۔ اور مشت زنی/ رگڑنے کی خواہش کے لئے ابھاریں۔

کیلیڈیم 30' چار گھنٹے بعد

☆ خون چوسنے والے (Hook worms) کے لئے۔

چینو پوڈیم Q یا 6' چار گھنٹے بعد

☆ معاون دوا۔

سلفر 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

بائیو کیمک کی نیٹرم فاس 6x اور کالی میور 6x بھی مفید ادویات ہیں۔

بواسیر
خشک مسے

Piles-dry

Haemorrhoids

بواسیر کی دو اقسام ہوتی ہیں۔ (1) اندرونی یا خونی بواسیر جس میں اندرونی مسوں سے خون آتا ہے۔ (2) بیرونی بواسیر۔ اس میں خون نہیں آتا البتہ بہت زیادہ درد ہوتا ہے۔ اس مرض میں مقعد کے اندر اور اعضاء زیریں کے منہ پر مسے پیدا ہو جاتے ہیں۔ جن میں خون جمع رہتا ہے۔ مسے مٹر کے دانے سے لے کر اخروٹ تک جیسے موٹے ہو سکتے ہیں۔ ان مسوں کی وجہ سے مقعد میں جلن' خارش' بوجھ اور درد ہوتا ہے۔ رفع حاجت کے وقت مریض سخت تکلیف محسوس کرتا ہے۔ درد اور خون بہنے کے خوف سے مریض رفع حاجت سے گریز کرتا ہے جس سے قبض ہو جاتا ہے اور پاخانہ سخت ہونے کی وجہ سے مسوں میں رگڑ سے تکلیف میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ خون کی کبھی پاخانے میں آمیزش ہوتی ہے اور کبھی کبھی قطرہ قطرہ ٹپکتا ہے اور کبھی بہت مقدار میں اور تیزی کے ساتھ خون بہتا ہے۔ جس کے خوف سے مریض کو غش پڑ جاتا ہے۔ رنگ زرد ہو جاتا ہے اور مریض سخت کمزور ہو جاتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ سب سے اعلیٰ دوا۔ مقعد کی جلن اور چبھن کے لئے جبکہ نظر نہ آنے والے یا خون والے مسے ہوں۔

سلفر 200 یا 1M' پندرھویں روز' تین مرتبہ

☆ ہر پاخانہ کے بعد انگور کے گچھوں کی طرح سے باہر کو نکل آئیں۔ ٹھنڈے پانی سے کچھ سکون اور افاقہ ہو۔

ایلوسوک 6 یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ جلن دار درد والے مسے۔ کوئی گرم چیز لگانے سے اضافہ ہو۔

آرسنک البم 30' چار گھنٹے بعد

☆ بیٹھے رہنے کی وجہ سے مسے ہو جائیں۔ قبض ہو۔ جلدی جلدی اجابت کی ضرورت پیش

آئے اور مقعد میں جلن اور چیرنے والے درد ہوں۔ دماغی محنت اور تھکاوٹ کے بعد اور کھانے کے بعد بھی تکلیف میں اضافہ ہو۔

نکس وامیکا 30' چار گھنٹے بعد

☆ جب بھی مریض پیشاب کرے تو مسے نکل آئیں۔

برئٹا کارب 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ کمر کی تکونیہ ہڈی کے مقام پر درد کے ساتھ مسے۔ ایسے محسوس ہو کہ مقعد میں بہت سی کھپچیاں بھری ہوئی ہیں یا ایسے کہ کوئی کھٹمل رینگ رہا ہو۔

ایسی کونس ہپ 6 یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ مقعد میں مسے ہوں یا پاخانہ کی نالی میں کوئی اور تکلیف ہو جس سے چلنے پھرنے سے ناقابل برداشت تکلیف اور درد ہو۔

کاسٹی کم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ مقعد میں مسے اور پاخانے کے بعد مقعد سرک جائے یا نیچے کو گر جائے یا باہر کو نکل آئے۔

پوڈو فائلم30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ پیاز کی طرح کے گول مسے جن کی رنگت پیازی ہو۔ مقعد میں ہتھوڑے سے لگنے والے تپکن والے درد یا چبھن۔

لیکے سس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد'

چھ مرتبہ

☆ زبان پر سفیدی سی جمی ہو۔ مسوں یا مقعد سے رطوبت خارج ہو۔

انٹی مونیم کروڈم 30 یا 200' ہفتہ وار'

تین مرتبہ

☆ خون بہنے کے ساتھ باہر کو نکلے ہوئے مسے ورم آلود۔ اس کے باوجود کہ پاخانہ قبض سے نہ ہو مریض ہوا بہنے سے سخت پریشان ہو۔ مسے کپڑے تک کا لگنا برداشت نہ کر سکیں اور ذرا سا چھوئے جانے سے بھی شدید تکلیف ہو۔

ایسذمیور 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ مسوں میں ایسا محسوس ہو کہ ان میں کوئی چیز کاٹ رہی ہے۔ مقعد میں سوجن اور ورم

ہو۔ مقعد کے منہ پر لمبی شکل کا پھوڑا یا زخم۔ مسلسل بہنے کی وجہ سے مقعد گیلا سا رہے۔
پائیونیا Q یا 6' چار گھنٹے بعد

☆ مقعد بھیگا ہوا سا ہو۔ مقعد کے کنارے پر پھنسیاں پھوڑے اور درد جس کے گرد چھپے سے ابھار ہوں۔ کھنچنے اور پھاڑنے والے دردوں کے ساتھ جلن اور کھچاؤ تناؤ محسوس ہو۔
تھوجا 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ مقعد میں غیر معمولی اور گہرے پھوڑے پھنسیاں۔ اجابت کے بعد شدید چبھن اور تکلیف جیسے مقعد اور پاخانے کی نالی میں شیشے کی کرچیاں بھری ہوں۔ مقعد میں اتنی شدید گرمی اور درد کہ مریض ایک لمحے کو بھی سکون محسوس نہ کرے۔ مقعد کے منہ یا سوراخ میں کھچاؤ اور تناؤ۔

رٹینیا 6 یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ مسوں میں ایسا محسوس ہو کہ مقعد میں سرخ گرم لوہا ٹھونس دیا گیا ہو۔
کالی کارب 30 یا 200' چار گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ مسوں میں چبھن اور جلن دار درد جن کو ٹھنڈی چیز لگانے سے افاقہ ہو۔
ایبس ملفیکا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد'
تین مرتبہ
بائیو کیمک کی کلکیریا فلور 12x بھی مفید دوا ہے۔

----- ✪ -----

ہرنیا/فتق/آنت بڑھ جانا

Hernia

اس مرض میں آنت کا کوئی حصہ پیٹ کی حدود سے نکل کر کسی ایسے مقام پر پہنچ جاتا ہے جہاں اس کا ابھار نظر آتا ہے۔ مردوں میں انتڑی جنگاسہ والی ناف کے راستے اتر کر فوطوں میں آجاتی ہے۔ عورتوں میں کنج ران کے راستے نیچے اتر آتی ہے۔ شیر خوار بچوں میں ناف کے مقام پر ایک چھوٹا سا ابھار پیدا ہو جاتا ہے۔ بعض دفعہ دبانے سے فتق اپنی جگہ چلا جاتا ہے۔ البتہ پھنسا ہوا فتق بڑا تکلیف دہ ہوتا ہے۔ پیٹ میں نفخ اور قولنج کا سا درد ہوتا ہے۔ عام طور پر اس مرض کا سبب غیر معمولی دباؤ ہوتا ہے' جو کسی بھاری بوجھ وغیرہ کے اٹھانے اور اس کا زور شکم کے عضلات پر پڑنے سے ہو سکتا ہے۔ دائمی قبض بھی اس کا ایک سبب ہوتا ہے۔ قبض میں رفع حاجت کے لئے زور لگانے سے بھی آنت کا کوئی حصہ نیچے آجاتا ہے۔ بعض لوگ سہارا دینے کے لئے مخصوص قسم کی پٹی باندھتے ہیں۔ لیکن اس کا اصل علاج آپریشن ہے جس سے ہرنیا کے سوراخ کی مرمت کر دی جاتی ہے۔ اس کے بعد ہرنیا ٹھیک ہو جاتا ہے۔ ہرنیا کے مریض کو سخت قسم کی محنت مشقت یا وزن اٹھانے کا کام نہیں کرنا چاہئے قبض ہو تو اس کا علاج کیا جائے اور ہلکی اور زود ہضم غذائیں کھانی چاہئیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ چڑے کا ہرنیا۔ خودکشی کے خیالات آئیں۔ دماغی افسردگی۔

اورم میٹلیکم 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ بند یا رکا ہوا ہرنیا۔ بدبودار ریاح۔ بے چینی۔ ڈکار یا ریاح خارج ہونے سے بہتر ہو۔

کاربوویج 30' چار گھنٹے بعد

☆ جان لیوا متلی کے ساتھ دبایا ہوا ہرنیا۔

ٹباکم 30' چار گھنٹے بعد

☆ ہر قسم کے ہرنیا کے لئے جبکہ معدے کے پردے پتلے یا باریک ہوں۔

کلکیریا کارب 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ ٹوٹی ہوئی یا چھید دار آنت۔ معدے میں درد۔ لیٹنے سے تکلیف میں اضافہ ہو۔ کھلی ہوا میں بہتر ہو۔

بلساٹیلا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ دائیں جانب کا۔ روکا ہوا چڑے کا ہرنیا۔ مریض کو گیس کی شکایت کا میلان ہو۔
لائیکو پوڈیم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ رکا ہوا ہرنیا جلن دار درد اور پریشانی کی علامات کے ساتھ۔
اکونائٹ 200، چار گھنٹے بعد

☆ دبا ہوا اور رکا ہوا ہرنیا۔ فضلے کی قے کے ساتھ۔
اوپیم 200 یا 1M، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ دبا ہوا یا رکا ہوا ہرنیا۔ مریض پیٹ پر کپڑے تک کا چھوا جانا برداشت نہ کر سکے۔
لیکے سس 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ ٹھنڈ محسوس کرنے والا مریض۔ چڑے کا ہرنیا۔ درد۔ پاخانہ اکثر قبض سے ہو۔
سلیشیا 12x یا 30، چار گھنٹے بعد

☆ نہ مٹنے والی پیاس۔ شدید بے چینی اور جلن کا احساس۔ ایک وقت میں تھوڑا پانی پے۔ لیکن تھوڑے تھوڑے وقفے کے بعد۔ رکا ہوا ہرنیا۔
آرسنک البم 30، چار گھنٹے بعد

☆ چڑے کا ہرنیا۔ بائیں جانب کا ہرنیا۔ ناف کا ہرنیا۔ صبح کے وقت اور جب قبض زیادہ ہو تو تکلیف بڑھے۔ چڑچڑے مزاج کا اور ٹھنڈ محسوس کرنے والا مریض۔
نکس وامیکا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ ناف کے آس پاس درد۔ کسی دوسری قسم کا ہرنیا۔
پلمبم میٹلیکم 30، چار گھنٹے بعد

☆ مثانہ کا ہرنیا۔
سٹیفی سیگریا 30، چار گھنٹے بعد

☆ ران کی ہڈی سے متعلق ہرنیا۔
ویربیڈن 30، چار گھنٹے بعد

☆ ناف سے متعلق ہرنیا۔
گریٹیم 30، چار گھنٹے بعد

☆ جب تمام منتخب ادویات غیر موثر ہوں۔
کوکولس انڈیکا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

مقعد میں چیر یا مقعد کے کنارے پر لمبی شکل کا پھوڑا

Fissure

اس مرض میں مقعد کے کنارے پر زخم یا لمبی چیر آ جاتی ہے۔ رفع حاجت کے وقت مقعد میں سخت درد اور جلن ہوتی ہے جو رفع حاجت کے بعد بھی کچھ دیر تک ہوتی رہتی ہے۔ عام طور پر بواسیر کے ساتھ یہ مرض لاحق ہو جاتا ہے۔ مردوں کی نسبت عورتیں اس مرض میں زیادہ مبتلا ہوتی ہیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ علاج شروع کرنے کے لئے (معاون دوا بھی)

ٹوبرکولینم 1M یا 10M' پندرھویں روز' چھ مرتبہ

☆ آنکھوں یا ناک سے پانی جاری رہے یا منہ میں پانی بھرا رہے۔ جسم کی تمام بلغمی اور لمفی جھلیوں کے خشک ہو جانے کی وجہ سے مقعد کے کنارے پر پھوڑا۔

نیٹرم میور 30' چار گھنٹے بعد

☆ بدبودار رطوبت کا اخراج۔ مقعد میں ایسا محسوس ہو جیسے کرچیاں چبھ رہی ہوں۔

نائٹرک ایسڈ30 یا 200' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ مقعد کے اردگرد واضح سرخی جس میں لگاتار جلن ہوتی رہے اور رفع حاجت کرنے کی ضرورت محسوس ہوتی رہے۔

سلفر30 یا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ آنووں یا رطوبت والا سخت پاخانہ۔ سخت قسم کا قبض۔

گریفائٹس 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ پاخانہ پھنس کر رہ جائے۔ شکل سے نیچے گرے۔ کرچیوں کے کھچاؤ یا تناؤ کے احساس کے ساتھ۔ پاخانہ کا کچھ حصہ نکل جائے اور کچھ واپس اوپر چڑھ جائے۔

سلیشیا 12x یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ مقعد ٹوٹے ہوئے شیشے کی کرچیوں سے بھرا محسوس ہو۔ اجابت ہونے کے بعد بہت دیر تک جلن ہوتی رہے۔

رٹینہیا (Ratanhia) 6 یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ بہت زیادہ رطوبت کے اخراج کے ساتھ مقعد میں لگاتار چبھن ہوتی رہے۔

پائیومیا (Paeomia) Q یا 30' چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی کلکیریا فلور 12x اور سلیشیا 30x ہر چار گھنٹے بعد دینا بہت فائدہ مند ہوتا ہے۔

ناسور مقعد

Fistula

ابتدا میں مقعد کے قریب چھوٹی گولی کی مانند ایک ابھار سا ہوتا ہے جو بعد میں بڑھ کر بڑا ہو جاتا ہے اور پھوڑے کی سی شکل اختیار کر لیتا ہے اور پکنا شروع ہو جاتا ہے۔ متورم اور سرخ ہو جاتا ہے اور اس میں مواد بننا شروع ہو جاتا ہے۔ رفع حاجت کے وقت سخت تکلیف ہوتی ہے۔ پھوڑا پھٹ جانے پر بدبودار مواد خارج ہوتا ہے اور مریض سکون محسوس کرتا ہے. پھوڑا پھٹنے کے بعد مقعد کے نزدیک ایک چھوٹا سا سوراخ رہ جاتا ہے جس سے کبھی کبھار پتلا مواد خارج ہوتا رہتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ علاج شروع کرنے کے لئے (معاون دوا بھی ہے)

ٹوبر کولینم 200 یا 1M' پندرھویں روز' تین مرتبہ

☆ دکھن اور سوجن۔ گہرا جلن دار درد۔ سبزی مائل رطوبت خارج ہو۔

نائٹرک ایسڈ200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ مقعد میں مزمن لمبے مہاسے یا پھنسیاں۔ جلن دکھن اور ورم۔ سوزش۔ مرطوب آب و ہوا میں تکلیف میں کمی آئے۔

کاسٹی کم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ تپدق کے مریض۔ ایسے مریض جو ٹھنڈ سے جلد جلد متاثر ہوں۔ (معاون دوا بھی ہے)

بیسی لینم 200 یا 1M' پندرھویں روز' تین مرتبہ

☆ مقعد میں سرخی۔ ٹیکن والا درد۔ پیپ پڑنے کا ابتدائی مرحلہ۔

بیلاڈونا 30 اور مرکیورس سال 30' یکے بعد دیگر تین گھنٹے بعد

☆ مقعد کے اخراج کے راستے کو بہتر بنانے کے لئے۔ مقعد کے اردگرد پھاڑنے اور کاٹنے والے درد اور ٹیسیں۔

بربرس ولگرس Q 5-10 قطرے' چار گھنٹے بعد

☆ پھنسیاں پیپ میں تبدیل ہو جائیں۔ شدید گہرا درد۔ بھگندر کا دوسرا مرحلہ۔

ہیپر سلف 30' چار گھنٹے بعد

☆ نظر نہ آنے والا بھگندر۔ بغیر درد کے سبزی اور زردی مائل رطوبت خارج ہو۔

سلفر 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ مقعد میں ہتھوڑے کی چوٹ کا سا شدید درد۔

لیکے سس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ جب ناسور بن جائے اور اخراج کا راستہ نالی کی شکل کے لیے پھوڑے کی صورت اختیار کرلے اور بدبودار پانی کی طرح کی رطوبت نکلنے لگے۔

سلیسیا 12x یا 30' چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی مگنیشیا فاس 6x یا مگنیشیا سلف جب درد نہ ہو تو چار گھنٹے بعد دینا بہت مفید ہے۔

بیرونی استعمال کے لئے

Lotion of Hydrastis or Calendula

ورم قولون/بڑی آنت کا ورم

Colitis

(See dysentery also)

اس مرض میں بڑی آنت میں سوزش اور ورم ہو جاتا ہے۔ آنت کے عضلاتی ریشے اینٹھتے یا سکڑتے ہیں اور پیٹ میں کھچاؤ والا درد ہوتا ہے۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ انتڑی کو مروڑا جا رہا ہو۔ مریض درد کی شدت سے پریشان ہو کر ٹانگوں کو پیٹ کے اندر سکیڑتا ہے۔ کبھی پیٹ کو دبا کر لیٹتا ہے اور سخت بے چینی میں مبتلا ہوتا ہے۔ مریض کو بار بار پاخانے کی حاجت محسوس ہوتی ہے لیکن قبض کی وجہ سے اخراج نہیں ہوتا۔ جب آنت کے عضلات فضلے یا جمع شدہ ہوا کو نیچے کی طرف دھکیلتے ہیں تو نیچے کا حصہ سکڑا ہوا ہونے کی وجہ سے شدید درد کی لہریں اٹھتی ہیں۔ گنٹھیا اور وجع المفاصل، ثقیل غذا اور ترش پھل کھانا، کرم امعاء اور قبض، ٹھنڈ لگنا اور پاؤں بھیگنا وغیرہ اس مرض کے عام اسباب ہیں۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ السر کی وجہ سے سادہ ورم قولون۔ برہمی کے بعد یا کوئی غیر انسانی یا غیر اخلاقی کام کرنے کے بعد مثلاً" زناہ بالجبر۔

سٹیفی سیگریا 200 یا IM، پندرھویں روز، تین مرتبہ

☆ غصے کے بعد علامات بڑھ جائیں۔ کڑوا ذائقہ۔ معدے میں شدید اور پھاڑنے والا درد۔ درد کی شدت سے مریض دوہرا ہو جائے۔

کالوسنتھ30، تین گھنٹے بعد

☆ پاخانے میں سفید ذرات کے ٹکڑے۔ معدے میں سکڑاؤ۔ جگر کے مقام پر شدید درد۔ کھانوں کی خوشبو سے غیر معمولی حساس۔

کالچی کم 30، تین گھنٹے بعد

☆ سبزی مائل پانی کی طرح پتلے دست۔ جو فوارے کے سے زور کی طرح باہر نکلے پڑیں۔ معدے میں شدید کھچاؤ۔

مگنیسیا کارب 30، چار گھنٹے بعد

☆ بدبودار پتلے دست۔ مریض معدے کے اوپر کپڑے تک کا چھوا جانا برداشت نہ کر سکے۔ موسم بہار میں اور سونے کے بعد تکلیف میں اضافہ ہو۔

لیکے سس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ پانی کی طرح نیلے پاخانے ریح یا ہوا کے اخراج کے ساتھ۔ کھانے کے بعد تکلیف بڑھے۔ برف کی مانند ٹھنڈے پانی پینے اور رکھے ہوئے پھل کھانے سے تکلیف میں اضافہ ہو۔ ہاضمہ سست ہو۔

چائنا 6 یا 30' چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی میگنیسا فاس 6x تین گھنٹے بعد دینا مفید ہے۔

درد قولنج/ مروڑ

Colic

(See abdominal pain also)

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ جب درد اچانک شروع ہو اور اچانک ہی ختم ہو جائے۔

بیلاڈونا 30' چار گھنٹے بعد

☆ زیادہ کھانے کے بعد۔ خاص طور پر مسالہ دار اور چٹپٹی چیزیں اور دودھ کے بعد درد شروع ہو۔

نکس وامیکا 30' تین گھنٹے بعد

☆ کھانے کی بدہضمی کی وجہ سے درد قولنج۔ نہ مٹنے والی پیاس۔ تھوڑے تھوڑے وقفے سے گھونٹ گھونٹ پانی پیے۔ پریشانی اور بے چینی۔

آرسنک البم 30' دو گھنٹے بعد

☆ بہت شدید درد کہ اس بات کو نہ سمجھ سکے کہ درد کس مقام پر ہے دوہرا ہو جانے سے درد کم محسوس ہو۔

کالوسنتھ30' چار گھنٹے بعد

☆ سخت اور تشنجی درد۔ وقفے وقفے سے شدید درد اٹھے۔

کوپرم میٹلیکم، چار گھنٹے بعد

☆ تیزابیت کی وجہ سے درد ہو۔ السر ہو۔ مریض لگاتار ہوا کی خواہش کرے۔ تازہ ہوا چاہے۔

کاربوویج 30، چار گھنٹے بعد

☆ جب درد ناقابل برداشت ہو۔ خصوصاً" حاملہ عورت کا۔ غصے کے بعد تکلیف بڑھ جائے۔

کیمومیلا 200، دو گھنٹے بعد

☆ پینے کے دوران شدید درد ٹھنڈے پسینے کے ساتھ۔

ورائرم البم 30، چار گھنٹے بعد

☆ کھانے کے دوران۔ ناف کے گرد جلن دار درد۔

کلکیریا رینال، چار گھنٹے بعد

☆ چکنائی والے کھانے کھانے کے بعد۔ پیاس ختم ہو جائے۔ کھلی ٹھنڈی ہوا کی خواہش کرے۔

پلساٹیلا 30، چار گھنٹے بعد

☆ کیڑوں کی وجہ سے معدے کا درد۔

سائنا 200 یا 1M، چھ گھنٹے بعد

☆ معدے کے آپریشن کے بعد درد۔

سٹیفی سیگریا 30، چار گھنٹے بعد

☆ اپھارے بادی اور ریح کی وجہ سے درد۔ پیچھے کی جانب مڑنے سے آرام آئے۔

ڈسکوریا 30، چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی میگنیسیا فاس 6x دو دو گھنٹے بعد دینے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔

بواسیر، بواسیر کے مہاسے

Bleeding Piles/Haemorrhoids

اس مرض میں مقعد کے اندر اور امعاء زیریں کے کناروں پر مسے پیدا ہو جاتے ہیں۔ ان مسوں میں خون جمع رہتا ہے۔ مسے چھوٹے چھوٹے اور بعض اوقات کافی بڑے بڑے ہوتے ہیں۔ ان مسوں میں شدید درد، جلن اور خارش ہوتی ہے۔ خون کبھی قطرے قطرے اور کبھی بہت زیادہ مقدار میں آتا ہے۔ مریض ڈر کے مارے رفع حاجت سے گریز کرتا ہے جس سے اس کو قبض کی شکایت ہو جاتی ہے اور سخت اجابت کی وجہ سے مسے چھل جاتے ہیں اور اس سے خون بہنے لگتا ہے۔ خون بعض دفعہ پاخانے سے پہلے، کبھی پاخانے میں ملا ہوا اور کبھی بعد میں آتا ہے۔ اندرونی مسے بعض دفعہ مقعد سے باہر نکل آتے ہیں اور اس قدر متورم ہو جاتے ہیں کہ پھر اندر داخل نہیں ہو سکتے، جس کے سبب بڑی شدید تکلیف اور درد ہوتا ہے۔ یہ مسے زخم بن جاتے ہیں یا گل سڑ کر مردار ہو جاتے ہیں۔

اگر مرض کا بروقت اور صحیح طور پر علاج نہ کیا جائے اور مرض زور پکڑ جائے تو مریض کا رنگ زرد پڑ جاتا ہے۔ وہ نہایت لاغر اور کمزور ہو جاتا ہے کیونکہ خون بہت زیادہ خارج ہو جانے سے توانائی میں کمی آجاتی ہے۔

کبھی یہ مرض موروثی بھی ہوتا ہے۔ علاوہ ازیں ورزش نہ کرنا، مسالہ دار چٹپٹی چیزیں کھانا، عیاشانہ زندگی بسر کرنا، قبض ہونا، مستقل بیٹھے رہنا، گیلی جگہ بیٹھے رہنا، زیادہ شراب اور گرم چیزیں پینا اور کھانا، جگر کا فعل سست ہونا وغیرہ اس مرض کے عام اسباب ہیں۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ بواسیر کے مہاسوں سے خون کے اخراج کے لئے قدیم ہندوستانی دوا۔

بلومیا اوڈ، چار گھنٹے بعد

☆ خون کے اخراج اور قبض کے لئے سب سے اعلیٰ دوا۔

سلفر 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ مہاسوں کے بغیر بواسیر۔ خون بہے۔ موقوفی حیض میں تکلیف زیادہ بڑھے۔

ایس کولس ہپ

(Aesculus hipp)، چار گھنٹے بعد

☆ قبض رہے۔ یا کبھی اسہال شروع ہو جائیں اور کبھی قبض ہو جائے۔ بھوک مر جائے

خصوصاً" دوران حمل۔ مہاسوں سے درد کے ساتھ خون بہے۔
کولن سونیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ مہاسوں سے خون جاری رہنے کے دوران تک کے لئے۔
ڈولی کوس Q 4-5 قطرے' چھ گھنٹے بعد

☆ شدید جلن دار درد۔ دوران اجابت ڈنک لگنے اور چبھن کا سا شدید احساس۔
کیپسیکم 30' چار گھنٹے بعد

☆ جب ہر اجابت کے ساتھ پتلی دھار سے خون بہے۔
فاسفورس 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ جب خون سرخ اور چمکیلا ہو اور ڈولی کاس Q بھی کام نہ کرے۔
ملی فولیم Q یا 200' 10-5 قطرے' چار گھنٹے بعد

☆ خون کے کالے لوتھڑے۔ دکھن اور سوزش۔ مقعد سے خون جاری ہو اور اس میں تپکن اور دھڑکن ہو۔
ہیما میلس Q یا 30' 10-5 قطرے' چار گھنٹے بعد

☆ مہاسوں سے بہت زیادہ خون کا اخراج درد کے ساتھ۔ اجابت کے بعد بہت دیر تک کاٹنے والے درد۔
نائٹرک ایسڈ200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ ہندوستانی مجرب دوا' جبکہ خون چمکیلا سرخ ہو۔
فکس ریلگ Q (Ficus relig)
10-5 قطرے' چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی فیرم فاس 3x ہر چار گھنٹے بعد دینا بھی بہت مفید ہے۔

--- O ---

ورم زائدہ

Appendicitis

اندھی آنت کے زائدہ کے بڑھ جانے کو ورم زائدہ کہتے ہیں۔ اس میں شدید درد شکم ہوتا ہے۔ درد کا حملہ اچانک ہوتا ہے اور ناف کے اردگرد کاٹنے والے درد محسوس ہوتے ہیں۔ تھوڑی دیر بعد یہ درد چھوٹی بڑی آنت کے ملنے والے مقام پر ٹھہر جاتا ہے۔ مریض کا جی متلانے اور قے آنے لگتی ہیں۔ حتیٰ کہ پانی وغیرہ بھی نکل جاتا ہے۔ سردی لگ کر بخار ہو جاتا ہے۔ اگرچہ بخار کا درجہ حرارت زیادہ نہیں ہوتا ہے۔ البتہ نبض کی رفتار تیز ہوتی ہے اور مرض کی شدت کے ساتھ بڑھتی جاتی ہے۔

مریض کا پیٹ پھولا ہوا اور زبان میلی ہوتی ہے۔ مریض کو دائیں ٹانگ کو ڈھیلا اور اونچا رکھنے سے آرام ملتا ہے۔ کیونکہ اس طرح ماؤف مقام پر کھچاوٹ کم ہوتی ہے۔ بعض دفعہ اندھی آنت کی سوزش پھوڑے میں تبدیل ہو جانے سے بار بار سردی کے ساتھ بخار چڑھنے لگتا ہے۔

اندھی آنت میں کسی پھل کی گٹھلی یا چھلکا پھنس جانا، دائمی قبض، کرم امعاء اس مرض کے عام اسباب ہیں۔ یہ مرض عام طور پر پندرہ سے تیس سال کی عمر کے دوران ہوتا ہے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ علاج شروع کرنے کے لئے۔

پپٹیسیا CM، ایک خوراک

☆ دائیں جانب لیٹنے سے درد میں شدت آ جائے۔ کثرت سے پسینہ آئے جو کسی طور ختم نہ ہو۔

مرکیورس سال 200، 15 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ پیچھے کی جانب مڑنے سے درد کی شدت میں کمی آئے۔ انتڑیوں میں گیس بھر جائے۔ شدید مروڑ والا درد۔

ڈسکوریا 30 یا 200، آدھا گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ اندھی آنت اور چھوٹی آنت ملنے کی جگہ (ileocecal) پر شدید درد۔ ذرا سی بھی حرکت سے درد میں اضافہ ہو جائے۔

آئرس ٹینکس (Iris Tenax) 1M، دو گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ شدید قسم کا درد۔ ناقابل برداشت درد حتیٰ کہ معمولی سے ہوا کے جھونکے تک یا ذرا چھونے سے بھی درد بڑھے۔ مریض ٹھنڈا ہو۔

ہیپر سلف 200 یا 1M' پندرہ منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ اچانک شدید درد۔ مریض متاثرہ جگہ کو ذرا سا بھی دبانا یا بھینچنا برداشت نہ کر سکے۔

بیلاڈونا 30 یا 200' پندرہ منٹ بعد' چھ مرتبہ

☆ تمام پیٹ بہت زیادہ حساس۔ سوزش کی جگہ سے شدید درد پیچھے اور نیچے کی جانب ہوتا ہوا ران میں پہنچے۔ متاثرہ حصے پر کپڑا تک برداشت نہ کر سکے۔

لیکے سس 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ جب حیوانی اجسام سڑنا شروع ہو جائے۔ ٹھنڈ۔ اسہال لگ جائیں۔ سخت بے چینی ہو۔ بہت زیادہ پریشانی۔ بہت تیزی سے قوت ختم ہوتی جائے۔ شدید درد اور سوزش۔

آرسنک البم 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ شدید چبھن اور کاٹنے والا درد' جو ذرا سی بھی حرکت سے اور بڑھ جائے۔ یہاں تک کہ سانس لینے سے بھی تکلیف زیادہ ہو۔ کچھ بہتر محسوس کرے جبکہ درد والی جانب بڑے سکون سے لیٹ جائے۔ دائیں جانب درد۔

برائی اونیا Q 5-10 قطرے' دو گھنٹے بعد

☆ آرام کرنے سے تکلیف بڑھے اور حرکت کرنے سے درد میں کمی آئے۔

رہس ٹاکس 30 یا 200' دو گھنٹے بعد' چھ مرتبہ

بائیو کیمک کی فیرم فاس 6x کالی میور 6x اور میگنیشیا فاس 6x گرم پانی میں ملا کر دینا بھی بہت فائدہ مند ہے۔

فُضلے/پاخانے کی تکلیفات

Affections of Stools

(See Constipation, Diarrhoea, Dysentery and Cholera etc also)

قبض، اسہال، پیچش اور ہیضہ وغیرہ فضلے کی تکلیفات ہیں۔ لیکن فضلہ کا اخراج مختلف کیفیات میں مختلف طریقے اور انداز سے ہوتا ہے۔ اجابت سے پہلے اور بعد میں کچھ خاص کیفیات ہوتی ہیں۔ فضلے کی نوعیت بھی مختلف ہوتی ہے اور فضلے کے ساتھ میں کچھ دوسرے مادے بھی خارج ہوتے ہیں۔ فضلے کے اخراج سے پہلے اور بعد میں کچھ ذہنی اور جسمانی تبدیلیاں بھی رونما ہوتی ہیں۔

علامات	دوا اور طاقت، دورانیہ
☆ غیر ارادی طور پر فضلہ نکل جائے۔ کسی خوف کے بعد پاخانے جاری ہو جائیں۔ سخت اور خشک پاخانہ ہو۔	اوپیم 200 یا 1M، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ
☆ صرف پیچھے کی جانب جھکنے کی صورت میں درد کے ساتھ پاخانہ ہو سکے۔	میڈورینم 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ
☆ کائی کے رنگ کی سطح کا پاخانہ۔	ٹیر-بنتھ Q (Terebinth) یا 6، چار گھنٹے بعد
☆ مٹی کے رنگ کا پاخانہ۔ درد کے ساتھ اور زور لگانے سے اخراج ہو۔	ہیپر سلف 30، چار گھنٹے بعد
☆ اجابت کے بعد سیون میں جلن اور سوزش ہو۔	نائٹرک ایسڈ 30، چار گھنٹے بعد
☆ پاخانے میں سے کھٹی بو آئے اور سبز رنگت کا ہو۔	نیٹرم فاس 6x یا 30، چار گھنٹے بعد

☆ اجابت کے اخراج کے دوران اور بعد میں مقعد میں ناقابل برداشت درد ہو۔

پیونیا Q یا 6' چار گھنٹے بعد

☆ بیسدار فضلہ۔ اجابت کے بعد عضلہ عاصرہ یا مقعد بند کرنے والے عضو میں تشنجی درد ہو۔ کھانے کی خوشبو ناپسند کرتا ہو۔

کالچی کم 30' چار گھنٹے بعد

☆ آنوں کے ساتھ ڈلی دار گلٹیوں والا اور ٹکڑے ٹکڑے پاخانہ۔

گریفائٹس 30 یا 1M' چار گھنٹے بعد

☆ پاخانے کا کچھ حصہ سخت اور کچھ پتلا' کالا خون ملا۔ زبان پر سفید میل ہو۔ معدہ باہر کو نکلا ہوا ہو۔

انثم کروڈم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ سر دھونے کے فوراً" بعد حاجت رفع کرے۔

ٹیرنٹولا ہسپانیہ 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ پاخانہ واپس لوٹ جائے جبکہ قریباً" نکلنے والا ہو۔

سلیسیا 12x یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ بہت زیادہ ریاح بنیں۔ بغیر درد کے پاخانہ ہو۔ دستوں کی بدبو سڑے ہوئے انڈوں جیسی۔ گہری بھوری رنگت۔

سورینم 200' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ اعصابی دردوں کے ساتھ بدبودار اور خون کی آمیزش کا پاخانہ۔ پاخانوں کے درمیان لمبا وقفہ۔

آرنیکا 200' چار گھنٹے بعد

☆ صبح سویرے بہت جلدی سے حاجت ہو۔

سلفر 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ گاڑھا اور سخت پاخانہ بھی غیر ارادی طور پر نکل جائے۔

ایلو 30' چار گھنٹے بعد

☆ سخت اور قبض والا پاخانہ۔ صرف کھڑے ہو کر اخراج ہو سکے۔

ایلومنیا 30 یا 0/5 یا بڑی طاقتیں' چار گھنٹے بعد

☆ خشک پاخانہ۔ ہلکے رنگ کا فضلا۔

کولن سونیا Q یا 6' چار گھنٹے بعد

☆ پاخانہ کرتے ہوئے سیون میں درد ہو۔ کھانے کے بعد اجابت کے لئے لازمی طور پر جانا پڑے۔ دیر تک رہنے والی تیز سخت بدبو۔

سینگونیریا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ کسی بھی قسم کی جذباتیت کے بعد ضرورت پیش آجائے یا پیشاب کرتے ہوئے بھی۔

ہائیو سائمس (Hyoscyamus)

200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ مقعد کے پٹھوں کی کمزوری کی وجہ سے اجابت کے لئے زور نہ لگا سکے۔ فراغت کے بعد کمزوری اور دھڑکن ہو۔ پاخانہ ٹھنڈا ہو۔

کونیم میک 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ دو پاخانے ایک ہی طرح کے نہ ہوں۔ رنگت بدل جائے۔

پلساٹیلا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ کھڑے ہونے کی حالت میں آسانی سے بہتر طور پر اخراج کر سکے۔

کاسٹی کم 30 یا 0/5 یا بڑی طاقت' چھ گھنٹے بعد

☆ پیپ دار' رطوبت والے' چکنے' پتلے اور گرم پاخانے۔

کلکیریا فاس 6x یا 6' چار گھنٹے بعد

☆ اچانک' تیزی سے پھٹ کر آواز کے ساتھ پھیلنے والا پاخانہ۔

نیٹرم سلف 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ کوئی مشروب پینے کے بعد اجابت کے لئے ضرور جانا پڑے۔ فراغت کے بعد پیاس ضرور لگے۔

کیپسی کم 30' چار گھنٹے بعد

☆ پاخانہ ملائم ہونے کے باوجود اخراج مشکل سے ہو۔

نکس موسکاٹا 30' چار گھنٹے بعد

☆ غیر موثر احساس ضرورت۔ جلن ہو۔

نکس وامیکا 30 چار گھنٹے بعد

☆ پاؤں لگاتار ٹھنڈے۔ پتّے کے مقام پر شدید اور ناقابل برداشت درد۔ چھونے تک سے حساس۔

لائیکو پوڈیم 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ منتقل ہونے والے اور کاٹنے والے درد۔ پتے کی پتھری کا درد۔ پیچھے کی جانب مڑنے سے مریض بہتر محسوس کرے۔

ڈائسکوریا 30' چار گھنٹے بعد

☆ کسی ایک نکتے یا مقام پر ٹھہرا ہوا تشنجی درد۔ ٹیسوں اور لہروں والا درد۔ گردے کی تکلیف کے ساتھ پتے کے مقام پر بھی درد۔ پتے کی پتھری کا خارش والا درد۔

بربرس ولگرس Q یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ شدید درد۔ چہرہ تمتمایا ہوا۔ حرکت سے تکلیف میں اضافہ ہو جائے۔

بیلاڈونا 30' چار گھنٹے بعد

☆ معاون دوا۔

میڈورینم 200 یا 1M' پندرھویں روز' تین مرتبہ

بائیو کیمک کی میگنیسا فاس 6x اور نیٹرم سلف چار گھنٹے بعد دینا بھی فائدہ مند ہے۔

———— ✪ ————

مثانہ کی پتھری

Stone in the Bladder

اس بیماری میں گردے یا مثانے کے اندر ریگ یا پتھری پیدا ہو جانے سے پیشاب کی تہہ میں معدنی قسم کا تلچھٹ بیٹھ جاتا ہے۔ یہ معدنی ذرات اگر گردے میں الگ الگ پڑے رہیں تو انھیں ریگ گردہ کہتے ہیں اور ان ذرات کے باہم مل جانے سے کنکریاں بن جاتی ہیں تو ان کو گردے کی پتھری کہا جاتا ہے۔ اکثر گردے میں بننے والی پتھریاں مثانے میں آجاتی ہیں اور وہاں سے پیشاب کے ساتھ باہر نکل جاتی ہیں۔ لیکن کبھی کبھی یہ پتھریاں اتنی بڑی ہو جاتی ہیں کہ مثانے کی نالی سے گذر نہیں سکتیں اور وہ مثانے میں اٹک جاتی ہیں۔

بعض دفعہ کھائی ہوئی خوراک میں کچھ نمکیات صحیح طور پر جسم سے خارج نہیں ہوتے اور جسم میں جمع ہونے شروع ہو جاتے ہیں۔ عام طور پر پینے والا پانی صاف نہیں ہوتا ہے یا کم مقدار میں پیا جاتا ہے۔ اس طرح جسم میں اکٹھے ہونے والے نمکیات سے پتھری بننا شروع ہو جاتی ہے۔ مثانے یا گردے میں پتھری بن جانے سے پیشاب کے دوران جلن ہوتی ہے۔ پیشاب جلدی جلدی آتا ہے۔ کبھی کبھی پیشاب رک جاتا ہے جس سے مثانے اور گردے کی جگہ درد ہوتا ہے۔ گردوں میں پتھری بن جانے سے گردے پھول جاتے ہیں اور ان میں پیپ پڑنے کا خدشہ ہوتا ہے۔ گویا گردوں میں انفیکشن ہو جاتی ہے۔ کمر میں درد ہونے لگتا ہے جو ران تک جاتا ہے۔ اچھلنے، کودنے، دوڑنے اور گھڑسواری سے درد میں اضافہ ہوتا ہے۔ پیشاب میں خون کی آمیزش ہو جاتی ہے۔ عام طور پر یہ مرض غیر متوازن غذا، پانی کے کم استعمال، وٹامن کی کمی، کیلشیم اور یورٹیس خارج ہونے اور زیادہ پسینہ آنے کی وجہ سے ہوتا ہے۔ غذا میں بعض ایسی اشیاء جن میں تیزابیت ہوتی ہے کے زیادہ استعمال سے بھی یہ مرض لاحق ہوتا ہے مثلاً" ٹماٹر، پالک، چقندر اور گوشت وغیرہ۔ زیادہ چکنائی بھی اس مرض میں مضر ہوتی ہے۔ لہٰذا اس مرض کی احتیاطی تدابیر کے طور پر پانی زیادہ پینا چاہئے اور تیزابیت والی اشیاء سے پرہیز کرنا چاہئے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ بار بار پیشاب کرنے کی حاجت ہو۔ کاٹنے والا اور جلن دار درد۔
کینتھرس 30، چار گھنٹے بعد

☆ پیشاب قطرہ قطرہ نکلے۔ اگرچہ مثانہ پیشاب سے بھرا ہوا ہو۔
نکس وامیکا 30، چار گھنٹے بعد

☆ مثانے کی کمزوری یا فعل مثانہ کمزور ہونے کی وجہ سے پیشاب آہستہ آہستہ ہو۔ پیشاب کی جلدی جلدی حاجت ہو خاص طور پر رات کے وقت۔ پیشاب قلت سے ہو۔ رنگ دار اور بدبودار پیشاب ہو۔

میڈورینم 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ مثانہ کی کمزوری یا خامی کی وجہ سے بار بار پیشاب کی حاجت ہو۔ پیشاب قلیل مقدار میں ہو۔ کمر کے بل لیٹنے سے تکلیف میں اضافہ ہو۔ مریض کھلی اور ٹھنڈی ہوا میں اچھا محسوس کرے۔

پلساٹیلا 30' چار گھنٹے بعد

☆ لگاتار پیشاب کرنے کی حاجت۔ جیسے ہی مثانے میں چند قطرے جمع ہوں فوراً" ہی حاجت ہو جائے۔ پیشاب کنٹرول نہ کر سکے۔ پیاس ندارد۔

ایس ملفیکا 30' چار گھنٹے بعد

☆ مثانہ کا انزال یعنی پیشاب جاری رہے۔ پیشاب میں گاڑھی لیسدار رطوبت آئے۔ بدبو شدید ہو۔

ہائیڈراسٹس کین 30' چار گھنٹے بعد

—— ○ ——

مثانے کے غدود کی تکلیفات

Ailments of Prostate Glands

مثانہ کا غدود (Prostate gland) قریباً" اخروٹ کے برابر ہوتا ہے جو کہ مثانہ کے سرے پر واقع ہوتا ہے۔ اس غدود میں ایک قسم کی سفیدی یا بے رنگ رطوبت پیدا ہوتی ہے جسے مذی کہتے ہیں۔ مثانہ کے اس غدود کے بڑھ جانے سے یا سوزش کی وجہ سے مقام سیون پر بہت بوجھ محسوس ہوتا ہے۔ جس سے پاخانہ کی غیر ضروری حاجت محسوس ہوتی ہے۔ مثانے میں خراش محسوس ہوتی ہے۔ پیشاب تھوڑا تھوڑا آتا ہے یا بند ہو جاتا ہے۔ کبھی کبھی پیشاب میں خون بھی آجاتا ہے۔ مزمن مرض ہو جانے کی صورت میں یہ مہلک ہو جاتا ہے اور غدود میں پیپ پڑ کر پھوڑا بن جاتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ پروسٹیٹ غدود/کی سوزش اور بڑھ جانے کی اعلیٰ ترین دوا۔

سابل سارولاٹا Q 5-10 قطرے' چار گھنٹے بعد

☆ پروسٹیٹ غدود کا کینسر۔

سٹس کیناڈنسس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ اگر پیشاب کرنے کی شدید حاجت اور خواہش ہو۔ لیکن پیشاب تھوڑی مقدار میں قطرے قطرے کر کے ٹپکے۔

سٹیفی سیگریا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ مثانے کی خرابی کی وجہ سے بار بار پیشاب کرنے کی حاجت اور غدود کا بڑھ جانا۔ منہ خشک ہونے کے ساتھ پیاس۔

پلساٹیلا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ مریض کھڑے ہو کر ہی آسانی سے پیشاب کر سکے۔ خاص طور پر بوڑھے اور غیر شادی شدہ لوگوں کے لئے۔

کونیم میک 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ شرمیلی طبیعت کے بڑی عمر کے لوگوں کے لئے جو بچوں کی طرح حرکتیں کریں۔

برٹا کارب 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ پروسٹیٹ غدود کا کینسر۔ جبکہ لیٹنے کے بعد پیشاب کے قطرے ٹپکیں۔

کریازوٹ 30 یا 200' تین گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ معاون دوا کے طور پر۔

سلفر200 یا 1M' پندرھویں' تین مرتبہ

گردے کی پتھری

Renal Calculi

(Kidney Stone)

گردے میں پتھری ہونے سے کمر میں درد ہوتا ہے۔ کمر کے درد کی لہریں کھینچے' ران اور خصئے تک بھی جا سکتی ہیں۔ بار بار پیشاب آتا ہے۔ تھوڑا بہت خون آنے لگتا ہے۔ گردے میں سوزش کی وجہ سے پیشاب میں پس بھی آنے لگتی ہے۔ دونوں گردوں میں پتھری ہونے کی وجہ سے پیشاب پیدا ہونا بھی بند ہو سکتا ہے۔ پتھری مثانے میں ہونے سے بھی سخت درد ہوتا ہے۔ کوئی محنت کا کام کرنے' زیادہ چلنے پھرنے سے درد بڑھ جاتا اور پیشاب بار بار آتا ہے۔ مثانے میں پتھری ہونے کی خاص علامت یہ ہے کہ پیشاب کر چکنے کے بعد بھی مثانہ بھاری یا بھرا ہوا معلوم ہوتا ہے۔ پتھری کے مثانے کے منہ پر آجانے سے پیشاب رک رک کر آنے لگتا ہے یا بند ہو جاتا ہے۔ پیشاب دن میں زیادہ اور رات کو نسبتاً کم آتا ہے۔ مریض تکلیف کی شدت سے نڈھال اور کمزور ہوتا جاتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ اینٹ کے سے رنگ کا سرخ سا ریتلا اور ذرات ملا غیر شفاف اور گدلا پیشاب۔

سیپیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ آٹے کے ذرات کی طرح کا سفید بھس ملا' خون کی آمیزش والا سرخ یا بھورے رنگ کا پیشاب۔ کچھ دیر تک رکھنے کے بعد پیشاب کی رنگت چونے کے پانی کی سی ہو جائے۔ پیشاب کرنے کے دوران پیشاب کی نالی میں جلن ہو۔

کلکیریا کارب 200' چھ گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ گردے کا درد سینے میں سرایت کرے۔ بدبودار پیشاب۔ گہرے بھورے رنگ کے ذرات پیشاب میں آئیں۔

بنزوک ایسڈ 30' چار گھنٹے بعد

☆ حاد حالت کے لئے جبکہ درد قابل برداشت ہو۔

اکونائٹ 200 یا 1M اور کیمومیلا 200 یا 1M' پندرہ منٹ کے بعد دونوں دوائیں یکے بعد دیگر تین تین مرتبہ دی جائیں۔

☆ تیز چیرنے والے درد۔ پیشاب کے ساتھ جلن۔ پیشاب کی نالی میں سوزش اور زخم۔

کینتھرس 30' چار گھنٹے بعد

☆ مریض بڑی کوشش کے بعد پیشاب کر سکے۔ رک رک کر پیشاب آئے۔ پیشاب میں سرخ ریت ہو۔ گردے کے پچھلے حصے میں پیشاب کرنے کے دوران اور پہلے جلن اور کاٹنے والے درد۔ پیشاب کرنے کے بعد افاقہ ہو۔ دائیں جانب زیادہ تکلیف ہو۔

لائیکو پوڈیم 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ مریض لیٹ کر بہتر طریقے سے پیشاب کر سکے۔ پیشاب کو روک نہ سکے۔ لیٹنے کے بعد قطرے ٹپکنے لگیں۔

کریازوٹ 30' چار گھنٹے بعد

☆ گردے کی پتھری کا راستہ میں شدید درد جس کی وجہ سے مریض دوہرا ہو جائے۔ پیچھے کی جانب مڑے۔ جھکنے سے بہتر محسوس کرے۔

ڈائس کوریا 30' چار گھنٹے بعد

☆ گردے اور مثانے کی پتھری توڑنے اور نکالنے کے لئے اور پتھری یا سنگریزے بننا روکنے کے لئے۔

کلکیریا رینالس 3x یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ گھٹنوں کے بل جھک کر اور ہاتھ گھٹنوں پر رکھ کر پیشاب آسانی سے کر سکے۔ پیشاب میں بہت زیادہ لیسدار گاڑھی چپچپی سفید رطوبت شامل ہو یا سرخ ریت ملا ہو۔ امونیا کی سی تیز بو ہو۔

پیریرا براوا Q 5-10 قطرے' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ پیشاب کرنے کے فوراً بعد مثانے کی گردن میں شدید قسم کا درد محسوس ہو۔

سارسا پریلا Q یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ پیشاب کی نالی اور مثانے میں پیشاب کرتے ہوئے کھجلی اور خارش محسوس ہو۔ پیشاب کرنے کی غیر موثر حاجت۔ گردے کا درد اعضاء تناسل تک پھیل جائے اور پیشاب کے قطرے ٹپکنے لگیں۔ ٹھنڈ محسوس ہو۔

لکس وامیکا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ درد گردہ۔ انتہائی درجہ کی حالت جس سے مریض سخت پریشان ہو۔

ٹاکم 30' چار گھنٹے بعد

☆ گردے کے راستے سے کمر اور کولھوں میں اذیت ناک درد۔ پیشاب میں اینٹ کے ذرات کا سا ریت۔

آرنیکا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ ایک یا دونوں گردوں کے مقام پر کھودنے' پھاڑنے اور چٹکن والے درد۔ گہرے دباؤ سے تکلیف میں اضافہ ہو۔ دردیں گردوں سے آگے مثانے اور پیشاب کی نالی میں پھیلیں اور پیشاب کرنے کی حاجت پیدا کریں۔ بائیں جانب زیادہ متاثر ہو۔ شدید قسم کی پژمردگی' نڈھال پن اور لاغری کے ساتھ کمر میں درد۔

بربرس ولگرس Q یا اوپر کی طاقتیں' چار گھنٹے بعد

☆ مشکل سے پیشاب کر سکے۔ پیچھے کو جھک کر آسانی سے پیشاب کر سکے۔

زنکم میٹیلکم 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ مثانے میں پتھری یا سنگریزے۔ پیشاب کا بہاؤ اچانک یا ایک دم رک جائے۔ پیشاب میں خون کی آمیزش ہو اور تار دار ہو۔

یوا ارسی (Uva Ursi) 30' چار گھنٹے بعد

درد کے لئے بائیو کیمک کی میگنیشیا فاس 6x آدھا آدھا گھنٹہ بعد پتھری کو گلانے اور توڑنے کے لئے سلیشیا 12x یا 30x اور کلکیریا 30x چار چار گھنٹے بعد دینا بھی بہت فائدہ مند ہے۔

—— o ——

سوزش گردہ/ورم گردہ

Nephritis

(Inflamation of the kidneys)

اس مرض میں ایک یا دونوں گردوں کی ساخت میں نقص پیدا ہو کر سوزش ہو جاتی ہے اور پیشاب میں البیومن آنے لگتی ہے اور استسقا ہو جاتا ہے۔ چند گھنٹوں میں تمام جسم پر ورم آجاتا ہے۔ بعض دفعہ چہرہ اور جسم اس قدر پھول جاتا ہے کہ آنکھیں تک چھپ جاتی ہیں۔ جی متلاتا اور ابکائیاں آتی ہیں۔ پیاس زیادہ لگتی ہے اور سر میں درد ہوتا ہے۔ پیشاب بدبودار سرخی مائل یا سیاہی مائل آتا ہے جس میں البیومن اور خون کے ذرات بھی ہوتے ہیں۔ پیشاب تھوڑا تھوڑا اور شدت مرض میں بالکل نہیں آتا۔ سردی کے ساتھ بخار چڑھ جاتا ہے۔ ہاضمہ بگڑ جاتا ہے۔ بھوک مر جاتی ہے۔ گردے کے مزمن مرض کی صورت میں بار بار حاجت ہوتی ہے خاص طور پر رات کے وقت۔ سرخ بخار، بھیگنے، ٹھنڈ لگنے، سل اور آتشک کی سمیت اس مرض کے عام اسباب ہیں۔ منشیات کا زیادہ استعمال اور نقرس مزاج افراد کو بھی یہ مرض لاحق ہو جایا کرتا ہے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ کھانستے ہوئے اور چھینکتے ہوئے غیر ارادی طور پر پیشاب نکل جانا۔ تیز اور چبھنے والا درد گردہ۔

کالی کارب 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ شدید درد گردہ جو مثانے اور پیشاب کی نالی میں پھیلے۔

بربرس ولگرس 30 یا Q، چار گھنٹے بعد

☆ پیشاب میں شدید اور پھیلنے والی بدبو۔ شدید درد گردہ جو سینے میں داخل ہو جائے۔ پیشاب میں گہرے بھورے رنگ کے ذرات۔

بنزوک ایسڈ 30، چار گھنٹے بعد

☆ کسی خاد بیماری کے سبب ورم گردہ کے ساتھ بار بار پاخانے اور پیشاب کی لگاتار حاجت۔

ڑ-بلتھو Q 6-5 قطرے، تین گھنٹے بعد

☆ پیشاب کی رنگت سرخ ہو۔ چیرنے والے درد جو کہ مثانے کی طرف بڑھیں اور گردے کے مقام پر گرمی اور کھچاوٹ کا احساس ہو۔ درد اچانک شروع ہو کر اچانک ختم ہو جائے۔ پیشاب میں قطرہ قطرہ نکلے۔

بیلاڈونا 30 یا 200، تین گھنٹے بعد

☆ پیشاب میں خون، پیپ، البیومن۔ سوت کی طرح کی ایک باریک چیز جو خون اور نباتاتی مادے میں پائی جاتی ہے اور اسی تحلیل سیل شامل ہوں۔ پیاس بڑی شدید ہو۔ تھکن اور شدید بے چینی ہو۔

آرسنک البم 30، چار گھنٹے بعد

☆ گردوں میں شدید درد اور ورم پیشاب کی شدید قسم کی سمیت اور تیزابیت کے ساتھ۔ پیشاب میں البیومن اور گردے کے عناصر۔ دل کی بیماریوں میں۔ گردے جو کہ پہلے بالکل ٹھیک کام کر رہے ہوں اچانک متاثر ہو جائیں۔

ایل سیرم (Eel Serum) 30، چار گھنٹے بعد

☆ پیشاب کرنے کی غیر موثر خواہش کے ساتھ جسم کے دائیں جانب درد۔ دائیں گردے کا درد۔ آنتیں اور منی کی نالی اوپر کو چڑھتی محسوس ہوں۔ قبض ہو۔ نکمے پن کی عادات اور تحریک پیدا کرنے والے مشروبات کا زیادتی سے استعمال۔ خونی بواسیر کے اخراج رکنے کے بعد گردے کی تکلیفات کی پیچیدگی پیدا ہوئی ہو۔

نکس وامیکا 30، چار گھنٹے بعد

☆ پیشاب مکمل طور پر رک جائے۔ پیشاب میں البیومن اور خون ملا ہو اور قطروں میں آئے۔ کاٹنے والا شدید درد اور جلن۔ سوزش کے ساتھ بار بار پاخانہ اور پیشاب کی حاجت ہو۔

کینتھرس 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ مشینی چوٹ کی وجہ سے۔ مسلسل چوٹ لگنے یا جھنجوڑے جانے کی وجہ سے گردے کی تکلیف۔

آرنیکا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ نیند اڑ جانے کی وجہ سے یا رات بھر جاگتے رہنے کی وجہ سے نرس خواتین کی گردے کی تکلیف۔

کوکولس انڈیکا 30، چار گھنٹے بعد

☆ ہوا لگ جانے سے گردے کے مقام پر تیز کاٹنے والا درد۔ گردے کے ورم اور درد کے ابتدائی مرحلے کے لئے۔

اکونائٹ 30 یا 200' دو گھنٹے بعد

☆ گردے کے اردگرد کی جگہ نرم۔ درد گردے سے مثانے اور جسم کے دوسرے نچلے حصے اور پیٹ کی طرف پھیلے۔ پیشاب میں البیومن' پیپ اور فاسفورک ایسڈ خارج ہو۔

سالی ڈاگو Q 4-5 قطرے' چار گھنٹے بعد

☆ ماہواری رک جانے کی وجہ سے ورم گردہ۔ کھانستے اور چھینکتے ہوئے پیشاب کے قطرے نکل جائیں۔ لیٹنے کے بعد تکلیف میں اضافہ ہو۔

پلساٹیلا 30' چار گھنٹے بعد

☆ مریض ٹھنڈ اور درد سے سخت حساس۔ مزمن مرض کی کیفیت میں جب کہ بافتوں اور غدودوں میں سختی اور کڑا پن پایا جائے۔

ہیپر سلف 30 یا بڑی طاقت' چار گھنٹے بعد

☆ پیشاب کرنے میں دقت ہو۔ جلن' کٹن' دکھن تیز درد۔ جیسے جلد چھیل دیں گے۔ گردے کے مقام سے چڈے کی جانب پھیلیں۔

کینابس سٹیوا 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ پیٹ میں شدید درد اور مروڑ کے ساتھ متلی۔ قلیل مقدار میں اور درد بھرا۔ پیشاب میں کچا خون' شوگر اور البیومن شامل ہو۔ پیشاب کی رنگت سرخ چمکدار ہو۔

کالچی کم 30' چار گھنٹے بعد

☆ گردے کے مقام پر سوجن اور سوزش۔ بطور معاون دوا۔

میڈورینم 200 یا 1M' پندرھویں روز' تین مرتبہ

☆ البیومن کے ساتھ قلت پیشاب۔ شدید ورم گردہ۔ پیاس ندارد۔ البیومنیریا۔

ایپس ملفیکا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ سیاہی مائل کم مقدار میں پیشاب۔ ورم گردہ اور استسقاء گردہ۔ نبض ست اور کمزور۔ ایسا محسوس ہو کہ دل رک یا ٹھہر گیا ہے۔

ڈیجی ٹیلس 30' چار گھنٹے بعد

☆ دائیں گردہ کے اوپری حصے میں درد جو کہ آگے اور پیچھے کی جانب پھیلے۔
اوسی مم کینم (Ocimum Can)
30' چار گھنٹے بعد

☆ خونی پیشاب کے ساتھ دائیں گردہ کے اطراف میں مسلسل درد۔ گردہ کے ورم سوزش اور درد کے ساتھ ساتھ نمونیہ بھی ہو یا پھیپھڑوں کا نزلہ یا استسقاء ہو۔
فاسفورس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد'
تین مرتبہ
بائیو کیمک کی فیرم فاس 6x اور کالی میور 6x بھی مفید ادویات
ہیں۔

مثانہ کی سوزش

Cystitis

مثانے کے مقام پر سخت خراش' دبانے سے تکلیف' گرانی اور درد ہوتا ہے۔ پیشاب کرتے ہوئے تشنجی درد ہوتا ہے۔ بعض اوقات پیپ یا خون آمیز مادہ خارج ہوتا ہے۔ پیڑو میں بھاری پن ہوتا ہے۔ پیشاب گہرے رنگ کا اور بدبو دار ہوتا ہے۔ شدید ورم مثانہ ہو تو بخار بھی ہو جاتا ہے۔ متلی ہوتی ہے۔ کبھی کبھار یہ سوزش رحم' پیشاب کی نالی اور گردوں تک پہنچ جاتی ہے۔ مثانہ کی شدید ورم یا سوزش کی تکلیف شاذونادر ہوتی ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ مثانہ کی سب سے بہترین دوا۔ پیشاب کی نالی میں شدید جلن پیشاب قطرہ قطرہ آئے۔
کینتھرس 30' چار گھنٹے بعد

☆ پیشاب جلد جلد آئے۔ آخری قطرہ سے جلن ہو۔ پیشاب میں خون کی آمیزش ہو۔ ایک وقت میں چند قطرے ہی نکال سکے۔ پیاس نہ ہو۔
ایپس ملفیکا 30' چار گھنٹے بعد

☆ پیشاب کرنے کی مسلسل کوشش۔ زور لگانا پڑے۔ جب پیشاب کرنے کی کوشش کر رہا ہو تو درد نیچے کی جانب ران کی طرف بڑھے۔
پیریرا براوا (Pareira brava) Q یا
6' چار گھنٹے بعد

☆ گاڑھا، کیچڑ کی طرح خون اور البیومن ملا پیشاب۔ مثانہ میں سوزش اور کمزوری۔

ٹیر-بنتھم 5-10 قطرے، چار گھنٹے بعد

☆ معاون دوا۔

میڈورینم 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

بائیو کیمک کی فیرم فاس 6x کالی میور 6x اور کالی فاس 6x بھی مفید دوائیں ہیں۔

مثانہ اور پیشاب کی نالی کی سوزش

Affections of Bladder and Urethra

(See also Cystitis)

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ پیشاب کرنے کی مسلسل خواہش۔ پیشاب کم مقدار میں دودھیا اور گرم۔

لیلیم ٹگرینم (Lilium tig) 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ جلن دار درد۔ پیشاب قطرہ قطرہ آئے۔

کینتھرس 30، تین گھنٹے بعد

☆ مثانہ کی سوزش۔ پیشاب گذارنا مشکل ہو جائے۔

کونیم میک 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ مثانہ سے خون کا اخراج۔

رہس ایرو میٹا 30، چار گھنٹے بعد

☆ جلن دار درد۔ آرام سے تکلیف بڑھ جائے۔ کھلی ہوا میں چلنے سے بہتر ہو۔

ٹیر-بنتھم Q 7-8 قطرے، چار گھنٹے بعد

☆ اعصابی پٹھوں کی سختی کے ساتھ مثانہ میں درد۔ کمر اکڑی ہوئی۔ کمر کے بل لیٹنے سے درد کو آرام آئے۔

سٹرائی چنین (Strychnin) 3x یا
30' چار گھنٹے بعد

☆ پیشاب کرتے ہوئے حشفہ میں جلن دار درد۔ شدید پیاس۔ اکثر اوقات پانی پئے لیکن تھوڑا تھوڑا سا۔

آرسنک البم 30' چار گھنٹے بعد

☆ مثانہ میں پتھری۔ کمر میں تیز شدید درد۔

کلکیریا رینلس 30 اور ہائیڈرنجیا Q'
تین گھنٹے بعد یکے بعد دیگرے

☆ مثانہ کا فالج۔ جب کھانسے یا چھینکے تو پیشاب کے قطرے نکل جائیں۔

کاسٹی کم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین
مرتبہ

☆ بول الدم (پیشاب میں خون آنا) جبکہ کوئی بھی طبعی علامت موجود نہ ہو۔ مثانہ کی کمزوری۔

بیلاڈونا 30' چار گھنٹے بعد

☆ مثانہ اتنا کمزور کہ پیشاب کا اخراج بھی مشکل ہو۔ یا اخراج کی طاقت نہ رہے۔

اوپیم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین
مرتبہ

☆ مثانہ کا نیچے کی طرف سرک جانا یا گرنا۔

پائرس امریکانا 30' چار گھنٹے بعد

☆ مثانہ بھرا ہوا محسوس ہو' لگاتار ایسا محسوس ہو کہ مثانہ میں بھرا ہوا پانی یا پیشاب باہر نکل پڑے گا۔

سیپیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین
مرتبہ

مثانے یا حشفہ سے خون کے اخراج کی وجہ سے درد کی صورت میں بائیو کیمک کی فیرم فاس 3x چار چار گھنٹے بعد دینا بہت فائدہ مند ہے۔

بخار (سادہ)

Fever

(See Hyper-pyrexia and other relevant chapters also)

سادہ بخار عموماً" چوبیس سے باہتر گھنٹے تک رہتا ہے۔ اگرچہ بعض دفعہ اس سے بھی زیادہ وقت تک ہو سکتا ہے۔ عام طور پر اس بخار کے زیادہ برے اثرات نہیں ہوتے البتہ مریض کمزور ہو جاتا ہے۔ اکثر یہ بخار لرزہ یا کپکپی سے چڑھتا ہے۔ منہ خشک ہو جاتا ہے اور پیاس بہت لگتی ہے۔ نبض بھری ہوئی اور تیز چلتی ہے۔ جسم گرم اور جلد خشک ہو جاتی ہے۔ پیشاب مقدار میں کم اور رنگ دار آتا ہے۔ زبان سرخ ہوتی ہے یا سفیدی جمی ہوئی۔ بعض اوقات جسم خاص طور پر کمر میں درد بھی ہوتا ہے۔ بخار اترنے سے پہلے بہت زیادہ پسینہ آتا ہے۔ سادہ بخار عام طور پر موسم کی اچانک تبدیلی' بھیگ جانے یا مرطوب جگہ رہنے سے ہوتا ہے۔ خراب غذا کھانے' چوٹ لگ جانے اور جسمانی اور دماغی تھکاوٹ سے بھی بخار ہو جاتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ بخار کی صرف ٹھنڈی کیفیت میں پیاس۔

کیپسیکم 30' دو گھنٹے بعد

☆ گرمی یا لو لگ جانے (Sunstroke) کی وجہ سے بخار۔

گلونائن 6 یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ خشک ٹھنڈی ہوا لگ جانے کی وجہ سے بخار کا پہلا مرحلہ۔

اکونائٹ 30 یا 200' دو گھنٹے بعد

☆ چڑچڑاپن۔ سستی' نڈھال۔ پلکوں کے بھاری پن کے ساتھ بخار۔ کچھ بھی کام کرنے کو جی نہ چاہے۔ ذہنی اور جسمانی تھکن۔

سلفورامڈ (Sulforamid) 30' چار گھنٹے بعد

☆ زبان کی نوک سرخ' جسم میں شدید درد۔ شدید بے چینی۔ بھیگ جانے کی وجہ سے بخار ہو جانا۔ حرکت کرنے سے بہتر محسوس کرے۔

رہوس ٹاکس 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ جلن کا احساس۔ وقفے وقفے سے گھونٹ گھونٹ پانی پینے کی خواہش۔ شدید کرب اور بے چینی۔

آرسنک البم 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ مزاج میں تبدیلی پیدا ہوتی رہے۔ بے چینی کے ساتھ تیز بخار۔ کھلی ہوا میں بہتر محسوس کرے۔

پلساٹیلا 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ پیشاب کی نالی کی تکلیف یا زخم کی وجہ سے بخار۔ جلدی جلدی پیشاب کی حاجت ہو۔

کینتھرس 30' چار گھنٹے بعد

☆ لمبے وقت کے بعد بڑی مقدار میں پانی پئے۔ شدید پیاس۔ تمام جسم میں درد۔ قبض۔ حرکت سے تکلیف میں اضافہ ہو اور آرام کرنے سے کم ہو۔

برائی اونیا 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ ناشتے کے فوراً بعد متلی۔ ہاتھوں میں جلن کا احساس سر درد۔ جسم میں درد۔ منہ کا ذائقہ خراب۔ صبح کے وقت ذائقہ زیادہ خراب ہو۔ ٹھنڈ کے ساتھ بخار۔ رات کے وقت طبیعت زیادہ خراب ہو۔

اموراروہوتکا

(Amoora rohutika) 30' چار گھنٹے بعد

☆ پیاس ندارد۔ زبان صاف۔ بخار بے قاعدہ۔ متلی اور قے۔

اپی کاک 30' دو گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ ٹونسل یا گلے کے غدودوں کے ورم کی وجہ سے بخار۔ تیز بخار کے ساتھ سرخ چہرہ۔

بیلاڈونا 30' تین گھنٹے بعد

☆ سپٹک بخار۔ تیز بخار۔ نبض اور ٹمپریچر کے درمیان عدم توازن اور غیر متناسب۔

پائیروجینم 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ پیاس ختم۔ خاموشی سے لیٹے رہنے کی خواہش۔ نڈھال اور ست۔ گدی سے اٹھنے والا سردرد۔ پیشاب کرنے کے بعد بہتر محسوس کرے۔

جیلسی میم 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ تمام جسم میں دکھن جیسے کسی نے مارا پیٹا ہو۔ خراش اور چبھن کا سا احساس۔ کسی چوٹ

☆ جلن کا احساس۔ وقفے وقفے سے گھونٹ گھونٹ پانی پینے کی خواہش۔ شدید کرب اور بے چینی۔

آرسنک البم 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ مزاج میں تبدیلی پیدا ہوتی رہے۔ بے چینی کے ساتھ تیز بخار۔ کھلی ہوا میں بہتر محسوس کرے۔

پلساٹیلا 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ پیشاب کی نالی کی تکلیف یا زخم کی وجہ سے بخار۔ جلدی جلدی پیشاب کی حاجت ہو۔

کینتھرس 30' چار گھنٹے بعد

☆ لمبے وقت کے بعد بڑی مقدار میں پانی پئے۔ شدید پیاس۔ تمام جسم میں درد۔ قبض۔ حرکت سے تکلیف میں اضافہ ہو اور آرام کرنے سے کم ہو۔

برائی اونیا 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ ناشتے کے فوراً" بعد متلی۔ ہاتھوں میں جلن کا احساس سر درد۔ جسم میں درد۔ منہ کا ذائقہ خراب۔ صبح کے وقت ذائقہ زیادہ خراب ہو۔ ٹھنڈ کے ساتھ بخار۔ رات کے وقت طبیعت زیادہ خراب ہو۔

امورا رہونکا

(Amoora rohutika) 30' چار

گھنٹے بعد

☆ پیاس ندارد۔ زبان صاف۔ بخار بے قاعدہ۔ متلی اور قے۔

اپی کاک 30' دو گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ ٹونسل یا گلے کے غدودوں کے ورم کی وجہ سے بخار۔ تیز بخار کے ساتھ سرخ چہرہ۔

بیلاڈونا 30' تین گھنٹے بعد

☆ سپٹک بخار۔ تیز بخار۔ نبض اور ٹمپریچر کے درمیان عدم توازن اور غیر متناسب۔

پائیروجینم 200 یا 1M' 10 منٹ بعد'

تین مرتبہ

☆ پیاس ختم۔ خاموشی سے لیٹے رہنے کی خواہش۔ نڈھال اور ست۔ گدی سے اٹھنے والا سر درد۔ پیشاب کرنے کے بعد بہتر محسوس کرے۔

جیلسی میم 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ تمام جسم میں دکھن جیسے کسی نے مارا پیٹا ہو۔ خراش اور چبھن کا سا احساس۔ کسی چوٹ

لگ جانے کی وجہ سے بخار۔

آرنیکا 30 یا 200' آدھا گھنٹہ بعد' تین

مرتبہ

☆ سردی کے ساتھ بخار۔ زبان پر سفیدی جمی ہوئی۔ سر درد جس کو دبانے سے آرام آئے۔ ٹھنڈے پانی کی پیاس۔ بخار کے بعد بہت کمزوری۔ صبح 8 تا 10 اور دوپہر 2 تا 4 بجے تکلیف بڑھے۔

سیسا پینیا بون

(Caesa Peniabon) 30' چار گھنٹے

بعد

☆ پنکھا کرانا یا ہوا لینا پسند کرے۔ گرمی کے مرحلے میں پیاس ندارد۔ ٹھنڈ محسوس کرنے کے دوران ٹھنڈے پانی کی خواہش۔

کاربوویج 30' آدھا گھنٹہ بعد' تین مرتبہ

بائیو کیمک کی فیرم فاس 6x اور کالی سلف 6x کے بعد دیگر دو گھنٹے بعد چھ مرتبہ دینا بہت فائدہ مند ہے۔ بائیو کمبی نیشن نمبر 11 بھی مفید دوا ہے جو ہر دو گھنٹے بعد دینے سے بہتر نتائج حاصل کئے جا سکتے ہیں۔

ملیریا/بخار

Malaria Fever

ملیریا بخار ایک قسم کے کرم کے زہر کے جسم میں سرائیت کرنے کی وجہ سے ہوتا ہے۔ اس بخار میں پہلے جاڑا چڑھتا ہے اور قریباً" چوبیس گھنٹے بعد بخار ہو جاتا ہے۔ سردی کا اثر پشت سے شروع ہو کر تمام جسم میں محسوس ہوتا ہے۔ کبھی اچانک سردی لگتی ہے۔ کپکپی ہوتی ہے اور دانت تک بجنے لگتے ہیں۔ اور موٹے کپڑے اوڑھنے کے باوجود جاڑا رفع نہیں ہوتا ہے۔ شدید سردی کے احساس کا یہ مرحلہ اکثر ایک ڈیڑھ گھنٹے کا ہوتا ہے جس میں منہ خشک ہو جاتا ہے شدید پیاس لگتی ہے۔ لیکن اجتماع خون کی وجہ سے بعض دفعہ سردی کا یہ درجہ چار پانچ گھنٹے تک رہتا ہے۔ جب بخار اور سردی کی کئی باریاں آچکتی ہیں اور جسم میں سمیت کم ہو جاتی ہے تو سردی کا درجہ کم ہو جاتا ہے۔ یہ ملیریا بخار کا پہلا مرحلہ ہوتا ہے۔

مرض کے دوسرے درجے میں سردی کم ہونے سے مریض کو قدرے سکون ہوتا ہے لیکن اس کے فوراً" بعد گرمی کا مرحلہ شروع ہو جاتا ہے اور تمام جسم گرم ہو جاتا ہے۔ گرمی ناقابل برداشت ہو جاتی ہے اور مریض کپڑے اتار دیتا ہے۔ نبض بھری ہوئی اور تیز ہو جاتی ہے۔ بھوک مر جاتی ہے زبان اور منہ خشک ہوتا ہے اور شدید پیاس لگتی ہے۔ جی متلاتا ہے اور قے ہوتی ہے۔ پیشاب کی رنگت سرخ ہو جاتی ہے اور مقدار میں کم ہوتا ہے۔ گرمی کے اس درجے میں بخار شدید ہوتا ہے اور درجہ حرارت 104 یا اس سے بھی زیادہ ہو جاتا ہے۔ گرمی کا یہ مرحلہ تین چار گھنٹے تک رہتا ہے اور گرمی کم ہونے لگتی ہے تو پسینے کا مرحلہ شروع ہوتا ہے۔

شدید بخار کی کیفیت میں کرم ملیریا کے زہر کا اثر کم ہو جاتا ہے اور پہلے پیشانی اور چہرے پر پسینہ آتا ہے اور پھر تمام جسم پسینے سے شرابور ہو جاتا ہے۔ اس طرح علامات بدلنے لگتی ہیں اور بخار بالکل اتر جاتا ہے۔ بعض کمزور مریضوں کو پسینے کے درجے میں نیند آجاتی ہے اور سو کر اٹھنے کے بعد وہ مکمل آرام محسوس کرتے ہیں۔

اکثر مریضوں میں مذکورہ تینوں درجوں کی علامات بڑی واضح ہوتی ہیں لیکن کچھ کو سردی کے بغیر بھی بخار ہو جاتا ہے۔ گرمی اور پسینے کے بغیر بخار اتر جاتا ہے۔ بعض مریض سخت بے چین ہوتے ہیں بعض بالکل خاموش پڑے رہتے ہیں۔ بعض کو سخت قبض ہو جاتا ہے اور بعض کو پاخانے آتے ہیں۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ مریض خاموشی سے لیٹا رہنا چاہے۔ ذرا سی بھی حرکت اور معمولی محنت سے کھٹا یا بدبو دار پسینہ آجائے۔ چڑچڑاپن۔ پاخانہ قبض کے ساتھ ہو۔ سینے اور تلی کے مقام پر چبھن والا درد ہو۔ ٹھنڈ محسوس کرے مگر بہت زیادہ پیاس ہو۔ بیرونی طور پر ٹھنڈا۔ لمبے وقفے کے بعد ایک وقت میں زیادہ مقدار میں پانی پئے۔

برائی اونیا 30 یا 200 تین گھنٹے بعد

☆ ٹھنڈ محسوس کرنے سے پہلے پیاس محسوس کرے۔ ہر مرتبہ پانی پینے کے بعد ٹھنڈ محسوس کرے۔ ٹھنڈ کا احساس کمر سے شروع ہو کر تمام جسم میں پھیل جائے۔ ٹھنڈ کے بعد گرمی محسوس کرے لیکن پیاس اور ٹھنڈا پسینہ نہ ہو۔

کیپسی کم 30 یا 200 چار گھنٹے بعد

☆ تکلیف کے بے قاعدہ دورے۔ گرمی محسوس کرنے کے دوران جسم بدبودار اور گرم پسینے سے شرابور ہو جائے۔

سورینم 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین

مرتبہ

☆ بخار ہر دوسرے روز یا ہر ہفتے ہو جائے۔ ٹھنڈ سے پہلے پیاس لگے لیکن جیسے ہی ٹھنڈ محسوس کرنے لگے پیاس ندارد۔ گرمی محسوس کرنے کے دورانی وقفے میں پیاس ندارد جو پسینے کے دوران پھر ابھر آئے۔ حرکت کرنے سے تکلیف میں اضافہ ہو۔ گرمائش سے تکلیف میں افاقہ ہو۔

چائنا 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ جب کسی دوا کی واضح علامات نظر نہ آرہی ہوں۔ (دورے بھی واضح نہ ہوں) تو اپی کاک 30 کی چند خوراکیں علامات ظاہر کردیں گی۔ (خصوصاً" بیماری کو دبائے جانے کی صورت میں) کونین کے اثرات بد اور بیماری کے عود کر آنے کے اثرات بھی ضائع کرے گی۔ متلی' تنگیٔ نفس اور قے کی علامات مرض کے تمام مراحل میں پائی جائیں۔ زبان صاف ہو۔

اپی کاک 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ پیاس کے ساتھ کپکپی۔ پاؤں ٹھنڈے اور نم آلود۔ بخار کے بعد بہت شدید گرمی جس سے مریض بے حس ہو جائے اور کثرت سے پسینہ آئے۔ مزمن اور بگڑے ہوئے کیس۔ بیماری کے دورے بے قاعدگی سے پڑیں۔ کبھی گرمی اور کبھی ٹھنڈ کا احساس ہو۔ پسینہ کبھی جسم کے کسی حصے پر اور کبھی دوسرے حصے پر جگہ بدلتا رہے۔

سیپیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ بیماری کے بدلتے ہوئے دورے۔ شام کے چار بجے بغیر پیاس کے ٹھنڈ کا احساس۔ بائیں جانب زیادہ پسینہ۔ بستر میں بہت گرمی محسوس کرے۔ کپڑا اتار دینے کی خواہش کرے۔ گرمی محسوس کرنے کے دوران پیاس لگے۔ ہونٹوں پر زبان پھیرے صرف پانی کے ساتھ۔ جب پسینہ آئے تو پیاس لگے۔

پلساٹیلا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ ہڈیوں میں شدید درد جیسے ہڈیاں ٹوٹ جائیں گی۔ بہت زیادہ پیاس۔ گرمی' ٹھنڈ اور پسینے کی ہر کیفیت میں پانی پینے سے متلی اور قے بڑھے۔ بعض دفعہ ٹھنڈ ختم ہونے کے ساتھ ہی متلی اور قے ہونے لگے۔ پسینہ آنے کے بعد بستر محسوس کرے لیکن سردرد کم نہ ہو۔ ذائقہ کڑوا۔ زبان پر پیلی سی میل جمی ہوئی۔

یوپیٹوریم پرفولیم 30 یا 200' چار گھنٹے

بعد

☆ بہت کثرت سے پسینہ آنے کے بعد بیماری کی تمام علامات میں افاقہ ہو سوائے سر درد کے۔ شدید پیاس تھکن والے سردرد کے ساتھ ٹھنڈ سے پہلے اور گرمی لگنے کے دوران۔ دن کے دس گیارہ بجے کے دوران دیر تک قائم رہنے والی سردی یہاں تک کہ ناخن اور ہونٹ تک ٹھنڈ کی شدت سے نیلے پڑ جائیں اور بہت زیادہ کپکپی بھی ہو۔

نیٹرم میور 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' چھ مرتبہ

☆ شدید بے چینی۔ مسلسل پہلو بدلتا رہے۔ ٹھنڈ کا احساس ران میں شروع ہو اور کندھوں کے درمیان یا ایک کندھے کے جوڑ میں یا کمر کے کسی تھوڑے سے حصے میں جو کہ ریڑھ کے اندر دوڑے۔ خشک تھکا دینے والی کھانسی ٹھنڈ کے احساس سے ایک گھنٹہ پہلے شروع ہو اور سردی لگنے تک کے عرصے میں جاری رہے۔ گرمی اور ٹھنڈ کا شدید احساس۔ جلد پر پتی یا دھاپڑ پڑ جائیں۔ پسینے کے دوران اور گرمائش سے بہتر ہو۔

رہس ٹاکس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ گرمی اور پسینے کا دورانیہ لمبا ہو جائے اور تھکا دے۔ گدی میں درد۔ پٹھے اکڑ جائیں۔ اعصابی طاقت کمزور پڑ جائے۔ پیاس قریباً" ندارد۔ تمام حالتوں میں پیاس نہ لگے۔ زبردست کپکپی۔ سردی کی لہر کمر اور ریڑھ میں اوپر نیچے کو جائے۔ مریض چاہے کہ اسے کوئی پکڑ کر رکھے۔ مریض خاموشی سے لیٹ جانا چاہے اور سونا چاہے۔ اونگھنے کی سی کیفیت ہو۔ پسینہ ندارد۔ پیشاب کرنے کے بعد بہتر محسوس کرے۔

جیلسی میم 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ نبض اور بخار میں تناسب کا فرق۔ بے چینی۔ ٹھنڈ کا احساس کمر میں شروع ہو۔ بخار تیزی سے بڑھے۔ کثرت پسینہ کے ساتھ سخت گرمی کا احساس۔ پسینہ آنے کے باوجود بخار کم نہ ہو۔

پائیرو جینم 200 یا IM' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ یکے بعد دیگر ٹھنڈ اور گرمی کے دورے۔ شدید ٹھنڈ جو دیر تک جاری رہے۔ تمام کیفیات بے پیاس۔ پسینہ کثرت سے آئے اور تھکن ہو جائے۔ کمر اور ریڑھ میں درد۔ ٹھنڈ محسوس کرنے کے دورانیہ میں کمر درد زیادہ ہو۔ زبان صاف۔

چائنا سلف 1x اور اس سے اوپر کی طاقتیں' چار گھنٹے بعد' چھ مرتبہ

☆ دن رات سردی لگتی رہے۔ بڑی ہڈیوں میں درد کے ساتھ سخت ٹھنڈ محسوس کرے۔

اریتیا ڈیاڈنا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ گرمی' سردی اور پسینے کے دوروں میں بے قاعدگی۔ سردی نہ ہونے کے برابر۔ عام طور پر پسینہ بھی نہیں آتا۔ سخت قسم کی بے چینی اور نہ بجھنے والی پیاس۔ تھوڑے تھوڑے وقفے سے تھوڑی مقدار میں پانی پئے۔ پسینہ آنے کے بعد اور گرمائش سے بہتر ہو۔

آرسنک البم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ تکلیف کے باقاعدہ دورے۔ گھنٹوں اور منٹوں کے حساب سے انھیں اوقات میں۔ گرمی کے دوران گرم مشروب کی پیاس۔ چیرنے والے درد یا ٹانگوں میں یا تمام جسم میں سُن ہونے کا احساس گرمی کے دوران۔ آنکھیں سرخ۔

سیڈرون 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ پسینے کے بعد ٹھنڈ کا احساس۔ برف کی طرح ٹھنڈا۔ ایک پاؤں ٹھنڈا اور دوسرا گرم۔ گرمی کے مرحلے کے دوران گرم مشروبات کی خواہش۔ ٹھنڈی چیز پینے کے بعد قے ہو جائے۔ چار سے آٹھ بجے کے دوران تکلیف میں اضافہ ہو۔

لائیکوپوڈیم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ ٹھنڈ پیاس کے ساتھ۔ گرمائش اور حرکت سے تکلیف میں اضافہ ہو۔ بخار (گرمی) میں پیاس نہ ہونے کے برابر۔ پسینہ کبھی کم کبھی زیادہ گرمی کے ساتھ۔

ایپس ملفیکا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ بے قاعدہ گرمی' سردی اور پسینے کے دورے۔ ٹھنڈ کا احساس اور پیاس۔ گرمی یا بخار بغیر پیاس کے۔ گرمی کے دورانئے میں بجائے پانی پینے کے مریض ہوا لینا چاہے۔ کمبل سے ڈھانپنے کے باوجود ٹانگیں ٹھنڈی رہیں۔ کھٹا اور بدبودار بہت زیادہ پسینہ۔

کاربوویج 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ رات کے وقت بخار زیادہ۔ زبان پر سفیدی۔ مصالحہ دار اور اچار اور چٹ پٹی چیزوں کی خواہش۔ مریض سونا چاہے۔ کسی وقت گیس کی شکایت کے ساتھ ٹھنڈ بھی محسوس کرے۔

انٹم کروڈم 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ معاون دوا کے طور پر۔ مزمن یا پرانے کیس میں۔ جبکہ علامات واضح نہ ہوں۔ کپکپی کے ساتھ ٹھنڈ۔ گرمی اور پیاس کے بغیر۔ ہتھیلیاں اور تلوؤں میں گرمی اور جلن۔
سلفر200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

بائیو کیمک کی کالی فاس 6x نیٹرم میور 12x اور نیٹرم سلف 12x بھی مفید ادویات ہیں۔

دیگر اہم ادویات : فلورک ایسڈ' آرنیکا' کیلیڈیم' گلکیریا کارب' کاشی کم' کیمومیلا' چیلی ڈونیم' سائمکس' فیرم آرس' سائنا' آیوڈیم' سزاموینم' وراٹرم البم' وائے تھیا وغیرہ۔

----- ✪ -----

تپ محرقہ/میعادی بخار

Typhoid fever

(See fever also)

تپ محرقہ کی میعاد عموماً" اکیس دن گنی جاتی ہے۔ اس بخار میں انتڑیاں زیادہ متاثر ہوتی ہیں۔ جسم پر خشخاش کی مانند سفید دانے نمودار ہوتے ہیں۔ یہ دانے زیادہ تر پیٹ' پشت اور چھاتی پر نظر آتے ہیں۔ انتڑیوں میں سوزش ہو جاتی ہے۔ بدبودار پاخانے آتے ہیں۔ دبانے سے شکم میں درد محسوس ہوتا ہے۔ مریض سخت کمزوری محسوس کرتا ہے۔ یہ بخار زیادہ تر موسم خزاں میں ہوتا ہے۔ اس مرض کے زمانہ ء خصانت میں مریض ست و کاہل رہتا ہے۔ کوئی کام کرنے کو بھی نہیں چاہتا۔ کمر میں خفیف سا درد ہوتا ہے۔ سانس میں بدبو اور زبان سفید ہوتی ہے۔ مرض کے پہلے ہفتے میں بخار روز بروز تیز ہوتا جاتا ہے۔ پیاس زیادہ لگتی ہے۔ شکم بڑھ جاتا ہے۔ بڑی انتڑیوں کے مقام کو دبانے سے انگلیوں کے نیچے گڑگڑاہٹ کی آواز محسوس ہوتی ہے۔ چھٹے روز جسم پر سفید رنگ کے باریک باریک دانے نمودار ہو جاتے ہیں۔ مرض کے دوسرے ہفتے میں بخار تیز ہو جاتا ہے پاخانے زیادہ آتے ہیں۔ مریض سخت کمزوری محسوس کرتا ہے۔ تیسرے ہفتے میں کمزوری انتہا درجے کو پہنچ جاتی ہے۔ ہوش و حواس تک متاثر ہو جاتے ہیں۔ عموماً" پیشاب رک جاتا ہے۔ پاخانہ خود بخود نکل جاتا ہے۔ البتہ بخار کم ہونا شروع ہو جاتا ہے اور عام طور پر اکیس دن کے بعد اتر جاتا ہے۔ اگر تپ محرقہ کی صحیح تشخیص اور علاج نہ کیا جائے تو شدید کمزوری اور نقاہت کے سبب موت واقع ہونے کا خطرہ ہوتا ہے۔ لہٰذا مریض کے لواحقین اور معالجین کو خصوصی توجہ دینی چاہئے اور ذرہ برابر بھی لاپرواہی سے علاج میں تاخیر نہیں کرنی چاہئے۔

ٹائی فائڈ کے حملے کے ابتدائی یا پہلے مرحلے کے لئے

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ اگرچہ مریض کو ٹھنڈ لگ رہی ہو لیکن بند اور گرم کمرے میں رہنا بھی برداشت نہ کر سکے۔ زبان سفید ہو۔ پیاس ندارد۔ آسانی سے اور معمولی بات پر رونا شروع کر دے۔ حیض میں بے قاعدگی ہو (یہ دوا عموماً" خواتین کے لئے ہے)

پلساٹیلا 30 چار گھنٹے بعد

☆ مریض بہت زیادہ افسردہ اور رنجیدہ ہو۔ چبھن یا خراش سی محسوس کر رہا ہوں۔ مدہوشی

اور غفلت میں ہو۔ بات کرتے کرتے سو جائے۔ بستر سخت محسوس ہو۔ بے حس اور بے پروا سا ہو۔

آرنیکا 6 یا 30' تین گھنٹے بعد

☆ بہت زیادہ اعصابی اور پٹھوں کی لاغری۔ مریض خاموش پڑا رہنا چاہے۔ اونگھ سی ہو۔ پٹھے مرضی کے مطابق کام نہ کریں۔ پیاس نہ ہونے کے برابر بالکل ہی نہیں۔ پاخانہ معمول کے مطابق البتہ پیشاب کثرت سے آئے۔ پلکیں جھکی ہوئی۔

جیلسی میم 6 یا 30' تین گھنٹے بعد

☆ چہرہ سرخ اور چمکتا ہوا۔ تیز بخار۔ ٹھنڈ محسوس کرے۔ کپڑا اوڑھنا پسند کرے۔ کمزور اور حساس اور چڑچڑا ہو۔ (عام طور پر مردوں کے لئے)

نکس وامیکا 6 یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ مریض بہت کمزوری محسوس کرے۔ لاغر ہو۔ سر درد ہو۔ کمر اور ہاتھ پاؤں میں بھی درد ہو۔ حرکت کرنے سے تکلیف میں اضافہ۔ زبان پر سفیدی جمی ہو۔ ہونٹ خشک اور پھٹے ہوئے۔ پیاس ندارد یا پیاس ہو تو لمبے وقفے کے بعد کافی مقدار میں پانی پیے۔ قبض ہو۔ منتشر نیند جس میں کاروبار کے خواب آئیں۔ قلت پیشاب۔ پیشاب کی رنگت گہرے سبز رنگ کی۔

برائی اونیا البم 6 یا 30' تین گھنٹے بعد

☆ سخت تھکا ماندہ مریض۔ جسم میں خراشدار دکھن۔ مریض بات کرتے کرتے سو جائے۔ مخبوط الحواس سا۔ نشے کی حالت کا سا تاثر دے۔ میل کے ساتھ زبان پر سفیدی کی واضح قسم کی لکیریں۔ شروع میں سرخ اور فوراً ہی بھورے رنگ میں تبدیل ہو جائیں۔ کنارے سرخ ہوں۔ پتلے پاخانے۔ مریض ایسا محسوس کرے کہ جسم کے اعضاء منتشر ہو گئے ہیں۔ انھیں آپس میں ملانے کے لئے مریض ادھر ادھر کی کروٹیں بدلے۔ پیشاب قلیل مقدار میں گہرے رنگ کا اور بدبودار۔

بپٹیسیا Q یا 30' تین گھنٹے بعد

☆ لاتعلق اور نیم پاگل مریض۔ بے حسی کی حالت۔ بے سدھ اور سیدھا لیٹا رہے۔ بات کرنا پسند نہ کرے۔ بغیر درد کے پاخانے۔ پیٹ میں کھچاؤ کے ساتھ پانی کی طرح پتلے سفید اور پیلے رنگ کے پاخانے۔ مروڑ ہو۔ (عام طور پر شادی شدہ مردوں کی دوا)

ایسڈ فاس 6 یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ پاخانے آئیں۔ زبان گتے کی طرح خشک۔ زبان کی نوک سرخ ہو غنودگی، بے حسی اور

لاغری اور بڑبڑاہٹ۔ بے چینی۔ حرکت کرنے سے بہتر محسوس کرے۔ مریض کروٹیں بدلے اور ایک حالت میں نہ رہے۔

رہس ٹاکس 6 یا 30' تین گھنٹے بعد

مہلک کیسوں کے لئے

☆ کمزوری کی وجہ سے مریض بستر میں مسلسل کروٹیں بدلتا رہتا ہے۔ افسردہ غمگین اور رونی طبیعت رہتی ہے۔ نچلا جبڑا گر جاتا ہے۔ زبان بہت زیادہ سکڑی ہوئی سی محسوس ہوتی ہے۔ نبض کمزور اور ٹوٹ ٹوٹ کر چلتی ہے۔ ہر تیسری نبض میں وقفہ آتا ہے۔ غیر ارادی خون ملے پاخانے ہوتے ہیں۔

ایسڈ میور 30' تین گھنٹے بعد

☆ مریض غفلت اور مدہوشی کے عالم میں رہتا ہے۔ بڑبڑاتا ہے۔ بڑی حد تک بے حس و حرکت ہو جاتا ہے۔ سوتے ہوئے منہ کھلا رہتا ہے۔ زبان خشک اور سرخ گہری رنگت کی ہوتی ہے۔ کپکپی ہوتی ہے اور نچلے جبڑے کو پکڑنا پڑتا ہے۔ پاخانہ بدبودار ہوتا ہے۔ اگر خون آجائے تو گہرے رنگ کا کھلا کھلا سا ہوتا ہے۔ بندھا ہوا نہیں ہوتا۔ جیسا کہ کٹا ہوا بھوسا ہو۔ گلے اور چھاتی کی کوئی تکلیف برداشت نہیں ہوتی ہے۔ نیند بے قاعدہ ہوتی ہے۔

لیکے سس 30' تین گھنٹے بعد

☆ مریض بیماری سے بالکل نڈھال ہو چکا ہوتا ہے۔ مایوسی اور لاغری ہو جاتی ہے۔ خون پھٹا ہوا ہوتا ہے۔ مفلوج یا ادھرنگ کی سی کیفیت ہو جاتی ہے۔ طبیعت انتہائی ست اور بے حس ہوتی ہے۔ چہرے پر مردنی اور پیلاہٹ چھا جاتی ہے۔ چہرہ لٹکا ہوا اور ٹھنڈا ہوتا ہے۔ منہ' ناک یا مقعد سے خون بھی خارج ہو سکتا ہے۔ معدے میں کھچاؤ اور تناؤ ہوتا ہے۔ معدے میں ہوا بھر جاتی ہے اور گڑگڑاہٹ ہوتی ہے۔ غیر ارادی طور پر پاخانے لگ جاتے ہیں۔ سینے میں بلغم کی گڑگڑاہٹ ہوتی ہے۔ بلغم سے سینہ بھر جاتا ہے۔ دوران خون کمزور ہو جاتا ہے۔ شریانوں میں اجتماع خون ہو جاتا ہے۔ چہرے کی رنگت نیلی پڑ جاتی ہے۔ ہونٹ اور زبان بھی نیلے ہو جاتے ہیں۔ ٹھنڈے پسینے آتے ہیں۔ زیادہ آکسیجن حاصل کرنے کے لئے مسلسل ہوا میں رہنا چاہتا ہے۔

کاربوویج 30 (کاربوویج کے بعد چائنا بہتر کام کرتی ہے) آدھے گھنٹے بعد

☆ تمام خارج ہونے والی رطوبات اور مادے بدبودار ہوتے ہیں۔ نبض کی حرکت درجہ حرارت کے مطابق نہیں ہوتی ہے۔ زبان سرخ ہو جیسا کہ کچا گوشت ہو۔ آگ کی سی

رنگت کی سرخ زبان ہوتی ہے۔

پائرو جینم 6 یا 30، آدھے گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ صحت بالکل گر چکی ہوتی ہے۔ شدید قسم کی لاغری اور نقاہت ہو جاتی ہے۔ قوت حیات انتہائی کمزور ہو جاتی ہے۔ بے چینی اور پریشانی بڑھ جاتی ہے۔ اعضا اور سر مسلسل حرکت کرنے یا ہلنے لگتے ہیں۔ کمزوری کی وجہ سے گردن لڑھک جاتی ہے۔ زبان خشک اور سرخ ہوتی ہے یا پھٹی ہوئی کالی سی رنگت کی اور اکڑی ہوئی۔ تھوڑے تھوڑے وقفے سے ذرا ذرا سی مقدار میں پانی پینے کی پیاس لگتی ہے۔ معدے میں جلن ہوتی ہے۔ پانی کی طرح پتلے بھورے رنگ کے پاخانے آتے ہیں، جس میں خون بھی شامل ہو سکتا ہے۔ آدھی رات کے وقت تکلیفات بڑھ جاتی ہیں۔

آرسنک البم 30، آدھے گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی فیرم فاس 6x اور کالی فاس 6x اور کالی میور 12x بھی مفید ادویات ہیں۔

----- ✪ -----

نمونیہ

Pneaumonia

تکلیف کے شروع میں لرزہ کے ساتھ بخار چڑھتا ہے اور قریباً" آٹھ نو دن تک بخار ہوتا ہے۔ پسلیوں اور بغل کے پاس ہلکا ہلکا درد ہوتا ہے۔ اس مرض میں پھیپھڑوں میں ورم ہو جاتا ہے۔ اکثر ایک پھیپھڑا متاثر ہوتا ہے لیکن کبھی کبھار دونوں پھیپھڑوں میں ورم آجاتی ہے اس کو ڈبل نمونیہ کہا جاتا ہے۔ بائیں پھیپھڑے کی نسبت دائیں طرف کے پھیپھڑے کا نمونیہ زیادہ ہوتا ہے۔ پھیپھڑا متاثر ہونے کی وجہ سے اصل حالت کی نسبت سانس دوگنی بلکہ تگنی تیزی سے آتا ہے۔ خشک کھانسی ہو جاتی ہے اور کھانستے ہوئے سینے میں درد ہوتا ہے۔ اگر نمونیہ کے ساتھ پلوریسی بھی ہو تو درد کی شدت زیادہ ہوتی ہے اور کھانسی تر ہو جاتی ہے۔ اور زردی یا سبزی مائل بلغم اور خون کی آمیزش ہو جاتی ہے۔ متورم پھیپھڑے کی جانب والا رخسار زیادہ سرخ ہوتا ہے۔ زبان خشک کانٹے دار اور کھردری ہو جاتی ہے۔ مریض بہت زیادہ نقاہت محسوس کرتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ پھیپھڑوں کے بہت زیادہ ٹھوس ہو جانے کی وجہ سے سانس لینے میں دقت ہو۔ شدید تنگیٔ نفس ہو۔

لائیکو پوڈیم 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ بہت زیادہ صفرا بننے کی وجہ سے۔ چیچک کے بعد مزمن کھانسی یا کالی کھانسی۔

چیلی ڈونیم 6 یا 30' تین گھنٹے بعد

☆ جب پھیپھڑے ٹھوس ہو جائیں۔

آیوڈیم 30' تین گھنٹے بعد

☆ سرد خشک ہوا لگ جانے کی وجہ سے تیز بخار کے ساتھ۔ بلغم چمکیلا سرخ۔ بے چینی اور اضطراب۔

اکونائٹ 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ زنگ کے سے رنگ کا بلغم۔ جب زخم سے خشک رطوبت کا اخراج ہونے لگے۔ شدید پیاس اور قبض ہو۔ حرکت سے تکلیف میں اضافہ ہو۔

برائی اونیا البم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ صحت یاب ہونے کے بعد بھی پھیپھڑے پر کوئی دھبا باقی رہ جانے کی صورت میں پیاس ندارد۔ مریض کھلی ٹھنڈی ہوا میں بہتر محسوس کرے۔

پلساٹیلا 30' چار گھنٹے بعد" تین مرتبہ

☆ جب پھیپھڑوں کی نالی کی ٹھنڈ یا سوزش نمونیہ میں تبدیل ہو جائے۔ سینے میں سخت کمزوری کا احساس یا زبان پر سفیدی جمی ہو۔

انٹم ٹارٹ 30 یا 200' 10 منٹ بعد'

تین مرتبہ

☆ سینے میں سخت کمزوری محسوس ہو۔ بلغم کا ذائقہ میٹھا سا ہو اور اس پر مکھیاں کبھی چلی آئیں۔

سٹینم میٹیلکم 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ چپچپا بدبودار کثیر مقدار میں بلغم آئے۔ پیپ کی طرح کا جس میں خون کی دھاری سی بھی ہو۔ سینے میں ٹھنڈک۔ سینے میں پھرنے اور چبھنے والے درد ہوں۔ صبح 3 تا 4 بجے تکلیف میں اضافہ ہو۔

کالی کارب 30 یا 200' چار گھنٹے بعد'

تین مرتبہ

☆ جب پھیپھڑوں کی بافتوں کی ٹوٹ پھوٹ شروع ہو جائے۔ مریض تازہ ہوا کی خواہش کرے۔ اگرچہ جسم ٹھنڈا ہو اس کے باوجود پنکھے کی ہوا لینا پسند کرے۔

کاربوویج 30 یا 200' تین گھنٹے بعد'

تین مرتبہ

☆ پھیپھڑوں کی نالی کا نمونیہ۔ تشنجی کھانسی کے ساتھ قے۔ زبان صاف ہو۔

اپی کاک 30' تین گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی فیرم فاس 6x اور کالی فاس 6x بھی مفید ادوایات ہیں۔

———✪———

تپدق
Tuberculosis

تپدق کے اسباب میں ٹیوبر کل جراثیم کے علاوہ گردوغبار اور مٹی کے جرم پھیپھڑوں تک پہنچنا' نمونیا' برونکائٹس ناکافی اور خراب غذا' گندہ ماحول اور موروثی اثرات شامل ہوتے ہیں۔
اس مرض کی علامات محنت کے بعد سانس پھول جانا' کھانسی' خون کی آمیزش' تیز نبض' بخار اور کمزوری ہیں۔ مرض کے شروع میں ہلکی سی خشک کھانسی ہوتی ہے۔ ہنسلی کی ہڈی کے نیچے اور اوپر درد محسوس ہوتا ہے۔ بدہضمی اور قبض ہوتا ہے۔ دل کی دھڑکن بڑھ جاتی اور نبض تیز ہو جاتی ہے۔ خشک کھانسی کے بعد بلغم آنے لگتا ہے' جس میں خون کی آمیزش بھی ہوتی ہے یا کھانسی کے ساتھ خاصا خون بھی خارج ہوتا ہے۔ تپدق کے بلغم کو ٹیسٹ کرنے کے لئے پانی میں ڈال کر یہ دیکھا جاتا ہے کہ بلغم تیرتا ہے یا بیٹھ جاتا ہے۔ اگر بلغم تہ نشیں ہو جائے تو یہ تپدق کی علامت سمجھا جاتا ہے۔ لیکن تھوک کا معائنہ کرانے سے سل کے جراثیم پائے جانے کی صورت میں صحیح تصدیق ہو سکتی ہے۔ تپدق کے تین مراحل ہوتے ہیں۔ پہلے اور دوسرے مرحلے میں جبکہ مریض کو ہلکا بخار' کھانسی اور بلغم وغیرہ کی علامات پائی جائیں تو اس مرض کا علاج نسبتاً" آسان ہوتا ہے۔ البتہ اگر لاپرواہی برتی جائے اور مرض تیسرے مرحلے میں داخل ہو جائے تو علاج دیر طلب اور مشکل ہوتا ہے۔ کیونکہ اس مرحلے میں پھیپھڑے بہت زیادہ متاثر ہو چکے ہوتے ہیں۔ بھوک بالکل مرجاتی ہے۔ رات کو بخار تیز ہو جاتا ہے۔

بلغم میں پیپ اور خون آنے لگتا ہے۔ پسینے سے مریض شرابور ہو جاتا ہے۔ چھاتی اور پیٹھ پر چھائیاں پڑ جاتی ہیں۔ دست آنے لگتے ہیں۔ ہاتھ پاؤں پر ورم آجاتی ہے۔ مریض انتہا درجے کمزور ہو جاتا ہے۔ صحیح تشخیص اور علاج نہ ہونے کی صورت میں موت واقع ہو جاتی ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ اچھا کھانے پینے کے باوجود وزن کم ہوتا جائے اور مریض لاغر ہو۔

آیوڈیم 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ پھیپھڑوں کے پردے کی سوزش۔ چبھنے والے درد پلکوں کے اوپر استقا اور سوجن۔ مریض رات کو تین بجے زیادہ تکلیف محسوس کرے۔

کالی کارب 30 یا 200' چار گھنٹے بعد'

تین مرتبہ

☆ پھیپھڑوں کے پھوڑے اور دنبل کی وجہ سے کھانستے ہوئے تیز اور تیکھی بو آئے۔
کیپسی کم 30' چار گھنٹے بعد

☆ سل یعنی پھیپھڑوں سے خون آئے۔ مریض برف کی طرح ٹھنڈی چیزوں کی خواہش کرے۔
فاسفورس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی کالی فاس 6x نیٹرم فاس 6x اور میگنیسا فاس 6x بھی مفید ادویات ہیں۔

دیگر اہم ادویات : سلفر' کلکیریا کارب' ٹوبر کولینم' سلیسیا' ڈروسرا' تھیریڈیان' آرسنک آیوڈیم' برومیم' مرک سال' برائٹا کارب' سیپیا سافائٹم' بیسی لینم وغیرہ۔

لال بخار

Scarlet fever

(See fever also)

یہ متعدی قسم کا بخار ہوتا ہے۔ اس میں گلے میں سوجن ہو جاتی ہے اور بخار ہونے کے دو تین دن بعد جسم پر سرخ دھبے پڑ جاتے ہیں۔ عموماً" یہ بخار بچوں کو زیادہ ہوتا ہے۔ اس میں ہاتھ پاؤں اور سر میں خاص طور پر زیادہ درد ہوتا ہے۔ طبیعت میں سخت بے چینی ہوتی ہے۔ بچوں میں ہذیان اور تشنج بھی ہو جاتا ہے۔ سانس لینے اور نگلنے میں گلے کے ورم کی وجہ سے دقت ہوتی ہے۔ پانچویں چھٹے دن بخار اتر جاتا ہے اور دھبے مرجھا کر غائب ہو جاتے ہیں۔ جسم سے بھوسی کی مانند بور جھڑنے لگتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ لال بخار کی سب سے اعلیٰ دوا۔
بیلاڈونا 30' تین گھنٹے بعد

☆ لال بخار کے ساتھ کبھی ایک جانب اور کبھی دوسری جانب درد ہو۔
لیک کنائنم 30 یا 200' تین گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ بخار کے ساتھ سخت بے چینی۔ زبان کی نوک سرخ اور خشک ہو۔

رہس ٹاکس 30 تین گھنٹے بعد

☆ صحیح طور پر دانے نہ نکلے ہوں اور بخار مہلک قسم کے لال بخار میں تبدیل ہو رہا ہو۔ جس سے دماغ کے فالج کا خطرہ پیدا ہو جائے۔ جسم سرخ ہو جائے۔ گلے کی سوجن کے ساتھ مہلک پن۔

امونیا کارب 30' تین گھنٹے بعد

☆ ضدی اور مزمن کیسوں کے لئے معاون دوا۔

سوریئم 200' تین گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ خون کی سمیت کے کیس۔ نبض تیز اور ڈھیلی۔ شدید پژمردگی یا نڈھال پن۔

میورک ایسڈ 30' تین گھنٹے بعد

لال بخار کے لئے جس میں جلد گرم خشک ہو بائیو کیمک کی فیرم فاس 6x تین گھنٹے بعد دینا مفید ہے۔

ڈینگو (ہڈ توڑ) بخار

Dengue Fever

یہ بخار عموماً" یکایک چڑھ جاتا ہے۔ اس میں جسم کی ہڈیوں اور جوڑوں میں سخت درد ہوتا ہے۔ درد ایک جوڑ سے دوسرے جوڑ میں منتقل ہوتا رہتا ہے۔ مریض نہایت کمزور اور بے چین ہو جاتا ہے۔ تیسرے روز تمام جسم پر سرخ دھبے پڑ جاتے ہیں۔ چہرہ اور آنکھیں سرخ ہو جاتی ہیں۔ بعض اوقات بخار تیز ہو کر 105 درجے تک پہنچ جاتا ہے۔ دو روز کے بعد دھبے غائب ہو جاتے ہیں اور بخار اتر جاتا ہے۔ دو چار دن مریض اچھا رہتا ہے۔ لیکن اس کے بعد پھر بخار چڑھ جاتا ہے اور پھر سے پہلی جیسی علامات ظاہر ہو جاتی ہیں۔ اس طرح بخار کے دو تین دورے پڑ کر قریباً" آٹھ دن کے اندر مریض شفایاب ہو جاتا ہے لیکن اس دوران مریض بہت زیادہ کمزور ہو جاتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ پٹھوں کے درد اور بے چینی کے ساتھ بخار۔ حرکت سے آرام محسوس ہو۔

رہس ٹاکس 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ کمر میں کبھی نیچے کی جانب اور کبھی اوپر ٹھنڈک کا احساس۔ اعصابی سوزش اور تھکن۔ طبیعت سست۔ سر بھاری۔

جیلسی میم 30' تین گھنٹے بعد

☆ ہڈیوں کی گہرائی تک شدید درد کے ساتھ بخار۔ پسینہ آنے سے بہتر ہو۔

یوپیٹوریم پرفولیم 30' تین گھنٹے بعد

☆ اونچے درجے کا بخار۔ شدید بے چینی اور تھکن۔ نہ بجھنے والی پیاس۔ جلدی جلدی پانی کے گھونٹ پیئے۔

آرسنک البم 30' تین گھنٹے بعد

☆ صفرا کی زیادتی۔ گھنٹے بڑھنے والا بخار۔ ٹھنڈ اور گرمی محسوس کرنے کے دوران اور پہلے پیاس محسوس کرے۔ قے کے بعد بہتر محسوس کرے۔

نائک ٹینتھس (Nyctanthis) Q یا

30' تین گھنٹے بعد

☆ پھاڑنے اور پھیلنے والا سر درد۔ تمام جسم میں درد۔ شدید پیاس۔ پاخانہ قبض کے ساتھ۔ حرکت کرنے سے تکلیف میں اضافہ ہو۔

برائی اونیا 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

بائیو کمبی نیشن نمبر 11 چار گھنٹے بعد دینا بھی مفید ہے۔

پیپ یا زہریلے مادے سے آنے والا بخار

Septicaemia

(Blood Poisoning)

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ کسی زہریلے مادے یا گلنے سڑنے کی وجہ سے بخار۔ جس میں تھوڑے تھوڑے وقفے کے بعد ذرا ذرا سا پانی پینے کی خواہش ہو۔ شدید بے چینی اور فکر مندی ہو۔ جلن کا احساس ہو اور پیپ دار مادہ خارج ہو۔

آرسنک البم 30' تین گھنٹے بعد

☆ کسی آپریشن کے بعد زہریلے مادے یا پیپ کی وجہ سے بخار آ جائے۔ جسم سے حیاتی مادے خارج ہو جائیں۔ جسم ٹھنڈا ہو اور ہوا کی خواہش کرے۔

کاربو ویج 30' تین گھنٹے بعد

☆ شدید قسم کی لاغری اور کمزوری ہو۔ خاص طور پر کسی لمبے عرصے کے بخار جیسے ٹائی فائڈ وغیرہ میں۔ پٹھے ورم آلود ہوں۔ بے چینی ہو۔

بپٹیسیا 6 یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ خراش وغیرہ کی وجہ سے بخار آجائے۔ بستر بہت سخت محسوس ہو۔ شدید بے چینی اور خراش دار دردیں ہوں۔

آرنیکا 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ جب چوٹوں کی وجہ سے رگیں اور نسیں نیلی پڑ جائیں اور بخار 105 درجے تک چلا جائے۔ بچے کی پیدائش کے بعد رحم سے زخم پھیلنا شروع ہو جائے۔

اچی نیسیا Q یا 30' دو گھنٹے بعد

☆ پیپ یا زہریلے مادہ کی وجہ سے بخار آئے۔ نبض تیز ہو۔ ٹمپریچر کے تناسب سے نبض زیادہ تیز چلے۔ رطوبات کا اخراج زیادہ اور تیز ہو۔

پائرو جینم 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ مریض ذرا سا بھی چھوئے جانے سے حساس ہو۔ کپڑوں تک کا لگنا برداشت نہ کر سکے۔ سونے کے بعد تکلیف میں اضافہ ہو۔ خراشدار اور گوشت یا نسیج کو چیرنے والے زخم ہوں۔ گوشت خور پھوڑا۔ نسیں گلنے سڑنے لگیں اور تیز اونچے درجے کا بخار ہو۔

لیکے سس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

بائیو کیمک کی کالی فاس 6x بھی مفید دوا ہے۔

----- ✪ -----

پرسوت کا بخار

Peurperal Fever

پرسوت کا بخار زچگی کے دوران یا اسقاط حمل کے بعد خون میں عفونتی مادہ جذب ہو جانے کی وجہ سے ہوتا ہے۔ اس بخار کا ایک زچہ سے دوسری زچہ کو لگ جانے کا خدشہ بھی ہوتا ہے۔ بچے کی پیدائش کے بعد اگر آنول ٹھیک طور سے علیحدہ نہ کی جا سکے یا خون کے لوتھڑے جنین رحم میں سڑ جائیں یا اوزاروں یا دایہ کی انگلیاں لگ جانے سے رحم میں زخم ہو جائیں تو پرسوت کا بخار ہو جایا کرتا ہے۔ اس مرض میں بچے کی پیدائش سے تین چار دن کے بعد زچہ کو ہلکی سردی کے ساتھ بخار ہو جاتا ہے اور بخار کا درجہ 103 سے 105 تک پہنچ جاتا ہے۔ نبض کی رفتار تیز ہو جاتی ہے۔ شکم پھول جاتا ہے اور رحم کے مقام پر درد ہوتا ہے۔ سر میں درد ہوتا ہے۔ چہرہ تمتما جاتا ہے۔ آنکھوں میں چمک سی آجاتی ہے۔ شدید پیاس لگتی ہے۔ چھاتیوں میں دودھ نہیں بنتا۔ رحم سے تھوڑی رطوبت خارج ہوتی ہے۔ بعض اوقات زچہ اپنے بچے اور شوہر سے نفرت کرنے لگتی ہے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ بخار کی ابتدا میں جبکہ بخار تیز ہو۔ بہت گھبراہٹ اور بے چینی ہو۔ شدید پیاس۔ مریضہ بے چینی میں ادھر ادھر ہاتھ پاؤں مارتی ہے۔ جلد اور جسم خشک ہو۔

اکونائٹ 3x یا 30، ہر ایک گھنٹہ بعد

☆ مریضہ کے کمر اور اعضاء میں دردیں۔ عضلات دکھے ہوئے۔ بے ہوشی اور بڑبڑاہٹ۔ شدید بے چینی خاص طور پر آدھی رات کے بعد۔ زبان کے کونے پر تکونی شکل کا نشان۔ مریضہ ڈرے کہ اسے دوا میں زہر نہ دے دیا جائے۔

رہس ٹاکس 3x یا 30، دو گھنٹے بعد

☆ زبان اور منہ خشک۔ پاخانہ سخت اور خشک۔ قبض۔ نفاس (بچے کی پیدائش کے بعد پندرہ سے چالیس روز تک اندام نہانی سے خارج ہونے والا خون) بند ہو چکا ہو۔ سینے میں دباؤ اور گولی لگنے کی سی دردیں۔ پستان اکڑے ہوئے ہوں۔ شدید سر درد متلی اور شدید پیاس ہو۔ حرکت سے تکلیف میں اضافہ ہو۔

برائی اونیا 3x یا 30، دو گھنٹے بعد

☆ مریضہ کی جلد حرارت سے جلے۔ سمیت خون کا خدشہ ہو۔

پائی رو جینم 30 یا 200' صبح و شام

(صرف ایک دن)

☆ آنول کا بدبودار مواد خارج ہو رہا ہو۔ سخت بے چینی اور بے آرامی۔ چہرہ تمتمایا ہوا۔ سر میں اجتماع خون۔ آنکھ کی پتلیاں پھیلی ہوئی۔

بیلاڈونا 3x یا 30' ایک یا آدھا گھنٹہ بعد

☆ مریضہ کو تشنج اور کپکپی ہو۔ نفاس رک گیا ہو یا خون کے چھوٹے چھوٹے لوتھڑے خارج ہو رہے ہوں۔ پستانوں میں ڈنک مارنے کی سی درد۔

سی سی فوگا 1x یا Q' دن میں دو تین مرتبہ

☆ جسمانی بے چینی کی نسبت دل زیادہ بے چین ہو۔ جسم تھکا ماندہ۔ کروٹیں بدلے۔ سخت قسم کی نقاہت اور لاغری ہو۔ آنکھیں بوجھل۔ زبان کے درمیان میں بھوری سی لکیر ہو۔ بدبودار تنفس۔ جسم سے خارج ہونے والے مادے (پیشاب پاخانہ) نہایت بدبودار۔ تپ محرقہ کی سی علامات پائی جائیں۔

بپٹیسیا 3x یا Q' ایک گھنٹے بعد

----- ✿ -----

جلدی امراض

Skin Disorders

(See Eczema, Psoriasis, Scabies, Abscess and boils etc)

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ کھجانے کی شدید اور لگاتار خواہش جس کے نتیجے میں جلد سے خون آنے لگے۔
آرم نرانفلم 30' چھ گھنٹے بعد

☆ چوٹوں میں پیپ پڑ جائے۔ مریض چھونے سے اور ٹھنڈ سے بہت حساس ہو۔
ہیپر سلف 30' چھ گھنٹے بعد

☆ جلدی شکایات کے ساتھ جسم اور فضلے میں سخت بدبو ہو۔
پائرو جینم 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ ناقابل برداشت کھجلی۔ کھجلانے سے آرام آئے لیکن جلن شروع ہو جائے۔
سلفر 30 یا 0/5' چار گھنٹے بعد

☆ جلد پھٹ جائے۔ ایگزیمے سے پانی رسے۔ قبض ہو۔
گریفائٹس 30 یا 0/5' چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی بائیو کیمی نیشن نمبر 20 چار گھنٹے بعد دینا مفید ہے۔

-----✪-----

سرخ باد

Erysipelas

سرخ باد جلد کے اوپر زنجیر دار بکٹریا کی وجہ سے پیدا ہونے والی سوزشی دانے ہوتے ہیں۔ اس کی خاص علامات بخار۔ ٹھنڈ، سر درد، قے اور گرم جلد ہوتا ہیں۔ مرض کی علامات جلد کے نیچے ٹشوز (نسیج) میں سوجن یا استقا سے ظاہر ہوتے ہیں۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ جب پھنسیاں پھوڑے رسولی میں تبدیل ہو جائیں۔ اور زخم نہ بھرے۔ پھنسیوں پھوڑوں اور زخم میں بڑی مقدار میں پیپ پڑ جائے۔

ہپوزینیم (Hipozaeninum) 30'
چار گھنٹے بعد

☆ ایسے مریض جو نرم خو مگر چڑچڑے ہوں۔ آسانی سے رو دیں۔ ہمدردی اور کھلی ہوا کے آرزومند ہوں۔ پیاس ندارد۔ گرمی سے تکلیف بڑھ جائے۔

پلساٹیلا 30' چار گھنٹے بعد

☆ پھنسیاں سوجی ہوئی۔ تمام جسم پر خراش اور رگڑ کا سا احساس۔ بستر بھی بہت سخت محسوس ہو۔

آرنیکا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ جب پھنسیاں پھوڑے، رسولی یا ناسور میں تبدیل ہو جائیں۔ خراشدار رطوبت۔ پھنسیوں میں جلن۔ گرمی سے بہتر محسوس کریں۔ پریشانی، بے چینی اور پژمردگی۔

آرسنک البم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ ناسوری سرخ باد۔ ٹھنڈ سے بہتر محسوس ہو۔

ہیپسیا 6 یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ لیسدار شفاف رطوبت کے ساتھ سرخ باد۔ رات کے وقت بخار۔ پاخانہ سخت اور قبض کے ساتھ۔

گریفائٹس 30' چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ جب پھنسیاں اچانک غائب ہو جائیں۔ کھچاؤ اور تناؤ اکڑاؤ کے دورے شروع ہو جائیں۔

کوپرم میٹلیکم 30' چار گھنٹے بعد

☆ سوجن اور استسقا کے ساتھ علامات۔ جلد چمکدار اور زرد۔ چبھن اور جلن دار درد۔ پلکیں سوجی ہوئی۔ ٹھنڈ سے اچھا محسوس کرے۔ گرمی سے تکلیف میں اضافہ ہو۔

ایپس ملفیکا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ ہموار پھنسیاں۔ چمکدار سرخ۔ جلد سخت گرم اور خشک۔ ٹپکن والا درد۔

بیلاڈونا 30' تین گھنٹے بعد

☆ ارغوانی' دھبوں والی پھنسی۔ سونے کے بعد تکلیف میں اضافہ۔ بکواسی' وہمی اور حاسد قسم کا مریض۔ گلے پر معمولی سا چھوا جانا بھی برداشت نہ کر سکے۔

لیکے سس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ ٹھنڈی خشک ہوا لگ جانے سے اچانک پھنسیاں ہو جائیں۔ تیز بخار۔ شدید بے چینی۔ موت واقع ہونے کا خطرہ۔

اکونائٹ 30 یا 200' دو گھنٹے بعد

☆ بہت زیادہ حساس حتیٰ کہ ذرا سا چھوا جانا تک برداشت نہ کرے۔ ہوا کا جھونکا اور شور بھی برداشت نہ کرے۔ کسی بات پر قائم نہ رہے اور غصہ بہت زیادہ۔

ہیپر سلف 30' چار گھنٹے بعد

☆ گہری ٹپکن۔ خارش ناقابل برداشت۔ ایسا محسوس کرے کہ چہرے پر کیڑے رینگ رہے ہیں۔ کھانسی اور پھنسیاں یکے بعد دیگر۔

کروٹون ٹگلم (Croton-tig) 30 یا
200' چھ گھنٹے بعد

☆ پھنسیاں جن میں ایسا محسوس کہ چوہا جلد کے نیچے کتر رہا ہے۔

سکالے کار 30 یا 200' چار گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ چھالے جیسی پھنسیاں۔ ٹھنڈ کے ساتھ جلن اور بخار۔ بے چینی۔ چہرے پر پھنسیاں جلن کے ساتھ۔ مرطوب اور ٹھنڈ میں تکلیف بڑھے۔ اجابت کے بعد بہتر محسوس کرے۔

رہس ٹاکس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ چہرے پر بار بار پھنسیاں ہوں۔ بدبودار رطوبت سے جلد اور پٹھے الگ الگ ہو جائیں۔ غیر معمولی طور پر جلدی جلدی علامات بڑھیں۔

کروٹلس ہیرائیڈس 30 یا 200' چار
گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ علامات غنودگی یا نیم بے ہوشی کے ساتھ۔ باریک اور واضح سرخ لکیر زبان کے بالکل

درمیان میں۔

ورائٹرم ورائنڈ 30' چار گھنٹے بعد

☆ ویکسی نیشن کے بعد کی پھنسیاں۔ کھلے ہوئے حصوں پر بہت زیادہ پسینہ۔

تھوجا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ چہرے پر آبلوں کے ساتھ پھنسیاں۔ شدید جلن۔ ذرا سا چھونے سے بھی جلن کی شدت میں اضافہ ہو جائے۔

کینتھرس 30' تین گھنٹے بعد

☆ جب تمام منتخب دوائیں ناکام ہو جائیں۔ جلن کا احساس' گرمائش سے تکلیف بڑھ جائے۔ مریض بھوک محسوس کرے۔ خاص طور پر 10-11 بجے دن میں۔ پانی پڑنے یا دھونے سے تکلیف میں اضافہ ہو جائے۔

سلفر 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

بائیو کیمک کی فیرم فاس 6x کالی فاس 6x اور کالی سلفر 6x ہر تین گھنٹے بعد دینا بہت فائدہ مند ہے۔

مہاسے/چہرے کے دانے' پھنسیاں

Acne/Pimples

سوزش والے دانے' چھالے' آبلے' کیسوی' چربی دار دانے' جو چہرے' چھاتی اور کمر پر نکل آئیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ جلد میں نمی سی ہو۔ پھنسیاں' ہاضمہ کمزور ہو۔ ریاح بنتی ہو۔ پنکھے یا ہوا سے اچھا محسوس کرے۔

کاربوویج 30 یا 200' ہر چھ گھنٹے بعد

☆ مزمن کیس۔ انڈا کھانے سے بڑھ جائے اور سرد موسم میں تکلیف میں اضافہ ہو۔

سٹر۔پٹو کوکسین 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ ناک کے دانے۔ جو مرطوب موسم میں بہتر ہوں۔

کاشی کم 30' ہر چھ گھنٹے بعد

☆ سب سے سردار اور اہم دوا۔ پھنسیاں/مہاسے ماہواری کے دوران زیادہ ہو جائیں۔ چربی دار چیزیں چینی، کافی اور گوشت کھانے سے بڑھ جائیں۔

سورینم 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ مہاسے جن کی جڑیں سخت اکڑی ہوں۔ جن کے کونے یا چوٹی پر آبلے ہوں۔ رات کو پسینہ آتا ہو۔

آرسنک آیوڈیم 3x یا 6x، ہر چار گھنٹے بعد

☆ سطح یا جلد صاف کرنے کے لئے۔

باربرس ایکوی فولیم Q سات یا آٹھ قطرے، ہر چار گھنٹے بعد

☆ بلوغت کی عمر میں مہاسے جس میں جلن ہو۔

ایسٹریا زرب (Asterias rub) 30، ہر چھ گھنٹے بعد

☆ گلابی دانے، پھنسیاں جن کے آس پاس تکلیف یا درد ہو۔ ماہواری کے دوران زیادہ ہو جائیں۔

الیو جینیا جے (Augenia J) 5 Q سے 10 قطرے، ہر چار گھنٹے بعد

☆ دق کے مریض کے مہاسے۔

ٹیوبرکولینم K 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ گلاب کے سے رنگ کی پھنسیاں، پیلے، چکنی جلد کے، ٹھنڈے لوگ۔

سلیشیا 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ اگر ایسٹریا زرب ناکام ہو جائے اور آبلہ دار دانے ہوں۔

کالی برومائڈ 30، ہر چھ گھنٹے بعد

☆ پھنسیاں۔ قبض جس میں بکری کی مینگنوں جیسا پاخانہ ہو اور سمندر میں نہانے سے اضافہ ہو جائے۔

میگنیشیا میور 30، ہر چھ گھنٹے بعد

☆ پھنسیاں جیسے پسو نے کاٹ لیا ہو۔ بوائیاں ہوں۔ انگلیوں کی سوجن درد بھری سوزش۔
ایگری کس مس 30 یا 200' ہر چھ گھنٹے بعد

☆ مہاسے کے رجحان کو روکنے اور خون صاف کرنے کے لئے۔
ا یکنیشیا Q 5 تا 10 قطرے' ہر چار گھنٹے بعد

☆ جب مذکورہ بالا دوائیں مفید ثابت نہ ہو رہی ہوں تو علامات کے مطابق متعلقہ دوا کے ساتھ۔
سلفر 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ
بائیو کیمک کی کلکیریا فاس 6x خصوصاً" جوان لڑکیوں کے لئے جن کی ماہواری میں بے قاعدگی ہو اور جسمانی طور پر کمزور ہوں بہت مفید ہے۔

گرمی دانے

Prickly Heat

بعض اوقات خاص طور پر گرمی کے موسم میں تمام جسم پر باریک باریک سرخی مائل دانے نکل آتے ہیں۔ جن میں سخت خارش اور کھجلی ہوتی ہے۔ جو پسینہ آنے سے اور زیادہ بڑھ جاتی ہے۔ مریض بار بار کھجلاتا ہے اور جلد تک چھیل لیتا ہے۔ عام طور پر ٹھنڈی ہوا سے اور ٹھنڈی چیز لگانے سے مریض کو سکون ملتا ہے۔ یہ مرض صفائی نہ رکھنے' میلے کچیلے کپڑے پہننے اور غسل نہ کرنے کی وجہ سے ہوتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ پیشاب میں جلن' دانے یا پتی جلن اور سوجن کے ساتھ۔
کینتھرس 30' چار گھنٹے بعد

☆ خارش کے ساتھ دانے۔ رات کے وقت تکلیف بڑھے۔ گرمائش کے احساس اور پسینے سے تکلیف میں اضافہ ہو۔
مرکیورس 30' چار گھنٹے بعد

☆ آبلے' خراشدار احساس' سوجن یا یہ تکلیفات یکے بعد دیگر ہوں۔ آبلے بہت زیادہ مقدار میں۔
آرنیکا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ صرف جسم کے ڈھکے ہوئے حصوں پر دانے ہوں۔

تھوجا 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ خشک اور چھلکے والے دانے' جن میں شدید جلن ہو۔ دیکھنے میں گندے سے لگیں۔ بستر کی گرمی سے تکلیف میں اضافہ ہو۔

سوریٖنم 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ شدید خارش والے گرمی دانے۔ عام طور پر گرم موسم میں ہونے والے گرمی دانے۔

سائزی جیم Q یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ شدید جلن اور کھجلی والے دانے۔ پاخانہ قبض سے ہو۔

گریفائٹس 30' چار گھنٹے بعد

☆ کھجلی۔ جو بار بار ابھر کر آئے۔

سیپیا 30' چار گھنٹے بعد

☆ گرم اور سرخ دانے اور پتی۔ سر کی جانب خون کا اجتماع۔

بیلا ڈونا 30' چار گھنٹے بعد

☆ خشک دانے۔ شدید پیاس اور قبض۔

نیٹرم میور 30' چار گھنٹے بعد

☆ پیلی سی رنگت کے دانے جن کے گرد چھوٹے چھوٹے آبلے ہوں۔

لیکیے سس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ خارش کے ساتھ دانے۔ گرمائش سے تکلیف بڑھے۔ پاخانہ بہت زیادہ سخت اور قبض کے ساتھ۔

الیومنا 30 یا 0/5 یا 50 ملی مل تک طاقت' چار گھنٹے بعد

☆ دانوں میں کانٹے سے چبھیں اور جلن ہو۔ پیاس ندارد۔ گرمی سے تکلیف میں اضافہ ہو۔

ایپس ملفیکا 30' چار گھنٹے بعد

☆ تانبے کے سے یا سرخ رنگ کے دانے۔ ٹھنڈے پڑنے پر نیلے رنگ کے سے ہو جائیں۔ رات کے وقت زیاد خارش ہو۔

سفیلنم 30' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ اس قدر زیادہ دانے جیسے فصل اگ آئی ہو۔ ایک دانے کو آرام آئے تو دوسرا نکل آئے۔ دانے بہت آہستہ آہستہ پکیں۔

سلفر 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی نیٹرم میور 12x بھی گرمی دانوں کے لئے بہترین دوا ہے۔

داد/ چنبل

Eczema

یہ ایک جلدی بیماری ہے۔ اس میں باریک باریک گلابی رنگ کے ابھار جلد پر نمایاں ہوتے ہیں اور آہستہ آہستہ بڑھتے جاتے ہیں اور آپس میں ملکر ایک جال سا بنا دیتے ہیں۔ ان ابھاروں کے گچھوں پر چھلکوں کی تہیں جمتی جاتی ہیں۔ چھلکے چمکدار سفید ہوتے ہیں اور آسانی سے اتر جاتے ہیں۔ نیچے سے سرخ کھال نکل آتی ہے بس میں سے خون نکل آتا ہے۔ اس میں شدید خارش بھی ہوتی ہے۔ بازوں ہاتھوں کے جوڑوں اور دوسرے جوڑوں پر یہ مرض زیادہ ہوتا ہے بعض اوقات تمام جسم پر پھیل جاتا ہے۔ یہ مرض گرم ملکوں کی نسبت سرد ممالک میں زیادہ ہوتا ہے۔

آتشک وغیرہ، دماغی محنت، ناقص غذا، کثرت سے شراب پینا، گندہ رہنا اور ہاضمے کی خرابی اس مرض کے عام اسباب ہیں۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ داد میں سرخی، جلن اور فکر مندی۔ نہ بجھنے والی پیاس۔

آرسنک البم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ ڈاڑھی کا ایگزیمہ۔ پانی جیسا اور چپچپا مادہ یا رطوبت۔ جلن۔ دھونے سے تکلیف بڑھ جائے۔

آرسنک آیوڈیم 30، تین گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ شدید آبلے۔ جس پر چھلکا آجائے۔

روہس ٹاکس 30 یا 200، تین گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ ہتھیلیوں میں ایگزیمہ، چھالے۔ جلن اور داد۔

ر-نن بلب 30، چار گھنٹے بعد

☆ بالوں کی جڑوں میں سوزش اور سرخی۔ نمک کھانے سے اور سمندر کے کنارے تکلیف بڑھ جائے۔

نیٹرم میور 30 یا 200' چار گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ انگلیوں اور پاؤں کے انگوٹھوں پر چیچک کے سے دانے یا آبلے جس سے ناخن اتر جائیں۔

بوریکس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین
مرتبہ

☆ کہنیوں اور گھٹنوں کے جوڑوں کے اندر داد۔ سانس میں بے قاعدگی۔ مریض روئے۔

مرکیورس سال 30 یا 200' چار گھنٹے
بعد' تین مرتبہ

☆ پرانا داد۔ جلن اور درد۔ بستر کی گرمائش سے رات کو تکلیف بڑھے۔

سلفر 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین
مرتبہ

☆ داد یا چنبل میں پھٹن ہو جائے۔ چپچپی رطوبت خارج ہو۔ پاخانہ قبض کے ساتھ۔

گریفائٹس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ بالوں کے کناروں پر چیچک کے سے دانے۔

ہائیڈراسٹس کنائنم 30' چار گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ مرکیورس سال کے بعد۔ آبلہ دار داد۔ حساس مریض۔ گرمائش سے بہتر۔ ٹھنڈک سے تکلیف میں افاقہ۔

ہیپر سلف 30 یا 200' چار گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ سر' کانوں' چہرے اور جسم پر داد۔ جسم پر موٹے چھلکے ہوں۔ خراشیں۔ کبھی کہیں اور کبھی کہیں جلن اور داد۔

سیپنی ہیگریا 30 یا 200' تین گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ کوے کی سوزش اور بیکٹیریا جراثیم کی سوزش۔

سلفیورک ایسڈ 30' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ نظام انہضام' جگر اور پیشاب میں بدنظمی کی وجہ سے جلد موٹی ہو جائے اور اکڑی ہوئی سی۔

لائیکوپوڈیم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ خشک چھلکے دار آبلے۔ چہرے اور کھوپڑی پر بہت زیادہ۔ بستر کی گرمی سے تکلیف میں افاقہ ہو۔ پتلی بو والی کھال ادھیڑنے اور جلد چھیلنے والی رطوبت۔ گندہ نظر آئے۔

سورینم 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ زردی مائل پیپ کے ساتھ۔ گرمی سے تکلیف بڑھے اور ٹھنڈ اور کھلی ہوا سے افاقہ ہو۔

پلساٹیلا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

جلدی امراض میں مرض کے بھڑک اٹھنے سے گریز کرنے کے لئے بڑی احتیاط سے دوا کا انتخاب کرنا چاہئے۔ لہٰذا میلی مل طاقت (Millesimal) طاقتیں بار بار استعمال کرانا مناسب ہوتا ہے۔

بائیو کیمک کی کالی میور 12x کالی سلف 6x نیٹرم میور 12x اور نیٹرم فاس 6x ہر چار گھنٹے بعد دینا بھی بہت فائدہ مند ہے۔

-----✪-----

آبلے/چھالے (جلدی)

Blisters (Skin)

اس مرض میں جسم پر گول بیضوی شکل کے آبلے نمایاں ہو جاتے ہیں جن میں آبی رطوبت بھری ہوتی ہے۔ اس رطوبت کا رنگ شروع میں میلا سا اور بعد ازاں زردی مائل ہو جاتا ہے۔ آبلے پھٹ کر رطوبت نکل جاتی ہے اور آبلوں کی جگہ باریک کھرنڈ آجاتی ہے۔ آبلوں میں جلن اور درد زیادہ نہیں ہوتی البتہ مریض کمزوری بہت محسوس کرتا ہے۔ عام طور پر یہ مرض زیادہ مہلک نہیں ہوتا ہے اور بروقت اور صحیح علاج سے جلدی صحت یابی ہو جاتی ہے۔ آتشک کے مریض والدین کے بچوں کو اکثر یہ بیماری ہو جاتی ہے۔ نقص ہاضمہ' صفائی نہ رکھنا' سورج کی تپش میں رہنا وغیرہ بھی اس مرض کے اسباب ہو سکتے ہیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ ایسے آبلے جن کے اردگرد کی جلد بہت سرخ ہو جائے اور ان میں شدید سوزش ہو۔

روہس ٹاکس 30' چار گھنٹے بعد

☆ کیڑے یا چیونٹی وغیرہ کے کاٹنے سے آبلے پڑ جائیں اور پیاس مرجائے۔

ایپس ملفیکا 30' چار گھنٹے بعد

☆ بخار کے دوران یا بعد کے آبلے خاص طور پر ہونٹوں کے گرد۔

نیٹرم میور 6x یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ بہت زیادہ چلنے سے چھالے پڑ جائیں۔ آگ کے جھلنے سے آبلے پڑ جائیں یا دھوپ کی شدت سے چھالے پڑیں۔

کینتھرس 30' چار گھنٹے بعد

☆ ٹائی فائڈ بخار کے چھالے۔ دانتوں کی گندی رطوبت۔ زخم کی گندی رطوبت۔

بپٹیسیا 6 یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ انگلیوں کے اوپر چھالے۔ بڑے آبلے جو خون آب (کیلوس) سے بھرے ہوں۔

ابلنتھس 30' چار گھنٹے بعد

☆ آبلے جن کے اندر سفید پیپ پڑ جائے۔ چھونے تک سے تکلیف ہو۔ بہت زیادہ حساس۔

ہیپر سلفر 30' چار گھنٹے بعد

☆ ٹائی فائڈ بخار کے کھرنڈ والے آبلے۔

ایسڈ فاس 30' چار گھنٹے بعد
چھالوں/آبلوں کے لئے بائیو کیمک کی سیلیسیا 6x اور 12x
بھی بہت مفید ہے۔

بسہری/بلٹوہا/انگل بھیڑا

Whitelow

(See abscess and boils also)

انگلی کے کونے پر جلد کے اندر اور بعض اوقات ناخن کے نیچے جو پھنسی ہوتی ہے اور اس میں سوجن اور درد ہوتا ہے اسے انگل بیڑھا کہتے ہیں۔ اس کی ابتدا سخت گومڑ کی شکل میں ہو سکتی ہے۔ جو جلد ہی سرخ اور ورم آلود ہو جاتا ہے۔ اس میں پیپ پڑ جاتی ہے جس کی وجہ سے شدید قسم کی دکھن جلن اور درد ہوتا ہے۔ اس مرض کے اسباب آتشک' جلندار پھنسیاں' خنازیر' داد یا چنبل کے مواد کا ناخن میں سرایت کر جانا وغیرہ ہیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ حاد کیسوں کے لئے جبکہ پھنسی کو تحلیل کرنا ہو۔

مرسٹکا سیب (Myristica Seb) Q یا
3x' دو گھنٹے بعد

☆ گہرے سرخ رنگ کی یا نیلی جگہ جس میں گہرا درد ہو۔

لیکے سس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ اعصاب کو ہوا لگ جانے کے بعد جبکہ انگل بیڑھا میں شدید درد ہو۔

ا-یلیم سیپا 30' تین گھنٹے بعد

☆ ٹھنڈی چیزیں لگانے سے آرام اور گرمائش سے تکلیف اور درد میں اضافہ ہو۔ ایسا محسوس ہو کہ متاثرہ جگہ سے آگ کے شعلے نکل رہے ہیں۔

فلورک ایسڈ 30 یا 200' تین گھنٹے
بعد' تین مرتبہ

☆ شدید ٹپکن والے درد۔ پھنسی کو پکانے کے لئے تاکہ مواد نکل جائے۔

ہیپر سلف 3x' دو گھنٹے بعد

☆ جب ناخن میں چوٹ لگنے کی وجہ سے سوجن اور درد ہو اور متاثرہ جگہ ٹھنڈی ہو۔ ٹھنڈی چیزیں لگانے سے آرام آئے۔

لیڈم پال 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ پکنے اور پیپ پڑنے کے پہلے مرحلے کے لئے۔ گرمائش سے تکلیف بڑھتی ہو۔

مرکیورس سال 30' تین گھنٹے بعد

☆ جب شدید درد کے ساتھ متاثرہ جگہ پر بہت سی پھنسیاں بن جائیں۔ یا انگور آجائے۔

نائٹرک ایسڈ 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ جب پھنسی نیچے گہرائی تک ہو اور اس میں چیرنے اور پھاڑنے والا درد ہو۔ متاثرہ جگہ پکانے کے لئے۔

سلیسیا 30' تین گھنٹے بعد

☆ متاثرہ جگہ سیاہ ہو۔ اس میں جلندار درد ہو۔ گرمی اور گرم چیزیں لگانے سے آرام آئے۔

آرسنک البم 30 اور کاربوویج 30 یکے بعد دیگر' دو گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی سیلیشیا 12x بھی بہترین دوا ہے۔

مسے

Warts

یہ ایک جلدی مرض ہے۔ جو مخصوص وائرس کی انفیکشن کی وجہ سے ہوتا ہے۔ چہرے یا ہاتھ وغیرہ پر چھوٹے چھوٹے ابھار' نوکیلے دانے یعنی مسے نکل آتے ہیں۔ عموماً" یہ سکول جانے والی عمر کے دوران بچوں کو نکلتے ہیں۔ جنہیں وہ بعض دفعہ ناخن سے نوچتے ہیں۔ عام طور پر یہ بہت سے نکلتے ہیں اور الگ الگ ہوتے ہیں۔ گنجان بھی ہو سکتے ہیں۔ اگر ان کا کوئی علاج نہ بھی کیا جائے تو کچھ عرصہ کے بعد یہ خود بخود ٹھیک ہو جاتے ہیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ مسوں کے لئے اعلیٰ ترین دوا۔

کلکیریا کالسی ناٹا 3x' چار گھنٹے بعد

☆ مقعد کے ارگرد چھوٹے چھوٹے مسے۔

اورم میور 3x' چار گھنٹے بعد

☆ تمام چہرے پر مہاسے اور جسم پر پھنسیاں۔

کیلیسیا سلف 30' چار گھنٹے بعد

☆ گھونگھٹ یا سر ذکر کے پردے کے اوپر مسے۔

سنابیرس 30' چار گھنٹے بعد

☆ دندانے دار بڑے ابھار۔ جن میں درد ہو اور آسانی سے خون بہے۔

نائٹرک ایسڈ 200 یا 1M' چھ گھنٹے بعد

☆ لاغر' پیپ کے ڈنک لگنے کے سے درد والے مسے۔

کالی سلی کیٹم 30' چار گھنٹے بعد

☆ کانٹے دار' نوک دار ٹھوس چپٹے یا تیز مسے خاص طور پر چہرے انگلیوں اور ناک کی نوک پر۔

کاسٹی کم 200' چھ گھنٹے بعد

☆ مسوں کے داغ۔ ہتھیلیوں میں۔ پیلے رنگ کے دانے۔

فیرم پکریکم 30' چار گھنٹے بعد

☆ نرم اور پلپلے نوک دار مسے جن میں سے آسانی سے خون نکل آئے۔ چبھن اور کانٹے

تکنے کا سا احساس ہو۔

کلکیریا کارب 200 یا IM' چھ گھنٹے بعد

☆ ہاتھوں کے اوپر کی طرف بڑے ہموار اور موٹے دانے چہرے اور ہاتھوں پر۔

ڈلکا مارا 200 یا IM' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ پھٹے ہوئے۔ گوبھی کے پھول کی طرح کے۔ بڑی تعداد میں مسے۔ ذرا سے بھی چھو جانے سے خون بہنے لگے۔

تھوجا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ آتشک یا سوزاک کے باعث ذکر پر مسے۔ خشک' گوبھی کے پھول کی طرح۔

سٹینی سیگریا 200 یا IM' چھ گھنٹے بعد

☆ مریض نہانے سے خوف کھائے۔ مریض 9 اور 10 بجے صبح بھوک محسوس کرے۔ سخت اور درد بھرے مسے۔

سلفر 200 یا IM' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

پتی/چھپاکی
Urticaria/Hives

ایک جلدی مرض کا نام' جس میں جلد پر سرخ رنگ کے چوڑے چوڑے دانے نکلتے ہیں۔ یہ غیر معمولی حساسیت کی دواؤں یا کچھ کھانوں یا خوراک کی وجہ سے ہو سکتا ہے۔ گرمی' ٹھنڈ' روشنی اور حرارت اور نفسیاتی تحریک سے بھی ہو سکتا ہے۔ عام طور پر یہ مرض بعض چیزوں سے حساس اور غیر معمولی حساسیت والے اشخاص کو لاحق ہوتا ہے۔ شدید تو چند ہفتوں میں ٹھیک ہو جاتی ہے۔ لیکن مزمن برسوں تک پیچھا نہیں چھوڑتی۔ عموماً ہاضمے کی خرابی' غذا میں بدپرہیزی' تیز مسالے استعمال کرنے اور کھٹے پھل کھانے سے بھی یہ مرض لاحق ہو جاتا ہے۔ بعض لوگوں کو بعض اشیاء موافق نہ آنے سے بھی چھپاکی ہو جاتی ہے۔ مثلاً بینگن یا آم وغیرہ کے کھانے سے۔ اس مرض میں صفائی کا خاص خیال رکھنا چاہئے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ دودھ پینے کے بعد ہونے والی پتی کے لئے۔

سیپیا 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ نہانے کے بعد۔ گرم ہو جانے کے بعد' خارش ہو جانے سے اور نیند میں بدنظمی کی وجہ

سے پتی ہو۔

بووسٹا 30' دو گھنٹے بعد

☆ مزمن پتی۔ تمام جسم پر سرخ دانے پڑ جائیں' جس میں خارش ہو۔

ا۔سٹاکس (Astacus flo) 30' تین گھنٹے بعد

☆ ہر موسم بہار میں پتی ہو۔ گرمی سے بہتر ہو۔ سخت تکلیفات کے سبب مریض کپڑے اتار کر پھینک دے۔

رہس ٹاکس 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ پتی کے سرخ چوڑے دانے خارش کے ساتھ۔ بخار بھی ہو۔ گرمی سے تکلیف میں اضافہ ہو۔ گرم کپڑوں سے بھی تکلیف بڑھے۔ ٹھنڈ سے بہتر ہو۔

ہائگروفل سپینوزا (Hygrophil Spinosa) 30' چار گھنٹے بعد

☆ چکنائی دار اور بہترین خوراک اور گوشت کھانے سے پتی ہو۔ پیاس ندارد۔ کھلی اور ٹھنڈی ہوا میں بہتر محسوس ہو۔

پلساٹیلا 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ ٹھنڈے موسم میں۔ کپڑے اتار دینے کے بعد پتی ہو۔ گرمائش سے بہتر ہو۔

ریومیکس 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ سنابری کھانے سے پتی ہو۔

اوکے لک ابسنڈ 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ کونین کھانے سے پتی ہو جائے۔ زیادہ نمک کھانے اور ملیریا کے دبانے سے پتی ہو۔

نیٹرم میور 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ نشہ آور مشروبات پینے کے بعد پتی۔ ٹھنڈ محسوس کرنے والے مریض۔ گرمائش سے بہتر محسوس ہو۔

نکس وامیکا 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ کھمبی (mushroom) کھانے کے بعد پتی۔

ابلیسین تھیم (Absinthium) 30' تین گھنٹے بعد

☆ اسپرین اور اناسین وغیرہ کھانے کے بعد پتی ہو جائے۔

اینٹی پائرین 30، تین گھنٹے بعد

☆ بغیر خارش کے پتی ہو۔

یوا ارسی (Uva Ursi) Q یا 30، چار گھنٹے بعد

☆ ٹن کے بند ڈبوں کا کھانا کھانے سے پتی ہو جائے۔ تیزابی یا کھٹے پھل، آئس کریم اور زیادہ گلے ہوئے پھل کھانے کے بعد ہونے والی پتی، جسے گرمائش سے آرام آئے۔

آرسنک البم 30 یا 200، تین گھنٹے بعد

☆ مچھروں وغیرہ کے کاٹنے کے نتیجے میں پتی ہو جائے۔ یخ ٹھنڈے پانی سے دھونے سے آرام آئے۔

لیڈم پال 30 یا 200، تین گھنٹے بعد

☆ نہانے کے باوجود جسم سے بدبو آئے۔ سردی کے شروع میں پتی ہو۔

سوریئم 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ کپڑے اتارنے کے بعد شدید خارش۔ سرد مرطوب موسم کی ہوا لگنے سے پتی ہو جائے۔ موسم کے بدلنے پر پتی ہو۔

ڈلکا مارا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ اچانک شدید قسم کی سوجن اور جلن کے ساتھ پتی۔ گرمی سے تکلیف میں اضافہ ہو۔ پیاس غائب ہو جائے۔

ایپس ملفیکا 30 یا 200، تین گھنٹے بعد

☆ خراب مچھلی کھانے کے بعد پتی ہو جائے۔

کاربوویج 30 یا 200، تین گھنٹے بعد

☆ وقفے وقفے سے ہونے والے بخار کو دبانے کے نتیجے میں پتی ہو جائے۔

ایلیٹریم (Elatarium) 30، تین گھنٹے بعد

☆ سرد خشک ہوا لگ جانے سے اچانک پتی ہو جائے۔ شدید تشویش اور بے چینی ہو۔

اکونائٹ 30 یا 200 دو گھنٹے بعد

☆ گیس اور نزلے کی وجہ سے پتی۔ زبان پر گاڑھا سفید مادہ جما ہو۔ گرمی سے تکلیف بڑھ جائے۔

انٹی مونیم کروڈم 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ جلدی جلدی پیشاب کی حاجت ہو۔ پیاس ندارد۔ شدید جلن اور سوجن کے ساتھ پتی۔ کیکڑے کھانے کے بعد پتی ہو جائے۔

ارٹیکا یورینس Q یا 30، تین گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی کالی میور 6x اور نیٹرم میور 6x بھی پتی کے لئے بہترین ادویات ہیں۔

چنڈی، گدی، کیل، ابھار

Corns

بعض دفعہ پاؤں کے کسی حصے عموماً" انگوٹھے اور چھوٹی انگلی کے جوڑ وغیرہ کی جلد سخت ہو جاتی ہے اور ایک ابھار سا یا چنڈی وغیرہ بن جاتی ہے۔ جس کی وجہ سے چلتے ہوئے بڑی تکلیف ہوتی ہے۔ تنگ جوتے پہننے، رگڑ لگنے یا دباؤ پڑنے سے یہ مرض لاحق ہوتا ہے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ پاؤں کے انگوٹھے کی چنڈی، جو کاٹنے کے بعد پھر ابھر آئے۔

ہائیڈراسٹس کنانئم 30، چار گھنٹے بعد

☆ تلووں میں۔ زبان پر موٹی سفید تہ جمی ہوئی۔

انٹم کروڈم 200 یا 1M چھ گھنٹے بعد، چھ مرتبہ

☆ گہری پھٹی ہوئی چنڈیاں۔ پاخانہ سخت۔ قبض۔

گریفائٹس 30، چار گھنٹے بعد

☆ پھاڑنے والے درد اور سوجن والی چنڈیاں۔

لائیکوپوڈیم 200، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ جوتے کے دباؤ سے بننے والی درد کرنے والی چنڈیاں۔

سلفر 200' ہفتہ وار' تین مرتبہ

نرم' سوزش اور سوجی ہوئی چنڈیوں کے لئے بائیو کیمک کی سیلیا 12x یا 30x بھی بہت مفید دوا ہے۔

چنڈیوں پر تھوجا Q oc لگانے سے بھی بہت فائدہ ہوتا ہے۔

بوائیاں

Chilbalains

انگلیوں' پاؤں کے انگوٹھوں اور ایڑیوں میں سوزش سوجن اور درد کی کیفیت کو بوائیاں کہا جاتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ انگلیوں' انگوٹھوں اور ایڑیوں میں جلن۔ گرمائش سے تکلیف بڑھے۔ ٹھنڈی اور کھلی ہوا میں بہتر محسوس ہو۔

پلساٹیلا 30' چار گھنٹے بعد

☆ سخت درد محسوس ہو۔ ٹھنڈے اور سرد موسم میں تکلیف بڑھ جائے۔

اگاریکس ایم 30' چار گھنٹے بعد

☆ جلد سرخ اور سوجی ہوئی۔ جلن اور سوزش ہو۔ بے چینی ہو۔

روہس ٹاکس 30' چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی کلکیریا فاس 6x اور کلکریا فلور 12x چار گھنٹے بعد دینا بہت فائدہ مند ہے۔

رہس ٹاکس Q کو گلیسرین میں ایک اور نو کے تناسب سے ملا کر متاثرہ حصے پر لگانے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔

———— ✪ ————

خشک خارش

Itching

(See Scabies and pruritus also)

خارش یا کھجلی نہایت موذی مرض ہے۔ اس مرض میں جسم پر شدید خارش ہوتی ہے۔ جلد خشک اور کھردری ہو جاتی ہے۔ کبھی اس مرض میں دانے نکلتے ہیں اور ان میں پیپ پڑ جاتی ہے۔ کبھی دانوں کے بغیر خشک کھجلی ہوتی ہے۔ مریض کھجلا کھجلا کر جلد چھیل لیتا ہے۔ نیند خراب ہو جاتی ہے بستر کی گرمی سے خارش بڑھتی ہے۔ بعض حصوں پر کھرنڈ دار دانے بھی نکل آتے ہیں۔ پیروں سے بدبودار پسینہ آتا ہے۔

غلیظ میلا کچیلا رہنا' کئی کئی دن غسل نہ کرنا' صفائی نہ رکھنا' جگر کے فعل کا درست نہ ہونا' ہاضمے کے عمل میں نقص ہونا' خون کی خرابی اور مستورات کی ماہواری میں بے قاعدگی وغیرہ خارش کے عام اسباب ہیں۔ یہ ایک متعدی مرض ہے اور ایک مریض سے دوسرے کو لگتی ہے۔ دیکھا گیا ہے کہ گھر میں اگر کسی ایک شخص کو یہ مرض لاحق ہو جائے تو دوسرے لوگ بھی متاثر ہوئے بنا نہیں رہتے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ خصیوں میں خارش۔ چلنے اور چھونے سے خارش بڑھ جائے۔

کروٹن ٹگنیم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ دانوں کے بغیر تمام جسم میں خارش۔

ڈولی کوس 30' چار گھنٹے بعد

☆ جلد گندی۔ اکثر اوقات جسم پر تیل سا نمایاں رہے۔ لیکن بعض اوقات خشک بھی ہو جائے۔ بیشہ حتیٰ کہ نہانے کے بعد بھی جسم سے بو آتی رہے۔ ورم کے ساتھ خارش۔

سورینم 200 یا 0/6 یا اس سے اوپر تک کی طاقت' چھ گھنٹے بعد

☆ ناک، کان اور حشفہ میں خارش۔ بازوؤں پر چھپاکی سی یا سرخی مائل دانے پڑ جائیں اور خارش ہو۔

سلفر 6 یا 30، چار گھنٹے بعد

☆ کپڑے اتارنے کے بعد خارش۔ کھجانے سے سکون محسوس ہو۔ لیکن نتیجتاً" جلن ہو جائے۔

سلفر 30، چار گھنٹے بعد

☆ گرم پانی سے نہانے سے خارش بہتر ہو۔ رات کے وقت خارش زیادہ ہو۔

سفیلینم 200 یا IM، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ پتی یا سرخ باریک دانے نکل آئیں۔ خارش اور جلن گرمائش سے تکلیف میں اضافہ ہو۔

رہس ٹاکس 30، چار گھنٹے بعد

☆ شدید اور دیر تک رہنے والی خارش۔ رات کے وقت اور جب اس کے بارے میں خیال کیا جائے تو زیادہ ہو جائے۔

میڈورینم 200 یا IM، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

بائیو کیمک کمبی نیشن نمبر 20 بھی خارش کے لئے مفید ہے۔
چار چار گھنٹے بعد دینے سے فائدہ ہوتا ہے۔

----- ✪ -----

چھوت دار یا تر خارش/ کھجلی

Scabies

اس مرض میں جسم پر باریک باریک دانے نکلتے ہیں۔ جلد خشک اور کھردری ہو جاتی ہے۔ جسم میں شدید قسم کی خارش کھجلی اور جلن ہوتی ہے۔ بعض دفعہ یہ کھجلی اتنی شدید ہوتی ہے کہ کھجلاتے کھجلاتے جلد چھل جاتی ہے اور خون نکل آتا ہے چونکہ یہ مرض متعدی ہوتا ہے لہٰذا صحت مند لوگوں کو کھجلی والے مریض سے پرہیز کرنا چاہئے۔ ہاضمے میں نقص' خون کی خرابی' صفائی نہ رکھنا' جگر کا فعل درست نہ ہونا' خواتین میں ماہواری میں بے قاعدگی وغیرہ اس بیماری کے عام اسباب ہیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ آبلے دار دانوں کی بہترین دوا۔ کھجلی اور جلن۔ کھجانے کے بعد سوجن ہو جائے۔
سلفر 2x یا 6' چار گھنٹے بعد

☆ اعضاء تناسل کی کھجلی۔ جلد اور بازوؤں کا سن ہو جانا۔
امبرا گریسیا 30' چار گھنٹے بعد

☆ مسے' درد بھرے آبلے والے دانے۔ چھونے سے بہت حساس۔ مریض ٹھنڈ محسوس کرے۔
ہیپر سلف 30' چار گھنٹے بعد

☆ گھٹنوں کے جوڑوں میں آبلے والے دانے۔ جلن اور کھجلی والے دانے۔ گرمائش سے بہتر ہوں۔
آرسنک البم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ کھجلی' شہد کی طرح کی رطوبت نکلے۔ پاخانہ قبض کے ساتھ ہو۔
گریفائٹس 30' چار گھنٹے بعد

☆ باریک سرخ دانے۔ کھجلی۔ ٹھنڈ اور آرام کرنے کے بعد تکلیف بڑھے۔
رہس ٹاکس 30' چار گھنٹے بعد

☆ آبلے دار دانے۔ خاص طور پر کہنیوں کے جوڑوں کے اوپر رات کے وقت اور گرمی سے تکلیف میں اضافہ ہو۔

سلفر 30 اور مرکیورس سال 30' ایک دوسرے کے بعد دیا جا سکتا ہے

☆ مزمن کیسوں کے لئے۔ ورم اور کھجلی۔ معاون دوا۔

سوریم 0/6 یا اس سے اوپر کی طاقتیں' چار گھنٹے بعد

☆ جلد کی تہوں کے اندر سوجن کے ساتھ کھجلی۔ چلتے یا کھانستے ہوئے غیر ارادی طور پر پیشاب نکل جائے۔ مرطوب موسم میں بہتر ہو۔

کاسٹی کم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ شدید قسم کی کھجلی۔ کھجاتے کھجاتے خون نکل آئے۔ بستر کی گرمی سے کھجلی بڑھ جائے۔

میزریم 30' چار گھنٹے بعد

☆ کھانے کی نالی میں جلن ہو۔ مزمن قسم کی خارش جو ہر موسم بہار میں لوٹ آئے۔

ابسنڈ سلف 30' چار گھنٹے بعد

☆ نیلی سی رنگت کے دانے۔ مریض سونے کے بعد زیادہ کھجلی محسوس کرے۔

لیکے سس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

بیرونی استعمال کے لئے سلفر Q کو تیل یا ·نیزوبٹ سالیوشن میں ملا کر لگایا جائے۔ مریض کے کپڑے روزانہ چار پانچ دن تک تیز گرم پانی میں دھونے چاہئیں۔

—— ✪ ——

پھنسیوں اور پیپ والی خارش / کھجلی

Psoriasis

اس مرض کی ابتدا میں ہاتھ کی انگلیوں کے درمیان یا جوڑوں پر خارش یا کھجلی ہوتی ہے۔ چند گھنٹوں کے بعد مخروطی پھنسیاں نکل آتی ہیں اور جلد ہی ان میں پیپ پڑ جاتی ہے اور ان دانوں کے سوکھنے پر کھرنڈ بندھ جاتے ہیں۔ تمام جسم خارش سے متاثر ہو جانے پر شدید کھجلی ہوتی ہے۔ مریض تمام جسم کو کھجلاتا ہے۔ جس سے دانے اور بڑھ جاتے ہیں اور بعض دفعہ کھجلاتے کھجلاتے جلد چھل جاتی ہے۔ بے چینی کی وجہ سے نیند بھی اڑ جاتی ہے۔ مریض سخت تکلیف میں مبتلا ہوتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ کھجلی کے علاج کے لئے بہترین دوا علاج شروع کرنے اور متعلقہ دوا سے پہلے دینے کے واسطے۔ خصوصاً" ڈھلکے ہوئے کندھوں والے مریض کے لئے۔ ایسا مریض جو نہانا پسند نہ کرے۔ گہری سوچ میں گم رہے۔
سلفر 10M یا 50M' ماہانہ' تین مرتبہ

☆ ایسے افراد جو سردی اور دوسرے موسموں کی تبدیلی سے بہت زیادہ حساس ہوں۔ گرمائش کی خواہش کریں۔
ہیپر سلف 200 یا 1M 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ جلن کا احساس۔ ٹھنڈی چیزیں لگانے سے مرض میں اضافہ ہو اور گرمائش سے افاقہ ہو۔
آرسنک البم 0/7 یا اس سے اوپر کی طاقتیں' چھ گھنٹے بعد

☆ مزمن اور ضدی (ٹھیک نہ ہونے والی) خارش کے لئے۔ معاون دوا کے طور پر بھی استعمال کی جا سکتی ہے۔
کارسی نوسن 1M یا 10M' ماہانہ' تین مرتبہ

☆ ایسے مزمن کیسوں کے لئے جن میں منتخب ادویات بھی بے اثر ثابت ہوئی ہوں۔ جلن اور کھجلی ہو۔

ریڈیم برومائڈ 200 یا اس سے اوپر کی
طاقتیں' پندرھویں روز' تین مرتبہ

☆ ایسے مریض جن میں بروقت فیصلہ کرنے کی کمی ہو۔ بہت محتاط ہوں اور قبض ہو۔ معمولی سی چوٹ بھی پک جائے۔

گریفائٹس 200 یا 1M' 10 منٹ بعد'
تین مرتبہ

☆ خارش پھیلنے۔ چھلکے والی اور کھال ادھیڑنے والی ہو۔

ہائیڈروکوٹائل 200' چھ گھنٹے بعد

ہر قسم کی خارش کے لئے بائیو کیمک کی نیٹرم میور 12x اور نیٹرم سلف 12x چار گھنٹے بعد دینا مفید ہے۔ چھلکے بننے کی صورت میں کلکیریا فلور 12x اور کالی سلف بھی مفید ادویات ہیں۔

دیگر اہم ادویات : نائٹرک ایسڈ' سورینم' سفیلنم' سیپیا۔

شدید کھجلی

Barber's Itch

(See other Skin ailments also)

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ چھلکے والی پھنسیاں۔ دانوں کے نیچے پیپ۔ گرمی اور گرم چیزیں لگانے سے تکلیف میں اضافہ ہو۔

لائیکو پوڈیم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ پھٹن جس میں سے خون بہے۔ حساس جلد۔ خشک اور کھردری جلد۔

پٹرولینم 30' چار گھنٹے بعد

☆ جب کھجلی کے ساتھ ساتھ درد بھی ہو۔
سورینم 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ چھلے کی طرح کے گول چھالے جن میں بہت کھجلی ہو اور متاثرہ حصے سے بدبو بھی آئے۔
ٹیلیوریم 6 یا 30، تین گھنٹے بعد

☆ جب منہ دھونے یا نہانے سے شکایت بڑھ جائے۔
سلفر 30 یا 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ مریض محسوس کرے جیسے اس کے بال کھڑے ہو گئے ہیں۔
سلفر آیوڈیم 3x یا 30، چار گھنٹے بعد

☆ چپچپا (لیسدار) اخراج۔ ذرا سی چوٹ سے بھی پیپ جاری ہو جائے۔ غیر متاثرہ جلد سخت ہو۔
گریفائٹس 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ شیو کرنے کے بعد تکلیف بڑھ جائے۔ زخم سے خارج ہونے والے مادے کا لیمن کے رنگ کا کھرنڈ بن جائے۔
سکوٹا (Cicuta V.) 30، چار گھنٹے بعد

☆ ضدی قسم کے یا پرانے کیس کے لئے۔ جس میں بہت زیادہ جلن اور کھجلی ہو اور متاثرہ جگہ پر سوجن اور سرخی ہو گئی ہو۔
ریڈیم برومائڈ 30، چار گھنٹے بعد

☆ کچ لہو اور پیپ شروع ہونے کے بعد پھر سے پھنسی پھٹنے لگے۔ متاثرہ جگہ نیلی پیلی سی ہونی شروع ہو جائے۔
لیکے سس 30 یا 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ چھالے دار پھنسیوں کے ساتھ سخت قسم کی کھجلی اور جلن۔ مرطوب بارشوں اور ٹھنڈے موسم میں تکلیف میں اضافہ ہو جائے۔
رہس ٹاکس 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

پیپ والے پھوڑے/سادہ پھوڑے
گوشت خور پھوڑے

Abscesses and Boils including Carbuncles etc

عام سی سوزش بڑھ کر پھوڑے کی شکل اختیار کر سکتی ہے۔ جس میں پیپ پڑ جاتی ہے۔ گویا پھوڑے کی شکل بننے کے تین مراحل ہیں: پہلا یہ کہ سوزش شروع ہو۔ دوسرے مرحلے میں وہ پھوڑے کی شکل اختیار کر لے اور تیسرا مرحلہ یہ ہے کہ اس میں پیپ پڑ جائے۔ ان تینوں مرحلوں کے لئے ذیل میں علامات کے مطابق ادویات تجویز کی گئی ہیں۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

(سرخی اور سوزش کے بڑھنے کا مرحلہ)

☆ بہت زیادہ چمکدار سرخ، جلن دار، جس میں بخار ہو جائے اور جلد گرم ہو۔ گرم کمرے میں شام اور رات کو تکلیف بڑھ جائے۔

اکونائٹ 6 یا 30، ہر دو گھنٹے بعد

☆ جب ہیپر سلف ناکام ہو جائے اور درد ناقابل برداشت ہو۔

کیمومیلا 30 تا 200، ہر تین گھنٹے بعد

☆ پیپ پڑنے کے دورانئے کو کم کرنے کے لئے۔ یہ بعض اوقات نشتر کا سا کام کرتی ہے۔ انگلیوں اور ان کی ہڈیوں کے کناروں میں پیپ پڑ جائے۔

مائرسٹیکا سیب (Myristica Seb)

3x یا 1x ہر دو گھنٹے بعد

☆ چھوٹے سوجے ہوئے اور دکھن والے پھوڑے۔ بڑی تعداد میں اور گرمی کے موسم کے پھنسی پھوڑے۔

آرنیکا 30 یا 200، ہر چار گھنٹے بعد

☆ ایسا پھوڑا جس میں بڑی جلدی پس پڑ گئی ہو۔ غدود والے پھوڑے میں پیپ پڑ جانے میں جس میں شدید قسم کا درد ہو اور بستر کی گرمی سے تکلیف زیادہ بڑھ جاتی ہو۔

مرکیورس سال 30 یا بیلاڈونا 30 کے بعد دیگر، ہر تین گھنٹے بعد

☆ حاد قسم کی پیپ میں خون والے پھوڑے کے لئے۔ جس میں تیزی سے پیپ پڑ جائے (پستان کے پھوڑے، جگر اور غدود والے پھوڑے کے لئے)

بیلاڈونا 30، ہر دو گھنٹے بعد

☆ شروع میں جبکہ کچھ حصہ سرخ اور چمکدار ہو اور اس میں ڈنک مارنے والا درد ہو اور ذرا سی حرکت سے بھی تکلیف بڑھ جاتی ہو۔

برائی اونیا 30، ہر چار گھنٹے بعد

☆ پیپ پڑنے کے ابتدائی مرحلے میں خراش دار رطوبت والے پھوڑے جو گلنے سڑنے لگے ہوں۔ خون آلود پیپ کے ساتھ جس میں ٹھنڈے تیز ڈنک والا سا درد ہو۔ پس میں پرانے پنیر کی سی بو آئے۔ مریض اگرچہ سردی سی محسوس کرتا ہو لیکن سرد موسم میں بہتر محسوس کرے۔

ہیپر سلف 30، ہر چار گھنٹے بعد

☆ پیپ پڑنے کے عمل کو تیز کرنے کے لئے۔

ہیپر سلف 2x یا 3x، ہر دو گھنٹے بعد

☆ پیپ پڑنے کے عمل کو روکنے کے لئے۔

ہیپر سلف 1M یا 10M، ہر دس منٹ کے بعد، تین مرتبہ

احتیاط/نوٹ : ٹانسلز میں پیپ پڑنے کے دورانیہ میں چھوٹی طاقت میں ہیپر سلف نہیں دینی چاہئے۔

(دوسرا مرحلہ جبکہ پیپ پڑ چکی ہو)

☆ جبکہ پس پتلی اور چپکنے والی ہو۔ ہاتھ پاؤں یا کسی عضو کے موڑ پر ابھار۔ چڈے/جانگے میں پھوڑے۔ گردن یا کان کے پیچھے پھوڑے۔

گریفائٹس 30 تا 200، ہر چار گھنٹے بعد

☆ جبکہ پیپ بننا جاری رہے اور پھوڑے کو آرام نہ آئے اور پیپ کو پکاتا ہو۔ مریض سردی محسوس کرتا ہو اور گرم خشک موسم میں بہتر محسوس کرتا ہو۔

سلیشیا 6x یا 6، ہر تین گھنٹے بعد

☆ گوشت خور پھوڑے اور ایسے پھوڑے جس میں شدید جلن ہو اور تیز یا اونچے درجے کا بخار ہو۔

این تھریسینم (Anthracinum)
200 یا 1M' ہر 10 منٹ بعد' تین
مرتبہ

☆ سلیسیا کے بعد اندمال زخم یا انگور بنانے کے لئے (زخم بھرنے سے باریک باریک دانوں کا ایک گچھا بن جاتا ہے اور اس کے بعد وہ خشک ہو جاتا ہے۔)

فلورک ایسڈ 30' ہر چار گھنٹے بعد

☆ جب پیپ گاڑھی اور پیلی ہو اور اس میں سرخی اور جلن نہ ہو۔

کیلنڈولا (Calendula) 30' ہر تین
گھنٹے بعد

☆ دق کے مرض میں بار بار مبتلا ہونے والے مریض کے پس پڑنے کی تکلیف میں۔

کلکیریا کارب 200' ہر چار گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ جب سلیسیا ناکام ہو جائے اور پیپ پڑنا بند نہ ہو۔ کھلی ہوا میں اچھا محسوس کرے اور موسم کی تبدیلی پر تکلیف بڑھ جائے۔

کلکیریا سلف 6x یا 30' ہر تین گھنٹے
بعد

☆ جلد کے نیچے پیپ پڑ جائے اور گرمی اور گرم چیز لگانے سے تکلیف بڑھ جائے۔

لائیکو پوڈیم 30 تا 200' ہر چار گھنٹے
بعد' تین مرتبہ

☆ بار بار پیپ پڑنے اور بخار ہونے کے لئے اور اس عمل کو روکنے کے لئے کہ تکلیف لوٹ کر نہ آئے۔

پائیرو جینیم (Pyrogenium) 200 یا
1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ تھوڑی سی پس' نیلے پھوڑے جبکہ پیپ پتلی اور میلی ہو اور اس میں بدبو ہو۔ جلن والا درد ہو جس کو چھونے سے بھی شدید تکلیف ہو۔

لیکے سس 30 یا 200' ہر 10 منٹ
بعد' تین مرتبہ

☆ خون صاف کرنے کے لئے جبکہ سوزش کی وجہ سے ہلکا بخار ہو۔

لیڈم پال 200 یا 1M یا ایکی نیسیا
(Echinacea) 1x یا 30' ہر چار
گھنٹے بعد

☆ جب پیپ کالی سی ہو۔ پتلی پانی سی اور بدبودار ہو۔

کالی فاس 6x یا 30' ہر تین گھنٹے بعد

☆ خون آلود سبزی مائل پیلی پس' جس میں شدید درد ہو۔

نائٹرک ایسڈ 200 یا 1M' ہر 10 منٹ
بعد' تین مرتبہ

☆ پھوڑے یا بسہری (بس گانٹھ) جو کہ سوئی چبھنے سے ہو جائیں۔

لیڈم پال 200 یا 1M' ہر 10 منٹ بعد'
تین مرتبہ

☆ السر جو کہ آہستہ آہستہ پکے۔ جلن دار درد۔ پتلی پیپ پانی سی۔ بدبودار جس میں خون بھی شامل ہو۔ بھوری یا پیلی سی جس کے گلنے سڑنے کا امکان ہو۔ ہوا سے یا پنکھا جھلنے سے آرام ملتا ہو۔

کاربوویج 30 یا 200' ہر تین گھنٹے بعد

☆ چڈا' جانگہ جس میں خون کی آمیزش والی پیپ' پیلی یا سبزی مائل ہو تکلیف اچھا کھانا کھانے کے بعد زیادہ بڑھ جائے اور گرمی سے بھی اضافہ ہو۔ البتہ ٹھنڈی اور کھلی ہوا سے افاقہ محسوس ہو۔

پلساٹیلا 30' ہر چار گھنٹے بعد

☆ بدبودار پیپ نچلے درجے کی اور بخار متعلقہ جگر ہو۔ جس میں شدید قسم کی جلن ہو اور مریض سخت بے چین ہو۔

آرنیکا البم 30 یا 200' ہر چار گھنٹے بعد

☆ غدود میں پس پڑنے کے عمل کے دوران۔ پس مقدار میں بہت زیادہ ہو۔ خراش دار رطوبت پتلی پانی سی۔

رہس ٹاکس 6 یا 30' ہر چار گھنٹے بعد

☆ سوزش اور شدید درد کے ساتھ گلنے سڑنے والا پھوڑا جس سے قریبی غدود سوج جائیں اور پھوڑا سخت اور شدید درد والا ہو۔ خصوصاً" بغل کے نیچے ہونے والے پھوڑے کے لئے۔

ٹرنٹولا (Tarentula) 200 یا 1M'

ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ پس نہایت اذیت بخش درد کے ساتھ، سوزش مزمن سڑنے گلنے والا پھوڑا، جوڑوں خصوصاً" بائیں کولہے کے جوڑ پر جس میں پیپ پڑ گئی ہو۔

سٹرامونیم 200 یا 1M، ہر 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ سوزاک اور دق کے مریضوں کے پھوڑوں کے لئے۔

کالی آئیوڈین 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ ہڈیوں میں پس پڑنے کے لئے۔

کاربو اینی میلس 30 یا 200 (Carbo ani)، ہر چار گھنٹے بعد، چھ مرتبہ

☆ جل جانے کے بداثرات کے لئے جس میں خون کی آمیزش کی پیپ ہو جس کی رنگت پیلی، سبزی مائل، سبز اور خراش دار رطوبت پتلی پانی سی ہو۔

کاسٹی کم 30 یا 200، ہر چار گھنٹے بعد

☆ کمر پر گلنے سڑنے والے پھوڑے اور مریض شوگر کی تکلیف میں بھی مبتلا ہو۔ متلی اور قے ہو۔ کئی جگہ سے پیپ بہتی ہو۔

کاربولک ایسڈ 200، ہر 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ کان کے بیرونی حصے میں پھوڑے جو گرمی کے موسم میں زیادہ تکلیف دہ ہوں۔

ماربلی لینم (Morbillinum) 200، ہر 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ مزمن کیسوں میں جس میں مسلسل پیپ بہتی ہو اور مریض روزبروز لاغر ہو رہا ہو اور بخار متعلقہ جگر بھی ہو۔

دوسری متعلقہ دوا کے ساتھ سلفر 200، ایک خوراک

☆ کان کے بیرونی حصے میں بار بار ہونے والے پھوڑے جس میں چیچک کی ہسٹری پائی جائے۔

فاسفورس 200 یا 1M، ہر تین گھنٹے بعد،

چھ مرتبہ

☆ بغل کے پھوڑے، سوجے ہوئے غدود۔
کالی آیوڈیم 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین
مرتبہ

☆ چھوٹے شدید درد والے پھوڑے جن میں سبزی مائل پس ہو جو آہستہ آہستہ پکے۔
پکرک ایسڈ 30 یا سکیلے کار 30 یا
200، ہر 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ پھوڑے، لال دانے، باریک کرم اور خون زہریلا، قبض کا پاخانہ۔
گن پاؤڈر 3x یا 30، ہر چار گھنٹے بعد

ٹشوز اور زخم کے اندمال یا بھرنے کے لئے بائیو کیمک کی کلکیریا سلف 12x بھی بڑی مفید ہے۔

پھوڑے پھنسی کی علامات کے مطابق مجوزہ دوا کے ساتھ ساتھ ان پر لگانے کی چند ادویات سے بھی بہتر نتائج برآمد ہوتے ہیں۔ جو زخم پر انگور لاتے ہیں یا انھیں خشک کرتے اور بیرونی مضر اثرات سے بچاتے ہیں۔

پھوڑے یا ان کے نتیجے میں بننے والے زخموں کے بھرنے کے لئے کیلنڈولا ایکسٹر Q اور ایکی نیسیا ایکسٹر Q کا محلول یا مرہم نہایت مفید ہے دن میں تین مرتبہ لگانے سے جلد صحت یابی ہوتی ہے۔

ناقابل برداشت شدید درد کو سکون پہنچانے کے لئے آرنیکا مونٹ Q اور کا سیاسوف Q کا لیپ کرنا بہت فائدہ مند ہے۔

پھوڑے پکانے اور پھاڑنے کے لئے پلساٹیلا Q ڈسکوریا Q اور برائی اونیا Q کی دوا متاثرہ حصے پر لگانے کے لئے مفید ہے۔ پھوڑے دبانے کے لئے کلکیریا کا سیکم 1X کا لیپ کرنا بڑا فائدہ مند ہوتا ہے۔

—— ✪ ——

جسم کی بو

Body Odour

(See bad breath also)

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ ہاتھ پاؤں اور بغلوں اور چڈوں میں بودار پسینہ۔ سردی محسوس کرنے والا مریض۔

سلیسیا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ پسینے کی وجہ سے جسم میں بو خصوصاً" ماتھے پر بہت پسینہ آئے۔

کلکیریا کارب 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ تیز قسم کی بو۔ لیسدار اور چپچپا پسینہ جس سے کپڑوں پر بھی دھبے پڑ جائیں اور کسی طور پر پسینے کی شکایت دور نہ ہو۔

مرکیورس سال 30، چار گھنٹے بعد

☆ غیر صحت مند جلد۔ نہانا پسند نہ کرے۔

سلفر 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ حساس جلد کے ساتھ جسم سے پنیر کی سی بو آئے۔

ہیپر سلف 30، چار گھنٹے بعد

☆ معاون دوا۔

سورینیم 200، ہفتہ وار، تین مرتبہ

—— ✪ ——

جلد میں کسی چیز کے کُھب جانے کی تکلیف

Foreign Body (Skin)

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ کسی چیز کے جسم میں داخل ہوئے زیادہ دیر نہ ہوئی ہو اور اس کو نکالنا مقصود ہو۔

ہیپر سلف 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ کسی چیز کو جسم میں داخل ہوئے دیر ہونے کی صورت میں۔

سلیسیا 200 یا 1M، چار گھنٹے بعد، چھ مرتبہ

☆ لوہے کی کیل وغیرہ نکالنے کے لئے۔

لیڈم پال 200 یا 1M، چار گھنٹے بعد، چھ مرتبہ

فائی لیریا پیدا کرنے والے کرم کے باعث مرض لاحق ہونا

Filariasis

فائی لیریا پیدا کرنے والے کرموں کی موجودگی کی وجہ سے بیماری کی ایسی حالت جب یہ کرم جلد کے اندر کھب رہے ہوں اور ان کی وجہ سے سوجن اور جلن ہو رہی ہو۔ ابتداً ان کی موجودگی فوطوں کے اعضاء کے درد اور ورم سے ظاہر ہوتی ہے۔ ران کی ہڈی اور چٹوں کے رطوبتی یا لمفی غدودوں کی سوجن عام علامت ہے۔ چنانچہ ذیل میں علامات کے مطابق متعلقہ دواؤں کی تفصیل درج ہے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ شریف، نرم خو۔ مریض علامات بتاتے ہوئے رونے لگے۔ مزاج یا موڈ تبدیل ہوتا رہے۔ منہ خشک ہونے کے باوجود پیاس ندارد۔ ٹھنڈی چیزوں کی خواہش کرے۔ بعداً گرم مزاج ہو۔

پلساٹیلا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ ریاحی بدہضمی۔ ہر وقت جلدی میں ہو۔ میٹھے اور گرم کھانوں کی خواہش کرے۔ ٹھنڈ

محسوس کرنے والا مریض۔ گرمی سے تکلیف بڑھے۔

لائیکو پوڈیم 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ ہر قسم کا مقامی استسقا۔ خاص طور پر ریشے والی بافتوں کے جمع ہونے کا۔ لمبے وقفے کے بعد بہت مقدار میں پانی پئے۔ شدید پیاس۔ گرم مریض۔ حرکت سے تکلیف میں اضافہ ہو۔

برائی اونیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ پاخانے میں آؤں' ٹانگوں کا استسقا جو کہ سخت ہو جائیں۔ نم منہ کے ساتھ پیاس۔ کثیر پسینہ۔ جس سے کوئی آرام نہ آئے۔ پیپ پڑنے کا رجحان پایا جائے۔

مرکیورس سال 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ حال ہی میں شروع ہونے والے کیس۔ لمف غدود کا ورم بار بار ہو۔ ریڑھ کی ہڈی یا حرام مغز کی ورم۔ تھکن سے تکلیف میں اضافہ ہو جائے۔

رہس ٹاکس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ گیس کی تکلیفوں کی شکایت کے ساتھ سردی کا احساس۔ مٹھائیوں کی خواہش کرے۔ جلدی بیماریوں میں مبتلا۔ مقامی یا تمام جسم پر جلن۔ ٹھنڈ سے بہتر محسوس کرے۔

سلفر 30 یا 200' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ جلن کا احساس۔ پیاس ندارد۔ زبان سے متعلق استسقاء (سوجن) گرمی سے تکلیف میں اضافہ ہو۔

ایپس ملفیکا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ خصیوں کی تھیلی یا ریڑھ میں پانی آجائے۔ مردانہ اعضاء مخصوصہ کی شکایات۔ طوفان سے تکلیف بڑھے۔

رہو ڈینڈرون (Rhododendron)

200 یا 1M' ہفتہ وار

بائیو کیمک کی کلکیریا 12x ہر چار گھنٹے بعد دینا بھی فائدہ مند ہے۔

چھکتے

Herpes Zoster

یہ ایک عصبی مرض ہوتا ہے۔ عام طور پر اس مرض کے دانے اور چھکتے گلے، سینے اور پیٹ کے ایک ہی جانب ہوتے ہیں۔ لیکن بعض اوقات کمر سے زیر ناف تک بھی ہوتے ہیں اکثر اوقات یہ ران پر ہوتے ہیں۔ دانے پڑنے سے پہلے اس مقام پر سوزش ہوتی ہے اور پھر سرخ ہو کر وہ جگہ پھول جاتی ہے۔ اس مرض کے دانے اور پھنسیاں گچھوں کی شکل میں ہوتے ہیں اور ان کے گرد ایک دائرہ سا بن جاتا ہے۔ اس کا ایک یا دو انچ کا دائرہ سا بن جاتا ہے۔ اسی کو چھکتے پڑنا کہا جاتا ہے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ دائیں جانب چھکتے۔ جس کے بعد گیس کی بدنظمی ہو جائے۔

آئرس ورسیکالر (Iris Ver) 30، چار گھنٹے بعد

☆ کمر پر چھکتے۔ ٹھنڈ سے حساس۔

سسٹس کیناڈنس (Cistus Can) 30، چار گھنٹے بعد

☆ چھکتوں کے بعد چہرے کے اعصابی درد۔

کالمیا (Kalmia lat) 30، چار گھنٹے بعد

☆ سوزاک دبائے جانے کی وجہ سے چھکتے۔ چھلنے کے بعد جلن ہو جائے۔

تھوجا 200، تین گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ گالوں میں چبھن اور درد۔ چہرے پر جلن سی محسوس ہو۔ گالوں میں سوزش۔ مسوڑھوں سے لے کر کانوں تک کاٹنے، کھرچنے اور کھودنے والا درد اور حساسیت۔

یوفوربیا (Euphorbia) 30، چار گھنٹے بعد

☆ جلن اور تیزی سے پھیلنے والے درد کے ساتھ۔ شدید بے چینی اور فکر مندی۔

آرسنک البم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ گیس یا ہوا کی بد نظمی۔ تمباکو یا ٹھنڈی چیزیں پینے کے بعد تکلیف میں اضافہ ہو۔ شام کے وقت تکلیف میں اضافہ ہو۔ ہلکی سی دبی ہوئی چبھنے والی تکلیف۔

پلساٹیلا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ اندھیرے سے خوف آئے۔ شدید قسم کے چکتے۔ گرم اشیاء پینے سے تکلیف بڑھ جائے۔

سٹرامونیم 30' چار گھنٹے بعد

☆ دائیں جانب چکتے۔ شدید جلن کے ساتھ۔

کینتھرس 30' چار گھنٹے بعد

☆ فرج کے ہونٹ پر دانے/داد/چکتے۔

ٹیر-بنتھ (Terebinth) 30' چار گھنٹے بعد

☆ دائیں جانب چکتے جو پیٹ کے پار بڑھ رہے ہوں۔ جلن کم کرنے اور نئے چکتے پڑنے سے بچنے کے لئے۔

مرک سال 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ جلد کی سرخی کے ساتھ سخت جلن اور درد۔ آبلے اور پیپ دار پھنسیاں بن رہی ہوں۔ پھنسیوں' مسوں اور گومڑوں کو سکھانے اور ان کی کھال اتارنے کے لئے۔

کروٹن ٹگلم (Croton teg) 30' چار گھنٹے بعد

☆ پاخانہ قبض کے ساتھ۔ چپچپا مادہ خارج ہو خاص طور پر بائیں جانب کے ایسے چکتوں کے لئے۔

گریفائٹس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ نشہ آور چیزیں کھانے پینے کی وجہ سے پسلیوں کے بیچ اعصابی درد۔ شدید قسم کا درد۔ جلن اور چبھن۔ چھونے اور حرکت کرنے سے تکلیف بڑھے۔

ر-نن بلب 30' چار گھنٹے بعد

☆ عورتوں اور شراب کا رسیا۔ بیٹھے رہنے کا عادی۔ نظام انہضام میں بد نظمی کی وجہ سے۔

نکس وامیکا 30' چار گھنٹے بعد

☆ چہرے پر موسم بہار اور خزاں میں ارغوانی رنگ کی پھنسیاں۔
لیکے سس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ پیپ پڑتی ہوئی پھنسیاں اور چکتے۔ تیز درد کے ساتھ۔
زنکم میٹلیکم 30' چار گھنٹے بعد

☆ پھنسیوں پر بھورے کھرنڈ اور چھلکے۔ چھلنے کے بعد جلن۔ درد اور چبھن۔
میزریم 30' چار گھنٹے بعد

☆ پھنسیاں بڑی سوجی ہوئی۔ جلن اور چبھن۔ ٹھنڈی چیز لگانے سے آرام آئے۔
ایپس ملفیکا 30' چار گھنٹے بعد

☆ بخار، بے چینی، جلن، چبھن کے ساتھ پکنوں کے لئے سب سے اعلیٰ دوا۔
رہس ٹاکس 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی کالی میور 6x اور نیٹرم میور 12x بہترین ادویات ہیں۔

زہریلا گلہڑ/غدود درقیہ کا ناقص فعل

Hypothyroidism

اس مرض میں تھائی رائیڈ غدود تو معمولی سا بڑھتا ہے لیکن اس کے ہارمون تھائی را کسین کی مقدار بہت زیادہ بڑھ جاتی ہے۔ مردوں کی نسبت عورتوں خاص طور پر جن کے بچے پیدا ہو رہے ہوں کو زیادہ ہوتی ہے۔ یہ مرض مدتوں تک چلتا ہے۔ جس کی وجہ سے مریض کا وزن کم ہوتا جاتا ہے۔ دل کی دھڑکن تیز ہو جاتی ہے۔ ہاتھ اور جسم کے دوسرے اعضاء میں کپکپی آجاتی ہے۔ خاص طور پر بازو آگے کی طرف کرنے سے زیادہ کانپتے ہیں۔ بدہضمی' دست اور تے بھی آنے لگتی ہے۔ کبھی کبھی بخار بھی ہو جاتا ہے اور پیشاب جلدی جلدی آنے لگتا ہے۔ آنکھیں باہر کو نکل آتی ہیں جس سے مریض گھبرایا ہوا سا نظر آتا ہے۔

اس بیماری کے اسباب نفسیاتی الجھنیں' لمبی بیماری' خوف' پریشانی۔ معدے کی خرابی' وغیرہ سمجھے جاتے ہیں۔ کیونکہ وثوق کے ساتھ اس مرض کا کوئی خاص سبب دریافت نہیں کیا جا سکا۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ مزمن کیسوں میں معاون دوا۔

تھوبرکو لینم 1M پندرھویں روز' تین مرتبہ

☆ خون کی کمی والا مریض۔ نرم خو اور نازک۔ اندھیرے اور بجلی کی کڑک اور طوفان سے خوف کھانے والا۔ نمکین اور ٹھنڈی چیزیں پسند کرے۔

فاسفورس 200 ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ جلدی غصے میں آجائے۔ غیر حاضر دماغی۔ خود اعتمادی کی کمی۔ یادداشت کمزور۔ کھانے کے بعد بہتر محسوس کرے۔

اناکارڈیم 30 یا 200 چھ گھنٹے بعد

☆ بہتر اور خوب کھانے کے باوجود لاغر ہوتا جائے۔

آیوڈیم 30 چار گھنٹے بعد

☆ جلدی اور آسانی سے پسینہ آجائے۔ گرم طبیعت کا مریض۔ گرم مرطوب آب و ہوا میں تکلیف بڑھے۔ سمندر کے کنارے اور کسی قسم کی حرکت اور کسرت سے بہتر ہو۔

برائی اونیا 30 چار گھنٹے بعد

☆ ٹھنڈ محسوس کرنے والا مریض۔ شرمیلا۔ اجنبیوں سے ملنا پسند نہ کرے۔ بچوں کی سی

عادتیں۔

برٹا کارب 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ مخالفت برداشت نہ کر سکے۔ رنجیدہ اور زودرنج۔ غمگین۔ افسردہ۔ چڑچڑاپن۔ بے چینی۔ میٹھی چیزوں کی خواہش کرے۔

تھائیرائڈین 3x یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ اعصاب کا ورم۔ وزن بڑھ رہا ہو۔ حمل ساقط ہو جاتا ہے۔

پائیرو جینم 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ غیر شادی شدہ بوڑھے مرد عورت مجرد۔

کونیم میک 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

بائیو کیمک ادویات : کلکیریا فاس 6x سیلیشیا 6x اور کلکیریا فلور 12x چار گھنٹے بعد۔

گلہڑ/ گھیگھ

Goitre

یہ مرض پہاڑی علاقوں یا جن مقامات کے پانی میں آیوڈین کی کمی ہو وہاں کے لوگوں کو زیادہ ہوتا ہے۔ اس مرض میں گلے کے تھائرائڈ گلینڈ کا سائز بڑھ جاتا ہے اور گلہڑ ہو جاتا ہے۔ یعنی گردن موٹی ہو جاتی ہے۔ چھوٹا گلہڑ زیادہ تکلیف کا باعث نہیں ہوتا ہے لیکن یہ بڑھ کر لٹک جائے تو بوجھ کی وجہ سے سخت تکلیف کا سبب ہوتا ہے۔ بعض اوقات سانس لینے میں بھی دقت ہوتی ہے اور تنگیٔ نفس ہوتا ہے۔ گلہڑ بہت زیادہ بڑھ جانے پر اس کا آپریشن کرنا پڑتا ہے جو مشکل ہوتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ معاون دوا خصوصاً" موٹے مریضوں کے لئے۔

تھائرائڈین 200 یا 1M' پندرھویں روز' چھ مرتبہ

☆ مرغی کے انڈے کے برابر جتنا بڑا گلہڑ۔

برومیم 6 یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ گلہڑ کے اوپری دائیں لو کے گرد سخت سوجن دبانے والے درد کے ساتھ۔

نیٹرم کارب 30' چار گھنٹے بعد

☆ بلوغت کی عمر پر جبکہ مریض کا میلان سردی لگنے کی طرف زیادہ ہو۔

کلکیریا 3x iod' چار گھنٹے بعد

☆ جگر کی بد نظمی اور یرقان کے ساتھ بائیں جانب کے غدود متاثر ہوں۔

چیلی ڈونیم Q یا 6' چھ گھنٹے بعد

☆ گنڈ مالا۔ رکی یا دبی ہوئی ماہواری کی وجہ سے۔

فیرم 3x iod' چار گھنٹے بعد

☆ دل سے متعلقہ علامات کے ساتھ۔ گلہڑ کا کھچاؤ اور اکڑاؤ۔

کیکٹس (Cactus g) Q یا 6' چار گھنٹے بعد

☆ گنڈ مالا۔ غیر سمیت (زہر) کا گلہڑ، قبض، موٹا مریض۔

فیوکس (Fucus Ves) Q 30-10 قطرے، چار گھنٹے بعد

☆ سردی محسوس کرنے والا مریض۔ سخت اور سوجا ہوا گلہڑ نئے چاند پر مرض بڑھ جائے۔

کلکیریا کارب 200 یا 1M' ہفتہ وار، چھ مرتبہ

☆ گلے میں چبھن کا احساس۔ دل کے قریب درد۔ سخت گلہڑ جس میں ایسا محسوس ہو کہ سانس کے ساتھ لی ہوئی دوا اس کے بیچ سے گذر رہی ہے۔

سپا نجیا 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ گانٹھ دار گلہڑ گرمی اور سوزش سے سوجا ہوا گلہڑ۔

فائٹولاکا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ آہستہ آہستہ گلہڑ کا سائز بڑھتا جائے۔ اچھی طرح کھانے کے باوجود مریض لاغر ہوتا جائے۔ ماہواری کے دوران تکلیف میں اضافہ ہو۔ گلہڑ میں درد اور ورم۔

لوڈیم (Lodium) 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ غیر معمولی ٹھنڈے پن کا احساس۔ ہر بات میں مریض بہت زیادہ حساس۔ دائیں جانب کا گلہڑ۔

ہیپر سلف 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

سوجے ہوئے اور سخت گلہڑ کے لئے بائیو کیمک کی کلکیریا فلور 12x اور کلکیریا فاس 6x چار گھنٹے بعد دینا مفید ہے۔

گوشت کا مردہ ہو جانا

جسم کی کسی بافت کا گلنا سڑنا/فساد

Gangrene

گنگرین سے مراد کسی عضو یا گوشت کا مردہ ہو جانا یا سڑ گل جانا ہے۔ گنگرین تین قسم کی یعنی خشک گنگرین' تر گنگرین اور گیس گنگرین ہوتی ہے۔ خشک گنگرین میں خون کی شریانیں تنگ ہو جاتی ہیں۔ فاصلے والے اعضاء کو کافی مقدار میں خون نہیں پہنچتا ہے۔ جیسے پاؤں کی انگلیاں وغیرہ۔ اعضاء خون کم ملنے کی وجہ سے بتدریج سوکھنے لگتے ہیں۔ ان کی حس اور حرکت ختم ہو جاتی ہے اور مردہ ہو کر آہستہ آہستہ جھڑ جاتے ہیں۔ یہ مرض عام طور پر ذیابیطس کے مریضوں اور بوڑھے لوگوں کو ہو جاتا ہے۔ تر گنگرین میں متاثرہ عضو کی جلد پر آبلے اور چھالے ظاہر ہوتے ہیں۔ اچانک خون کی شریانیں بند ہو جاتی ہیں۔ اس کے علاوہ گنگرین کی دوسری علامات بھی موجود ہوتی ہیں۔ گیس گنگرین کے مریضوں کے عضلات میں گیس بھر جاتی ہے جن کو دبانے سے آواز نکلتی ہے ان میں بدبو بھی پیدا ہو جاتی ہے۔ اس قسم کی گنگرین چوٹ لگنے اور حادثے کے بعد ہونے کا زیادہ امکان ہوتا ہے اور یہ بہت پھیلتا یا بڑھتا ہے اور متاثرہ اعضاء کو کاٹنے کی نوبت آجاتی ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ خاص طور پر بڑھاپے میں پھیپھڑوں اور اندام نہانی کی بافتوں کا گلنا سڑنا۔ گرمائش سے بہتر محسوس کرے۔

کریازوٹ 30' چار گھنٹے بعد

☆ خون بننا بند ہو جائے۔ خون کی سمیت کی وجہ سے متاثرہ حصہ پیلا یا نیلا ہو جائے۔

لیکے سس 30' چار گھنٹے بعد

☆ کسی مشینی چوٹ کے بعد کسی بافت کا گلنا سڑنا۔

ایسڈ سلف 30، چار گھنٹے بعد

☆ خشک گنگرین۔ خاص طور پر پیروں اور انگوٹھوں کا گنگرین۔ متاثرہ حصہ ٹھنڈا اور سن ہو جائے۔ ٹھنڈی چیز لگانے سے بہتر ہو۔

سیکالے کار (Secale Cor) 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ تر گنگرین۔ متاثرہ حصے سے رطوبت آسانی سے بہے۔

کروٹلس ہیرائڈس (Crotalus h) 30، چار گھنٹے بعد

☆ ٹائی فائڈ بخار کی سی علامات۔ ہونٹوں کا گنگرین۔

پیٹیسیا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ گندی رطوبت نکلے۔ قے آئے۔ زبان بھوری ہو۔ جلدی جلدی بدبودار ڈکاریں آئیں۔ شدید کھانسی۔ کوئی خوراک لینا پسند نہ کرے۔ ہونٹ کی گنگرین۔

ایسڈ میور 30، چار گھنٹے بعد

☆ تھکن اور بے چینی۔ خشک گنگرین خاص طور پر پھیپھڑوں اور اندام نہانی کی جس میں جلن اور سوزش ہو۔ گرمائش سے بہتر ہو۔

آرسنک البم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ گیلی گینگرین۔ برف کی طرح ٹھنڈا۔ متاثرہ حصے سے رطوبت خارج ہو۔ مریض تازہ ہوا اور پنکھا کرانا پسند کرے۔

کاربوویج 30، چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی سیلیا 30 چار گھنٹے بعد دینا مفید ہے۔ لگانے کے لئے Echinacea لوشن فائدہ مند ہے۔

ناسور/زخم

Affections of Ulcers

(See abscess and Boils also)

جسم کے مختلف حصوں یا اعضاء میں بعض وجوہ سے زخم یا السر ہو جاتا ہے۔ اصولی طور پر تو السر اور زخم بننے کے اسباب معلوم کر کے ان کا صحیح طریقے سے علاج اور احتیاطی تدابیر کرنی چاہیں۔ تاہم السر اور زخم کی ہیئت، شکل و شباہت، رنگت، ساخت اور کیفیات اور جس مقام پر زخم/السر ہے اس کی مناسبت سے علامات کی روشنی میں متعلقہ دوا کا باقاعدہ استعمال صحت یابی کا ضامن ہوتا ہے۔ عام طور پر السر سے مراد معدے کا زخم لیا جاتا ہے جس کی علامات سوزش، جلن، ڈکاریں، کلیجہ جلنا، بدہضمی متلی قے اور فم معدہ ہیں۔ چونکہ معدے کے السر کی وجہ سے اور بہت سی پیچیدگیاں پیدا ہونے کا خطرہ ہوتا ہے لہٰذا اس کا بروقت اور مناسب علاج ضروری ہے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ ایسا ناسور یا زخم جس کو ٹھنڈ سے آرام آئے اور گرمی سے تکلیف میں اضافہ ہو۔

لیڈم پال 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ لاتوں، ایڑیوں اور ناخنوں کا ناسور یا السر۔

سلیسیا 12x یا 30، چار گھنٹے بعد

☆ ارغوانی رنگ کا اور بہت زیادہ حساس زخم یا ناسور۔ کپڑے تک کا لگنا برداشت نہ کر سکے۔

لیکے سس 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ سوزاکی السر جس کی تکلیف سرد موسم میں بڑھ جائے۔

پٹرولیم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ بہت زیادہ ذکی الحس السر۔ ایسا السر جس کے کنارے اٹھے ہوئے اور سخت ہوں اور ان سے آسانی کے سات خون بہنے لگے۔

آسفونڈا 30، چار گھنٹے بعد

☆ مقعد کا ناسور جس کا نپل یا چکر سرخ اور سوزشی ہو۔ جس سے بدبودار پیپ کی نسبت خون زیادہ خارج ہو۔

کاسٹی کم 30' چار گھنٹے بعد

☆ معدے کا مزمن السر - جلد کے اوپر بھدا سا زخم۔

برومیم 30' چار گھنٹے بعد

☆ کالے رنگ کا زخم جس سے بدبودار رطوبت خارج ہو اور اس کی سطح بھی رطوبت سے بھری ہو۔

پٹیسیا 30' چار گھنٹے بعد

☆ السر کا زخم بھرنے اور رطوبت کے اخراج کو روکنے کے لئے نرم تالو کے السر کے لئے۔ ٹھنڈ اور چھونے سے ذکی الحسی۔

ہیپر سلف 30' چار گھنٹے بعد

☆ مرکری کے اثرات بد کی وجہ سے پیدا ہونے والے اندرونی السر کے لئے۔

ارجنٹم نائٹریکم 30' چار گھنٹے بعد

☆ پیلے السر کے لئے۔ ٹانسلز کی گہرائی میں زخم۔ کسی ایک جگہ پر السر - ٹانگ کا پرانا السر - کلائی کے اوپر کے السر کے لئے۔

کالی بچ 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ ایسا السر جس میں ٹھنڈک سی محسوس ہو۔ ایسے السر کے لئے جس کا بہت عرصے تک ایلوپیتھک علاج کیا گیا ہو لیکن دواؤں کا اثر نہ ہوا ہو۔

مرکیورس سال 1M یا اونچی طاقتیں' ایک خوراک

☆ زخم کی نسیجی گلن سڑن اور بگڑ جانے کے لئے۔

کریازوٹ 30' چار گھنٹے بعد

☆ پھیپھڑوں کے السر کے لئے جس کی وجہ سے سانس اور کھانسنے کی تکلیفات میں رات کے تین چار بجے کے قریب اضافہ ہو جائے۔

کالی کارب 30' چھ گھنٹے بعد

☆ چہرے اور ہونٹ کے زخم یا السر - بہت زیادہ کمزوری محسوس ہو۔

کونیم میک 200' چھ گھنٹے بعد

☆ ارغوانی رنگ کے السر جس پر کالے سے دھبے ہوں۔ ڈھیلی لچکدار بافتوں کا السر - ناڑیوں کا عمل معطل ہو گیا ہو یا ناڑیں بے حس و حرکت ہو گئی ہوں۔

کاربوویج 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ منہ کا السر - منہ میں چھالے۔ معمولی سی چوٹ پک جائے اور السر بن جائے۔

بوریکس 30' چار گھنٹے بعد

☆ بہت زیادہ سرخ السر - چمک دار السر - سیاہی مائل السر۔

لیک کینینم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ بلغمی جھلیوں کا السر - معدے اور آنتوں کے السر کے لئے۔

سیلی سائلک ایسڈ 30' چار گھنٹے بعد

☆ بے حس قسم کا السر - افیون کھانے کی وجہ سے پیدا ہونے والے السر کے لئے۔

اوپیم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ ریاحی السر اور سل یعنی پھیپھڑوں سے خون آئے۔

اورنی تھوگیلم (Ornithogalum)

Q یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ ایسا زخم یا السر جس پر سفید یا پیلے رنگ کا کھرنڈ یا پیپ آ جائے۔ یا اردگرد آبلے یا چھالے ہوں۔

میزریم 30' چار گھنٹے بعد

زہر کے اثرات

Poisoning

(See allergies of food poisoning also)

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ کلوروفارم کے زہر کے لئے۔
اسٹیک ایسڈ 30 یا 200، آدھے گھنٹے بعد

☆ تارکول کی زہریلی گیس کے لئے۔
امونیم کارب 3 یا 6، آدھے گھنٹے بعد

☆ تابکاری کے بخارات اور شعاعوں کے لئے۔
فاسفورس 6 یا 30، آدھے گھنٹے بعد

☆ گلے سڑے پھل کھانے کی وجہ سے زہریلے اثرات۔ مادہ عفونت کا زہریلا پن۔
آرسنک البم 30، آدھے گھنٹے بعد

دیگر اہم ادویات : کاربوویج، وراٹرم البم، رہس ٹاکس، کروٹون ٹگلئم اور مرک سال وغیرہ۔

کوڑھ/جذام

Leprosy

جذام ایک متعدی مرض ہے۔ اس مرض میں ہاتھ پاؤں اور انگلیوں وغیرہ کے جوڑوں میں ورم ہو کر پیپ پڑ جاتی ہے اور ان اعضاء کے پورے جھڑ کر مریض لنگڑالولہ اور اپاہج ہو جاتا ہے۔ شکل بگڑ کر بدصورت ہو جاتی ہے۔ جلد بدشکل اور بے حس ہو جاتی ہے۔ جسم میں طاقت ختم ہو جاتی ہے۔ نظر بھی خراب ہو جاتی ہے۔ جلد بے حس ہو جانے کی وجہ سے چوٹ اور جلنے تک کا احساس نہیں ہوتا ہے۔ بدہضمی کی شکایت ہو جاتی ہے۔ اکثر مریضوں کو پھیپھڑوں کی ٹی بی ہو جاتی ہے۔

یہ مرض ایک قسم کے کرم سے پیدا ہوتا ہے جسے میڈیکل کی زبان میں جرثومہ جذام (بیسی لس لیپری) کہا جاتا ہے۔ یہ کیڑا زخموں میں پایا جاتا ہے۔ یہ مرض متاثرہ شخص سے صحت مند کو لگ جاتا ہے۔ محققین کا خیال ہے کہ گلی سڑی مچھلی کھانے سے یہ مرض لاحق ہوتا ہے۔ آتشکی مریض اکثر اس مرض میں مبتلا ہوتے ہیں۔ جذام کے مریض سے پرہیز اور دور رہنے کی احتیاط کرنا بہت ضروری ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ علاج شروع کرنے کے لئے سب سے اعلیٰ دوا۔

سلفر CM' ماہانہ' تین مرتبہ

☆ چہرے اور پھنسی' چپچپا مادہ نکلے۔ میوزک سن کر مریض رونے لگے۔

گریفائٹس 200 یا 1M' پندرھویں روز' چھ مرتبہ

☆ متاثرہ حصے ٹھنڈے ہوں۔ حس ختم ہو گئی ہو۔

سیکالے کار 200 یا 1M پندرھویں روز' چھ مرتبہ

☆ جلد موٹی پڑ جائے۔ کھرنڈ آنے لگیں۔

ہائیڈرو کوٹائل 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ سفلس کی وجہ سے۔ جلد موٹی ہونے لگے۔

تھائرائیڈینم (Thuroidinum) 200 یا 1M' ہفتہ وار' چھ مرتبہ

☆ ہڈیوں کے تمام ابھاروں کے اوپر پھنسیاں ہوں۔

ہرا براوا (Hura Br) CM، ماہانہ، تین

مرتبہ

☆ ہاتھوں اور پیروں کے سن ہونے کی شکایت کے ساتھ۔

ہو نگنین (Hoangnan) Q، 7-5

قطرے، چار گھنٹے بعد

☆ گومڑی اور تپ دق کا دانہ۔ جلد کا موٹا ہونا۔ پیٹ میں گرمی کا احساس۔

کیلوٹراپس (Calotropis) 200 یا

1M، ہفتہ وار، چھ مرتبہ

☆ انگلیوں اور انگوٹھوں کا جھڑنا۔ رات کے وقت پسینہ آئے۔

آرسنک آیوڈیم 30 اور اس سے اوپر

کی طاقتیں، چھ گھنٹے بعد

☆ سخت مایوسی۔ خودکشی کے رجحان کے ساتھ۔ زندگی سے بیزاری۔

اورم میٹلیکم 200 یا 1M، ماہانہ، تین

مرتبہ

☆ جب خاندان میں تپ دق کی علامات پائی جائیں تو معاون دوا۔

ٹیوبرکولینم 1M، ہفتہ وار، چھ مرتبہ

☆ معاون دوا کے طور پر۔

بیسی لینم 1M، پندرھویں روز، چھ مرتبہ

بائیو کیمک کی کلکیریا فلور 12x اور سیلیسیا 30x چار چار گھنٹے

بعد دینا بھی فائدہ مند ہے۔

دیگر ادویات : اناکارڈیم or آرسنک البم۔ الیرس (Elaris) کریٹولس ہار (Cratulas hor) سفیلینم وغیرہ۔

پھل بہری / جسم پر پیدائشی سفید داغ

Leucoderma Vitiligo

(Whitish discoloration of the Skin)

اس مرض میں عموماً چہرے اور ہاتھوں کی جلد پر سفید داغ پڑ جاتے ہیں۔ جسم کے دوسرے حصوں پر جابجا داغ پڑتے ہیں۔ ابتدا میں یہ داغ چھوٹے چھوٹے ہوتے ہیں لیکن آہستہ آہستہ بڑھ اور پھیل جاتے ہیں۔ عام طور پر یہ مرض موروثی سمجھا جاتا ہے۔ بالچر' آتشک اور عصبی کمزوری بھی اس مرض کے اسباب ہو سکتے ہیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ پھل بہری کی اعلیٰ دوا۔

آرسنک سلفیورائم 3x' چار گھنٹے بعد

☆ معاون دوا۔

ٹوبرکولینم 1M' پندرھویں روز' چھ مرتبہ

ان کے علاوہ آرم مٹیکم' بیسی لینم' ہائیڈرو کوٹائل' لائیکوپوڈیم' نیزم میور' نائٹرک ایسڈ' سیپیا اور تھوجا oc بھی مفید ادویات ہیں۔

---- ✪ ----

جلنا

Burns

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ اگر جلا ہوا حصہ یا جلد ناسور یا زخم بننے کی طرف مائل ہو۔

سلیسیا 30 یا سلفر 30' تین گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ ریڈیم ایکسرے سے جلنا۔

فاسفورس 200 یا کیڈمیم آیوڈیم (Cadmium Iodium)' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ دھوپ اور گرمی سے جھلس جانا۔ خون کا اجتماع سر کی جانب ہو جائے۔ چہرہ تمتما جائے۔

بیلاڈونا 30' چار گھنٹے بعد

☆ گرم پانی یا گرم تیل سے جل جانا جبکہ آبلے نہ بنے ہوں۔

آرٹیکا یورنس (Urtica Urens) 30' دو گھنٹے بعد

☆ جب جلنے کی وجہ سے شدید تشویش ہو اور موت واقع ہونے کا ڈر ہو۔ جلا ہوا حصہ گرم اور سوجا ہوا ہو اور بخار بھی ہو۔

اکونائٹ 30 یا 200' 15 منٹ بعد' چھ مرتبہ

☆ ہر قسم کے جلے ہوئے کے لئے۔

کینتھرس 30' چار گھنٹے بعد

☆ اگر جلی ہوئی جگہ میں پیپ پڑنا شروع ہو جائے اور جلا ہوا حصہ بہت حساس ہو جائے۔

ہیپر سلف 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

بیرونی طور پر لگانے کے لئے کینتھرس لوشن۔ اگر زخم بن جائیں تو کیلنڈولا لوشن لگایا جائے۔

کیڑے اور جانوروں کا کاٹنا

(Bites of animals, insects etc)

جب تک کوئی مخصوص علاج شروع نہ کیا جائے اس وقت تک درج ذیل ادویات میں سے علامات کے مطابق کوئی سی دوا دینا فائدہ مند ہے۔

علامات	دوا اور طاقت، دورانیہ
☆ مکھی کے کاٹنے کی صورت میں۔	ایپس ملفیکا 30، تین گھنٹے بعد اس کے علاوہ متاثرہ جگہ پر ارٹیکا یو لوشن (Urtica U) لگانے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔
☆ مچھر کے کاٹنے کے لئے۔	سٹینفی سیگریا 30، تین گھنٹے بعد
☆ بھڑ کے کاٹنے پر۔	آرنیکا 200، آدھے گھنٹے بعد، تین مرتبہ
☆ جونک کے کاٹنے کے لئے۔	پیولکس ارٹینس (Pulex Irritans) 30، دو گھنٹے بعد

☆ ناگ، سانپ یا جان لیوا قسم کے کیڑوں کے کاٹنے کے لئے۔ Hoangnan Q اور Golondrina Q کے دس قطرے پندرہ پندرہ منٹ کے بعد چھ مرتبہ دینا بھی مفید ہے علاوہ ازیں Lycopus Q بھی بہت اچھی دوا ہے۔ Cedron 200 ہر ایک دو گھنٹے بعد دینے سے بھی اچھے نتائج حاصل کئے جا سکتے ہیں۔

بیلاڈونا 200 اور مرکیورس سال 200 یکے بعد دیگر، متبادل کے طور پر 10 منٹ بعد

☆ مکھی (یہ ایک بہت چھوٹا سا مچھر کی طرح کا کیڑا ہوتا ہے) کے کاٹنے کے لئے۔

کینتھرس 200' پندرہ منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ چوہے یا بچھو کے کاٹے کے لئے۔

لیڈم پال 200' آدھے گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ کتے یا اسی قسم کے کسی اور جانور کے کاٹنے کے لئے۔

لائسین (Lyssin) 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

متاثرہ جگہ پر ایکی نوسیا لوشن (Echinocea) لگانا بھی بہت مفید ہے۔

بستر کے زخم

Bed sores

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ جب متاثرہ جسم کے حصے زخمی ہو جائیں اور ان سے مادہ رسنے لگے۔

کروٹیلس ہائڈراسٹس (Crotalus h)
30 یا 200' چار گھنٹے بعد' چھ مرتبہ

☆ ابتدائی دنوں میں جبکہ بستر پر لیٹے ہوئے رگڑ یا خراش سی محسوس ہونے لگے یا زخم بننے شروع ہو جائیں۔

آرنیکا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ پرانے کیسوں میں جب بستر کے زخم گلنے سڑنے لگیں یا ناسور بن جائیں۔

سلفر 30 یا 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ ٹائی فائڈ کے بخار کے کیس کے لئے یا جب بیماری بہت طویل ہو جائے۔

پپٹیسیا Q یا 6' تین گھنٹے بعد

☆ پرانے کیسوں میں جبکہ پتلی' خونی اور بدبودار پس لگاتار خارج ہونے لگے۔

سلیسیا 12x یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ خون میں زہر کی آمیزش کی وجہ سے یا زخم بگڑ جانے کی وجہ سے مادہ خارج ہونے لگے۔ ایسی صورت میں Echinocea لوشن کو بیرونی جلد پر ملا بھی جا سکتا ہے۔

ایکی نوسیا Q یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ جب بستر کے زخم بہت زیادہ درد کرنے لگیں۔ مریض ان کو چھوا جانا تک برداشت نہ کر سکے اور بہت زیادہ حساس ہو جائے۔

ہیپر سلف 30 یا 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ جب زخموں کے کنارے نیلے سے ہو جائیں۔ چھونے سے شدید تکلیف ہو۔ کچا لہو خارج ہونے لگے۔

لیکے سس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' چھ مرتبہ

☆ تپ دق کے مریضوں کے لئے معاون دوا۔

ٹوبرکولینم K 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

بائیو کیمک کی کلکیریا فاس 6x ہر چار گھنٹے بعد دینا بھی بڑا مفید ہے۔

بیرونی استعمال کے لئے : کیلنڈولا لوشن کو زخم صاف کرنے کے لئے اور کیلنڈولا مرہم زخموں پر لگانے کے لئے استعمال کرنا بہت فائدہ مند ہے۔

زخم کے نشان کے پاس ریشہ دار ابھار

Keloids

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ زخم کے نشانات اور ابھار رفع کرنے کی سب سے اعلیٰ دوا۔

تھیوسینا مائن (Thiosinamine) 3x، چار گھنٹے بعد

☆ زخموں کے نشانات کے پاس ابھاروں کی وجہ سے اپنی بدصورتی کے احساس کی وجہ سے زندگی سے بیزار ہو اور خودکشی کے خیالات ذہن میں آنے لگیں۔

اورم میٹلیکم 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ ٹھنڈ محسوس کرنے والے مریضوں کے لئے۔ زخم کے نشانات اور ابھار رفع کرنے کی بہترین دوا۔

سلیسیا 200 یا 1M، ہفتہ وار، چھ مرتبہ

☆ جب زخم کے نشانات کے قریب ابھاروں میں درد بھی ہو تو معاون دوا کے طور پر۔
نائٹرک ایسڈ 200 یا بڑی طاقت'
پندرھویں روز' چھ مرتبہ

☆ جب زخم کے نشانات کے قریب کے ابھاروں میں گہری چبھن ہو۔ مریض کو قبض کے ساتھ اجابت ہو۔
گریفائٹس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ پرانے زخم اور جلے ہوئے نشانات کے قریب ابھاروں کے لئے۔
کاسٹی کم 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ نشانات کے ابھار سرخ ہوں۔ جلن ہو۔ گرمائش سے تکلیف بڑھ جائے۔ بہت زیادہ پسینہ آئے۔
فلورک ایسڈ 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ جب کہ دق کی علامات بھی موجود ہوں یا خاندان میں دق کی علامات پائی جائیں۔
ٹیوبرکولینم 1M' پندرھویں روز' چھ مرتبہ
بائیو کیمک کی کلکیریا فلور 12x بھی مفید دوا ہے۔

—— ✪ —— ..

چوٹیں/زخم

Injury

(Trauma, cuts, wounds etc)

عام زندگی میں ہر شخص کو کوئی نہ کوئی چوٹ آجاتی ہے یا کوئی زخم لگ جاتا ہے۔ مثلاً" انگلی کٹ جانا' خراش آجانا' ٹھوکر لگ جانا' پاؤں مڑ جانا' کسی طرح ہاتھ پاؤں یا جسم کا کوئی حصہ دب کر چوٹ آجانا' ہڈی پر چوٹ آجانا وغیرہ معمولات کی بات ہے۔ ان چوٹوں اور زخموں کا بروقت اور صحیح علاج کر لینے سے ان کے بڑھ جانے سے پیدا ہونے والی پیچیدگیوں سے بچا جا سکتا ہے۔ بصورت دیگر بعض چوٹیں اور زخم ناسور بن جاتے ہیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ آنکھ کے اگلے صاف پردے قرنیہ کی چوٹ۔

اوپیم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ چوٹوں کی سب سے اعلیٰ دوا۔ نرم حصوں کے خراشدار درد اور سوجن وغیرہ کے لئے۔ یہ دوا چوٹ کی وجہ سے بے ہوشی کے لئے بھی مفید ہے۔

آرنیکا 200 یا 1M' تین گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ چوٹ کی پٹی سے خون باہر تک بہنے کی صورت میں۔

سٹرانشیم کارب
(Strontium Carb) 30' چار گھنٹے بعد

☆ چوٹ کے بعد آنکھ کا موتیا بند۔

کونیم 30 یا 200' پندرھویں روز' تین مرتبہ

☆ موچ یا زیادہ دباؤ پڑنے کی وجہ سے چوٹ وتر۔ بندھی۔ پٹھوں اور ریشہ دار بافتوں کی چوٹ کے لئے۔

رہس ٹاکس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

Scanned by CamScanner

☆ جب چوٹ لگنے کے بعد مریض کا جسم صدمے سے ٹھنڈا پڑ جائے اور وہ بے ہوش ہو جائے۔

کیمفر Q 5 قطرے، پندرہ منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ خراشیں، رگڑیں، چوٹ کی وجہ سے زخم۔

کیلنڈولا 30، چار گھنٹے بعد

☆ قرنیہ زخمی ہو جائے۔ سوزش ہو جائے مکے یا چوٹ سے۔ کسی تیز چیز سے کٹ کر زخم بن جائے۔

سٹیفی سیگریا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ کیڑوں کے کاٹنے، ناخن چبھ جانے یا اکھڑ جانے سے کھپچیاں چبھ جانے سے زخم بن جائیں۔ ٹیٹنس سے بچنے کے لئے۔

لیڈم پال 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ ہڈی اور ہڈی کے غلاف کی چوٹ۔ کلائی اور ٹخنے کی موچ۔ گھریلو خاتون کے گھٹنے کی چوٹ کے لئے۔

روٹا g 30 یا 200، چھ گھنٹے بعد

☆ دروازے یا مشین وغیرہ میں انگلیاں دب جائیں۔ اعصاب اور پٹھوں اور کمر یا ریڑھ کی ہڈی کی چوٹ کے لئے۔

ہائپریکم 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ موچ، خراش، چھل جانے، رگڑ وغیرہ اور بافتوں کی گہری چوٹ کے لئے۔

بیلس (Bellis) 6 P یا 30، چار گھنٹے بعد

☆ جب چھوٹے زخموں سے زیادہ خون بہے۔ خون چمکدار اور سرخ ہو۔ جیسے دانت نکالنے کے بعد آتا ہے۔

فاسفورس 30 یا 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ زخم بھرنے کے بجائے کالے پڑ جائیں۔

کاربووج 30، چار گھنٹے بعد

☆ سر پر کسی چیز کے گرنے سے، سر کے بل کھڑے ہونے کے نتیجے میں چوٹ آنے اور سر کی چوٹ کے برے اثرات کے لئے۔

نیٹرم سلف 200 یا 1M، 10 منٹ بعد،
تین مرتبہ

☆ خون میں زہر پھیل جائے۔ گندے خون، پیپ یا زہریلے مادہ کی وجہ سے بخار اور بے چینی۔

پائیرو جینم 200 یا 1M، 10 منٹ بعد،
تین مرتبہ

☆ ایسے زخم جن میں شدید درد ہو اور وہ بھر نہ رہے ہوں۔

نائٹرک ایسڈ 30، چار گھنٹے بعد

☆ عمل جراحی سے کسی عضو کے کاٹنے کے بعد۔ ٹنڈ (کٹے ہوئے عضو کے کنارے) کا بے حس ہو جانے وغیرہ کے لئے۔

ایلم سیپا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ جب کیمفر Q کام نہ کرے اور جسم ٹھنڈا رہے۔ مریض پنکھا کرانا چاہے۔

کاربووج 30 یا 200، 15 منٹ بعد،
تین مرتبہ

☆ جب کاربووج بھی موثر نہ ہو اور جسم ٹھنڈا رہے۔

وراٹرم البم 30 یا 200، 15 منٹ بعد،
تین مرتبہ

بائیو کیمک کی کلکیریا فاس 6x اور کالی فاس 6x بھی مفید دوائیں ہیں۔

بیرونی استعمال کے لئے : زخم سے خون روکنے کے لئے فیرم فاس 1x چھڑکنی چاہئے اور کیلنڈولا مرہم یا لوشن سے پٹی کرنی چاہئے۔

----- ✪ -----

داد

Ringworms

یہ ایک جلدی مرض ہے۔ اس مرض میں باریک باریک دانے اکٹھے ہو کر گچھے سے بن جاتے ہیں۔ بعد میں ان کے پھوٹ جانے سے تھوڑی سی آبی رطوبت نکلتی ہے۔ مرض کے آٹھویں دسویں روز داد خشک ہو جاتا ہے اور اس پر سے بھوسی کے چھلکے سے جھڑتے ہیں۔ چونکہ ابتدائی چکتے مکمل ہو کر گول چھلوں کی مانند ہو جاتے ہیں اسی لئے اس مرض کو رنگ وارم کہا جاتا ہے۔ جس میں شدید خارش اور جلن ہوتی ہے۔ اس مرض کا عام سبب صفائی نہ رکھنا اور خون میں نقص پیدا ہو جاتا ہے۔ ہاضمے کی خرابی کی وجہ سے بھی یہ مرض لاحق ہوتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ داد کی بہترین دوا۔

میسی لینم 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ شدید کھجلی۔ مریض اس قدر کھجائے کہ خون بہنے لگے' جس سے کچھ افاقہ ہو۔ متاثرہ جگہوں سے بدبو آئے۔

سوریم 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ بدبودار پسینے کے ساتھ داد۔ گرم مرطوب موسم میں تکلیف بڑھے۔

ڈلکا مارا 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ پسینے اور جسم میں سے لہسن کی سی تیز بو آئے۔

ٹیلوریم 30' چار گھنٹے بعد

☆ کھوپڑی کے اوپر داد۔ بال کے گچھے اتریں اور گرنے لگیں۔ جلد خشک اور کھردری ہو جائے۔ شدید بے چینی اور نہ بجھنے والی پیاس۔

آرسنک البم 30' چار گھنٹے بعد

☆ نہانا پسند نہ کرے۔ بھوک اڑ جائے۔ بدہضمی اور ڈکاریں اور ساتھ ہی تیزابیت ہو۔

سلفر 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ جسم کے اوپری حصے پر کہیں کہیں دھبے پڑ جائیں۔ چہرے پر داد ہو جائے۔ گرمائش اور گرم چیزیں لگانے سے بہتری ہو۔

سیپیا 200، ہفتہ وار، تین مرتبہ

بائیو کیمک کی نیٹرم میور 12x یا 30x ہر چار گھنٹے بعد دینا بھی مفید ہے۔

دیگر اہم ادویات : ہائیڈراسٹس کین، کلیمٹس، ٹوبر کو لینم، نیٹرم کارب، کلکیریا کارب، کرائز و ایسڈ وغیرہ۔

موتیا سیتلا/ کاکڑا لاکڑا

Chicken Pox

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ چیچک کے چھالوں میں جلن۔ زبان کی نوک سرخ۔ بے چینی۔

رہس ٹاکس 30، چار گھنٹے بعد

☆ پریشانی کے ساتھ تیز بخار۔ چہرہ سرخ تمتمایا ہوا۔

اکونائٹ 30 یا 200، دو گھنٹے بعد

☆ جب بخار اتر جائے اور آبلے خشک ہونا شروع ہو جائیں۔

مرک سال 30، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ بغیر پیاس کے بخار۔ اگرچہ حلق خشک ہو۔ کھلی اور ٹھنڈی ہوا کی خواہش ہو۔

پلساٹیلا 30، چار گھنٹے بعد

☆ سردرد کے ساتھ بخار۔ چمکتا ہوا سرخ چہرہ۔ سر کی طرف خون کا اجتماع۔

بیلاڈونا 30، تین گھنٹے بعد

☆ احتیاطی دوا۔

ویرولینم (Variolinum) 30، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

بائیو کیمک کی کالی میور 6x اور فیرم فاس 6x کے بعد دیگرے دو دو گھنٹے بعد دینا بھی مفید ہے۔

—— ✪ ——

خسرہ / کھسرہ

Measles

خسرہ کا مرض ایک وائرس کی وجہ سے پھیلتا ہے۔ یہ نہایت باریک جراثیم ہوتے ہیں۔ یہ ایک متعدی مرض ہوتا ہے اور اس کا زہر ایک مریض سے دوسرے کو لگ جاتا ہے۔ یہ مرض ایک مرتبہ ہونے کے بعد قوت مدافعت پیدا ہو جاتی ہے اس لئے عام طور پر دوسری مرتبہ نہیں ہوتا۔ یہ بیماری عموماً بچوں کو ہوا کرتی ہے۔ اس مرض کے شروع میں شدید بخار ہوتا ہے اور تیسرے چوتھے روز جسم پر سرخ رنگ کے دانے نکل آتے ہیں اور کبھی کبھار اعضاء تنفس میں سوزش پیدا کر دیتے ہیں۔ ابتدا میں دانے چہرے پر نمودار ہوتے ہیں اور پھر گردن، سینے اور پھر تمام جسم پر نکل آتے ہیں۔ زیادہ دانے نکلنا بہتر سمجھا جاتا ہے کیونکہ یہ خیال کیا جاتا ہے کہ مرض کی گرمی باہر نکل آئی ہے۔ دو تین دن تک دانے نکلنے کے بعد بخار کم ہونا شروع ہو جاتا ہے اور دانے مرجھانے شروع ہو جاتے ہیں۔ دانوں کی رنگت بھوری سی ہونے لگتی ہے اور ان کے اوپر سے بھوسی یا چھلکے اترنے لگتے ہیں اور جسم پر سخت خارش محسوس ہوتی ہے۔ مرض کے مندمل ہونے کے دوران اسہال آنا اچھی علامت سمجھی جاتی ہے لیکن زیادہ دست آنے کی صورت میں علاج کرانا ضروری ہوتا ہے۔ خسرہ کے بعد چند دوسرے امراض ابھر آنے کا خدشہ ہوتا ہے مثلاً بدہضمی، کھانسی، دست، خارش، گلے کے غدود کا ورم، کانوں کا بہنا وغیرہ۔ ان بیماریوں کا علاج کرانا بہت ضروری ہے ورنہ یہ امراض پیچیدہ صورت اختیار کر لیتے ہیں۔ اس مرض میں مریض کی صفائی کا خاص خیال رکھنا چاہیے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ مانع مرض دوا۔

مار بیلینم (Morbillinum) 10،200

منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ آنکھیں سوجی ہوئی، جس میں جلن ہو اور آنسو بہیں۔ پیاس ندارد، تیز بخار، اوڑھا ہوا کپڑا اتار پھینکے۔ ٹھنڈ سے بہتر ہو۔

ایپس ملفیکا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ چیچک کے ساتھ آنکھوں اور کانوں سے لیسدار چپکنے والا مادہ خارج ہو۔

کالی بائی کروم 30، چار گھنٹے بعد

☆ نزلے کے ساتھ تیز بخار۔ آنکھ کا پردہ سرخ۔ خشک کھانسی۔ سرخ دانوں میں جلن ہو۔ بے چینی اور فکر مندی۔

اکونائٹ 30 یا 200، تین گھنٹے بعد

☆ زبان پر سفیدی جمی ہوئی۔ سینے میں خرخراہٹ۔ ڈھیلی کھانسی ریشہ نکالنا مشکل ہو۔ سانس لینے میں دقت ہو۔

انٹم ٹارٹ 30 یا 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ سینے میں خرخراہٹ کے ساتھ کھردری کھانسی ہو۔ ٹھنڈ اور چھیڑنے سے بہت زیادہ حساس۔

ہیپر سلف 30 یا 200، تین گھنٹے بعد

☆ آنکھوں سے بہت زیادہ پانی بہے۔ منہ خشک لیکن پیاس ندارد۔ کھلی اور ٹھنڈی ہوا میں بہتر محسوس کرے۔

پلساٹیلا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ سینے میں بھاری پن اور کھچاؤ۔ بائیں جانب لیٹ نہ سکے۔ تھکا دینے والی خشک کھانسی قے کر دینے کی خواہش کے ساتھ۔ برف کی طرح ٹھنڈی چیزوں کی خواہش کرے۔

فاسفورس 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ بڑی مقدار میں پانی پینے کی پیاس۔ خشک اور تکلیف دہ کھانسی جس سے سینے میں چبھن والا درد ہو۔ اونگھ اور غنودگی۔ زبان میل آلود۔ ہونٹ خشک۔ پاخانے قبض کے ساتھ۔ حرکت کرنے سے تکلیف میں اضافہ ہو۔

برائی اونیا 30 یا 200، تین گھنٹے بعد

☆ بے چینی کے ساتھ بخار۔ زبان کی نوک تینوں طرف سے سرخ۔ حرکت کرنے سے بہتر محسوس کرے۔

رہس ٹاکس 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ شدید تپکن والا سر درد اور ناک سے بے ضرر پانی بہے۔ آنکھیں چندھیائیں اور گرم جلن والے آنسو نکلیں۔

یوفریزیا 30، چار گھنٹے بعد

☆ چہرہ سرخ چمکدار جس سے تپکن ظاہر ہو۔ جلد خشک اور گرم۔ خون کا سر کی جانب اجتماع۔ گلا ورم آلود۔

بیلاڈونا 30' تین گھنٹے بعد

☆ کبھی ٹھنڈ لگے اور کبھی گرمی۔ بے چینی۔ غنودگی۔ پاگل سا ہوا جائے۔ پیشاب کرنے کے بعد بہتر ہو۔

جیلسی میم 30' چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی فیرم فاس 6x اور کالی فاس 6x بھی فائدہ مند ادویات ہیں۔

—— ✪ ——

Small Pox

یہ ایک متعدی مرض ہے۔ اس کی ابتدا میں بخار ہوتا ہے۔ چہرہ سرخ اور تمتما جاتا ہے۔ کمر اور سر میں شدید درد ہوتا ہے۔ قے آتی ہے۔ تیسرے چوتھے روز باریک دانے نکل آتے ہیں اور جلد سرخ ہو جاتی ہے۔ شروع میں دانے گردن' چہرے اور کلائیوں پر نکلتے ہیں پھر جسم پر اور آخر میں ٹانگوں پر دانے ظاہر ہوتے ہیں۔ ہوا کی نالی اور گلے اور منہ کے اندر تک دانے ہوتے ہیں۔ یہ دانے روزبروز بڑھتے رہتے ہیں اور ان میں زردی مائل رطوبت پیدا ہو جاتی ہے۔ دانوں کی وجہ سے چہرے اور پپوٹوں پر ورم آجاتی ہے۔ دانے نکلنے سے آٹھویں روز کے بعد مرجھانے شروع ہو جاتے ہیں اور اس کے تین چار روز بعد ان پر کھرنڈ آنا شروع ہو جاتا ہے۔ کھرنڈ اتر جانے کے بعد جلد پر بھورے رنگ کے داغ سے رہ جاتے ہیں۔ چونکہ یہ ایک متعدی مرض ہے اس لئے اس سے احتیاطی تدابیر کے طور پر گھر کے دوسرے بچوں کو علیٰحدہ رکھنا چاہئے۔ مریض کی ضرورت کی ہر چیز علیحدہ کر دینی چاہئے۔ صفائی کا خاص اہتمام کرنا چاہئے۔ مریض کے کھرنڈ کو ہوا میں اڑنے سے روکنا چاہئے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ چیچک کی احتیاطی دوا۔

میلنڈرینم 200' ایک خوراک

☆ دانے نہ نکل سکنے یا ظاہر نہ ہونے کی وجہ سے مریض سخت پریشان ہو۔ مریض غصیلہ ہو جائے اور ہذیان بکنے لگے۔ مریض باہر بھاگ جانے کی خواہش کرے۔

ہائیو سمس (Hyoscyamus) 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ غنودگی' اونگھ اور سستی اور لاغری کے ساتھ چیچک کا ابتدائی مرحلہ۔ متلی قے اور بخار ہو۔

جیلی میم 30' چار گھنٹے بعد

☆ جب ٹائی فائڈ کے بخار کی سی علامات ظاہر ہوں۔ زبان کی نوک پر سرخی ہو۔ طبیعت میں سخت بے چینی ہو۔

رہس ٹاکس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ سخت بے چینی کے ساتھ بخار اور شدید پیاس۔ موت کا خوف اور سخت پریشان۔

اکونائٹ 30 یا 200، تین گھنٹے بعد

☆ مختلف پیچیدگیوں کی وجہ سے مریض ٹوٹ پھوٹ جائے۔ پنکھا کرانا اور ہوا لینا چاہے۔ جسم ٹھنڈا ہو۔

کاربوویج 30، آدھے گھنٹے بعد

☆ دانے نکل آئیں اور بخار ہو اور مریض خاموشی سے لیٹ جانا چاہے۔ ہونٹ خشک۔ زبان پر میل جما ہو۔ پاخانہ قبض کے ساتھ ہو۔ لمبے وقفے کے بعد بڑی مقدار میں پانی پینے کی خواہش۔

برائی اونیا البم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ جب دانوں میں پیپ پڑنی شروع ہو جائے۔ اور درد ہو۔ دانوں میں نمی ہو اور ورم ہو۔

مرکیورس سال 30، چار گھنٹے بعد

☆ چہرے اور آنکھوں کی سرخی کے ساتھ بخار۔ سر کی طرف اجتماع خون۔

بیلاڈونا 30، تین گھنٹے بعد

☆ توانائی جاتی رہے۔ سخت بے چینی ہو اور جلن دار درد ہو۔ نہ بجھنے والی پیاس۔ تھوڑے تھوڑے وقفے سے ذرا ذرا سا پانی پیے۔

آرسنک البم 30، چار گھنٹے بعد

☆ تیز بخار جلن اور گرمی کے ساتھ۔ چہرہ تمتمایا ہوا۔ پیاس ندارد۔ ٹھنڈ سے بہتر ہو۔

ایپس ملفیکا 30، چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی فیرم فاس 6x بھی مفید دوا ہے۔

----- ✪ -----

کمر/ریڑھ کی تکلیفات

Spine

(Affections of Slipped Disc, Backach of spondylosis etc)

کمر اور ریڑھ انسانی جسم کا ستون ہوتا ہے۔ اس میں نقص یا خلل واقع ہو جانے کی وجہ سے تمام اعضاء و اعصاب متاثر ہوتے ہیں۔ کمر اور متعلقہ اعضاء اور پٹھوں میں درد کی نوعیت اور کیفیت کی مناسبت سے متعلقہ ادویات کے استعمال سے تکالیف رفع کی جا سکتی ہیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ کندھوں کے اوپر درد۔

کینابس انڈیکا 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد

☆ بیٹھنے کی حالت میں دمچی یا تکونیہ ہڈی میں درد۔

کالی بائی کروم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ درد کمر۔ نیچے سے اوپر کی جانب۔

کونیم میک 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد

☆ چیرنے والا درد۔ تمام جسم سے ہوتا ہوا نیچے کی جانب جائے۔

سائنا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ دباؤ اور چھونے سے درد ہو۔

کالی کارب 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ کندھوں کے جوڑوں میں اور ان کے درمیان چبھن۔

نائٹرک ایسڈ 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ مقعد کی تکلیف کی علامات کے ساتھ درد جس کو سیدھے ہونے اور اکڑتے ہوئے پیچھے کو مڑنے سے آرام آئے۔

ایسقوزا 30 Cy' چار گھنٹے بعد

☆ فالجی اثرات۔ کمر کا درد۔ گردوں کے مقام پر پھاڑنے والے درد۔

کاسٹی کم 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد

☆ گولی لگنے کا سا درد جو ریڑھ کے موہروں سے گدی کی طرف جائے۔

فاسفورس 200' چار گھنٹے بعد

☆ کندھوں کے درمیان درد۔

سکوٹا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ تیز درد۔ جیسے ریڑھ اور پشت میں سوئیاں چبھ رہی ہوں۔

کروٹن ٹگ 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ فالجی کمزوری کے ساتھ درد کمر۔

کوکولس انڈیکا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ پوری ریڑھ اور تکونیہ ہڈی کے مقام پر درد۔

نکس موسکاٹا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ جلن دار درد۔ کندھوں کے درمیان درد۔

آرسنک البم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ تکونیہ ہڈی میں درد۔ چوٹ کی وجہ سے دمچی میں درد۔

ہائپریکم 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد

☆ ریڑھ کے درمیانے حصے میں درد۔

میورٹیک ایسڈ 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ گولی لگنے کا سا درد جو چوتڑ کے پٹھوں یا کولہے کی طرف جائے۔

لیک کین 200' چار گھنٹے بعد

☆ پشت کے مہروں کے اوپری حصے میں درد۔ کمر اور تکونیہ ہڈی کے آس پاس درد۔

سی فوگا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ شدید قسم کا درد اور تشنج جس میں پیچھے کی طرف مڑ کر جھکنا پڑے۔

نیٹرم سلف 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد

☆ جب بیٹھا ہو تو دمچی میں سن ہونے کے ساتھ درد۔ ناف سے ہوتا ہوا درد کمر کی طرف جائے۔

پلاٹینا 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد

☆ جلن دار درد۔ ایسا محسوس ہو کہ گرم لوہے کی سلاخ ریڑھ میں گھونپ دی ہو۔

الیومنا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ کمر کے مقام پر تکونیہ ہڈی میں درد۔ ذرا سی بھی حرکت سے تکلیف بڑھ جائے۔

برائی اونیا البم 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد

☆ چلنے' دبانے اور سخت چیز رکھنے سے آرام محسوس ہو۔ کندھوں کے درمیان برف کی سی ٹھنڈک محسوس ہو۔

سیپیا 200' چار گھنٹے بعد

☆ درد کمر۔ غصے اور برہمی سے تکلیف میں اضافہ ہو۔ ریڑھ میں اعصابی درد۔ بائیں کندھے کے جوڑ میں درد جبکہ آرام کر رہا ہو۔ دائیں کندھے کے جوڑ میں کھینچنے کا سا احساس۔

کالوسنتھ 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد

☆ بائیں کندھے کے جوڑ میں درد۔ لیٹنے سے درد میں اضافہ ہو۔ گرمائش سے بہتر ہو۔

ڈبر کو لینم K 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد

☆ کندھے کے جوڑوں میں درد۔

سٹینی سیگریا 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد

☆ گرمائش سے درد کو آرام آئے۔ ٹھنڈ اور آرام سے تکلیف بڑھے۔

رہس ٹاکس 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد

☆ کندھوں میں گنٹھیا کا درد ہو۔

سنگونیریا C 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی کلکیریا فاس 6x اور سیلیشیا 30x بھی مفید ادویات ہیں۔

—— ✪ ——

درد کمر

Backache

کمر کے پٹھوں کا درد (Lumbargo)

(See Arthritis and Sciatica also)

کمر میں درد کی وجہ سے مریض سخت تکلیف محسوس کرتا ہے۔ درد کی وجہ سے بے چینی اور پریشانی ہوتی ہے۔ بعض اوقات چلنا پھرنا بھی مشکل ہو جاتا ہے۔ اکثر رات کے وقت درد زیادہ ہوا کرتا ہے اور حرکت کرنے سے بڑھتا ہے۔

عموماً" درد کمر وجع المفاصل' کثرت مجامعت' جلق' سخت مشقت' جسمانی کمزوری' پٹھوں کی کمزوری' ٹھنڈ لگنے' کمر کے اندرونی عضلات کی تکلیفات' نخاع کی تکلیفات اور رحم کی تکلیفات وغیرہ کی وجہ سے ہوا کرتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ کمر کا درد مرطوب موسم اور ٹھنڈ میں زیادہ شدید ہو جائے اور بڑی دیر تک ٹھہرا رہے۔

ڈلکا مارا 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ کمر کے نچلے حصے میں درد۔ سونے اور آرام کرنے سے بہتر ہو۔ مریض ٹھنڈی اور کھلی ہوا کی خواہش کرے۔

پلساٹیلا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ خشک اور ٹھنڈی ہوا لگ جانے سے اچانک درد شروع ہو جائے۔

ایکونائٹ 200' تین گھنٹے بعد

☆ ملیریا کے بخار کے بعد درد۔ ہڈیوں کے اندر تک درد محسوس ہو اور بہت زیادہ ٹھنڈ اور پیاس لگے۔

یوپٹوریم پرفولیم (Eupatorilum Perf) 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ رات کے وقت درد بڑھ جائے۔ دن کے وقت اور حرکت کرنے سے بہتر محسوس ہو۔

پینے سے بھی درد میں کمی نہ آئے۔

مرکیورس سال 30 یا 200' چھ گھنٹے
بعد

☆ بہت زیادہ مباشرت کی وجہ سے کمر درد ہو۔

سمفائٹم 30' چار گھنٹے بعد

☆ ہوا لگنے' زیادہ محنت کرنے' موچ آنے وغیرہ کی وجہ سے کمر درد۔ شروع میں حرکت کرنے سے درد بڑھے لیکن لگاتار حرکت کرنے سے افاقہ ہو۔

رہس ٹوکس 200 یا 1M' تین گھنٹے بعد

☆ ڈکار آنے سے کمر درد کو افاقہ ہو۔ ٹھنڈے مزاج کا مریض۔ خاندان کے افراد کو پسند نہ کرتا ہو۔

سیپیا 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین
مرتبہ

☆ قبض اور بواسیر کی وجہ سے کمر کے نچلے حصے میں درد۔ صرف کھڑے ہونے سے درد میں کمی محسوس ہو۔

ایس کولس ہپ (Aesculus h) 30
یا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ اکڑاہٹ کے ساتھ درد۔ حرکت اور ٹھنڈ سے تکلیف بڑھے۔ البتہ سکون سے لیٹنے سے افاقہ ہو۔

برائی اونیا 200 یا 1M' چھ گھنٹے بعد

☆ کسی چوٹ یا زیادہ بوجھ پڑنے کی وجہ سے کمر کا درد۔ یا رگڑ یا خراش کا درد۔

آرنیکا 200 یا 1M' تین گھنٹے بعد

☆ آرام کے دوران اور طوفان کے وقت درد بڑھے۔ گرمائش اور کھانے سے افاقہ ہو۔

رہوڈنڈرون (Rhododendron)
200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ اعصابی چوٹ کی وجہ سے کمر درد۔

ہائی پیریکم (Hypericum) 30 یا
200' چار گھنٹے بعد' چھ مرتبہ

☆ شدید قسم کا درد کمر کے نچلے حصے میں اور دمچی یا تکونیہ ہڈی میں۔ یہاں تک کہ سیدھا ہو

کر بھی چل نہ سکے۔ مرطوب موسم اور ٹھنڈ میں بہتر محسوس کرے۔ رات کے وقت درد بڑھے۔ تلووں میں جلن ہو۔

سلفر 30 یا 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ کمر کے اوپری تین مہروں میں شدید درد جو کہ کندھے کے جوڑ سے ہوتا ہوا نیچے کی طرف گرے۔ اعصابی پٹھوں کا درد۔

کالمیا (Kalmia Lat) 30 یا 200'
تین گھنٹے بعد

☆ پہلے بچے کی پیدائش کے وقت کمر کا درد۔ کمزوری ہو اور پسینے چھوٹیں۔ تین سے چار بجے صبح شکایت زیادہ ہو۔

کالی کارب 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ ایسے مریض جو زیادہ وقت بیٹھے رہتے ہوں۔ قبض ہو۔ ٹھنڈے مزاج کے ہوں۔ طبعاً" سخت مزاج۔ درد حرکت اور ٹھنڈ سے بڑھے۔ خاص طور پر جب بستر پر کروٹ لینا چاہے۔ مریض کو اٹھ کر بیٹھنا پڑے تب کہیں کروٹ لے سکے۔

نکس وامیکا' چار گھنٹے بعد

☆ موٹے اور پلپلے لوگوں کی کمر میں درد۔ ہوا سے اور نہاتے ہوئے درد میں اضافہ ہو جائے۔

کلکیریا کارب 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ سخت قسم کی چیز سے دبانے سے آرام محسوس ہو۔ مریض کمر کے نیچے کوئی سخت چیز رکھنا پسند کرے مثلاً" کتاب یا لکڑی کا تختہ وغیرہ۔ جب بستر پر بیٹھے یا لیٹے تو سخت چیز کمر کے نیچے رکھے۔

نیٹرم میور 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ کمر کا درد۔ کمر کے کسی تھوڑے سے حصے میں زیادہ۔ جو کہ آخر کار کمر کے کولھے یا ران کے اوپری حصے پر ٹھہر جائے۔ مریض لنگڑا کر چلنے لگے۔ درد کی شدت اس قدر بڑھ جائے کہ مریض کھڑے ہونے اور چلنے پھرنے سے بھی معذور ہو جائے۔ دبانے اور گرمائش سے بہتر محسوس کرے۔

کالوسنتھ 200 یا 1M 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ گٹھیاوی کمر کا درد۔ کمر کی تکونیہ ہڈی اور گردن کے قریب درد۔ ران کی جانب نیچے کو درد کی لہر جائے۔ اکڑاہٹ اور کھچاؤ محسوس ہو۔ کندھے کے جوڑ اور دائیں کندھے میں زیادہ درد ہو۔ ریڑھ کی ہڈی بہت حساس ہو جائے۔

یمی سی فوگا 30' تین گھنٹے بعد

☆ کمر کی تکونیہ ہڈی کے قریب زیادہ درد جو کہ نیچے کی جانب بڑھے۔ دن کے وقت زیادہ شدید ہو۔ سمندر کے کنارے بہتر محسوس ہو اور اوندھے منہ لیٹنے سے بھی افاقہ ہو۔

میڈورینم 30' چار گھنٹے بعد

☆ بیٹھنے سے درد بڑھے۔ حرکت سے افاقہ ہو۔ پنجوں اور پیروں میں جھنجھناہٹ اور سن ہونے کا احساس۔

چیلی ڈونیم 30' چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک علاج

☆ گدی اور مہروں کے مقام پر درد۔ کمر میں کمزوری اور درد۔

کلکیریا فاس 6x' تین گھنٹے بعد

☆ کمر درد جس میں آرام سے اضافہ ہو۔ درد تکونی ہڈی کی جانب بڑھے۔ گرمائش سے بہتر محسوس کرے۔

کلکیریا فلور 6x یا 12x' تین گھنٹے بعد

☆ کمر درد جو کہ ٹھنڈ سے بڑھے اور گرمی سے بہتر ہو۔

میگنیشیا فاس 6x' تین گھنٹے بعد

ریڑھ کے مہروں میں پیپ پڑ جانا

Cervical spondylosis

(See slipped disc etc also)

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ مہروں کے سن ہو جانے کا احساس جو رات کے وقت بڑھ جائے۔

کالی آیوڈیم 200 یا 1M' تین گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ سر چکرانا۔ ریڑھ کی ہڈی کے گھرنے کی وجہ سے جو آنکھیں کھولنے سے اور بڑھ جائے۔
تھائرائیڈیان 30' چار گھنٹے بعد

☆ گدی میں درد۔ حرکت سے آرام آئے اور آرام سے تکلیف بڑھ جائے۔ برف کی طرح سخت ٹھنڈے پانی پینے کے بعد اور ٹھنڈے اور مرطوب ماحول اور موسم میں تکلیف بڑھے۔
رہس ٹاکس 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد

☆ سب سے بہتر دوا۔ کمزوری کے ساتھ پھاڑنے والے درد۔
ایسڈ فاس 30' چار گھنٹے بعد

☆ پٹھوں اور اعصابی کمزوری کے ساتھ۔ ہاتھوں پر پسینہ خصوصاً" کنوارے افراد کے لئے۔
کونیم (Conium Mac) 200 یا
1M' تین گھنٹے بعد' تین مرتبہ

بائیو کیمک کی کلکیریا فلور 12x اور کلکیریا فاس 6x بھی چار گھنٹے بعد دینا مفید ہے۔

اعصاب/پٹھوں کا تناؤ، کھچاؤ

Cramps

(writers, cramps. (Sudden & violent contraction of the muscles)

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ کھچاؤ کے ساتھ ہاتھ پاؤں اور جسم برف کی طرح ٹھنڈے پڑ جائیں۔ جیسا کہ ہیضہ میں ہوتا ہے۔

کیمفر Q یا 6، آدھے گھنٹے بعد

☆ پیراکوں کا ٹھنڈے پانی میں اعصابی/پٹھوں کا تناؤ۔ رات کے وقت پنڈلی کے پٹھے کا تناؤ۔ بستر میں لاتیں پھیلاتے ہوئے۔

رہس ٹاکس 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ پھیلنے والا کھچاؤ۔ خاص طور پر کولہے یا چوتڑ کے اوپری حصے میں جبکہ کھڑا ہو۔ ٹھنڈے پسینے آئیں۔

ورائڑم البم (Verat alb) 30، چار گھنٹے بعد

☆ معدے میں تناؤ اور کھچاؤ۔

ایس کولس (Aesculus) 30، چار گھنٹے بعد

☆ پنڈلی کے پٹھوں، تلوؤں، ہتھیلیوں کا کھچاؤ جو کہ انگلیوں اور انگوٹھوں سے شروع ہو۔ سخت کھچاؤ۔

کوپرم میٹلیکم 30، چار گھنٹے بعد

☆ لکھنے والوں کے ہاتھ کا تناؤ۔ ہاتھ کی سطح کے قریب جہاں ہڈیاں ہوں۔ شدید ٹھنڈے ہاتھ۔

سائیکلے من 30، چار گھنٹے بعد

☆ تھکن کی وجہ سے کھچاؤ تناؤ۔ خراش کا سا احساس جیسے کسی نے مارا پیٹا ہو۔

آرنیکا 30 یا 200، تین گھنٹے بعد

ہڈی ٹوٹنا' ہڈیوں کے زخم/ناسور

Bone affections

(including injuries and carries)

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ ریڑھ کی ہڈی یا مغز کا ناسور۔

کلکیریا کارب 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ ہر قسم کی ہڈیوں کی چوٹ کے آرام کے لئے۔

روٹا 30 g' چار گھنٹے بعد

☆ ہڈیوں کی دق کے لئے۔

ڈروسرا 200 یا 1M' پندرھویں روز' تین مرتبہ

☆ ٹوٹی ہوئی ہڈی کے لئے۔

سمفائٹم (Symphytum) 3x یا 6' چار گھنٹے بعد

☆ مسوڑوں کی ہڈی کا ناسور یا زخم کے لئے۔

اورم میٹلیکم' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ پاؤں میں پسینے کے سبب پیپ پڑنی شروع ہو جائے۔ ناسور بننے لگے۔

ایسڈ سالیسلک (Acid Salicylic) 30' چار گھنٹے بعد

ہڈیوں کے ٹوٹنے اور ہڈیوں کے ناسور/زخم کے لئے بائیو کیمک کی کلکیریا فاس 6x اور سر اور پیر سے مسلسل بہنے والے شدید پسینے اور ہڈیوں کے زخموں وغیرہ کے لئے سیلیشیا 12x ہر چار گھنٹے بعد استعمال کرانا نہایت مفید ہے۔

موچ

Sprains

موچ سے مراد کسی جوڑ کی چوٹ ہے جس سے کوئی بندھی، تانت یا نسیں پھٹ جائیں لیکن اپنی جگہ سے ہلے نہیں اور نہ ہی ٹوٹے۔ عام طور پر پاؤں پھسلنے سے ٹخنے اور کلائیوں میں موچ آجاتی ہے۔ جس سے ورم آجاتی ہے۔ درد ہوتا ہے اور چلنا پھرنا اور کام کرنا دشوار ہو جاتا ہے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ خراشدار درد کے ساتھ موچ۔

آرنیکا 30 یا 200، تین گھنٹے بعد

☆ نسوں کے جوڑوں میں موچ آجائے۔ ٹھنڈ سے درد بڑھے۔ گرمائش سے بہتر ہو۔

رہس ٹاکس 200، تین گھنٹے بعد

☆ ٹخنوں اور کلائیوں میں موچ آجائے۔

روٹا 30 یا 200، تین گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی کلکیریا فاس 6x اور میگنیسا فاس 6x بھی مفید ادویات ہیں۔ 6-4 کے تناسب سے آرنیکا اور رہس ٹاکس Q سرسوں کے تیل میں ملا کر لگانا بھی فائدہ مند ہے۔

ریڑھ کے ستون کے مہروں کی سوزش / تکلیفات

Spondylosis

(See cervical spondylosis also)

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ گردن کے مہروں کی سوزش اور درد کے لئے اعلیٰ ترین دوا۔ مہوں میں زخم اور سوزش۔ ایسا محسوس ہو کہ ہڈیوں کو چاقو سے کھرچا جا رہا ہے۔ عام کمزوری کے ساتھ ریڑھ کی کمزوری بھی ہو۔ محنت سے تکلیف بڑھے اور گرمائش سے کم ہو۔ رطوبات زندگی ضائع ہونے کی وجہ سے تکلیفات۔

فاسفورک ایسڈ 30' چار گھنٹے بعد

☆ کمر کے کسی حصے کا درد اور کمزوری۔ ریڑھ میں جلن۔ درد کمر سے نیچے کولہے کی طرف بڑھے۔ چلنے سے تکلیف بڑھے خاص طور سے صبح تین سے چار بجے کے دوران۔

کالی کارب 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ کمر اور تکونیہ ہڈی کے قریب درد۔ ذرا سی بھی حرکت سے زیادہ ہو جائے۔ سر چکرائے۔ کمر کے کسی حصے میں چبھنے والا درد اور اکڑاہٹ۔

برائی اونیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ بھاری سامان اٹھانے' زیادہ محنت کرنے اور ہڈیوں اور موچ کی وجہ سے خراشدار درد۔ لیٹنے' بھیگ جانے اور ٹھنڈ سے تکلیف میں اضافہ ہو۔

روٹا g 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ کمر کے مقام پر درد۔ گردن اور کمر میں گولی لگنے کا سا درد۔ کوئی وزن یا بھاری چیز اٹھانے کے بعد کندھوں اور تکونیہ ہڈی کے درمیان درد۔ کھلی ہوا میں بہتر محسوس کرے۔

پلساٹیلا 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ نازک لوگوں کے لئے جو تیزی سے بڑھیں۔ جن میں خون کی کمی ہو اور جلد چکنی سی ہو۔ نمکین اور برف کی سی ٹھنڈی چیزوں کے کھانے پینے کی خواہش کریں۔ اندھیرے سے ڈریں۔ ریڑھ میں خم آگیا ہو۔ ریڑھ کے درد پشت سر اور پشت سے متعلقہ اعضاء کی طرف بڑھے۔ اٹھنے کے بعد سر چکرائے۔ کمر ٹوٹنے کا سا درد جو محنت کرنے سے بڑھے۔

فاسفورس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ کمر کے مقام پر درد۔ کمر اکڑ جائے۔ گرمی سے تکلیف بڑھے۔ غصے اور پیچھے مڑنے سے اور رات کے وقت تکلیف میں اضافہ ہو۔

کیمومیلا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ ریڑھ کو چوٹ لگنے کی وجہ سے درد۔ تکونیہ ہڈی' دمچی اور مہروں میں درد۔

ہائپریکم 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ کمر کمان کی طرح مڑ جائے۔ دمچی میں جھٹکے اور چیرنے والے درد۔ خاص طور پر خواتین کے ماہواری کے دوران۔ پٹھوں کے تشنج اور گیس کی تکلیفات کے ساتھ سر چکرائے۔

سکوٹا v 30' چار گھنٹے بعد

☆ کمر کی ہڈی میں ایسا درد کہ ہڈی ٹوٹی ہوئی محسوس ہو۔ کمر کے مقام پر جلن دار درد۔ سر چکرائے۔ حرکت سے تکلیف میں اضافہ ہو۔ خاص طور پر جب دبا کر آنکھ بند کی جائے۔ شور اور ہلکے جھٹکے تک سے درد میں اضافہ ہو۔

تھیریڈیان 30' چار گھنٹے بعد

☆ ریڑھ کے ساتھ درد اور ٹھنڈے پن کا احساس۔ گرمائش سے درد میں افاقہ ہو۔ حرکت کرنے سے سر چکرائے۔ آنکھیں کھولنے پر آگے کی طرف گر جائے۔ کھلی ہوا میں چلنے سے بہتر ہو۔

میگنیسیا فاس 12x یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ مریض کو ایسا محسوس ہو کہ ہڈیاں کچ یا شیشے کی بنی ہوئی ہیں۔

تھوجا 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ گردن کے مہروں میں درد جس میں پشت سے متعلقہ اعضاء اور اگلے اعضاء میں بھی درد ہو۔ صبح کے وقت اور ماہواری سے پہلے تکلیف میں اضافہ ہو۔

نیوکوکس (Pneumococcus)

200' چھ گھنٹے بعد

☆ کمر' کندھوں' پشت سر کے مقام پر درد۔ بہت زیادہ کام کرنے کی ہسٹری پائی جائے یا غیر شادی شدہ عمر رسیدہ مرد عورت ہوں۔ جسم اور دماغی طور سے کمزور ہوں۔ سر چکرائے جب لیٹنے لگے یا کروٹ بدلنے لگے۔

کونیم 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ گردن میں اکڑاہٹ اور کھنچاوٹ جس میں کھینچنے والے درد ہوں۔ گدی سخت۔ طوفان سے پہلے بیماری میں اضافہ ہو۔

رہوڈینڈرون 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ بیٹھے ہوئے دمچی اور تکونیہ ہڈی میں درد ہو۔ کندھوں کے درمیان درد کی وجہ سے جھکنا مشکل ہو۔ جب اپنی نشست سے اٹھے تو سر چکرائے اور متلی ہو۔ گرمی سے بہتر ہو۔

کالی بائی کروم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ صحت یابی سے مایوسی۔ ٹھنڈی ہوا سے تکلیف بڑھے۔ گرمائش سے بہتر ہو۔ مریض گرم موسم میں بھی موٹے اور گرم کپڑے پہنے۔

سورینم 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین

مرتبہ

☆ کمر اور پشت سے متعلقہ اعضاء میں سوزش اور درد۔ ہڈیوں کی بگڑی ہوئی ساخت کو درست کرنے کے لئے۔ موٹے، پلپلے اور ٹھنڈ محسوس کرنے والے مریضوں کے لئے۔ ریڑھ کے نچلے حصے میں چوٹ لگ گئی ہو۔ یا زیادہ وزن اٹھا لیا ہو۔ ہڈیاں کمزور اور نرم پڑ جائیں۔

کلکیریا کارب 200 یا 1M' ہفتہ وار، چھ مرتبہ

☆ سر میں کوئی چیز لڑھکتی ہوئی محسوس ہونے کے ساتھ سر چکرائے۔ کمر کے کسی حصے میں کمزوری اور درد۔ لیٹنے سے بہتر ہو۔ چلنے اور دبانے سے بھی افاقہ ہو۔

سیپیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ پشت سے متعلقہ اوپری حصے میں درد۔ ریڑھ بہت زیادہ حساس ہو۔ کمر اور گردن میں کھچاؤ اور اکڑاہٹ۔ حرکت کرنے، ٹھنڈ سے اور دوران حیض تکلیف میں اضافہ ہو۔

لیڈم پال 200 یا 1M' 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ کمر میں سوزش، ورم اور درد۔ کرسی سے اٹھنے کے بعد زیادہ ہو۔ پشت اکڑی اور کھچی ہوئی ہو۔ کندھوں کے پروں میں درد۔ چیرنے پھاڑنے والے درد۔ گرمائش سے بہتر ہو۔ مرطوب اور برسات کے موسم میں بھی افاقہ ہو۔

کاسٹی کم 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ کمر کے کسی حصے اور تکونیہ ہڈی میں درد۔ گردن کے مہرے چٹخیں، کندھوں اور بازوؤں میں خراشدار درد۔ چلنے اور نیند اڑنے کی وجہ سے تکلیف میں اضافہ ہو۔

کوکولس انڈیکا، چار گھنٹے بعد

☆ کمر کی ہڈی پر چوٹ لگنے یا ضرورت سے زیادہ جنسی افعال سرزد ہونے کی وجہ سے کمر میں درد اور سوزش۔

سٹائم 30 یا 6' چار گھنٹے بعد

☆ کمر کے کسی حصے اور پشت سے متعلقہ مہروں میں درد۔ ذہنی طور پر پراگندگی۔ درد گردن کی پشت سے آگے پھیلے۔ بھیگ جانے کے بعد تکلیفات میں اضافہ ہو۔

ڈلکا مارا 200 یا 1M' 10 منٹ بعد،

تین مرتبہ

☆ ریڑھ میں اعصابی درد۔ آرام کرتے ہوئے بائیں کندھے میں کھنچنے والا درد۔ دونوں کندھوں کے درمیان درد۔ بائیں جانب کے گردن کے پٹھوں میں درد ہو۔ بائیں جانب موڑتے ہوئے درد ہو اور سر چکرائے۔ غصے اور برہمی کے بعد تکلیف میں اضافہ ہو جائے۔

کالوسنتھ 200 یا 1M' 10 منٹ بعد'
تین مرتبہ

☆ اعضا میں سن ہونے کا رجحان اور درد ہو۔سائنکا کے اعصاب میں درد ہو۔ کبھی سن ہو جائیں اور کبھی درد شروع ہو جائے۔

نفائیلم 200 یا 1M' چھ گھنٹے بعد

☆ کمر میں درد۔ خراش سی ہو۔ ایسا محسوس ہو کہ مہرے ہل گئے ہیں۔ درد کمر کی وجہ سے سیدھا ہو کر چلنا مشکل ہو۔

آرنیکا 200 یا 1M' چھ گھنٹے بعد

☆ پشت اور تکونیہ ہڈی سے متعلق مقام پر درد۔ کھلی ہوا میں چلتے ہوئے سر چکرائے۔ ٹھنڈ سے تکلیف بڑھے اور گرمائش سے کم ہو۔

نکس وامیکا 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ کمر کے کسی حصے اور دمچی میں درد۔ گرمی سے تکلیف میں اضافہ ہو۔ جوڑوں میں ورم اور اکڑاہٹ ہو۔ مرکری یا پارے کے اثرات بد۔ گرمائش سے تکلیف بڑھے۔ کھلی ہوا اور حرکت کرنے سے افاقہ ہو۔

کالی آیوڈیم 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ مہروں کی ساخت درست کرنے کے لئے۔ جلن دار درد ہو اور دمچی اور کمر کے کسی ایک حصے میں زیادہ ہو۔ معاون دوا کے طور پر۔

سلفر 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ کمر کا کوئی حصہ اکڑا ہو۔ زیادہ وزن اٹھانے کی وجہ سے درد کمر۔ پسینے میں بھیگ جانے کی وجہ سے درد اور خراش۔ مسلسل حرکت اور گرمائش سے درد میں افاقہ ہو۔ آرام اور ٹھنڈ سے تکلیف میں اضافہ ہو۔

رہس ٹاکس 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد

☆ پشت میں ناقابل برداشت درد۔ گردن اکڑی ہوئی۔ دن کے وقت تکلیف زیادہ ہو۔

سمندر کے کنارے بہتر ہو۔

میڈورینم 200 یا 1M، پندرھویں روز، تین مرتبہ

☆ دماغ سے لے کر دمچی تک شدید درد۔ دبانے اور چھونے سے درد بڑھے۔ ایسا محسوس ہو کہ ہوا میں چل یا تیر رہا ہو۔

لیک کنائنم 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ دمچی پر ورم ہو۔ تکونیہ ہڈی سرکی ہوئی محسوس ہو۔ دائیں جانب لیٹنے سے بہتر محسوس ہو۔ آگے کی طرف حرکت کرنے سے مریض کو ڈر لگے۔

سینی کولا 30، چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی کلکیریا فاس 6x کلکیریا فلور 12x اور میگنیسیا فاس 6x بھی بہترین ادویات ہیں۔

----- ✪ -----

چپنی اتر جائے، ڈھکن سرک جائے

Slipped Disc

(See Backach, spondylosis etc also)

درد ہونے کے بہت سے اسباب ہوتے ہیں۔ مثلاً" چوٹ لگنے، زخم آنے، پٹھوں اور اعضاء کے اکڑنے، ہڈی سرک جانے، چپنی اتر جانے یا ڈھکن سرک جانے، نزلے زکام اور بخار ہونے، معدہ خراب ہونے، مہروں کے ہل جانے وغیرہ سے جسم کے مختلف اعضاء میں درد اور ٹیسیں ہو سکتی ہیں۔ درد کی شدت اور نوعیت بھی کم و بیش ہوتی ہے۔ مختلف اوقات اور مختلف تکلیفات میں درد کم یا زیادہ ہو سکتا ہے۔ دردوں کی کیفیات بھی مختلف ہوتی ہیں۔ مثلاً" لہردار، خراشدار، چبھنے والے، منتقل ہونے والے، پھیلنے والے، چیرنے پھاڑنے والے درد۔ اسی طرح دردوں کو آرام آنے کی مختلف صورتیں ہوتی ہیں مثلاً" بعض درد گرمائش سے کم اور ٹھنڈ سے زیادہ ہوتے ہیں۔ موسموں کی مناسبت سے بھی درد کی شدت میں اضافہ و افاقہ ہوتا ہے۔ کسی خاص حالت میں بیٹھنے، اٹھنے، چلنے پھرنے اور حرکت کرنے سے بھی درد میں کمی زیادتی ہوتی ہے۔ چنانچہ مختلف نوعیت اور کیفیات کی مناسبت سے دردوں کی تشخیص و علاج کیا جانا چاہئے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ علاج شروع کرنے کے لئے بہترین دوا۔ ریڑھ کی ہڈی بہت زیادہ حساس ہو۔ گردن اور کمر کے پٹھے اکڑ جائیں خراشدار درد محسوس ہو۔ بستر بہت زیادہ سخت لگے۔ حرکت کرنے سے تکلیف بڑھے لیکن حرکت کرتا رہے۔

آرنیکا 200 یا 1M، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ ناقابل برداشت درد۔ مریض اس درد کو برداشت کرنے کی نسبت موت کو ترجیح دے۔

کیموميلا 30 یا 200، آدھے گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ گدی یا کسی اور جگہ گولی لگنے کا سا درد۔ حرکت کرنے سے گردن اور کندھے پھٹتے محسوس ہوں۔ دن کے وقت ٹانگیں بھاری محسوس ہوں اور رات کو درد ہو۔

پلساٹیلا 200، تین گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ موٹے، پلپلے اور ٹھنڈ محسوس کرنے والے مریضوں کے لئے۔ ہوا لگنے اور نہاتے ہوئے تکلیف بڑھے۔

کلکیریا کارب 200 یا 1M، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ جلن دار، چبھنے اور چیرنے والا درد۔ تمام کمر میں خراش سی اور تھکن سی محسوس ہو۔ گری اور ذرا سی حرکت سے بھی تکلیف میں اضافہ ہو۔ مریض چڑچڑا۔ بے چین اور مایوس ہو۔ کپڑا اوڑھنا نہ چاہے اور ہوا میں رہنا چاہے۔

ایپس ملفیکا 30 یا 200، تین گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ ناہموار جگہ پر چلنے سے درد بڑھے، فٹ پاتھ وغیرہ پر۔ بوڑھے کنوارے یا کنواریوں کے لئے۔

کونیم میک 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ کمر، گدی اور ہاتھ پاؤں وغیرہ اعضاء میں درد۔ سرد خشک ہوا لگ جانے کے بعد خاص طور پر مشرقی ہوا چلنے پر۔ گرمائش سے بہتر ہو۔ ذرا سی حرکت کرنا بھی مشکل ہو۔ لمبے وقفے کے بعد بہت مقدار میں پانی پینے کی خواہش اور پیاس ہو۔

برائی اونیا البم 200، تین گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ ایک جگہ سے دوسری جگہ تیزی سے منتقل ہونے والا درد جو کہ کسی ایک مرکز پر پھیل جائے۔ اس کے ساتھ سخت اکڑاؤ بھی ہو۔ ٹھنڈ سے بہتر ہو۔ حرکت اور گرمائش سے تکلیف بڑھے۔

لیڈم پال 200، تین گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ ہاتھ پاؤں اور اعضاء میں چیرنے پھاڑنے والا درد۔ خاص طور پر گھٹنے کے پیچھے جس میں اکڑاہٹ اور کمزوری بھی ہو۔ نچلے اعضاء میں رات کے وقت سخت بے چینی۔ ٹھنڈی ہوا، تحریک پیدا کرنے والی ادویات اور کافی پینے سے بھی افاقہ ہو۔

کاسٹی کم 30 یا 200، تین گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ ریڑھ کی ہڈی کے کھرنے یا کمزور پڑنے کی وجہ سے ایسا محسوس ہو کہ روئی یا اون کے

گالوں کے اوپر چل رہا ہے۔ پاخانہ سخت اور قبض سے ہو۔

الیومنا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ خشک سرد ہوا لگ جانے کی وجہ سے اچانک درد شروع ہو جائے۔ ہر قسم کی حرکت اور رات کے وقت تکلیف میں اضافہ ہو۔ مریض خوف زدہ سا' حساس اور بے چین ہو۔ اس کو پیاس بہت لگے۔

اکونائٹ 200' تین گھنٹے بعد

☆ محنت کرنے یا بھیگ جانے کے بعد درد شروع ہو۔ خاص طور پر کمر کے نچلے حصے میں۔ بستر میں کروٹ بدلتے ہوئے تکلیف اور تکوؤں میں رات کے وقت جھٹکے محسوس ہوں۔ بارش سے پہلے اور خشک سردی سے تکلیف میں اضافہ ہو۔

نکس وامیکا 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ کاٹنے اور چبھنے والے درد۔ بعض دفعہ دوران آرام چاقو یا چھرے کی طرح چبھن ہو۔ درد رانوں میں اور اوپر نیچے پھیلتا محسوس ہو۔ چلنے سے تکلیف بڑھے۔ ایسا محسوس ہو کہ کمر ٹوٹ جائے گی۔ کمر کے کسی چھوٹے حصے میں سخت قسم کی چیز کے دباؤ سے افاقہ ہو۔

کالی کارب 200' تین گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ کولہے' ریڑھ اور گردن میں شدید چیرنے اور کاٹنے والے درد۔ آرام پانے کے لئے ادھر ادھر بے چینی سے ٹہلے۔ ایسا محسوس ہو کہ بستر اوپر نیچے کو اٹھ رہا ہے یا جھول رہا ہے۔ دوران آرام تکلیف میں اضافہ ہو۔

بیلاڈونا 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ چپنی کھسک یا سرک جائے۔ کمر میں شدید درد ہو۔ کھانسنے سے تکلیف اور درد میں اضافہ ہو۔

امونیا کارب 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ ادھر ادھر پھرنے والا درد۔ جو کہ خاص طور پر کلائی اور انگلیوں میں محسوس ہو۔ بیٹھتے ہوئے ریڑھ کی دمچی میں درد ہو۔ ٹھنڈ سے تکلیف میں اضافہ ہو۔ مریض بے چین ہو اور پہلو بدلے۔

کالی بچ 200' تین گھنٹے بعد

☆ ٹھنڈ اور بھیگنے کی وجہ سے درد شروع ہو یا زیادہ سخت محنت کرنے کے بعد۔ پیچھے کی

طرف کمر کو موڑنے سے درد میں کمی واقع ہو۔ کسی چیز کو پکڑنے سے ہاتھ کی انگلیوں کی پوروں میں سن ہونے کا رجحان ہو۔ آرام کے بعد اکڑاہٹ اور درد میں اضافہ ہو اور مسلسل حرکت کرنے سے افاقہ ہو۔

رہس ٹاکس 200 یا 1M تین گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی کلکیریا فاس 6x فیرم میور 6x اور سلیشیا 30x بھی مفید ادویات ہیں۔

—— ✪ ——

وجع المفاصل

(گنٹھیا' جوڑوں کی سوزش)

Arthritis

(including gout, arthritis, Deformans and Rheumatism) اس مرض میں جوڑ متورم ہو جاتے ہیں۔ ان میں سخت درد ہوتی ہے۔ جوڑوں کے آس پاس کے عضلات کمزور ہو جاتے ہیں۔ بعض اوقات ورم اتنا زیادہ ہوتا ہے کہ جوڑوں کی جگہ پھولی ہوئی لگتی ہے۔ تکلیف بڑھ جانے کی صورت میں جوڑ بد وضع ہو جاتے ہیں۔ بعض اوقات جوڑوں کے جڑ جانے کی وجہ سے حرکت کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ اس مرض میں جوڑوں کی ورم ایک سے دوسرے اور دوسرے سے تیسرے جوڑ میں منتقل ہو جاتی ہے۔ جس کے سبب بڑے جوڑوں میں درد کا دورہ ہوتا ہے۔ مریض کے لئے حرکت کرنا اور ہلنا جلنا تک مشکل ہو جاتا ہے۔ رفتہ رفتہ بہت سے جوڑ مبتلاء مرض ہو کر ناکارہ ہو جاتے ہیں۔ عام طور پر ہاتھ پہلے متاثر ہوتے ہیں اور مرض بڑھ اور پھیل کر جسم کے دوسرے جوڑوں تک کو ناکارہ کر دیتا ہے۔ وجع المفاصل درد نقل مکانی کرتے رہتے ہیں۔ یکایک ایک جوڑ کو چھوڑ کر دوسرے اور وہاں سے تیسرے جوڑ میں درد اور ورم منتقل ہو جاتے ہیں۔ یہ مرض اس وقت زیادہ مہلک سمجھا جاتا ہے جب یہ مرض جوڑوں سے پردہ دل یا بطون قلب میں چلا جاتا ہے۔

گنٹھیا کی وجہ سے شدید بخار بھی ہو جاتا ہے لیکن سر درد اور ہذیان نہیں ہوتا ہے۔ عموماً دس بارہ روز کے بعد بخار اتر جاتا ہے اور شکایات کم ہو جاتی ہیں البتہ کمزوری باقی رہتی ہے۔ لیکن کچھ عرصہ بعد مرض پھر عود کر آتا ہے اور پہلے جیسی علامات پیدا ہو جاتی ہیں۔

اس مرض میں ہاضمہ ہمیشہ خراب رہتا ہے۔ اگرچہ یہ مرض ایک قسم کے کیڑے سے پیدا ہوتا ہے جو کہ مریض کے خون میں پایا جاتا ہے۔ علاوہ ازیں بارش میں بھیگنے' ٹھنڈ لگنے' بھیگے کپڑے پہنے رکھنے' نمدار جگہ سونے اور سخت جسمانی محنت کرنے سے بھی یہ مرض ہو جاتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ ٹخنوں اور پیروں کی اکڑاہٹ۔

ذرد سرا 200' پندرھویں روز' تین مرتبہ

☆ گھٹنے کے جوڑوں میں درد۔ حرکت سے بڑھ جائے لیکن حرکت کی ابتدا میں افاقہ محسوس

کرے۔ جوڑوں میں مسلسل درد۔ لیکن سیٹ سے اٹھنے پر بڑھے۔ ایڑیوں میں درد۔ حرکت سے بڑھے۔

کاسیا سوفیرا (Cassia Sophera)
30' ہر چار گھنٹے بعد

☆ آرام کے بعد اور ہوا لگنے سے تکلیف کی شکایت بڑھے اور حرکت کرنے سے بہتر محسوس ہو۔

رہس ٹاکس 200 یا 1M' ہر چار گھنٹے بعد

☆ جوڑوں کا درد۔ مرطوب ٹھنڈے موسم میں تکلیف بڑھ جائے۔ ہاتھ پاؤں اور کولہے کے جوڑوں میں درد۔ گنٹھیا کا درد۔

نیٹرم سلف 30 یا 200' ہر چار گھنٹے بعد

☆ پیر کے جوڑوں میں درد کا شدید حملہ۔ سرخ چمکدار ورم کے ساتھ شدید درد۔
اکونائٹ 200' دو گھنٹے بعد

☆ جب رہس ٹاکس کام کرنا بند کر دے۔ ٹھنڈ سے مرطوب موسم میں تکلیف بڑھے اور حرکت سے بہتر محسوس ہو۔

کلکیریا کارب 200 یا 1M' چھ گھنٹے بعد' چھ مرتبہ

☆ اسہال رک جانے کے بعد جوڑوں کے درد اور گنٹھیا کے لئے۔

ابورٹینم (Abrotanum) 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' چھ مرتبہ

☆ جوڑوں کے دردوں کی شکایت بدبودار پیشاب کے ساتھ۔

بنزوک ایسڈ (Acid-Benz) 6 یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ شدید درد۔ جیسے کسی خراش میں ہوتا ہے۔ یا موچ آجانے سے ہوتا ہے۔ چھوتا تک برداشت نہ کر سکے۔ اتنا حساس کہ کسی کے قریب تک آنے سے ڈرے کہ وہ اس کے متاثرہ حصے کو چھیڑ دے گا۔

آرنیکا مونٹ 200' چار گھنٹے بعد

☆ لمبی ہڈیوں میں درد جو کسی چوٹ یا گنٹھیا کی وجہ سے بھی ہو سکتا ہے۔

روٹا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ گٹھیاوی درد بغیر ورم کے۔ جوڑوں میں درد۔ رات کے وقت تکلیف بڑھ جائے۔

آیوڈیم 30' چار گھنٹے بعد

☆ کمزور آدمیوں میں ٹھنڈ کے ساتھ شدید درد۔ جو گرمی سے بہتر محسوس کریں یا جب کھانا کھا رہے ہوں۔ کھلی ہوا میں تکلیف بڑھ جائے۔

کیپسی کم (Capsicum) 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ اعصابی لاغری۔ اعصاب میں تناؤ اور کھچاؤ۔

سٹرائی چینیم (Strychninum) 3x یا 6x' چار گھنٹے بعد

☆ سوزش کے ساتھ درد۔ حرکت سے بڑھ جائے۔

برائی اونیا البم 200 یا 1M' چھ گھنٹے بعد

☆ جبکہ شکایت کی وجہ دق ہو۔

ٹوبر کولینم K' 1M' پندرھویں روز' تین مرتبہ

☆ آرام کے دوران تکلیف اور درد بڑھے۔ رات کے وقت اور گرمی سے بھی دردوں میں اضافہ ہو۔ حرکت اور کھلی ٹھنڈی ہوا سے بہتر محسوس کرے۔

پلساٹیلا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ جبکہ شکایت کی وجہ سوزاک ہو۔ دن کے وقت دردوں کی تکلیف بڑھے۔

میڈورنیم 1M' پندرھویں روز' تین مرتبہ

☆ ایڑیوں میں درد۔ تمام تر بوجھ ان پر ڈالنے سے بہتر محسوس ہو۔

بربرس ولگرس Q 10-8 قطرے' چار گھنٹے بعد

☆ بجلی کے کرنٹ کی طرح درد دوڑے۔ مرطوب ٹھنڈے موسم میں تکلیف بڑھے۔ آرام اور گرمی سے بہتر محسوس ہو۔

فائٹولاکا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ گٹھیاوی مریض کے پیشاب میں سرخ ریت کے ذرات۔
لائیکوپوڈیم 30' چار گھنٹے بعد

☆ ناقابل برداشت درد۔ جوڑوں میں اکڑاہٹ اور تناؤ۔ احساس کمتری یا برتری۔
پلاٹینا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ کمر اور گردن کا پرانا گنٹھیا۔ پٹھے کے عصب (center nerve) کے قریب بڑا گہرا درد۔ بے حسی یا سن ہو جائے تو درد کم ہو جائے یا درد زیادہ ہو تو سن ہونا کم ہو جائے۔
نفالیم (Gnaphalium) 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ گھٹنوں کے جوڑوں میں درد۔ جس میں چھوٹے (Round worms) بھی ہوں۔
نیٹرم فاس 6x یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ پاؤں کے انگوٹھے اور جوڑوں کی گیھا ورم کے ساتھ۔ قدم رکھنے سے شدید کھنچنے اور پھاڑنے والا درد۔ گرمی دباؤ اور حرکت سے بڑھ جائے۔ درد اوپر کی جانب چڑھے۔ ٹھنڈی پٹی کرنے سے بہتر محسوس ہو۔
لیڈم پال 200' چار گھنٹے بعد

☆ بے حسی یا سن ہونے کی کیفیت کے ساتھ درد۔ اتنا شدید درد کہ مریض چلا اٹھے کہ اس درد کی نسبت وہ موت کو ترجیح دے گا۔
کیمومیلا 200 یا 1M' آدھے گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ جوڑوں کے بڑھنے کے ساتھ ساتھ شدید قسم کا درد۔ آرام اور آندھی چلنے کے دوران اور زیادہ بڑھ جائے۔
رہوڈنڈرون 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ جلدی تکلیفات اور جلن کے ساتھ گنٹھیا۔ سیدھا نہ چل سکے۔
سلفر 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ گٹھیاوی درد۔ کپڑے دھونے یا دھوبی پنے کے دوسرے کام کرنے سے تکلیف میں اضافہ ہو جائے۔
سیپیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ پیشاب میں یورک ایسڈ کے ساتھ گٹھیاوی درد۔

ارٹیکا یورنس Q 10-8 قطرے گرم پانی میں، چار گھنٹے بعد

☆ گنٹھیا کے نتیجے میں ہڈیوں کے بڑھنے کا پرانا گنٹھیا۔ خاص طور پر انگلیوں میں۔

بکرک ایسڈ 30، چار گھنٹے بعد

☆ چھوٹے جوڑوں میں شدید درد جو ورم آلود ہو گئے ہوں۔ کمر درد۔ صبح کو اٹھنے سے پہلے تکلیف بڑھ جائے۔

سٹینی سیگریا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ درد متضاد سمتوں کے اعضاء میں ہو مثلاً" دائیں بازو اور بائیں ٹانگ میں۔ جس میں جھنجھناہٹ، سن ہونے اور بے حسی کی سی کیفیت پائی جائے اور ٹھنڈک کا سا احساس ہو۔

ایگریکس مس (Agricus mus) 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ جوڑوں میں گٹھیاوی گومڑ، ہاتھ مڑے ہوئے۔ نمک کے پانی کے تہ نشین مادے کی وجہ سے ہاتھوں کی ہیئت بدل جائے۔

امونیم فاس 6 یا 30، چار گھنٹے بعد

☆ جوڑوں میں گٹھیاوی گومڑ۔ پھاڑنے والے درد۔ پٹھوں میں کھچاؤ اور شدید درد۔

گوائکم (Guaiacum) 30، چار گھنٹے بعد

☆ دوران حیض تکلیفات بڑھ جائیں۔ موقوفیء حیض کی ابتدا کے وقت دردیں۔ ہاتھوں اور پاؤں میں زیادہ تکلیف۔

کالو فائلم 30، چار گھنٹے بعد

☆ چھوٹے جوڑوں میں شکایت جو سرخ یا پہلے سے ورم آلود ہوں۔ نرم پڑ جائیں اور دردیں منتقل ہوتی رہیں۔ حرکت سے تکلیف بڑھ جائے۔ ٹھنڈے موسم میں گنٹھیا کی خصوصی دوا۔

کالچی کم 30، چار گھنٹے بعد

☆ گیس کی شکایت کے ساتھ جوڑوں میں گومڑ۔ آخر کار گومڑ میں درد ختم ہو جائے۔ زبان سفید۔ سفید مادے کی موٹی تہہ جمی ہوئی۔

انٹم کروڈم 30، چھ گھنٹے بعد

☆ رات کے وقت درد بڑھ جائے۔ مرطوب موسم میں بھی تکلیف بڑھے۔ بڑے پٹھوں میں

گٹھیاوی درد۔

سیمی فوگا 30' چار گھنٹے بعد

☆ درد ہاتھ پاؤں کو متاثر کرتا ہوا نیچے کی جانب بڑھے اور اعصابی اعضاء کے ساتھ تیزی سے گزرے۔

کالمیا (Kalmia Lat) 30 یا 200'

چھ گھنٹے بعد

☆ ہڈیوں کے تیزی کے ساتھ بڑھنے کے لئے۔ گرمی سے افاقہ اور ٹھنڈ سے تکلیف بڑھے۔

کلکیریا فلور 12x یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ تمام جسم میں درد پھیلے۔ حرکت سے تکلیف میں اضافہ ہو۔

سٹیلیریا (Stellaria) Q 10-8 قطرے

گرم پانی میں' چار گھنٹے بعد

☆ گھٹنے کے عمل کے ساتھ لمبے جوڑوں کا پرانا درد۔ سوجن کے ساتھ درد' اینٹھن اور جوڑوں کا نرم پڑ جانا۔ حرکت سے تکلیف میں اضافہ ہو۔ جوڑ چٹخیں۔ ٹھنڈ سے درد بڑھے اور گرمی سے آرام آئے۔

او اے نوزوڈ (O.A.Nosode) 1M یا

1002' ہفتہ وار' چھ مرتبہ

☆ لمبی ہڈیوں میں درد کی شکایت۔ جوڑوں یا بندھنوں میں تناؤ کھنچاؤ۔

کاسٹیکم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی میگنیشا فاس 6x اور بائیو کیمی نیشن نمبر 19x بھی جوڑوں کے دردوں اور گٹھیاوی امراض کے لئے بڑی مفید ادویات ہیں۔

——— ✪ ———

درد اعصابہ

Neuralgia

(Facial Nerve Pain)

چہرے کا درد اعصابہ بہت شدید ہوتا ہے۔ یہ درد چہرے کے ان تمام اعصاب میں ہوتا ہے جہاں عصب کی شاخیں پہنچتی ہیں۔ رخسار' ابرو' آنکھ کے ڈھیلے' پیشانی' پپوٹے اور ٹھوڑی یا نیچے کے جبڑے میں چھری سے کاٹنے یا گولی لگنے کا سا تیز درد ہوتا ہے۔ عام طور پر درد کسی جگہ محدود ہوتا ہے۔ مریض درد کی تکلیف سے چلا اٹھتا ہے اور مریض درد والی جگہ کو رگڑتا ہے تاکہ کسی طرح آرام آ جائے۔ آنکھوں میں درد ہونے سے بکثرت پانی جاری ہو جاتا ہے۔ جبڑوں میں درد ہونے سے کثرت سے رال بہتی ہے۔ درد کے ساتھ کبھی کبھی ماؤف عضلات اکڑ جاتے ہیں۔ عموماً" یہ درد ادھیڑ عمر میں ہوتا ہے۔ زیادہ تر عورتوں کو یہ مرض لاحق ہوتا ہے۔ مزمن مرض میں ہفتوں یا مہینوں کے بعد درد کا دورہ ہوتا ہے۔ یہ مرض عام طور پر خون کی کمی' کمزوری' فکرات' کثرت جماع' ملیریا کے زہر اور سرد گرم ہو جانے سے ہوتا ہے۔ آتشک' پارہ' سیسے کے زہر اور گنٹھیا کے امراض بھی اس مرض کے اسباب بنتے ہیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ چہرے کے دائیں جانب درد۔ گرمائش سے اور شام چار سے آٹھ بجے تک تکلیف میں اضافہ ہو۔

لائیکوپوڈیم 30 یا 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ سر کی جانب سیلان خون۔ گالوں' چہرے کی ہڈیوں' جبڑوں' کنپٹی یا گردن میں زبردست درد۔

بیلاڈونا 30' تین گھنٹے بعد

☆ بائیں جانب کا درد اعصابہ۔ جلن اور چبھن والا ناقابل برداشت درد۔

سپائی جیلیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ خشک ٹھنڈی ہوا لگ جانے سے اچانک درد شروع ہو جائے۔

اکونائٹ 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ رطوبات ضائع ہو جانے کی وجہ سے۔ وقفے وقفے سے درد اعصاب ہو۔ انتہائی حساسیت اور جلد کی سوجن۔

چائنا 30' تین گھنٹے بعد

☆ رگ یا سانس کے ساتھ لہردار درد۔ دبانے یا سینکنے سے بہتر ہو۔

میگنیشیا فاس 6x یا 30' تین گھنٹے بعد

☆ وقفے وقفے سے ہونے والا درد اعصاب۔ جلن دار درد۔ آنکھوں اور کنپٹی کے آس پاس زیادہ شدید ہو۔ ٹھنڈ سے تکلیف میں اضافہ ہو۔ گرمائش سے بہتر ہو۔

آرسنک البم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ چہرے کا درد اعصاب۔ چہرے کے متاثرہ حصے میں ٹھنڈک اور بے حسی۔ پیاس ندارد۔ شام کے وقت تکلیف بڑھے۔

پلساٹیلا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ صرف چولھے کی گرمی سے درد کو افاقہ ہو۔

میزریم 30' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ شدید اور ناقابل برداشت پھاڑنے والا درد جو کہ زیادہ چہرے کے بائیں جانب ہو اور سر اور کنپٹی کی طرف پھیلے۔ چھونے سے بڑھ جائے۔

کیمومیلا 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ رات کے وقت درد زیادہ ہو۔ معاون دوا۔

سفیلینم 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

بائیو کیمک کی فیرم فاس 6x اور میگنیشیا فاس 6x بھی بہتر ادویات ہیں۔

نوٹ : دوسری ادویات جو مختلف دردوں کے لئے مفید ہیں وہ بھی علامات کے مطابق دی جا سکتی ہیں۔

ورم اعصابہ

Neuritis

(Inflamation of nerves)

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ ورم اعصابہ کے لئے بہترین دوا۔ چوٹ لگنے کی وجہ سے درد اعصابہ۔

ہائپریکم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ لو یا گرمی لگ جانے کی وجہ سے ورم اعصابہ۔ سر کو کھلا رکھنے یا حرکت کرنے سے بہتر ہو۔

گلونائین 3x یا 6' دو گھنٹے بعد

☆ تمتمایا ہوا چہرہ۔ خون کا بہاؤ سر کی طرف۔ تھکن کی وجہ سے درد اعصابہ۔

بیلاڈونا 30' تین گھنٹے بعد

☆ دو اعضاء کے درمیان کی جگہ کے درد اعصابہ کے لئے۔ ہوا اور چھونے سے بہت زیادہ حساس۔

رہٹوکس ٹاکسیکوڈینڈرون 30' چار گھنٹے بعد

☆ کسی فکر یا خوف کی وجہ سے اچانک ہونے والا درد اعصابہ۔ روشنی یا شور سے تکلیف بڑھے۔

اکونائٹ 30 یا 200' دو گھنٹے بعد

☆ رحم کی تکلیفات کی وجہ سے۔ علامات سے مرض ظاہر ہو۔

سیپیا 30' چار گھنٹے بعد

☆ درد اعصابہ جس کو گرمائش اور دبانے سے آرام آئے اور ٹھنڈ سے تکلیف بڑھے۔

میگنیشیا فاس 6x یا 30' چار گھنٹے بعد

----- ✪ -----

لنگڑی کا درد/عرق النسا

Sciatica

(See arthiritis, slipped disk, lumbago etc also)

لنگڑی کا درد عصبی سوزش کی وجہ سے ہوتا ہے۔ کولہے میں ایک سائنٹک نرو' ہوتی ہے۔ چونکہ یہ درد کولہے کی اس نرو سے ٹانگ کی طرف پھیلتا ہے اسی لئے اسے انگریزی میں سائیٹکا درد کہا جاتا ہے۔ یہ درد نہایت تکلیف دہ اور ناقابل برداشت ہوتا ہے کیونکہ اس میں بجلی کا سا کرنٹ لگتا ہے۔ بعض اوقات اس میں جلن بھی ہوتی ہے۔ عام طور پر اس درد کا سبب وٹامن بی کی کمی کو سمجھا جاتا ہے۔ لیکن یہ کثرت سے تمباکونوشی کرنے' چوٹ لگ جانے' پسینے کے بعد ہوا لگ جانے' زیادہ ٹھنڈے مشروبات استعمال کرنے اور سردی لگ جانے سے بھی ہو سکتا ہے۔ اس مرض کے علاج کے ساتھ ساتھ سخت بستر پر آرام کرنا بہت ضروری ہے۔ اس تکلیف میں زیادہ چلنے پھرنے سے پرہیز کرنا چاہئے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ لاتیں تھکن محسوس کریں۔ بائیں جانب کی سرین یا پٹھے میں گولی لگنے کا سا درد۔ کولہے کی ہڈی میں کیل ٹھونکنے کا سا درد۔

یو پی ٹوریم پرفولیم 200 یا 1M' تین گھنٹے بعد

☆ زبردست محنت یا تھکن کے بعد لنگڑی کا درد۔ بستر سخت محسوس ہو۔

آرنیکا مونٹ 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ کبھی درد ہو اور کبھی سن ہو جائے۔ بیرونی سرین یا پٹھے کے ساتھ شدید پھاڑنے والا درد۔ جلن دار درد۔ حرکت کرنے سے بڑھ جائے۔

نفیلیم (Gnaphalium) 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد

☆ ایسے محسوس ہو کہ بائیں کولہے کی نسیں چھوٹی ہو گئی ہیں۔ اس کھچاؤ کی وجہ سے چلتے ہوئے لنگڑانے لگے۔ بیٹھے ہوئے تکلیف میں اضافہ ہو۔ لیٹے ہوئے درد کی شدت میں کمی ہو۔

امونیم میور 200' چار گھنٹے بعد

☆ اعضاء کی کمزوری اور لنگڑا پن۔ ران کے پٹھوں میں خراش اور کھچنے کا احساس۔

کھڑے اور چلتے ہوئے تکلیف میں اضافہ ہو۔ نیچے کی جانب پھیلنے والا درد۔

کالیا لیٹ 200' چار گھنٹے بعد

☆ متاثرہ حصے میں درد ہو اور سن ہو جائیں۔ شدید قسم کا پھاڑنے اور چیرنے والا درد۔ حرکت سے اور رات کو بستر میں تکلیف شدید ہو جائے۔

کیموملا 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد

☆ بائیں ٹانگ کے ہڈی کے ابھاروں میں کیل ٹھوکنے کا سا درد۔ رات کے وقت درد زیادہ شدید ہو خاص طور پر رات ڈھلے صبح کے قریب۔

کالی آیوڈیم 200 یا 1M اور اس سے
بڑی طاقت' ہفتہ وار' چھ مرتبہ

☆ نسوں اور رگوں پر چوٹ لگنے کی وجہ سے سخت اذیت ناک دردیں۔

ہائپریکم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ گھٹنے کے وتر یا بندھن بہت چھوٹے محسوس ہوں۔ اکڑے ہوئے اور کھچے ہوئے محسوس ہوں۔ پاؤں کو حرکت دینے کی خواہش کرے۔ کھلی ہوا میں تکلیف بڑھے اور گرمائش سے افاقہ ہو۔

کاسٹی کم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ بجلی کے جھٹکوں کی طرح کا درد۔ گولی لگنے کا سا درد ران کے بیرونی حصے پر۔ حرکت کرنے کی خواہش کرے۔ لیکن حرکت کرنے سے درد بڑھ جائے۔

فائٹولاکا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ گھٹنے اور کولہوں کے جوڑوں میں پھاڑنے والا درد۔ رات کے وقت زیادہ ہو۔ کثیر پسینہ آئے۔ لیکن اس سے بھی آرام نہ ملے۔

مرک سال 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ چیرنے والے درد۔ جوکہ کولہوں سے ران ٹانگ اور پیر کی طرف جائیں۔ گولی لگنے کے سے درد جس سے تمام ہاتھ پاؤں ہلکے پڑ جائیں۔ اچانک درد شروع ہو۔ ٹھنڈ' حرکت اور چھونے سے تکلیف بڑھے۔ دبانے' گرمائش اور آرام کے دوران افاقہ ہو۔

کالوسنتھ 200 یا 1M' تین گھنٹے بعد

☆ بائیں جانب کا عرق النسا' حرکت شروع کرنے پر زیادہ ہو۔ معمولی یا ہلکی سی حرکت سے کچھ افاقہ ہو۔ دبانے اور سہلانے یا رگڑنے سے بہتر ہو۔ شام' رات کو اور گرم کمرے میں تکلیف میں اضافہ ہو۔ کھلی ہوا میں بہتر ہو۔

کالیا 200 Lat' چار گھنٹے بعد

☆ بھیگنے کی وجہ سے لنگڑی کا درد ہو۔ کوئی چیز اٹھاتے ہوئے زور پڑے۔ سن ہو جائے۔

آرام کے دوران اضافہ ہو۔ ملنے یا رگڑنے سے اور گرمائش سے افاقہ ہو۔ رات کے وقت اور مرطوب موسم یں تکلیف میں اضافہ ہو۔

رہس ٹاکس 200 یا 1M' چھ گھنٹے بعد

☆ درد رات کے وقت زیادہ ہو۔ ذرا سے بھی جھٹکے' اعضاء اور پاؤں نیچے لٹکانے سے اور گرمائش سے بھی تکلیف بڑھے۔

بیلاڈونا 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ کمر کے کسی چھوٹے سے حصے میں درد شروع ہو اور پھر نچلے' دھڑ کی جانب بڑھے اور مریض کو مسلسل تنگ کئے رکھے۔ ٹھنڈ سے تکلیف میں اضافہ ہو۔ مریض ٹھنڈ زیادہ محسوس کرے۔

نکلکیریا 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ متاثرہ عضو جسم کے باقی حصے کی نسبت زیادہ ٹھنڈا ہو۔ درد اوپر کی جانب چڑھے۔ بستر میں جب گرمائی آجائے تو تکلیف بڑھے۔ ٹھنڈی پٹی سے بہتر محسوس کرے۔

لیڈم پال 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد

☆ ڈھانپنے سے آرام آئے اور ٹھنڈ اور حتیٰ کہ ذرا سی بھی ہوا لگنے سے تکلیف میں اضافہ ہو۔

سٹیلنجیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ جلدی جلدی گولی لگنے کے سے درد ہوں۔ نیچے کی جانب بڑھے۔ عضو کو پھیلانے سے بہتر ہو اور حرکت سے بھی افاقہ ہو۔

ڈائس کوریا 30' چار گھنٹے بعد

☆ بہت گہرائی میں اترا ہوا درد۔ آرام کے دوران اور کسی طرح کی رگڑ' خراش یا چوٹ آنے کے بعد تکلیف زیادہ بڑھے۔

روٹا g 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

----- ✪ -----

امراض بول (پیشاب کی تکلیفات)

Affections of Urine

عام طور پر گردہ اور مثانے کی پتھری کی وجہ سے پیشاب کی تکلیفات ہوتی ہیں۔ پیشاب میں البیومن، خون کی آمیزش (Haematuria)، بے ارادہ پیشاب نکل جانا، سوتے میں پیشاب نکل جانا، پیشاب مشکل سے آنا، ورم مثانہ، پیشاب پیدا ہی نہ ہونا (Ischuria) زہر بول، مثانہ کی خارش، سوزش مثانہ، مثانہ کی کمزوری، تشنج مثانہ، وغیرہ پیشاب کے عام امراض ہیں۔ جن کی وجہ سے پیشاب کی بار بار حاجت ہوتی ہے۔ مثانہ اور گردے کے مقام پر درد ہوتے ہیں۔ پیشاب میں پیپ آتی ہے۔ بعض دفعہ پیشاب رک جاتا ہے یا قطرہ قطرہ آتا ہے۔ بعض دفعہ پیشاب کی تکلیفات کی وجہ سے بخار بھی ہو جاتا ہے۔ پیشاب کے امراض کی علامات کے مطابق دوا تجویز کرنے سے مریض صحت یاب ہو جاتا ہے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ صرف لیٹے ہوئے پیشاب کر سکے۔ پیشاب جلدی جلدی اور زیادہ مقدار میں آئے۔

کریازوٹ 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ پیشاب کی نالی میں گدگدی کے ساتھ پیشاب آئے۔

فیرم فاس 6x یا 30، چار گھنٹے بعد

☆ مثانے کے بھراؤ کے ساتھ پیشاب میں رکاوٹ۔

اوپیم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ پیشاب سے پہلے اور بعد میں جلن ہو۔

کینتھرس 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ کسی دوسرے کی موجودگی میں پیشاب نہ کر سکے۔ چلتے ہوئے چھینکتے اور کھانستے ہوئے پیشاب نکل جائے۔

نیٹرم میور 12x یا 30، چار گھنٹے بعد

☆ بخار کی حالت میں نبض اور ٹمپریچر غیر متناسب ہو۔ پیشاب کرنے کی مسلسل حاجت ہو۔

پائیرو جینم 200 یا 1M، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ سرخ ریت، دودھیا اور ریت کے ذرات والا پیشاب۔

لائیکو پوڈیم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ پیشاب ہلکے پیلے رنگ کا گدلا جالے دار۔ جب پیشاب نہ کر رہا ہو تو نالی میں درد ہو۔

نیٹرم کارب 30، چار گھنٹے بعد

☆ بہت زیادہ پیلے یا گہرے بھورے رنگ کا پیشاب۔ غیر شفاف اور گدلا پیشاب۔

کالچی کم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ مثانہ کے گردن کے فالج کی وجہ سے غیر ارادی طور پر پیشاب خارج ہو جائے۔ گدلا پیشاب۔

ڈلکا مارا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ سوزاکی مریض میں پیشاب کی شکایات۔

سفیلنم 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ دوران پیشاب جلن اور خارش۔ پیشاب کے ساتھ رطوبت بھی خارج ہو۔ پیشاب کے بعد قطرے ٹپکتے رہیں۔

پٹرولیم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ مثانہ خالی ہونے سے پہلے پانچ چھ مرتبہ پیشاب رکے۔ رات کے وقت جلدی جلدی یا تھوڑے وقفے کے بعد پیشاب آئے۔

تھوجا 200 یا 1M، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ یوریمیا کی رکاوٹ۔ پیشاب کرنے میں دقت ہو۔

پلمبم میٹلیکم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

یوریمیا : پیشاب کی ایک بیماری جو گردوں کی خرابی یا ان کے کسی نقص کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے۔ یا خود گردے اس نقص کا سبب ہوتے ہیں یا کسی دوسری بیماری کی وجہ سے جو جسم کے کسی اور حصے میں پیدا ہوتی ہے گردے اس سے متاثر ہوتے ہیں۔ پیشاب کی سمیت (پیشاب میں تیزابیت جو کہ زہر آلود ہوتی ہے) اس مرض میں پیشاب بند ہو جاتا ہے۔ اور دوسرے مادے جو پیشاب کے ساتھ خارج ہوتے ہیں۔ (نائٹروجن پر مبنی) اور خون میں موجود ہوں ان کا اخراج بھی ناقابل عمل ہو جاتا ہے۔

☆ پیشاب کرتے ہوئے مثانے کی گردن میں درد محسوس ہو۔ پیشاب کی غیر موثر حاجت ہو۔

نکس وامیکا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ تیز رنگ کا پیشاب۔ بہت آہستہ نکلے۔ پیشاب کرتے ہوئے درد بھری کھچاوٹ ہو۔

میڈورنیم 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ صرف گھٹنوں کے بل بیٹھ کر اور گھٹنے کھلے کر کے بیٹھنے سے پیشاب کر سکے۔

درائرم البم 30' چار گھنٹے بعد

☆ بیٹھے ہوئے یا چلتے ہوئے پیشاب کے قطرے نکل جائیں۔ مریض ٹھنڈی اور کھلی ہوا میں بہتر محسوس کرے۔

پلساٹیلا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ پیشاب سے پہلے' پیشاب کے دوران اور بعد میں جلن اور کاٹنے والے درد محسوس ہوں۔

کنابس انڈیکا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ پیشاب میں البیومن آئے۔ ذرات شامل ہوں اور جالا سا آئے۔ شدید قسم کی بدبو ہو۔ پیشاب میں خون خارج ہو۔

ٹیرے بنتھ Q یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ مثانے میں مسلسل کھچاؤ اور تناؤ ہو۔ پیشاب میں خون آئے۔

مرکیورس کار 30' تین گھنٹے بعد

☆ دن کے وقت وقفے وقفے سے پیشاب آئے۔ زور لگائے بغیر پیشاب نہ کر سکے۔

لیلیم ٹگ 30 یا 200' چار گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ جب بیٹھا ہو تو پیشاب کے قطرے نکل جائیں۔ قلت پیشاب اور جلن کے ساتھ وقفے وقفے سے حاجت محسوس کرے۔ صرف کھڑے ہو کر پیشاب کر سکے۔ پیشاب کے ساتھ گیس بھی خارج ہو۔

سارسا پریلا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ بدبودار پیشاب۔ پیشاب کرتے ہوئے جلن ہو۔

چیمسیا 30 یا 200 چار گھنٹے بعد

☆ جلدی جلدی اور زیادہ مقدار میں پیشاب آئے۔ صرف پاخانہ کرتے ہوئے پیشاب کر سکے۔

میورک ایسڈ 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ پیشاب میں رکاوٹ۔ پیشاب کی رنگت روشنائی کی طرح کی۔ پیلے رنگ کا پیشاب۔ لیموں کے عرق کا سا پیشاب۔

چیلی ڈونیم Q یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ کمزوری کے ساتھ زیادہ مقدار میں پیشاب خارج ہو۔

کلکیریا فاس 6x یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ وقفے وقفے سے پیشاب کی حاجت ہو۔ پیشاب کے اخراج کے لئے بڑی دیر انتظار کرنا پڑے۔

لائیکو پوڈیم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ نوبیاہتا لوگوں کی پیشاب کی شکایات۔ پیشاب کرنے کے بغیر حشفہ میں جلن ہو۔

سٹیفی سیگریا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ پیشاب کرتے ہوئے مریض ٹھنڈ محسوس کرے۔ پیشاب ٹھنڈا اور سخت بدبودار۔

نائٹرک ایسڈ 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ گہرے بھورے رنگ کا پیشاب۔ قلیل مقدار میں۔ امونیا کی سی بو والا۔ تیز اور کاٹنے والا پیشاب۔

ایس فونڈا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ سوائے کھڑے ہوئے کسی طرح بھی پیشاب نہ کر سکے۔ ہر کھانسی کے ساتھ پیشاب نکل جائے۔ آپریشن کے بعد پیشاب میں رکاوٹ ہو۔ عضلہ عاصرہ (کسی چھید یا خارجی راستے کو بند کرنے یا سکیڑنے والا عضو) Sphincter کے فالج کی وجہ سے غیر ارادی طور پر پیشاب نکل جائے۔

کاسٹی کم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ نیند کے ابتدائی دور میں غیر ارادی طور پر پیشاب نکل جائے۔ پیشاب میں سرخ ذرات ہوں جو کہ برتن میں سختی کے ساتھ جم جائیں۔

سیپیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ مریض ہر وقت پیشاب کرتا رہے۔ شدید تیز درد کی وجہ سے مریض اچھل پڑے جیسے اس کے انگوٹھے کے ناخن میں کوئی تیز دھار والا آلہ چبھا دیا گیا ہو۔

سلفر 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ بہت زیادہ تیزابی پیشاب۔ قطروں میں نکلے۔ پیپ کے ساتھ گاڑھا ہو۔ نالی میں چھیلنے والا خراش دار درد ہو۔

آرنیکا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ کمر درد کے ساتھ پیشاب ہو۔ پیشاب کی نالی میں کھچاؤ اور رکاوٹ ہو اور درد ہو۔

کوکوربیٹا (Cucurbita Cit) 30' تین گھنٹے بعد

☆ پیشاب گرم اور چبھنے والا۔ مریض پیشاب کرنے سے پہلے چیخے چلائے۔

بوریکس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ پیشاب ایسا پیلا جیسا یرقان میں ہوتا ہے۔ یسدار پیشاب۔

کروٹیلس h 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ تیز بو والا پیشاب جس میں خون کی آمیزش ہو۔

سلی سائلک ایسڈ 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ پیشاب کی مسلسل حاجت ہو لیکن تھوڑی مقدار میں ہو۔ پیشاب لگنے سے خارش اور جلن ہو۔

مرک سال 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ پیشاب کی ہر قسم کی تکلیف کے لئے معاون دوا۔

مارگن پیور (Morgan pure) 200 یا 1002' پندرھویں روز' تین مرتبہ

☆ مریض کو پیشاب نکلنے کا انتظار کرنا پڑتا ہے۔ پیشاب کی دھار ٹیڑھی یا ترچھی پڑتی ہے۔

ہیپر سلف 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ پیشاب کے اخراج کے بعد بھی ایسا محسوس ہو کہ مثانے میں باقی رہ گیا ہے۔ پیشاب میں چونا ملا ہو اور تار دار ہو۔

کالی بچ 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

بول الدم (پیشاب میں خون آنا)

Hamaeturia

اس مرض میں پیشاب سے پہلے یا بعد میں یا پیشاب میں ملا ہوا خون آتا ہے۔ بعض اوقات خالص خون بھی آجاتا ہے۔ جب خون پیشاب میں ملا ہوا اور سیاہی مائل آئے تو یہ کہا جاتا ہے کہ خون گردے سے آیا ہے۔ پیشاب کے آخری حصے میں آنے والا خون مثانے سے آتا ہے۔ بعض بخاروں مثلاً ملیریا وغیرہ میں بھی کبھی کبھار خونی پیشاب آجایا کرتا ہے۔ غدہ قدامیہ اور نائزہ کے بعض امراض کی وجہ سے بھی پیشاب میں خون آتا ہے۔ بعض لوگوں کو خونی پیشاب آنے کی وجہ شدید سردی ہو تو مریض کو پہلے جاڑا لگتا ہے۔ وہ کانپتا ہے پھر پیشاب کے ساتھ خون آتا ہے۔ مثانہ سے چل کر آلہ تناسل سے گذر کر حشفے تک آنے والی نالی' سے خون آئے تو پیشاب کے بغیر اور قطرہ قطرہ ٹپکتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ زبان صاف ہو۔ مسلسل متلی ہو۔ پیشاب میں چمکدار خون شامل ہو۔

اپی کاک Q یا 30' تین گھنٹے بعد

☆ ٹھنڈ محسوس کرنے والا مریض۔ کمر میں درد اور حشفہ میں تیز درد۔ بواسیر کو اچانک روک دیا گیا ہو۔ بہت زیادہ شراب اور سپرٹ وغیرہ سے بنی چیزیں پینے والا مریض۔

نکس وامیکا 30' چار گھنٹے بعد

☆ بخار اور بے چینی کے ساتھ چمکدار خون پیشاب کے ساتھ نکلے۔ تکلیف کے ابتدائی دور کے لئے۔

اکونائٹ 30 یا 200' دو گھنٹے بعد

☆ اچانک بڑی تیزی سے خون جاری ہو جائے۔ چمکدار سرخ خون اور لوتھڑے۔

ایری گیرون (Erigeron) Q 7-5 قطرے' تین گھنٹے بعد

☆ مریض ٹھنڈی یخ چیزیں کھانا پینا پسند کرے۔ گردے اور پتے میں درد۔ جلن کے ساتھ خون ملا پیشاب آئے۔

فاسفورس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ گردے' مثانے یا حشفے سے خون کا اخراج۔ پیشاب میں ریت کے سے سرخ ذرات۔

اوسی مم کینائنم (Ocimum Can) 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ کسی مشینی چوٹ یا سوزش کی وجہ سے پیشاب کی نالی میں خراشدار درد۔

آرنیکا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ معمول سے کم ٹمپریچر کے ساتھ کسی بھی تکلیف اور بے چینی کے بغیر خون آئے۔

چائنا سلف 30، چار گھنٹے بعد

☆ مثانہ کا دباؤ گردے کی طرف بڑھے۔ پیشاب میں کالی رنگت کے ذرات۔ گردے سے خون آئے۔

ٹیر-بنتھ (Terebinth) Q 7-5 قطرے، تین گھنٹے بعد

☆ پیشاب قطرہ قطرہ آئے۔ پیشاب کے دوران، بعد اور پہلے جلن دار درد کے ساتھ۔ پانی پینے کے بعد زیادہ تکلیف ہو۔

کینتھرس 30، چار گھنٹے بعد

☆ سیاہی مائل خون۔ خون کے لوتھڑے۔ زیادہ خون نکل جانے کے سبب مریض بے ہوش ہونے لگے۔ پنکھا کرانا پسند کرے۔

چائنا Q یا 6، آدھے گھنٹے بعد

☆ پیشاب میں اینٹ کے سے سیاہ موٹے ذرات۔ پیشاب رک جائے۔ بعض اوقات یہ دوا پیشاب اتارنے والی نالی کا متبادل بھی ثابت ہوتی ہے۔

تھیلسپی (Thalaspi b.p.) Q یا 6

7-5 قطرے، چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی فیرم فاس 3x اور کالی فاس 6x تین گھنٹے بعد دینا فائدہ مند ہے۔

پیشاب نکل جانا

Bed wetting/Enuresis

اس مرض میں غیر ارادی طور پر پیشاب نکل جاتا ہے۔ اکثر اوقات رات کے وقت ایسا ہوتا ہے۔ کبھی کبھی دن کے وقت بھی یہ شکایت ہو سکتی ہے۔ یہ مرض عام طور پر بچوں اور بوڑھوں کو زیادہ ہوتا ہے۔ اگرچہ یہ مرض مہلک نہیں ہے لیکن اس کے سبب پریشانی اور شرمندگی بہت ہوتی ہے۔

اس مرض کا اصل سبب مثانہ کی کمزوری ہے۔ ایسومنا اور ذیابیطس کی وجہ سے بھی یہ شکایت ہو جاتی ہے۔ مثانہ کی پتھری کی وجہ سے بھی پیشاب قطرے قطرے آنے لگتا ہے۔ رات کو سردی لگنا اور نقص ہاضمہ بھی اس مرض کا سبب ہو سکتے ہیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ مریض خواب میں پیشاب خارج کر کے جاگ اٹھے۔
لیک کینیئم 200' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ رات کے پہلے حصے میں غیر ارادی طور پر پیشاب خطا ہو جائے۔
کاسٹیکم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ کیڑوں کی وجہ سے بستر میں پیشاب نکل جائے۔
سائنا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ اعصابی مریضوں میں جبکہ کاسٹی کم ناکام ہو جائے۔
جیلسی میم 30' چار گھنٹے بعد

☆ عام اور ڈراونے خواب کے ساتھ پیشاب نکل جانے کی عادت۔
ایکوی سٹیم (Equisetum) 30' چار گھنٹے بعد

☆ زیادہ ٹھنڈ محسوس کرنے والا مریض۔ سونے کے فوراً بعد بستر میں پیشاب نکل جائے۔
سیپیا 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ نیند کے دوران غیر ارادی طور پر پیشاب نکل جائے۔ اکیلے ہونے کے ڈر سے پیشاب خارج ہو جائے۔ فکر یا پریشانی سے پیشاب خطا ہو جائے۔
لائیکوپوڈیم 30 یا 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ موٹے اور پلپلے بچے بستر میں پیشاب کر دیں۔ پسینہ جلدی سے آ جائے اور ٹھنڈ سے جلد متاثر ہونے کی رغبت رکھیں۔

کلکیریا کارب 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد

☆ مخصوص جگہ پر پیشاب کرنے کے خواب کے ساتھ گہری نیند میں بستر بھگو دیں۔ دانت کا ناسور بھی ہو۔

کریازوٹ 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' چھ مرتبہ

☆ بستر میں پیشاب کر دینے کی عادت۔ چیچک کے مرض کے بعد پیشاب کی تکلیف بڑھ جائے۔ گرم مزاج مریض۔ طبیعت اور تکلیف میں تبدیلی آتی رہے۔ پیاس بالکل اڑ جائے اور کھلی ہوا کی خواہش کرے۔

پلساٹیلا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' چھ مرتبہ

☆ مکمل چاند کی راتوں میں بستر گیلا کر دے۔ جب تمام منتخب دوائیں ناکام ہو جائیں اور مریض خارش زدہ ہو۔

سورینم 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ مخصوص وزن سے کم پیشاب۔ تیز بو۔ نیند کے دوران کئی مرتبہ پیشاب کردے۔

ابسنڈ بیئز 3 یا 6' چار گھنٹے بعد

☆ عسرالبول (قطرہ قطرہ پیشاب) مثانے کی کمزوری۔ مثانے میں درد۔

میگنیٹس پال اوسٹرل

'200 (Magnetis Pol Austral)

ہفتہ وار' تین مرتبہ

بائیو کیمک کی کلکیریا فاس 6x کالی فاس 6x اور نیٹرم فاس 6x چار چار گھنٹے بعد دینا مفید ہے۔

بول زلالی' البیومن (پیشاب میں لیسدار مادہ)

Albuminuria

بول زلالی خود سے کوئی مرض نہیں بلکہ یہ بعض دوسرے امراض مثلاً" گردہ کی پتھری' گردہ میں رسولی' ورم گردہ وغیرہ کی علامت ہے۔

اس مرض میں پیشاب کے ساتھ البیومن خارج ہوتی ہے۔ یہ مادہ حیوانات و نباتات کی ساخت میں پایا جاتا ہے۔ انڈے کی سفیدی خالص البیومن ہوتی ہے۔ یہ مادہ عضلات' ہڈیوں اور دیگر اعضاء وغیرہ کی ساخت کے لئے ضروری ہوتا ہے۔

اس مرض میں کبھی قبض ہو جاتا ہے اور کبھی دست آنے لگتے ہیں۔ ہاضمہ ناقص ہوتا ہے۔ جی متلاتا ہے۔ دل دھڑکتا ہے۔ مریض کو رات کے وقت کئی مرتبہ پیشاب کے لئے اٹھنا پڑتا ہے۔ جسم کی رنگت پھیکی پڑ جاتی ہے اور مریض کمزور و لاغر ہو جاتا ہے۔ نتیجتاً" استسقا ہو جاتا ہے۔

یہ مرض بعض امراض کے دوران بھی ہو جایا کرتا ہے مثلاً" خناق' سرخ بخار اور دوران حمل۔ زیادہ البیومن والی اشیاء کھانے سے بھی یہ مرض ہو جاتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ جبکہ پیشاب میں خون بھی شامل ہو اور لیسدار مادہ بھی۔ نظام عصبی اور دماغ میں ہلکا درد اور ماؤف ہونے کی سی کیفیت ہو۔ دماغی دھندلاپن ہو۔ کمزوری ہو اور چکر آئیں۔
زنکم فاس 30' ہر چار گھنٹے بعد

☆ پیشاب جلد جلد آئے۔ جتنے میں پیشاب کے شروع میں جلن ہو۔ پیشاب سیاہی مائل اور تھوڑا سا ہو اور اس میں خون کی ملاوٹ ہو۔

مرکیور سال 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ مقدار میں تھوڑا۔ گاڑھے رنگ کا اور ذرات سے بھرا ہوا پیشاب۔ جب پیشاب کیا جائے تو جلن اور خراش ہو۔ پیاس نہ لگے۔ گرمی سے تکلیف میں اضافہ ہو۔

ایپس ملفیکا 30 یا 200' ہر چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ پیشاب میں البیومن یا خون کے قطرے شامل ہوں۔ دوران پیشاب جتنے میں جلن اور پھاڑنے والا درد ہو۔

ٹیرے بنتھ (Terebinth) Q 5 تا
10 قطرے' ہر چار گھنٹے بعد

☆ پیشاب میں خون اور چونے کی آمیزش ہو۔ صاف اور بدبودار ہو اور اس میں فاسفیٹ بھی ہو۔

ہیلونیاس Q (Helonias) 5 تا 10
قطرے، ہر چار گھنٹے بعد

☆ خون کی آمیزش والا گدلا گدلا پیشاب۔ مقدار میں تھوڑا۔ پیشاب کرتے ہوئے حشفہ میں شدید جلن۔

کینتھرس 30، ہر چار گھنٹے بعد

☆ گدلا پیشاب، بدبودار جس میں لیسدار تار والی رطوبت ہو اور خون بھی شامل ہو۔ پیشاب گزارنے میں مشکل پیش آئے۔

چیمافلا امب
(Chimaphila Umb) Q، 5 تا 10
قطرے، ہر چار گھنٹے بعد

☆ پیشاب میں گدلا پن جس کی رنگت بھوری سی ہو۔ اس میں تلچھٹ یا گاد ہو اور پیشاب میں خون کی آمیزش ہو۔ برف کی طرح ٹھنڈے پانی کی خواہش پائی جائے۔

فاسفورس 30 یا 200، ہر چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ پیشاب مقدار میں تھوڑا، گہرے رنگ کا، پیپ ملا، خون آلود، بھورا۔ سیاہی مائل جس میں البیومن شامل ہو۔ کھانے کی خوشبو سے مریض کی تکلیف میں اضافہ ہو۔

کالچی کم 30 یا 200، ہر چار گھنٹے بعد

☆ پیشاب جلدی جلدی آئے۔ مقدار میں تھوڑا ہو۔ گہرے رنگ کا کافی کی طرح۔ مثانہ میں اکڑاہٹ ہو۔

ہیلے بورس (Helleborus) Q یا
30، ہر چھ گھنٹے بعد

☆ دبے ہوئے سوزاک کی ہسٹری کے ساتھ۔ درد کے ساتھ آہستہ آہستہ پیشاب خارج ہو۔

میڈورینم 200 یا 1M، ہر 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ خون کی آمیزش والا پیشاب جبکہ گٹھیا بھی ہو۔ حمل کے دوران۔

مرکیورس سال 200 یا 1M، ہر چھ گھنٹے بعد

علامات کے مطابق متعلقہ دوا کے ساتھ ساتھ
بائیو کیمک کی کالی فاس 6x دینا بھی مفید ہے۔

ذیابیطس

Diabetes

(پیشاب میں شوگر بھی دیکھئے)

بچوں کو عموماً" یہ مرض نہیں ہوتا بلکہ پچیس تیس برس کی عمر کے بعد ہوتا ہے۔ عورتوں کی نسبت مردوں کو یہ مرض زیادہ ہوتا ہے۔ کبھی کبھار یہ مرض موروثی بھی ہوتا ہے۔ اس مرض میں پیشاب میں گلوکوز یعنی شکر خارج ہوتی ہے اور بعض دفعہ خون میں بھی شکر کی مقدار بڑھ جاتی ہے۔

اس مرض کی پانچ خاص علامات ہوتی ہیں یعنی پیشاب بار بار آتا ہے' پیشاب کی مقدار زیادہ ہوتی ہے' پیشاب میں شکر خارج ہوتی ہے' شدید پیاس لگتی ہے' منہ خشک رہتا ہے اور بھوک زیادہ لگتی ہے۔ اس کے علاوہ مریض کے منہ کا ذائقہ میٹھا رہتا ہے۔ مسوڑھے پھول جاتے ہیں اور درد کرتے ہیں۔ مریض کی جلد خشک ہو جاتی ہے۔ چکر آنے لگتے ہیں۔ مریض ست اور چڑچڑا ہو جاتا ہے۔ موتیے کا عارضہ ہو کر بینائی میں نقص آ جاتا ہے۔

اس مرض کی دو اقسام ذیابیطس شکری اور ذیابیطس سادہ ہوتی ہے۔ جب یہ مرض زیادہ میٹھا اور نشاستہ دار اشیاء کھانے اور انتڑیوں کے نقص کی وجہ سے ہوتا ہے تو اسے ذیابیطس موزی کہتے ہیں اور جب یہ مرض جگر کی خرابی یعنی کھانے پینے میں بدپرہیزی یا شراب خوری کی وجہ سے ہو تو اس کو ذیابیطس جگری کہتے ہیں۔ جب یہ مرض زیادہ دماغی محنت یا کثرت مجامعت یا سر یا ریڑھ پر کسی صدمے کے نتیجے کی وجہ سے ہو تو اسے ذیابیطس عصبی کہا جاتا ہے۔

مرض شدید ہو جانے کی صورت میں سخت کمزوری ہو جاتی ہے۔ پھوڑے پھنسیاں اور کار بنکل نکلنے لگتے ہیں۔ ایگزیما ہو جاتا ہے۔ مرض سل اور نمونیہ بھی ہو جاتا ہے اور آخر کار شدید کمزوری کی وجہ سے موت بھی واقع ہو جاتی ہے۔ مردوں میں قوت باہ کمزور ہو جاتی ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ عام کمزوری' بہت مقدار میں پانی پینے کی پیاس۔ جلد جلد کثرت سے پیشاب آئے۔ بار بار پھوڑے پھنسی ہوں جن میں خارش اور جلن ہو۔ ذیابیطس' خارش' جلن اور درد۔

سیفلانڈرا انڈیکا

10-5 'Q (Cephalandra Ind)

قطرے' چار گھنٹے بعد

☆ بلڈ شوگر کے لئے بہت ہی موثر دوا۔

سائزی جیم جام
10-8 'Q (Syzgium J) قطرے'
چار گھنٹے بعد

☆ بغیر پیاس کے منہ خشک۔ رات کے وقت بہت مقدار میں پانی پینے کی پیاس۔ غیر ارادی طور پر پیشاب نکل جائے۔ لاتوں میں کمزوری۔ آرام اور دبانے سے بہتر محسوس کرے۔

سلفونا مائڈ (Sulphonamide) 30'
چار گھنٹے بعد

☆ لاغری کے ساتھ ذیابیطس۔

یورینم میٹلیکم 3x' چار گھنٹے بعد

☆ ذیابیطس شدید پیاس کے ساتھ۔ مریض تکلیف سے گھل رہا ہو۔ مایوس اور پژمردہ' قبض۔

نیٹرم میور 12x یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ منہ خشک' پیاس بڑھی ہوئی۔ رات کے وقت بار بار پیشاب آئے۔ پیشاب کثیر' پیشاب کرنے کے بعد کمزوری ہو جائے۔ عام کمزوری اور لاغری۔ اندام نہانی میں بغیر کسی ابھار کے سخت خارش۔

جائمنیما (Gymnema) 10-5 'Q
قطرے' چار گھنٹے بعد

☆ جب ذیابیطس اعصابی کمزوری کی وجہ سے ہو۔ سخت کمزوری' بے حسی کی کیفیت' عام کمزوری خاص طور پر مردوں میں۔

ایسڈ فاس Q یا 6' چار گھنٹے بعد

☆ معاون دوا۔

میڈورینم 200 یا 1M' پندرھویں دن'
تین مرتبہ

بائیو کیمک کی نیٹرم سلف 12x یا 30 اور بائیو کیمی نیشن نمبر 7
چار گھنٹے بعد دینا بھی بہت فائدہ مند ہے۔

مشت زنی (مردانہ) جلق

Masturbation (Male)

عام طور پر جذبات سے مغلوب ہو کر نوبالغ لڑکے مشت زنی یا جلق کی بدعادت اختیار کر لیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے قوت حیات کمزور ہو جاتی ہے۔ خام منی ضائع ہونے سے جسم کی بالیدگی رک جاتی ہے۔ قویٰ کمزور ہو جاتے ہیں۔ آلہ تناسل ٹیڑھا ہو جاتا ہے۔ ایستادگی کی قوت کم ہو جاتی ہے۔ آلہء تناسل ذکی الحس ہو جاتا ہے۔ ذرا سی شہوت سے بھی منی خارج ہو جاتی ہے۔ سرعت انزال' احتلام' جریان اور ضعف باہ کی وجہ سے قوت مردمی کمزور پڑ جاتی ہے۔ مریض ست و کاہل ہونے لگتا ہے۔ طبیعت میں افسردگی اور غمگینی آجاتی ہے۔ حوصلہ پست اور ہمت کم ہو جاتی ہے۔ مجلس میں بیٹھنے سے گریز کرنے لگتا ہے۔ محفلوں میں جاتے ہوئے شرماتا ہے۔ چہرہ زرد اور آنکھیں بے نور ہو جاتی ہیں۔ دل کی دھڑکن تیز ہو جاتی ہے۔ نظر کمزور ہونے لگتی ہے۔ آنکھوں کے گرد حلقے پڑ جاتے ہیں۔ غرض یہ کہ زندگی کی تمام رونقوں اور خوشیوں سے محروم ہو جاتا ہے۔ اگر یہ بری عادت نہ چھوڑی جائے اور مناسب علاج نہ کیا جائے تو مرگی اور رعشہ کی تکلیفات حتیٰ کہ پاگل پن اور جنون کے امراض کا شکار ہو جاتا ہے۔ بعض دفعہ خود کشی تک پر آمادہ ہو جاتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ رات کے وقت احتلام۔ یادداشت کمزور ہو جائے اور ہر وقت افسردہ رہے۔ وہم اور مراق یا مالیخولیا۔ کمر میں درد۔ لاتیں کمزور۔ چہرہ لٹکا ہوا۔ چہرے سے شرمندگی ٹپکے۔ ملزم یا مجرم سا۔ چہرے پر غلط کاری کے آثار۔ پرانا مشت زنی کا مرتکب۔

سٹیفی سیگریا 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ مریض تیزی سے بڑھے اور بہت لمبا ہو جائے۔ بلوغت سے پہلے ہی مشت زنی شروع کر دے جس کی وجہ سے کمزوری اور بداثرات ہوں۔ ناجائز حرکت پر کنٹرول نہ کر سکے۔

فاسفورک ایسڈ 6 یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ سوتے میں مشت زنی کی عادت۔ احساس برتری۔

پلاٹینا 1M' پندرھویں روز' تین مرتبہ

☆ ٹھنڈ محسوس کرنے والا مریض جس کو قبض کی شکایت بھی ہو۔ صبح کو سو کر اٹھنے پر تھکا ماندہ۔

نکس وامیکا 200 یا 1M' چھ گھنٹے بعد

☆ دماغی اور جسمانی طور پر تھکا ماندہ۔ دماغ میں دھند لاپن۔ تمام جسم میں تھکن اور بھاری پن کا احساس۔ خاص طور پر ہاتھ پاؤں میں۔ مشت زنی کے اثرات بد۔

پکرک ایسڈ 30' چار گھنٹے بعد

☆ مشت زنی سے بہت زیادہ منی ضائع ہو جانے کی وجہ سے کمزوری۔ چہرہ زرد اور بیمار کا سا۔ آنکھیں اندر کو دھنسی ہوئی جن کے گرد نیلے اور گہرے حلقے پڑے ہوں۔ چہرے کا رنگ پیلا ہلدی کی طرح۔ پسینہ بہت زیادہ اور کمزور کر دینے والا۔ ذرا سی محنت سے بھی پسینہ آجائے۔

چائنا 6 یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ مشت زنی کے عمل کی وجہ سے خود کو ملزم سا سمجھے۔ اور مایوس اور متاسف ہو۔ بہت زیادہ تھکن اور کمزوری۔ اعصابی کمزوری کی وجہ سے لڑکھڑائے۔

فاسفورس 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ جنسی طاقت کمزور پڑ جائے یا کم ہو جائے۔ مشت زنی کی بڑھی ہوئی خواہش۔ مشت زنی کے بعد مایوسی اور تاسف۔ تھکن اور اعصابی ڈھیلا پن۔

کلکیریا کارب 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ مشت زنی کے اثرات بد۔ نامردی اور کمزوری۔ چلتے ہوئے لڑکھڑائے۔ سیدھا اور ٹھیک طور سے نہ چل سکے اور نہ کھڑا ہو سکے۔ لاتیں کمزور ہو جائیں۔ اونگھنا شروع کر دے جیسے نیند آرہی ہو۔ ذہنی اور دماغی صلاحیتیں کمزور پڑ جائیں۔ یادداشت قریباً ختم یا کمزور ہو جائے۔

کالی برومائڈ 30' چار گھنٹے بعد

☆ معاون دوا۔ جنسی خیالات آئیں اور مشت زنی کی طرف رغبت ہو۔

سلفر 200 یا 1M' پندرھویں روز' تین مرتبہ

بائیو کیمک کی کلکیریا فاس 3x اور نیٹرم میور 12x بھی مفید ادویات ہیں۔

جریان منی

Spernatorrhoea

Involuntary discharge of semen

(See seminal Emissions also)

نائزہ سے بلا ارادہ منی خارج ہونے کو جریان منی کہا جاتا ہے۔ یہ عام طور پر رات کے وقت سوتے میں ہوتا ہے۔ آلہء تناسل کی خراش کی وجہ سے بھی یہ مرض لاحق ہوتا ہے۔ مشت زنی اور کثرت جماع کی وجہ سے جریان منی کی شکایت پیدا ہو جاتی ہے۔ جریان منی زیادہ ہو جانے سے مریض سست اور کاہل ہو جاتا ہے۔ پیشاب کے دوران جلن ہونے لگتی ہے۔ پیشاب زیادہ آنے لگتا ہے۔ مریض چڑچڑا ہو جاتا ہے۔ کمر میں درد اور چکر آنے لگتے ہیں۔ جسمانی اور دماغی کمزوری ہو جاتی ہے۔ ہاضمہ خراب اور قبض ہو جاتا ہے۔ مریض تنہائی پسند اور غمگین و افسردہ ہو جاتا ہے۔ بعض اوقات خودکشی تک پر آمادہ ہو جاتا ہے کیونکہ وہ زندگی کی لذتوں سے محروم ہو جاتا ہے۔ جماع کی شہوت کم ہو جاتی ہے یا بالکل زائل ہو جاتی ہے۔ مرض شدت پکڑ جائے تو ہلکی سی تحریک' حتیٰ کہ شلوار کی رگڑ یا خراش اور جنسی خیالات تک سے منی خارج ہونے لگتی ہے۔ صحت مند اور کنوارے لوگوں کو ایک ماہ میں ایک یا دو مرتبہ منی خارج ہو جانے میں کوئی حرج نہیں البتہ مہینے میں کئی مرتبہ یا روزانہ خواب میں یا ایستادگی اور پیشاب پاخانہ کرنے کے دوران منی کا اخراج نہایت مہلک ہوتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ سوزاک کے دبائے جانے کی وجہ سے۔ معاون دوا۔

میڈورینم 200 یا 1M' پندرھویں روز' تین مرتبہ

☆ اعضاء تناسل ٹھنڈا اور ڈھیلا۔

ایگنس کاسٹس Q یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ اکثر اوقات نیند میں احتلام ہو جائے۔ عیاشی کے خواب میں منی خارج ہو یا احتلام ہو۔

فاسفورس 30 یا 200' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ جنسی اور اشتعال انگیز خوابوں میں احتلام۔ شدید اعصابی انگیخت۔

زنکم فاس 30' چار گھنٹے بعد

☆ کمزوری کی وجہ سے جریان منی۔ جنسی بے راہ روی کی وجہ سے احتلام ہوتا رہے۔

فاسفورک ایسڈ Q یا 6' چار گھنٹے بعد

☆ جب پاخانہ کرنے کے لئے زور لگائے تو غدودی رطوبت (منی) ٹپکنے لگے۔

کلکیریا سلی کاٹا 30' چھ گھنٹے بعد

☆ بوڑھے کنوارے یا غیر شادی شدہ لوگوں کا جریان منی۔

کونیم میک 200' پندرھویں روز' تین مرتبہ

☆ سورا کے مریضوں کے لئے۔ صبح کے وقت ایستادگی ہو اور احتلام ہو۔ معاون دوا۔

سورینم 200 یا 1M' پندرھویں روز' تین مرتبہ

جریان/احتلام/سرعت انزال

Seminal Eemission/Ejeculation

(See spermanorrhoea also)

احتلام سے مراد رات کو خواب کے ساتھ منی کا اخراج ہے۔ ایک صحتمند آدمی کو مہینے میں ایک یا دو مرتبہ ایستادگی کے ساتھ اخراج منی ہو جانے میں کوئی حرج نہیں اور اس سے کسی قسم کی تھکن کمزوری اور لاغری نہیں ہوتی۔ مگر اکثر یا بہت مرتبہ احتلام ہونا مرض کی علامت ہے جس کے نتیجے میں چہرہ زرد ہو جاتا ہے۔ آنکھیں اندر کو دھنس جاتی ہیں۔ بھوک نہیں لگتی۔ سانس پھولنے لگتا ہے۔ غرض یہ کہ ذہنی اور جسمانی طور پر مریض کمزور ہوتا جاتا ہے۔ اس مرض کے اسباب مشت زنی' پراگندہ خیالی' فحش لٹریچر کا پڑھنا' بری صحبت میں بیٹھنا' مسالے دار اور گرم اشیاء زیادہ استعمال کرنا وغیرہ وغیرہ ہیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ لیموں کی رنگت کا سا اخراج۔

ہرا برازیل 30 یا 200' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ سرخ بھورے رنگ کا اخراج۔

فلورک ایسڈ 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ مباشرت کے دوران ناکامی اور اخراج۔

گریفائٹس 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ اچانک اور ایک دم اخراج۔

فاسفورس 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ دودھیا اور بدبو والا اخراج۔

لیکے سس 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ رات کے وقت خون ملا اخراج۔

مرکیورس سال 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ ایستادگی درد بھری' ایستادگی سے پہلے ہی اخراج۔

سلفر 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ غیر معمولی یا بغیر بدبو کا اخراج۔

سلینیم 30 یا 200' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ مباشرت کے دوران ٹھنڈا اخراج۔

نیٹرم میور 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ یسدار اخراج۔

سٹیفی سیگریا 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ جلدی یا دیر سے اخراج۔ .

کلکیریا کارب 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ بہت جلدی یا مشکل سے اخراج۔

زنکم میٹلیکم 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ جھاگ دار اخراج۔

میورک ایسڈ 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ باسی پیشاب کی طرح کا اخراج۔

نیٹرم فاس 200' ہفتہ وار' تین مرتبہ

جنسی خواہش (مردانہ)

Sexual Desire (Male)

جنسی خواہش ہونا انسانی جبلت میں شامل ہے لیکن اس کا ضرورت سے زیادہ یا غیر معمولی ہونا یا کمزور یا بالکل نہ ہونا مرض کی علامت ہے۔ جنسی خواہش کی نوعیت اور کیفیت اور اس کے بڑھنے گھٹنے کے اسباب مختلف ہوتے ہیں۔ تاہم عام حالات میں جنسی خواہش میں اعتدال ہونا چاہئے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ شدید جنسی خواہش۔ پانی سے خوف کھائے۔

لائسن 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ صبح کے وقت شدید جنسی خواہش ہو۔

انثم کروڈم 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ ہذیان کے دوران زیادہ جنسی خواہش ہو۔ اندھیرے سے ڈر لگے۔

سٹراموینم 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ جنسی خواہش کم ہو جائے یا بالکل نہ رہے۔

لائیکوپوڈیم 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ شدید جنسی خواہش ہو۔ کنٹرول نہ کر سکے۔ کانپنے لگے۔

پلاٹینا 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ شدید جنسی خواہش ہو جس کی وجہ سے نیند میں خلل پیدا ہو۔

کینتھرس 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ نفسانی خواہش بڑھانے والی چیزیں اور تصویریں دیکھنے سے جنسی خواہش بڑھے۔

ٹیرنٹولا 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ پٹھوں میں کھچاؤ والے مریض میں جنسی خواہش زیادہ ہو۔

ورانڑم ورائڈ 200 یا 1M' ہفتہ وار'
تین مرتبہ

☆ شدید جنسی خواہش ہو اور آسانی سے جذباتی ہو جائے۔

زنکم میٹلیکم 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین
مرتبہ

☆ بہت زیادہ جماع کرنے کے بعد بھی شدید جنسی خواہش ہو۔

فاسفورک ایسڈ 200 یا 1M' ہفتہ وار'
تین مرتبہ

☆ جنسی بے راہ روی کی وجہ سے خواہش کم ہو جائے۔

سٹینی سگریا 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین
مرتبہ

☆ بچوں یا بوڑھوں میں شدید جنسی خواہش ہو۔

برٹا کارب 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین
مرتبہ

☆ سخت اور شدید ایستادگی کے ساتھ بہت زیادہ جنسی خواہش۔

فلورک ایسڈ 200 یا 1M' ہفتہ وار'
تین مرتبہ

☆ بغیر ایستادگی شدید جنسی خواہش۔

کیلیڈیم 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین
مرتبہ

Scanned by CamScanner

ایستادگی/مباشرت

Erections & Coition

(See the male ailments also)

سخت ایستادگی قوت مباشرت کی علامت ہے۔ اگر اس میں کوئی نقص ہو تو مرد کو سخت شرمندگی اٹھانا پڑتی ہے۔ جلق اور کثرت مجامعت وغیرہ کی وجہ سے انتشار اور ایستادگی میں کمی آجاتی ہے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ کھڑے ہوئے ایستادگی ہو۔ درد ہو۔ مباشرت کے بعد درد۔

ایسڈ فاس 30، چار گھنٹے بعد

☆ پیشاب روکنے کے ساتھ ایستادگی ہو جائے۔

کالوسنتھ 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ جب بیٹھا ہو تو ایستادگی ہو جائے۔

کینابس انڈیکا 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ نامکمل ایستادگی۔ مباشرت کے دوران۔ مباشرت کی خواہش کم ہو جائے یا ختم ہو جائے۔

لائیکوپوڈیم 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ موٹے، پلپلے اور ٹھنڈ محسوس کرنے والے مریض کو ایستادگی کی ضرورت ہو۔

کلکیریا کارب 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ خواب میں احتلام کے بعد ایستادگی۔

نائٹرک ایسڈ 200، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ رات دن ایستادگی۔ رات کو مباشرت کے دوران نامکمل ایستادگی۔ جبکہ خواہش شدید ہو زبردست ایستادگی۔

فاسفورس 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ ٹھنڈے کمرے میں ننگی حالت میں زبردست ایستادگی۔

لائسن (Lyssin) 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ صبح کے وقت زبردست ایستادگی۔ مباشرت کے دوران اعضاء تناسل ڈھیلا پڑ جائے۔

نکس وامیکا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ ایستادگی کی کپکپی اور شدید خواہش کے ساتھ۔ یا تاخیر سے ایستادگی۔ ایستادگی کی ضرورت۔

بریٹا کارب 200، ہفتہ وار، چھ مرتبہ

☆ زبردست ایستادگی۔ غصیارہ مریض۔ دوسروں کو حقیر سمجھنے والا۔

پلاٹینم 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ پیشاب کرنے کی حاجت کے ساتھ ایستادگی۔

رہس ٹاکس 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ بہت زیادہ جذبات۔ ایستادگی درد کے ساتھ۔

کینابس سٹیوا 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ نیند کے دوران سخت، زبردست اور بہت ایستادگی۔

فلور ایسڈ 200، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ ایستادگی کمزور۔ عضو ٹھنڈا اور ڈھیلا۔ خواہش ختم ہو گئی ہو۔

اگنس کاسٹس 30 یا 200، چھ گھنٹے بعد

☆ صبح کے وقت ایستادگی۔

امونیم کارب 200، چھ گھنٹے بعد

☆ چلنے پر ایستادگی۔ مباشرت کے دوران درد۔

ہیپر سلف 30 یا 200، چھ گھنٹے بعد

☆ رفع حاجت کرتے ہوئے بغیر جنسی خواہش کے ایستادگی۔

تھوجا 200 OC یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ صرف نیم خوابی میں ایستادگی۔ ایستادگی کی کمی۔

کیلاڈیم (Caladium) 30 یا 200، چھ گھنٹے بعد

☆ مباشرت کے بعد ایستادگی۔

سیپیا 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ دوران مباشرت نامکمل ایستادگی۔ دیر سے ایستادہ ہو۔ پاخانہ قبض کے ساتھ۔ مریض موٹاپے کی طرف راغب ہو۔

گریفائٹس 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ نفسانی خواہشات سے متعلق سوچتے ہوئے ایستادگی۔ زبردست اور سخت ایستادگی سر درد کے ساتھ۔

پکرک ایسڈ 30، چار گھنٹے بعد

☆ جب مباشرت کی سعی کرے تو ایستادگی ختم ہو جائے۔

ارجنٹم نائٹریکم 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ بار بار ایستادگی۔ پروسٹیٹ غدود کی رطوبت کے بغیر۔

پلساٹیلا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ درد کے ساتھ ایستادگی۔ رات کے وقت بہت زیادہ جاگنے کے دوران سخت اور زبردست ایستادگی۔

کینتھرس 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ خصیوں کے ٹھنڈے ہونے کے ساتھ ایستادگی۔

کیپسی کم 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ معاون دوا۔

سورینم 200، ہفتہ وار، تین مرتبہ

اعضاء تناسل کی خارش/کھجلی

(مردانہ/زنانہ)

Pruritus

Itching of genital organs

(See itching also)

مردانہ اعضاء تناسل پر اور عورت کی شرمگاہ میں بعض دفعہ شدید خارش ہوتی ہے۔ مردانہ اعضاء تناسل کے مختلف حصوں پر کھجلی کے ساتھ سوجن بھی ہو سکتی ہے۔ عورت کی شرم گاہ میں کھجانے سے کلٹیورس پر رگڑ لگنے سے بعض اوقات جماع کی خواہش بڑھ جاتی ہے۔ بعض دفعہ خارش اتنی شدید ہوتی ہے کہ مریضہ کھجا کھجا کر کھال چھیل لیتی ہے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ مقعد کی خارش اور جلن۔ اعضاء تناسل کی خارش/کھجلی۔
امونیم کارب 30، چار گھنٹے بعد

☆ فرج کے بیرونی حصے پر شدید کھجلی اور اندام نہانی کے اندر تک حیض کے فوراً بعد زیادہ ہو جائے۔
کونیم میک 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ بائیں خصیۃ الرحم میں چبھن۔ اندام نہانی میں بھرے پن کے احساس کے ساتھ کھجلی۔
لیلیم ٹگ 30، چار گھنٹے بعد

☆ اعضاء تناسل کے بال جھڑنا شروع ہو جائیں۔ کھجلی اور سوجن شرمگاہ اور فرج میں جلن سی۔
نائٹرک ایسڈ 30، چار گھنٹے بعد

☆ فرج کے بیرونی حصہ پر کھجلی۔ بیرونی اعضاء تناسل پر گومڑے یا پیپ دار پھنسیاں۔
انثم ٹارٹ 30، چار گھنٹے بعد

☆ فرج کے اوپر پھنسیاں۔ مریضہ جب بستر میں گرم ہو جائے تو اس پر کھجلی شروع ہو جائے۔
ا-تھیوزا 30، چار گھنٹے بعد

☆ مردانہ عضو مخصوص پر کھجلی خاص طور پر اس پٹھے اور رگ کے اوپر جو کسی عضو کی حرکت کو روک دے۔ سر ڈکر پر چبھن۔ فرج پر کھجلی۔ معمولی سی چوٹ پکنے لگے۔

ہیپر سلف 30' چار گھنٹے بعد

☆ مقعد کی خارش۔ مقعد کے اندر اور اردگرد کھجلی اور سیون پر بھی کھجلی ہو۔

فلورک ایسڈ 30' چار گھنٹے بعد

☆ آلہء تناسل کے اس حصے کے اوپر کھجلی جو بالوں سے بھرا رہتا ہے۔

الیفوربیم 30' چار گھنٹے بعد

☆ گھونگھٹ کے اوپر اور اندرونی حصے کے اندر کھجلی۔ رات کے وقت زیادہ ہو۔ حیض میں دیر ہو جائے۔ ٹھنڈے پانی سے دھونے سے بہتر ہو۔

پلساٹیلا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ دوران حیض شدید کھجلی۔ جو مشت زنی پر مجبور کردے۔ ایسی مریضہ جس کے پاؤں میں چلبلاہٹ ہو۔

زنکم میٹلیکم 30' چار گھنٹے بعد

☆ فرج میں چبھن اور کھجلی۔ ایسی عورت کے لئے جس کی نئی نئی شادی ہوئی ہو اور اسے جلدی جلدی پیشاب کی حاجت ہو۔

سٹیفی سیگریا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ اندام نہانی میں کھجلی۔ پھولے ہوئے سے۔ گرم اور سرخی اور کھجلی۔ اندام نہانی کا ہونٹ سوجا ہوا اور دہی کی طرح سفید مادے سے ڈھکا ہوا۔

ہیلومیاس 30' چار گھنٹے بعد

☆ فرج کے بیرونی حصہ پر کھجلی۔ خصیوں پر کھجلی۔ فرج کے ہونٹ پر ورم۔ دوران حمل فرج پر سخت خارش۔

ایمبرا 30 gr' چار گھنٹے بعد

☆ خصیوں پر کھجلی جس کو کھجانے کے باوجود آرام محسوس نہ ہو۔

میوریک ایسڈ 30' چار گھنٹے بعد

☆ مقعد پر کھجلی۔ سونے کے بعد زیادہ ہو جائے۔

لیکے سس 30' چار گھنٹے بعد

☆ فرج کی خارش خاص طور پر مشت زنی سے۔ مرض کی انتہا پر شدید جنسی خواہش کے ساتھ۔

کیتھرس 30' چار گھنٹے بعد

☆ خصیوں اور اعضاء تناسل کے اگلے حصے پر شدید خارش۔ چلتے ہوئے اور زیادہ ہو۔ زنانہ اعضاء کی شدید کھجلی جو رات کے وقت بڑھ جائے۔ ہلکے ہلکے کھجلانے سے بہتر محسوس ہو۔

کروٹون ٹگ 30' چار گھنٹے بعد

☆ دن کے دوران گرمی کے وقت ڈنک لگنے کی سی خارش۔ مقعد میں دانے نکل آئیں۔ جن کو چھونے سے بھی تکلیف ہو۔ گھونگھٹ کی اندرونی سطح پر کھجلی۔

لائیکو پوڈیم 30' چار گھنٹے بعد

☆ خصیوں میں رانوں کے درمیان کھجلی۔ سیون پر کھجلی۔ شدید کھجلی کے ساتھ زنانہ اعضاء مخصوصہ پر ورم اور نمی۔

پٹرولیم 30' چار گھنٹے بعد

☆ اندام نہانی اور فرج پر شدید کھجلی۔ ان حصوں پر گرمی اور خشکی کے ساتھ رات کے وقت تکلیف بڑھے۔

ٹیرنٹولا ہسپانیہ' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ ٹھنڈ سے تکلیف میں اضافہ ہو اور گرمی سے افاقہ۔ کھجلی کی نسبت سرسراہٹ یا چیونٹیاں رینگنے کا سا احساس زیادہ ہو۔

ریومکس C 30' چار گھنٹے بعد

☆ فرج کی خارش مسوں کے ساتھ۔ ضدی قسم کا قبض درد حیض کے دوران یا دوران حمل۔ لیٹنے پر تکلیف میں اور اضافہ ہو۔

کولن سونیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ اگر کھجایا جائے تو کھجلی کے ساتھ سوجن بھی ہو۔ مردانہ اعضاء تناسل پر خارش۔ اگلے حصے کی نوک پر خارش خصیے کے بائیں جانب نمک کی طرح کی کھجلی۔

انٹم کروڈم 30' چار گھنٹے بعد

☆ فرج کی کھجلی کثیر لیکوریے اور جنسی اشتعال کے ساتھ۔

ہائڈراسٹس کین 30' چار گھنٹے بعد

☆ خصیوں اور اعضاء تناسل پر کھجلی جو کہ مقعد تک پھیلے۔ بیٹھے ہوئے زیادہ ہو۔ حرکت اور کسرت سے بہتر ہو۔

میگنیسیا میور 30' چار گھنٹے بعد

☆ حشفے کے منہ پر کھجلی۔ اندام نہانی پر کھجلی مقعد' خصیوں اور کاندھوں پر کھجلی۔

ایلومنا 30' چار گھنٹے بعد

☆ مقعد پر کھجلی جو کہ سوجا ہوا محسوس ہو۔ زنانہ اعضاء مخصوصہ کے کسی حصے پر کھجلی۔

ہیکے میلس 30' چار گھنٹے بعد

☆ اندرونی یا بیرونی فرج میں چبھن اور کھجلی۔

کلکیریا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ فرج اور ہونٹ کے درمیان سوجن اور کھجلی۔

کریا زوٹم 30' چار گھنٹے بعد

☆ بڑی آنت کے نچلے حصے پر کھجلی۔ رات کے وقت مقعد سے باہر کیڑوں کی سی سرسراہٹ۔

فیرم میٹلیکم 30' چار گھنٹے بعد

☆ خصیوں اور ران کے درمیان کھجلی اور نمی اور سوجن۔ پیلی رنگت کے لیکوریے کی وجہ سے کھجلی۔ زنانہ اعضاء کے بیرونی حصوں پر کھجلی کے ساتھ بال گرنے لگیں۔

نیٹرم میور 12x یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ مقعد اور سیون میں رینگنے کے احساس کے ساتھ کھجلی۔ مقعد میں چبھن اور کھجلی۔ خصیوں اور اعضاء تناسل کے اگلے حصے میں سرسراہٹ۔

چیلی ڈونیم 30' چار گھنٹے بعد

☆ بیرونی ہونٹ پر ہلکی سی کھجلی اور جلد چھلنا۔ بعض اوقات ایسا محسوس ہو کہ کوئی جاندار چیز رینگ رہی ہے۔

لیک کینیم 30' چار گھنٹے بعد

☆ مقعد کی خارش نمی کے ساتھ اور چھوٹے چھوٹے چھالے بننے کے رجحان کے ساتھ۔ فرج کے اندر کھجلی۔ حیض سے پہلے تکلیف میں اضافہ ہو۔

گریفائٹس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ رات کے وقت کی شدید کھجلی جو مریض کو کھجانے پر مجبور کر دے جس کی وجہ سے سو نہ سکے۔

آیوڈیم 30' چار گھنٹے بعد

☆ مقعد میں شدید کھجلی کی وجہ سے مریض سو نہ سکے اور تمام رات کروٹیں بدلتا رہے۔ بعض اوقات باریک کیڑوں کی وجہ سے۔

ٹیوکریم (Teucrium m.v) 30' چار گھنٹے بعد

☆ قلت حیض کی وجہ سے۔ دوران حمل۔ پھنسیاں۔ شدید خارش۔ بُنیا (نپل) کے آس پاس رطوبت بہے۔ بستر اور گرمی سے تکلیف بڑھے۔ مریض اس حد تک کھجائے کہ خون نکل آئے جس سے سکون ہو۔

سورینم 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ رحم کے اندر کھجلی۔ فرج پر خارش۔

پلاٹینا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ کھجلی جلن کے ساتھ۔ بستر میں اور شام کے وقت تکلیف میں اضافہ ہو۔ کھجانے کے بعد اور زیادہ تکلیف بڑھے۔

سلفر 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

بائیو کیمی نیشن نمبر20 ہر چار گھنٹے بعد دینا بھی بہت مفید ہے۔

---------- ✪ ----------

خصیوں کی سوزش

Orchitis

(See Hydrocel also)

اس مرض میں ماؤف خصیہ میں سوزش کی وجہ سے ورم ہو جاتا ہے اور خصیہ سخت ہو جاتا ہے۔ جسکی وجہ سے شدید درد اور ٹیسیں اٹھتی ہیں جو کمر' پیٹ اور رانوں تک جاتی ہیں۔ جی متلاتا ہے اور ابکائیاں آتی ہیں۔ بخار بھی ہو جاتاہے۔ یہ مرض سوزاک' آتشک' سنگ مثانہ' سوزش مثانہ' کن پیڑے اور گلسوئے کے باعث ہوتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ خصیے سخت اور بڑھے ہوئے۔ رگڑ یا خراش کی وجہ سے سوزش۔

کونیم 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ اکڑے ہوئے اور سوزشی خصیے۔ کھنچنے والے درد ہوں۔

پلٹیسیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ سوزاک کے دب جانے کے بعد کی شکایات۔ منی کی نالی میں درد کی شکایت کے ساتھ۔

سپانجیا کوسٹا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ دائیں خصیے کے نچلے حصے میں سوجن اور درد۔

ارجنٹم نائٹریکم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ خصیوں میں سوزش اور منی کی نالی میں درد بھری کھچاوٹ۔

نائٹرک ایسڈ 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ خشک ٹھنڈی ہواؤں کی وجہ سے خصیوں کی حاد تکلیفات۔

اکونائٹ 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ خصیے بہت زیادہ سخت اکڑے ہوئے۔ خراشدار درد۔ خصیوں کی تھیلی یا بیضہ دانی کے دائیں نصف حصے میں سوجن۔

کلیمیٹس 30' چار گھنٹے بعد

☆ چہرے پر تمتماہٹ۔ درد اچانک شروع اور اچانک ختم ہو جائے۔

بیلا ڈونا 30' چار گھنٹے بعد

☆ خصیوں کی مزمن سوزش۔ ایسا لگے کہ خصیوں کو بھینچا یا دبایا جا رہا ہے۔ طوفان اور گرج چمک کے دوران تکلیفات میں اضافہ ہو۔

رہوڈنڈرون 200 یا IM' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ خصیوں اور ریڑھ کی ہڈی میں کھنچنے والے درد۔ خصیوں اور منی کی نالی سخت اکڑی ہوئی اور سوجی ہو جس پر چمکدار سرخی ہو۔

مرک سال 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

بائیو کیمک کی فیرم فاس 6x اور کالی میور 6x بھی مفید ادویات ہیں۔

دیگر اہم ادویات : نکس وامیکا' فائٹولاکا' لائیکوپوڈیم' پلساٹیلا' آرنیکا' اورم میور نیٹرم اور اورم میٹیلکم وغیرہ۔

خصیوں کی تھیلی میں پانی آجانا

Hydrocele

(See Orchitis also)

اس میں فوطوں کے پردوں کے اندر پانی اکٹھا ہو جاتا ہے اور فوطے بتدریج بڑھ جاتے ہیں۔ لیکن عام طور پر درد نہیں ہوتا البتہ بوجھ محسوس ہوتا ہے۔ مرض کی تشخیص کے لئے فوطوں کے ایک جانب چراغ رکھ کر دیکھا جائے تو دوسری جانب روشنی نظر آتی ہے گویا ہائیڈروسل سے روشنی گذرتی ہے۔ اگرچہ بذریعہ سوئی فوطے سے پانی نکالا جا سکتا ہے۔ لیکن بعض اوقات پھر سے پانی بھر جاتا ہے۔ لہٰذا اکثر اوقات آپریشن کر کے پانی نکال دیا جاتا ہے جس کے بعد یہ مرض دوبارہ نہیں ہوتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ خصیے بھاری اور سوجے ہوئے۔ بڑھے ہوئے اور سخت۔ خاص طور پر کسی چوٹ کے بعد۔

کونیم میک 200 یا IM' ہفتہ وار' چھ مرتبہ

☆ جلدی بیماریوں کے ساتھ خصیوں کی تھیلی یا ریڑھ میں پانی آجائے۔ قبض بھی ہو۔
گریفائٹس 200 یا 1M، ہفتہ وار، چھ
مرتبہ

☆ خصیے سخت۔ سوج ہوئے اور نرم۔ فوطوں میں چبھن یا ٹانکے۔ کسی چوٹ کی وجہ سے سوئی کے چبھنے کا سا درد۔

آرنیکا مونٹ 200 یا 1M، ہفتہ وار، چھ
مرتبہ

☆ سستی۔ ایسے لگے کہ اس کو ہمیشہ چلنا چاہیے۔ چلنے سے درد کم ہو۔
ایسڈ فلور 200 یا 1M، ہفتہ وار، چھ
مرتبہ

☆ دماغ میں مایوسی اور غمگینی۔ خصیوں کی لاغری۔ دائیں خصیے میں سوجن اور شدید درد۔ ایسا لگے جیسے خراشیں لگی ہوں۔
اورم میٹلیکم 200 یا 1M، ہفتہ وار، چھ
مرتبہ

☆ خصیے لٹک جائیں۔ بایاں خصیہ زیادہ لٹکا ہو۔ چیرنے والا درد۔ سوزش اور ورم۔ پیدائشی طور پر ایسا ہو۔
پلساٹیلا 200 یا 1M، ہفتہ وار، چھ مرتبہ

☆ چپکے ہوئے خصیے۔ لیٹنے کے بعد اور رات کو تکلیف بڑھے۔ منی کی نالی میں دباؤ۔ نیچے کو لٹکے ہوئے خصیے۔
سلیسیا 200 یا 1M، ہفتہ وار، چھ مرتبہ

☆ خصیوں کا اکڑا ہونا یا سخت ہونا۔ خاص طور پر لڑکپن میں۔
سلفر آیوڈینم 3x یا 6، چار گھنٹے بعد

☆ منی کی نالی کے مقام کے ساتھ دائیں خصیے میں درد بھرا کھچاؤ۔ بیٹھے ہوئے سوئی کی سی چبھن محسوس ہو۔
برائی اونیا البم 200، چھ گھنٹے بعد

☆ اوپر کو چڑھے ہوئے خصیے۔ ورم آلود۔ درد ہو اور سخت ہوں۔ دائیں جانب زیادہ تکلیف ہو۔ طوفان سے پہلے اور ٹھنڈ میں تکلیف بڑھے۔
رہوڈینڈرون 200 یا 1M، ہفتہ وار، چھ
مرتبہ
سلفر 200 یا 1M، پندرھویں روز، تین

☆ معاون دوا۔
مرتبہ
بائیو کیمک کی کلکیریا فلور 6x چار گھنٹے بعد دینا بھی مفید ہے۔

آتشک

Syphilis

آتشک ایک متعدی مرض ہے جو کہ چھوت لگنے آتشکی مادہ جسم میں سرایت کرنے یا موروثی طور پر والدین سے منتقل ہوتا ہے۔ عام طور پر یہ بیماری پہلے سے متاثرہ مرد یا عورت کے ساتھ مجامعت کرنے سے لگتا ہے لیکن بعض دفعہ مریض کے کپڑے پہننے سے اس کا جھوٹا کھانے پینے سے بھی لگ جاتا ہے۔ جسم میں آتشکی مواد داخل ہونے کے بعد ایک زخم پیدا ہو جاتا ہے۔ مردوں میں عموماً سپاری (غلفہ) کے اوپر مستورات میں اندام نہانی کے لبوں کے اندر کی طرف یا رحم اور پیشاب کی نالی میں ہوتا ہے۔ بعض اوقات لبوں' پستان کے منہ' انگلی' جسم یا کسی حصے پر جہاں آتشکی زہر سرایت کر گیا ہو ایسا زخم ہو جاتا ہے۔ آتشک کے ابتدائی مرحلے میں زہر جسم میں داخل ہو جانے کے بعد ایک زخم پیدا ہوتا ہے۔ بعد ازاں زخم میں خراش آنے سے پیپ آنے لگتی ہے اور جہاں یہ پیپ لگتی ہے وہاں زخم پھیلتا جاتا ہے اور زہر خون میں سرایت کر کے تمام جسم میں پھیل جاتا ہے۔ آلہء تناسل اور سپاری گل سڑ جاتی ہے۔ جنگالہ کے غدود متورم ہو جاتے ہیں جو پھٹ کر زخم بن جاتے ہیں۔ اس کا زخم گہرا ہوتا ہے۔ جس کے نتیجے میں مواد کا اخراج' عضو ماؤف' سخت سوجن' ہڈیوں' جوڑوں اور گوشت میں دردیں ہونے لگتی ہیں۔ غرض یہ کہ تمام عضلات جسم متاثر ہوتے ہیں اور مریض گھلنے لگتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ جب آتشک کے زخم کو ذرا سا چھونے سے بھی تکلیف ہو۔ زخم سے آسانی سے خون بہنے لگے۔ زخموں سے پنیر کی سی بدبو والی رطوبت خارج ہو۔ چبھنے اور چھیلنے والا درد ہو۔
ہیپر سلف 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ جب کافی عرصے سے آتشک کا زخم اور ران کے غدود کا ورم سخت اور اکڑا ہوا ہو۔ غدود سوجے ہوئے ہوں۔ مسوڑھے سوجے ہوئے اور نرم اور پلپلے ہو گئے ہوں۔
مرک بن آیوڈیم 3x یا اوپر کی طاقت'
چار گھنٹے بعد

☆ مریض بہت زیادہ لاغری اور کمزوری محسوس کر رہا ہو۔ رطوبات بہ رہی ہوں۔ مریض کھلی ہوا یا پنکھے کی ہوا کی خواہش کرے۔

کاربوویج 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ جب آتشک کا زخم تیزی سے پھیل رہا ہو اور خراشدار رطوبت اور پیپ خارج ہو۔ یہ رطوبت پھیل کر دوسرے حصوں کو متاثر کر رہی ہو۔

مرک کار 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ ابتدائی یا دوسرے مرحلے میں جبکہ زخم سخت ہو۔ زخم گہرائی میں پھیل رہا ہو۔ آسانی کے ساتھ خون جاری ہو جائے۔ پیلے رنگ کی بدبودار رطوبت خارج ہو۔ ناک کا مزمن نزلہ۔ ناک کی ہڈیاں ورم آلود اور درد بھری ہوں۔ ناک سے سبزی مائل تیز مادہ خارج ہو۔

مرک سال 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ شدید تکلیف کے کیسوں کے لئے جبکہ آتشک کا گھاؤ رسولی کی شکل اختیار کر لے اور اعصابی بافتوں کو متاثر کرنے لگے۔ زخموں کے کنارے سخت ہو جائیں۔ جن میں سے دہی کی مانند پیپ خارج ہو۔ ہڈیوں میں شدید درد ہو۔ رات کے وقت تکلیفات میں اضافہ ہو۔

کالی آیوڈیم 200 یا بڑی طاقت' چھ گھنٹے بعد

☆ جب مرک سال موثر نہ ہو۔ زخم بڑھ جائے اور بو آنے لگے۔ جب بیرونی سطح اور زخموں کے کنارے ٹیڑھے میڑھے ہو جائیں اور کچے گوشت کی طرح کے نظر آنے لگیں۔ لیکن مرک سال کے زخموں کی نسبت زیادہ گہرے ہوں۔ زخم چھونے سے بھی ذکی الحس ہوں۔ زخم میں انگور یا دانے بن جائیں۔ ذرا سا بھی چھونے سے خون رسنے لگے۔ مرہم پٹی کرنے سے بھی خون نکلنے لگے۔ اور تیز پیشاب سے بھی زخم چھل جائیں۔

نائٹرک ایسڈ 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ جب آتشک کے زخم بہت زیادہ ذکی الحس ہو جائیں۔ حتیٰ کہ مرہم پٹی کا لگنا تک ناقابل برداشت ہو جائے۔ گومڑ اور ناسور بن جائے۔ زخم سڑ جائے۔ زخم کے گرد چوٹ کے سے نیلے رنگ کے دھبے پڑ جائیں۔

لیکے سس 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ جبڑے کے غدودوں کے ورم کے ساتھ بغیر درد کے زخم ہوں۔ آتشک کے دوسرے مرحلے کے علاج کے لئے۔

مرک پوٹو آیوڈیم 3x یا بڑی طاقتیں' چار گھنٹے بعد

☆ مردہ یا کامل بغیر درد کے آتشکی زخم۔ ٹانگوں پر زخم ہوں جو آسانی سے مندمل نہ ہوں۔ سر پر تانبے کی سی رنگت کے دانے نکل آئیں۔

کاربوویج 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ معاون دوا۔

سفیلینم 200 یا 1M' پندرھویں روز' تین مرتبہ

بائیو کیمک کی کالی میور 3x اور سلیسیا 30x بھی مفید ادویات ہیں۔

دیگر اہم ادویات : آسفوٹڈا' آرم میٹلیکم' اناکارڈیم' سنابیرس' آرسنک البم' فائٹولاکا' کاربو این' بڈیاگا وغیرہ۔

---------- ✪ ----------

سوزاک

Gonorrhoea

سوزاک ایک متعدی مرض ہے۔ یہ مرض اکثر سوزاک میں مبتلا عورتوں سے مردوں کو لگتا ہے یا ایسی مستورات سے جن کی اندام نہانی میں سوزاکی مادہ موجود ہو۔ اس مرض میں پیشاب کی نالی (نائزہ یا یورتھرا) میں ورم آجاتا ہے اور پیپ آنے لگتی ہے۔ یہ مرض چھوت لگنے سے چوبیس گھنٹے سے لے کر پانچ چھ دن تک ظاہر ہوتا ہے اور بعض دفعہ ظاہر ہونے میں اس سے بھی زیادہ وقت لگتا ہے۔ شروع میں آلہء تناسل کے حشفے میں خراش ہوتی ہے پیشاب دقت سے ہوتا ہے۔ پیشاب کی نالی کا منہ سرخ ہو جاتا ہے۔ مقام جنگلہ اور فوطوں میں کھچاوٹ اور درد ہوتا ہے۔ پیشاب میں جلن ہوتی ہے۔ ورم اور جلن زیادہ ہونے کے ساتھ ساتھ درد کی شدت بڑھ جاتی ہے۔ شروع میں پیپ تھوڑی اور یسدار نکلتی ہے اور کپڑے پر داغ پڑ جاتا ہے۔ سپاری متورم اور سرخ ہو جاتی ہے۔ رات کے وقت خیزش کی وجہ سے شدید درد ہوتا ہے۔ سوزش کی وجہ سے پیشاب کی نالی تنگ ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے پیشاب درد کے ساتھ اور جلن سے ہوتا ہے۔ اس مرض کی وجہ سے مثانے اور منی کی تھیلیوں اور فوطوں میں ورم اور درد ہوتا ہے۔ ہلکا سا بخار بھی ہو جاتا ہے۔ سوزاک پرانا ہو جائے تو جوڑوں میں درد ہونے لگتی ہے۔

بعض دفعہ یہ مرض مسلسل جلق کی عادت کی وجہ سے بھی پیدا ہو جاتا ہے۔ بعض جوان لڑکے منی ضائع نہ کرنے کے خیال سے احتلام کے وقت آلہء تناسل دبا کر اخراج روکنے کی کوشش کرتے ہیں جس سے نائزہ میں منی کا مواد جمع ہونے اور خراش ہو جانے سے بھی سوزاک پیدا ہونے کا خدشہ ہوتا ہے۔ اس مرض کا بروقت اور صحیح طور سے علاج نہ کرانے کی صورت میں بہت سی پیچیدگیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔ اس مرض کے رفع ہو جانے تک مباشرت نہیں کرنی چاہئے۔ بصورت دیگر بیوی کو بھی یہ موذی مرض لگ سکتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ حشفہ میں جلن اور سوزش۔ پیشاب گدلا اور سرخی مائل۔ پیشاب کے بعد جلن ہو۔ پیشاب جلد جلد آئے۔

کالی بائی کروم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ سوزاک کا دوسرا مرحلہ۔ پہلے ٹھیک ہونے کے بعد پھر سوزاک ہو گیا ہو۔ نامردی اور کمزوری۔

اگنس کاسٹس 200' ہفتہ وار' تین

مرتبہ

☆ گٹھیاوی شکایات۔ پتلی سبزی مائل رطوبت خارج ہو۔ پیشاب کے دوران چرکے لگیں۔ جلن ہو۔

تھوجا 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ دبایا ہوا سوزاک۔ رطوبت پھر سے خارج کرنے اور دبائے جانے کے اثرات بد زائل کرنے کے لئے یا سائیکوٹک میازم کے لئے۔

میڈورینم 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ پیشاب شروع کرنا یا نکالنا دشوار ہو۔ پیشاب کے دوران جلن اور چرکے لگیں اور دھار بعد میں نکلے۔

Q (Chimafhilla Umb) چیمافیلا
یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ پیشاب میں خون آئے۔ پیشاب کرنے کی مسلسل حاجت محسوس ہوتی رہے۔ شدید قسم کی جلن اور سوزش۔ جنسی جوش۔

کینتھرس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ پیشاب سفید۔ سرخی مائل۔ پیشاب رکے۔ پیشاب سے کھال چھلنے لگے۔

سلفر 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ پیشاب کے بجائے خون زیادہ خارج ہو۔ ورم مثانہ۔ مثانہ اور پیشاب کی نالی میں شدید درد۔

نائٹرک ایسڈ 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ مثانہ کے سوراخ کا تشنجی طور سے بند ہو جانا۔ دوران پیشاب جلن اور کٹن۔ بار بار پیشاب کی حاجت ہو۔

کینابس سٹائیوا 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ دوران پیشاب کاٹنے والے درد۔ سوزاک دبائے جانے کی وجہ سے کثرت سے پتلی رطوبت خارج ہو۔ تیزابی پیشاب میں خون کی آمیزش۔

پلساٹیلا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی فیرم فاس 6x کالی میور 6x- نیٹرم فاس 6x اور سلیشیا 30x چار گھنٹے بعد دینا مفید ہے۔

--------- ✪ ---------

نامردی

Impotency

اس مرض میں قوت مجامعت کمزور ہو جاتی ہے۔ شہوت بالکل نہیں ہوتی یا پورے طور پر نہیں ہوتی۔ جماع کی رغبت ختم یا بہت کم ہو جاتی ہے۔ ایستادگی کمزور ہوتی ہے یا جذبات میں انگیخت نہیں ہوتی۔ آلات تناسل ڈھیلے ڈھالے اور ٹھنڈے ہوتے ہیں۔

مشت زنی' کثرت مباشرت' کثرت احتلام اور جریان منی' خصیوں یا عضو تناسل میں کوئی پیدائشی نقص' آتشک' سوزاک' مٹاپہ' جسمانی کمزوری' منشیات کا بہت زیادہ استعمال وغیرہ نامردی کے عام اسباب ہیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ کسی قسم کی چوٹ لگ جانے سے قوت مردی جاتی رہے۔

آرنیکا 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ جنسی افعال میں زیادہ ملوث ہونے کی وجہ سے کمزور ہو جائے۔

کالی بروما ئڈ 30' چھ گھنٹے بعد

☆ خواہش اور ایستادگی نہ ہو۔ جنسی نظام کو بہتر بنانے کے لئے۔

نیوفرلٹ (Nupher Lut) 10-5 Q

قطرے' چار گھنٹے بعد

☆ جنسیات میں بہت زیادہ ملوث ہونے کی وجہ سے یا جنسی خواہشات کو دبا دینے کی وجہ سے۔ بوڑھے کنوارے لوگوں کے لئے۔

کونیم میک 200 یا 1M' پندرھویں روز' تین مرتبہ

☆ شدید قبض کہ کسی آلے یا انگلی کے زور سے فضلہ نکالنا پڑا۔ شہوت پرستی کے خیالات کے ساتھ نامردی۔

سلینیم 30' چار گھنٹے بعد

☆ کمر میں چوٹ لگ جانے کی وجہ سے کمزوری یا نامردی۔

بائبریکم 200 یا 1M' پندرھویں روز' تین مرتبہ

☆ جلق' مشت زنی اور منی کے بہت زیادہ خارج ہو جانے کی وجہ سے۔

ایسڈ فاس Q یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ اعصابی کمزوری اور تھکن کی وجہ سے جنسی کمزوری۔ جنسی اشتعال اور طاقت کے لئے۔
ڈیمیانا Q 10-5 قطرے، چار گھنٹے بعد

☆ مشت زنی کی وجہ سے جنسی کمزوری۔ نیم خوابی میں ایستادگی ہو۔
کیلیڈیم 30 یا 200، چھ گھنٹے بعد

☆ خوش مزاج۔ مذاحیہ ذوق رکھنے والے لوگوں کے لئے سفلس کی وجہ سے کمزوری یا نامردی۔
کالی آیوڈیم 30 یا 200، چھ گھنٹے بعد

☆ بہت زیادہ احتلام ہونے کی وجہ سے کمزوری ہو جائے۔
میڈورینیم 200 یا 1M، پندرھویں روز، تین مرتبہ

☆ جلدی اخراج ہو جائے۔ بڑھاپے کی وجہ سے یا جوان لوگوں میں جنسی خواہش ختم ہو جائے۔
لائیکو پوڈیم 200 یا 1M، پندرھویں روز، تین مرتبہ

☆ سوزاک کے دب جانے کے بعد۔ خواہش ہو اور نہ ایستادگی۔ عضو مخصوص ڈھیلا اور ٹھنڈا ہو۔ وقت سے پہلے بڑھاپا آجائے۔ جنسی قوت کا زیادہ استعمال۔
اگنس کاسٹس 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ شہوانی خیالات سے جنسی اشتعال پیدا ہو۔ بہت زیادہ منی ضائع کر دی ہو۔
چاینا 30، چار گھنٹے بعد

☆ غیر معمولی سخت اور بہت دیر تک رہنے والی ایستادگی۔ اعصابی کمزوری کی وجہ سے نامردی۔
یوہیم بینم Q (Yohim binum)
10-5 قطرے، چار گھنٹے بعد

☆ پروسٹیٹ غدود کے بڑھ جانے یا کمزوری کی وجہ سے نامردی۔
سابل سارالوٹا 10-5 Q (Sabal Ser) قطرے، چار گھنٹے بعد

☆ عضوء مخصوص چرمرجائے۔ شرمندہ ہو۔ جریان منی۔ جنسی افعال میں بہت زیادہ ملوث۔
سٹینی سیگریا 30 یا 200، چھ گھنٹے بعد

☆ ذیابیطس کے ساتھ نامردی۔

موس کس (Moschus) 30 یا 200'
پندرھویں روز' تین مرتبہ

☆ خواہش بہت بڑھ جائے۔ موٹے اور پلپلے لوگوں کے لئے۔ بہت زیادہ مباشرت کرنے کی وجہ سے۔

کلکیریا کارب 200 یا 1M' پندرھویں
روز' تین مرتبہ

☆ پہلے بہت زیادہ جنسیات میں ملوث رہنے والے جوان' جو شادی کرنے سے ڈریں۔

اناکارڈیم 200' ہفتہ وار' تین مرتبہ
بائیو کیمک کی کلکیریا فاس 30x اور کالی فاس 30x چار گھنٹے
بعد دینا بہت مفید ہے۔

---------- ✪ ----------

حیض/ماہواری

Affections of Menstruation

پردرد حیض

(Including Dysmenorrhoea etc)

حیض میں بے قاعدگی کہ کبھی بہت زیادہ مقدار میں اور کبھی تھوڑا تھوڑا اور وقفے وقفے سے یا دیر سے شروع ہو کر مقررہ وقت سے پہلے رک جائیں۔ شدید درد کے ساتھ ہوں۔ خون کی رنگت مختلف چمکدار' بدبودار اور لوتھڑے دار ہوتی ہے۔ بعض دفعہ حیض وقت سے پہلے شروع ہو کر دیر تک جاری رہیں۔ کسی وجہ سے حیض دب جائے۔ یا تیز بہاؤ کے ساتھ اور کثیر مقدار میں خون خارج ہو۔ ایک آدھ روز حیض ہو کر رک جائے۔ پندرھویں دن حیض شروع ہو جائیں۔ حیض کے دوران' پہلے یا بعد میں شدید درد ہوں۔ خراش دار اور جلن کے ساتھ حیض ہوں۔ پیشاب بار بار آئے۔ متلی اور قے ہوتی ہے۔ مریضہ کی کمر اور لاتوں میں درد ہوتا ہے۔ عصبی کمزوری' تشنج' رکاوٹ' اجتماع خون اور ورم رحم اس مرض کے عام اسباب ہیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ بدبودار' لوتھڑے والے' سرخ چمکدار خون والے حیض۔

بیلاڈونا 30' چار گھنٹے بعد

☆ ہر پندرھویں روز وقفے وقفے سے۔ کثرت سے خون۔ ایک ہفتے تک حیض جاری رہیں۔ ... ی جلدی ہو جائیں۔

سلفر 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ کثرت سے یا قلت سے ماہواری۔ صرف دن کے وقت۔ پہلی ماہواری دیر سے شروع ہو اور درد بھری ہو۔ وقفے وقفے سے اور بے قاعدہ ہو۔ لوتھڑے والا سیاہی مائل خون۔ مریضہ کی طبیعت اور مزاج میں تبدیلی آتی رہے۔ کھلی ہوا پسند کرتی ہو۔

پلساٹیلا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ قلت سے اور درد بھرے حیض۔ بیٹھنے سے بڑھ جائیں اور چلتے ہوئے کم ہوں۔

الیومنا 30 یا 5/0

(50 millesimal)' چار گھنٹے بعد

☆ بدبودار، کثرت سے اور جلدی جلدی، تھوڑا تھوڑا خون۔

ہیلونیاس (Helonias) Q یا 6، چار گھنٹے بعد

☆ حیض دیر سے یا رکے ہوئے۔ ٹھنڈے پانی میں ہاتھ ڈالنے سے۔ دودھ پینے کے بعد حیض دب گئے ہوں۔

لیک ڈی فلوریٹم (Lacdef) 200، تین گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ زبان پر سفیدی جمی ہوئی۔ وقت سے پہلے اور کثیر۔ دریا یا تالاب میں نہانے کے بعد حیض دب جائیں۔

انٹم کروڈم 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ تاخیر سے قلت کے ساتھ۔ ٹھنڈ کی وجہ سے دب جائیں۔ ہاتھ ٹھنڈے پانی میں ڈالنے سے دب یا رک جائیں۔ چھاتیاں بڑھ جائیں۔ ماہواری کے دوران چھاتیاں ورم آلود اور درد بھری ہوں۔

کونیم میک 200 یا IM، تین گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ وقت سے پہلے اور کثرت سے حیض۔ رات کو لیٹنے کے دوران کافی مقدار میں - جلدی جلدی اور وقفے وقفے سے درد کے ساتھ۔ مباشرت سے اگلے روز اندام نہانی سے خون کا اخراج ہو۔

کریازوٹ 30 یا 200، تین گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ درد بھرے حیض۔ ماہواری عام طور سے دیر سے ہو۔

نیموکوکس (Pneumococcus) 30 یا 200، تین گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ رکے یا دبے ہوئے حیض شدید درد کے ساتھ۔ مریضہ کسی طرح کی پٹی باندھنے یا دبانے سے بہتر محسوس کرے۔

کالوسنتھ 200، تین گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ ماہواری سے پہلے چھاتیاں سوجی ہوئی اور درد بھری جو کہ حیض کے بعد ٹھیک ہو جائیں۔ کثرت اخراج۔ ماہواری کے بعد نئے چاند پر خونی مواد جاری ہو۔ جلدی جلدی اور زوردار بہاؤ کے ساتھ۔ جھلی دار، درد بھرے اور ڈوری یا ریشہ دار۔

لیک کینا نم 200 یا IM، تین گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ کثیر مقدار میں حیض۔ دیر سے یا دبے ہوئے۔ بیٹھے ہوئے زیادہ ہوں۔ بہاؤ ہو جانے کے بعد بہتر ہو۔

زنکم میٹلیکم 30 یا 200' تین گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ وقت سے پہلے اور کثرت سے حیض۔ کسی قسم کا محنت کا کام کرنے سے۔ لمبا چلنے سے یا سخت پاخانہ خارج کرنے سے حیض پھر سے شروع ہو جائیں۔ دو ماہواریوں کے درمیان وقفے میں بھی خون خارج ہو۔

امبرا گر-سیا 200' تین گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ جوان بچیوں میں وقت سے پہلے حیض جو دیر تک جاری رہیں اور بالغ لڑکیوں میں دیر سے جاری ہوں۔ وقت سے پہلے اور کثرت سے۔ چمکدار سرخ خون۔ دیر تک کمر کا درد ہوتا رہے۔ محنت کے کام کے بعد زیادہ اور تکلیف دہ حیض۔

کلکیریا فاس 12x یا 30' تین گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ کچے اور کثرت سے حیض۔ سخت بدبودار اور تیز اور ناگوار۔ وقت سے پہلے اور گاڑھے حیض۔

کاربو ویج 30 یا 200' تین گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ پستان سوجے ہوئے اور درد بھرے۔ تیز اور ناگوار حیض۔ یا بدمے کا حیض۔

سورینیم 200 یا 1M' ماہانہ' تین مرتبہ

☆ گہرے رنگ کے اور زیادہ مقدار میں۔ کسی چوٹ لگ جانے کے بعد تکلیف میں اضافہ ہو۔

ہیما میلس 30' تین گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ بدلے کا حیض۔ سرخ چمکدار خون۔ مریضہ برف کی مانند ٹھنڈی چیزیں پسند کرے۔

فاسفورس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ ہر دو ہفتے کے بعد یا چند دنوں کے بعد حیض ہو جائے اور ایک ہفتہ یا اس سے زیادہ ہوتا رہے۔ تیزی سے نکلنے والا زیادہ مقدار میں خون۔ محنت کے بعد تکلیف میں اضافہ ہو جائے۔

میڈورینم 200 یا 1M' ماہانہ' تین مرتبہ

☆ ماہواری دیر سے ہو خاص طور پر پہلی ماہواری۔ بے قاعدہ اور درد بھری اور مقدار میں کم اور زردی مائل۔ پاخانہ قبض کے ساتھ ہو۔

گریفائٹس 30 یا 200' تین گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ ماہواری کے دوران پیٹ اور کمر کے تھوڑے حصے میں درد۔ قلت سے ہوں یا صرف ایک دن کے لئے۔

برٹا کارب 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ قلت حیض۔ گہرے لوتھڑے دار خون۔ کثرت سے جلدی جلدی۔ تاخیر سے۔ پہلی ماہواری دیر سے۔ تھکا دینے والی ماہواری۔ پیلا اور پتلا خون۔

فیرم میٹلیکم 3x یا 6' چار گھنٹے بعد

☆ تیزی سے بہنے والا۔ سخت درد کے ساتھ جیسے دو پتھروں کو رگڑنے سے ہو۔ بے قاعدہ اور شدید درد والی ماہواری۔

کوکولس انڈیکا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ اخراج شروع ہونے سے پہلے شدید درد۔ دبے یا رکے ہوئے حیض۔ دردوں بھری ماہواری۔

وراٹرم البم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ وقت سے پہلے اور کثرت سے۔ ایسا لگے کہ ماہواری کی نکسیر چھوٹ رہی ہو۔ حرکت کرنے سے اور زیادہ ہو۔

برائی [illegible] یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ بچے کو دودھ پلانے کی مدت کے دوران ماہواری یا دودھ پلاتے ہوئے شرمگاہ سے خون کا اخراج۔

سلیشیا 200 یا 1M' تین گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ ماہواری ہفتہ بھر یا اس سے بھی زیادہ دن جاری رہے۔ کسی قسم کی جذباتیت سے دوبارہ شروع ہو جائے۔ بھیگ جانے یا پانی میں کام کرنے کے بعد حیض دب جائے۔ وقت سے پہلے

اور کثرت سے حیض ہو اور اکثر ہو جائے یا ہر دو ہفتے بعد یا دودھ پلانے کے دوران۔

کلکیریا کارب 200 یا 1M' تین گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ قلت سے اور تیز۔ رات کے وقت نہ ہوں۔ صرف دن کے اوقات میں ہوں۔ جلدی جلدی ہو جائیں۔ وقت سے پہلے یا دیر سے ہوں۔

کاسٹی کم 200 یا 1M' تین گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ پر درد حیض۔ درد جسم کے دوسرے حصوں میں پھیل جائے۔ اعصابی اور پٹھوں کے دردوں کے ساتھ ماہواری ہو۔

کالو فائلم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ تیز درد بھرے اور گاڑھے۔ وقفے وقفے سے اور بے قاعدہ۔ صرف دن کے اوقات میں ہوں۔ کثرت سے اور گہرے رنگ کے۔

لیلیم ٹگ 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ لوتھڑے والے۔ ریشہ دار۔ تھوڑے تھوڑے۔ سرخ چمکدار خون اسقاط حمل کے بعد کثرت سے۔ ذرا سے بھی اشتعال سے تکلیف میں اضافہ ہو۔

یوسٹی لاگو (Ustilago) Q یا 6' چار گھنٹے بعد

☆ بے قاعدہ۔ درد بھرے۔ دیر سے یا جلدی جلدی۔ محنت کے بعد تکلیف بڑھے۔

سیپیا 30 یا 200' تین گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ وقت سے پہلے یا دیر سے۔ قلت سے یا کثرت سے تھکا دینے والے۔ پاخانہ سخت اور قبض کے ساتھ۔ دو ایام کے دوران خون بہے۔

تھلیسپی برساپی (Thalaspi b. p.) Q یا 6' چار گھنٹے بعد

☆ خراشدار سیاہ ماہواری۔ جس سے جلد چھل جائے۔ صرف رات کے وقت لیٹنے کے بعد حیض ہوں۔

بووسٹا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ بے قاعدہ حیض۔ کثرت سے اور اگلی ماہواری تک جاری رہنے والے۔ سیاہ اور لوتھڑے

دار۔

سیکالے کار 30' چار گھنٹے بعد

☆ کثرت سے حیض جس میں ناک سے بھی خون بہے۔ کثرت الدم' غلبہء خون والی یا امتلادموی جوان لڑکی۔ حیض کا اخراج کسی صدمے یا خوف سے دب گیا ہو۔ تاخیر سے ماہواری۔ غیر معمولی خوف اور بے چینی۔

اکو نائٹ 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ بہت معمولی سے حیض کا اخراج۔ صرف پہلے دن۔ دوسرے روز قے کے ساتھ۔ ماہواری کا شدید درد اور لوتھڑے۔ کثرت سے خون جاری ہو۔ ایک کے بعد دوسرا حیض زیادہ ہو۔ اکثر حیض ہو جائیں اور درد ہو۔

سا ئکلے مین 30' چار گھنٹے بعد

☆ لیسدار' درد بھرے' تار کی طرح بندھے ہوئے۔ سیاہی مائل لوتھڑے دار۔ ذرا سی بھی حرکت سے تکلیف بڑھ جائے۔

کروکس سٹیوا Q یا 6' چار گھنٹے بعد

☆ کثرت سے اور وقت سے پہلے اور جھلی دار۔ پیٹ میں مروڑ والے درد کے ساتھ۔ متلی اور معدے میں درد جو کہ کمر کے تھوڑے حصے میں پھیل جائے۔

بورکس 30' چار گھنٹے بعد

☆ کثرت سے یا قلت سے حیض۔ ماہواری کے دوران دیگر تمام شکایات میں افاقہ ہو۔ بہت تھوڑے وقفے کے لئے درد ہو۔ گہرے اور سیاہ رنگ کا حیض۔

لیکے سس 200 یا 1M' تین گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ جھلی دار پر درد حیض۔ ماہواری کا شدید درد۔ وقت سے پہلے گہرے رنگ کا تار دار اور اعصابی درد کے ساتھ۔ بہاؤ شروع ہو جانے کے بعد کچھ افاقہ ہو۔

میگنیشیا فاس 12x یا 30' تین گھنٹے بعد

☆ تیزی سے بہنے والا حیض۔ متلی اور قے۔ حیض چمکدار سرخ رنگ کا۔ زبان صاف ہو۔

اپی کاک 30' چار گھنٹے بعد

☆ رحم کے سرک جانے کی وجہ سے۔ صرف رات کے وقت حیض ہو۔ سیاہی رنگ اور لوتھڑوں کے ساتھ۔ پردرد اور جلدی جلدی ہوں۔

ڑ-لیم Q P یا 6' تین گھنٹے بعد

☆ وقت سے پہلے اور کثرت سے۔ سیاہ لوتھڑوں اور پیٹ کے مروڑ کے ساتھ۔
نکس وامیکا 30 یا 200، چھ گھنٹے بعد

☆ قلت کے ساتھ اور دیر سے ہوں۔ صرف ایک دن یا ایک گھنٹے تک ہوں۔ پیپ دار آشوب چشم کے ساتھ قلت حیض۔
یوفریزیا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ خراشدار درد۔ کثرت سے۔ جماع یا چوٹ کے بعد تکلیف بڑھ جائے۔
آرنیکا 200 یا 1M، تین گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ بے قاعدہ۔ گاڑھے اور سیاہ۔ حیض کافی دنوں تک ہوتا رہے۔
نکس موسکاٹا 200، تین گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ مقررہ وقت کے بعد۔ خاص طور پر پہلی ماہواری۔ بے قاعدہ۔ درد اور قلت سے۔ پاخانہ قبض سے ہو۔
گریفائٹس 30 یا 200، تین گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ رحم میں ریشہ دار ورم۔ دھونے میں دقت ہو۔ کثرت سے تیز اور بدبودار۔ لوتھڑے اور درد بھرے۔
پلاٹینا 200 یا 1M، تین گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ چمکدار سرخ رنگت۔ کثیر اور لوتھڑے والے، پردرد اور جلدی ہو جائیں۔ موقوفی حیض کے دوران زیادہ تکلیف دہ۔ چلنے سے تکلیف بڑھے۔ اسقاط حمل کی ہسٹری کے ساتھ۔
سبینا 30 یا 200، چھ گھنٹے بعد

☆ خراشدار حیض۔ وقفے وقفے سے جلدی جلدی ہو جائیں۔ کھال چھیلنے والے حیض۔ اسقاط کے بعد زیادہ مقدار میں ہوں۔
چائنا 6 یا 30، چار گھنٹے بعد

☆ اگرچہ حیض کثرت سے نہ ہو۔ اس کے باوجود مریضہ دوران حیض اتنی تھک جائے کہ بولنا بھی مشکل ہو۔ دیر تک ماہوای جاری رہے۔ اگرچہ مقدار میں کم ہو۔
کاربو انی میلس 200، تین گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ جلدی یا تاخیر سے۔ قلت حیض۔ کالے خون کے لوتھڑے۔ ماہواری کے بہاؤ سے

دوسری شکایات میں بھی اضافہ ہو جائے۔

تھوجا 200 یا 1M' تین گھنٹے بعد' تین

مرتبہ

☆ ماہواری سرخ چمکدار رنگ کی۔ کثرت سے ہو یا قلت سے۔

ملی فولیم Q یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ کمر سے درد نیچے فرج کے بائیں ہونٹ کی جانب پھیلے حیض وقت سے پہلے یا دیر سے۔ قلت سے یا کثرت سے زرد رنگت کے۔ اعضاء مخصوصہ کی ورم اور سوجن کے ساتھ۔

کالی کارب 200 یا 1M' تین گھنٹے بعد'

تین مرتبہ

سیلان الرحم

Leucorrhoea

(White discharge from the vagina)

اس مرض میں عورتوں کی اندام نہانی کے اندرونی یا بیرونی حصے سے سفید یا زرد رنگ کی رطوبت خارج ہوتی ہے۔ یہ رطوبت پتلی یا گاڑھی بھی ہو سکتی ہے۔ یہ بدبودار اور بغیر بو کے بھی ہو سکتی ہے۔ کبھی کبھی چھیچھڑے بھی نکلتے ہیں۔ مریضہ کو پیڑو میں بوجھ محسوس ہوتا ہے اور کمر میں درد ہوتا ہے۔ مریضہ مضمحل اور ست سی رہتی ہے۔ اس مرض کی وجہ سے اکثر حمل نہیں ٹھہرتا ہے۔ زیادہ تکلیف کی صورت میں مریضہ کی صحت بگڑ جاتی ہے۔ وہ نحیف و کمزور ہو جاتی ہے۔ چہرہ زرد اور ہاضمہ خراب ہو جاتا ہے۔ تھوڑا سا بھی کام کرنے سے سانس پھول جاتا ہے ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہو جاتے ہیں۔ دل کی دھڑکن تیز ہو جاتی ہے۔ ماہواری کے ایام میں بھی بے قاعدگی اور بدنظمی ہو جاتی ہے۔ مرض پرانا ہو جانے کی صورت میں رطوبت گاڑھی یا پیپ کی طرح کی ہو جاتی ہے اور رانوں کے بالائی حصے پر چپک جاتا ہے۔ اندام نہانی میں خارش ہوتی ہے۔ جس سے مریضہ کو سخت تکلیف ہوتی ہے۔ رحم کا ٹل جانا' زیادہ عرصے تک بچے کو دودھ پلاتے رہنا' ورم رحم' حیض کا خون کثرت سے آنا' نقرس' سوزاک اور آتشک وغیرہ اس مرض کے عام اسباب ہیں۔ محنت کرنے والی اور نظم کے ساتھ زندگی گذارنے والی خواتین کی نسبت یہ مرض عیاشانہ اور آرام کی زندگی گذارنے اور شہروں میں رہنے والی عورتوں کو زیادہ ہوتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ کمر کے درد کے ساتھ لیکوریا کی اعلیٰ ترین دوا۔

اوواٹوشا 3x' چار گھنٹے بعد

☆ فربہ عورتوں میں سفید رنگ کا پانی خارج ہونا جس سے اعضاء مخصوصہ کے اردگرد خارش اور جلن ہو جائے' قبض ہو۔

گریفائٹس 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ خراش دار' دہی کی طرح گاڑھا یا انڈے کی سفیدی کی طرح کا مادہ خارج ہونا' ایسے احساس کے ساتھ کہ گرم پانی بہ رہا ہو۔

بوریکس 3x یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ ذیابیطس کے ساتھ سیلان الرحم' سفید گاڑھا مادہ خارج ہو۔ کپڑے پر داغ پڑ جائے۔ کمر کے درد کے ساتھ بے قاعدہ اور سیاہی مائل لوتھڑوں کی ماہواری قلت کے ساتھ۔ حرکت کرنے سے تکلیف بڑھے اور آرام کرنے سے بہتر ہو۔

ابروما آگستا (Abroma Augusta)
30' چار گھنٹے بعد

☆ خارش' جلن اور کچے پن کے ساتھ لیکوریا۔ رات کے وقت تکلیف میں اضافہ ہو۔

مرکیورس سال 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ سیلان کے بعد کپڑے پر پیلے دھبے پڑ جائیں۔

چیلی ڈونیم 6 یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ ماہواری دیر سے ہو اور قلت کے ساتھ۔ سفید غیر تیزابی خارش پیدا نہ کرنے والا پانی خارج ہو۔

پنی سیلنم 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ خراشدار اور لیسدار کثرت سے شفاف مادہ کا اخراج جو کہ جلن کے ساتھ ایڑی تک بہہ جائے۔ دن کے اوقات میں تکلیف بڑھے اور ماہواری کے بعد بھی صفائی اور دھونے سے بہتر ہو۔

الیومنا 0/7 یا اس سے اوپر کی طاقتیں'
چھ گھنٹے بعد

☆ دودھ کی طرح کا چکنا مادہ خراشدار یا بے ضرر۔ بعض اوقات جلن کے ساتھ۔ مریضہ نرم خو اور زود رنج ہو۔ منہ خشک اور پیاس ندارد۔

پلساٹیلا 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ خراشدار پیلا مادہ انفیکشن کی وجہ سے۔ جس کے سبب ہلکا کمر درد ہو۔ دو ماہواری کے درمیانہ وقفے میں درد کی تکلیف بڑھے۔

کریازوٹ 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ ٹھنڈ محسوس کرنے والی خواتین۔ نوعمر لڑکیوں کے لئے۔ پاؤں ٹھنڈے اور نم آلود۔ دودھ کی طرح کے مادہ کا اخراج جس سے ماہواری سے پہلے اور بعد میں جلن اور خارش ہو۔

کلکیریا کارب 200 یا 1M' ہفتہ وار'
تین مرتبہ

☆ خراشدار، جلد چھیل دینے والا پیلا یا سبزی مائل مادہ کا اخراج۔ قبض بھی ہو۔ ایسا محسوس ہو کہ اعضاء مخصوصہ کا ہر عضو نیچے کی طرف گر جائے گا۔

سیپیا 200 یا 1M' ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ اسقاط حمل کے واقعات کے ساتھ لیکوریا کی مریضہ کے لئے بطور معاون دوا۔ مریضہ رات کے وقت زیادہ تکلیف محسوس کرے۔

سفیلنم 200 یا 1M' پندرھویں روز، تین مرتبہ

بائیو کیمک کی کلکیریا فاس 6x کالی میور 6x اور نیٹرم میور 6x بھی مفید ادویات ہیں۔

رحم کی تکلیفات

Affections of Uterus

(See prolaps of uterus also)

رحم کے اندر کا ورم، گردن رحم کا ورم، ناف بڑھ جانا، ناف کا ڈھلک جانا، نم رحم میں زخم، ناف ٹل جانا، رحم ٹل جانا، رحم کا پھسل جانا، رحم کا پیچھے کو مڑ جانا، رحم سے رطوبت کا اخراج، رحم میں اینٹھن، رحم میں جلن، رحم میں گومڑ، رحم میں خارش، رحم میں درد، رحم سے خون کا اخراج وغیرہ کی تکلیفات میں سے اکثر خواتین کو کوئی نہ کوئی شکایت ہوتی ہے۔ علامات کے مطابق متعلقہ دوا سے شافی علاج ممکن ہے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ کینسر۔ رحم سے کثرت سے خون خارج ہو۔

آیوڈیم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ غیر منکوحہ خواتین کی رحم کی تکلیفات۔ غیر شادی شدہ بوڑھی عورتوں کی بد نظمی اور بے قاعدگی۔

کونیم میک 200 یا 1M، چار گھنٹے بعد

☆ بچے دانی سے خون کے اخراج کے ساتھ رحم میں جلن۔

ٹیرے بنتھ Q یا 30، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ رحم سے گہرے رنگ کے تار دار خون کا اخراج۔

کروکس سٹیوا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ تیزی سے اور گرم خون کا اخراج۔ ایسا محسوس ہو کہ رحم کی ہر چیز باہر نکل پڑے گی۔

بیلاڈونا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ رحم میں بھراؤ۔ کھچاؤ۔ رحم کی کمزوری کی وجہ سے اسقاط حمل کی عادت بن جائے۔

کالو فائلم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ رحم میں شدید اعصابی دردیں۔ ذرا سے بھی جھٹکے یا چھونے سے تکلیف بڑھے۔ رحم اپنی جگہ سے ٹل جائے۔

لیلیم ٹگ 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ رحم میں خراشدار درد۔ ڈی سی (○) کرانے کے بعد پیدا ہونے والی شکایات۔
آرنیکا مونٹ 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ ڈی سی کا آپریشن کرانے کے بعد رحم میں رہ جانے والے مادوں کی صفائی کے لئے۔
کونیم میک 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد

☆ ناقابل برداشت درد۔ رحم سے خون خارج ہو۔ رحم میں چبھن پکڑ اور اینٹھن۔
کیموميلا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ رحم میں گومڑ۔ جنسی خواہش کے دبانے کے اثرات بد۔ رحم کے منہ پر السر۔ مباشرت کے بعد رحم سے خون جاری ہو۔
کریازوٹ 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ رحم میں جھٹکے سے محسوس ہوں۔ درد زہ جیسے درد۔ رحم کی جلن کی وجہ سے ہسٹریکل دورے۔
وابیرنم 30' چار گھنٹے بعد

☆ رحم کی مرگی اور ہسٹریا کے دورے۔ رحم سے اخراج شروع ہونے کے بعد بہتر محسوس کرے۔
سیمی سی فوگا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ رحم سے چمکدار تار دار خون کا اخراج۔
لیک کینینم (Lac Caninum) 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ رحم کی جھلیوں پر گومڑ اور رحم کی کمزوری۔ کمزوری کی وجہ سے رحم سرک جائے۔
کلکیریا فاس 6x یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ فرج پر درد اور کھجلی۔ جنسی خواہشات کے ساتھ رحم میں خارش۔
پلاٹینا 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ صاف زبان اور متلی کے ساتھ رحم سے تیزی کے ساتھ چمکدار اور کثیر خون کا اخراج۔
اپی کاک Q یا 30' چار گھنٹے بعد

(○) Dilatation (پھیلاؤ) اور Curettage بافتوں سے کھرچ کر نکالا گیا مادہ جو معائنے کے لئے لیبارٹری بھیجا جاتا ہے۔

بیضتہ الرحم / خصیتہ الرحم کی تکلیفات

Affections of Overies/Uterus

اس مرض میں عام طور پر رحم کے منہ پر ورم آتا ہے اور آہستہ آہستہ ورم رحم کے اندرونی حصوں میں پھیل جاتا ہے۔ مقام رحم پر درد ہوتا ہے جو دبانے سے بڑھ جاتا ہے۔ پیڑو میں بوجھ اور گرانی ہوتی ہے۔ درد کی ٹیسیں کمر اور رانوں تک پہنچتی ہیں۔ پیشاب جلن کے ساتھ اور بار بار آتا ہے۔ جی متلاتا ہے اور قے آتی ہے۔ شرمگاہ میں سخت سوزش ہوتی ہے۔ شروع میں رطوبت خارج نہیں ہوتی لیکن دو ایک دن کے بعد زخم سے خون آمیز لعابدار رطوبت خارج ہونے لگتی ہے جو بعد میں پیپ میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ رحم بڑھ جاتا ہے۔ نبض تیز اور زور زور سے چلتی ہے۔ شدید بخار ہو جاتا ہے۔ اگر مریضہ حاملہ ہو تو اسقاط حمل ہو جاتا ہے۔

رحم میں رسولی، کثرت مجامعت، سردی لگنا، ٹھنڈی گھاس پر بیٹھنا، رحم کی سوزش اور خراش اس مرض کے عام اسباب ہوتے ہیں۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ بیضہ دانی میں ورم ہو خاص طور پر دائیں جانب کی بیضہ دانی کی سوجن کے لئے۔ جلن دار چبھنے والے درد ہوں۔ کھانسنے سے تکلیف میں اضافہ ہو۔ قلت پیشاب۔ پیاس ندارد۔

ایپس ملفیکا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ بیضتہ الرحم ورم آلود۔ تمام پیٹ کے اوپر سخت اذیت ناک سوجن ہو۔

ہیما میلس Q یا 30، چار گھنٹے بعد

☆ چہرے سے جرم کی عکاسی ہو۔ بیضتہ الرحم میں مشت زنی کی وجہ سے سوزش اور سوجن ہو۔

سٹیفی سیگریا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، چھ مرتبہ

☆ بیضہ دانی کا درد اعصابہ۔ سخت بے چینی۔ شدید درد کی وجہ سے مریضہ دوہری ہو ہو جائے۔

کالوسنتھ 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ خشک اور ٹھنڈی ہوا لگ جانے کے بعد بیضۃ الرحم کی تکلیفات کی شکایت۔ فکر مندی اور خوف بھی ہو۔

اکونائٹ 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ بائیں بیضہ دانی میں پتھر کی طرح سختی اور اکڑاپن اور سوجن۔ ذرا سے چھیڑنے سے شدید کربناک درد ہو۔ پاخانہ قبض کے ساتھ ہو۔

گریفائٹس 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ بائیں خصیۃ الرحم میں چبھنے والا درد۔ منہ تر ہونے کے باوجود پیاس ہو۔ مسلسل پسینہ آئے جس میں کوئی کمی نہ ہو۔

مرک سال 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ تپکن والا درد جو اچانک آئے اور غائب ہو جائے نیچے کی جانب شدید دباؤ کا احساس جیسے مخصوص مقام کے تمام اعضاء باہر کو نکل پڑیں گے۔ ذرا سی حرکت یا جھٹکا بھی ناقابل برداشت ہو۔ اسقاط حمل کے بعد کی تکلیف۔ چہرہ سرخ چمکتا ہوا۔

بیلاڈونا 30' چار گھنٹے بعد

☆ موقوفیء حیض کا مرحلہ۔ جلدی جلدی ٹھنڈ لگے۔ تپکن اور نوچنے والے درد ہوں۔

ہیپر سلف 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' چھ مرتبہ

☆ مزمن امراض بیضہ دانی۔ تیز درد ماہواری سے پہلے چھاتی میں سوجن اور سوزش ہو۔ پیشاب رک رک کر آئے۔

کونیم میک 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ پاؤں بھیگ جانے کے بعد حیض رک جانے کے سبب سے بیضۃ الرحم کی سوزش اور سوجن وغیرہ۔ ٹھنڈ محسوس ہو۔ پیاس ندارد۔ مریضہ کھلی اور ٹھنڈی ہوا میں بہتر محسوس کرے۔

پلساٹیلا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ پیشاب کرنے کی مسلسل حاجت۔ بیضۃ الرحم کے مقام پر درد اور جلن۔ ورم مثانہ کے ساتھ زچگی کی سوزش رحم۔

کینتھرس 30' چار گھنٹے بعد' چھ مرتبہ

☆ پہلے بائیں بیضہ دانی متاثر ہو اور اس کے بعد دائیں۔ رحم سے مادہ خارج ہونے کے بعد درد اور سوزش۔ بائیں خصیۃ الرحم کا ہلکا سا اعصابی درد کپڑے تک کے دباؤ سے تکلیف میں اضافہ ہو۔

لیکے سس 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ خصیۃ الرحم کی سوزش اور سوجن تیز درد کے ساتھ۔ گاڑھا پیلا جلن دار لیکوریا کا پانی خارج ہو۔ کھانے کے بعد مریضہ کچھ بہتر محسوس کرے۔

آیوڈیم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ جلن اور تیز درد۔ ایسا محسوس ہو کہ اندر کوئلے جل رہے ہیں۔ گرمائش سے افاقہ ہو (سیکائی وغیرہ) شدید بے چینی ہو۔ خصیۃ الرحم سے بہت زیادہ خون خارج ہو جائے۔

آرسنک البم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ قبض اور شدید پیاس۔ خصیۃ الرحم میں سوئیوں کے چبھنے کا سا درد۔ ذرا سی بھی حرکت سے تکلیف میں اضافہ ہو۔

برائی اونیا 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ کچے یا جھوٹے دردوں اور اسقاط حمل کے بعد درد تکونیہ ہڈی سے پیڑو کی ہڈی کی طرف۔

سیپیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

دیگر اہم ادویات : ہائیڈراسٹس، لیک کین، لیکے سس، اورم میٹلیکم، لیلم ٹیگ اور نکس وامیکا وغیرہ۔

———— ✪ ————

بچے دانی سے خون کا اخراج

Metrorrhagia

(See miscarriage also)

اس مرض میں حیض کے دنوں کے علاوہ رحم سے خون خارج ہوتا ہے۔ کبھی وقفے وقفے سے تھوڑی مقدار میں اور کبھی ایک ہی مرتبہ کثرت سے خون خارج ہوتا ہے۔ خون کی زیادتی کی وجہ سے اخراج ہونے سے پہلے سر اور کمر میں درد ہوتا ہے۔ مریضہ کو گرمی محسوس ہوتی ہے۔ چہرہ خون سے پُر اور سرخ ہو جاتا ہے۔ قبض ہو جاتا ہے۔ بھوک مر جاتی ہے۔ کبھی کبھار پاؤں پر ورم آجاتی ہے۔ نبض کمزور اور چہرہ بے رونق سا ہو جاتا ہے۔ مریضہ کمزور اور لاغر ہو جاتی ہے۔

رحم میں آنول کا ٹکڑا رہ جانا، زیادہ بچے پیدا ہونے کی وجہ سے رحم کا ڈھیلا ہو جانا، رحم کا ٹل جانا، رحم میں سوزش اور اجتماع خون، رحم کی رسولی وغیرہ اس مرض کے اسباب شمار کئے جاتے ہیں۔ مزمن بدہضمی، ورم جگر، سوزش گردہ اور سل، کثرت مجامعت اور زیادہ جسمانی و دماغی محنت بھی اس مرض کے اسباب ہوتے ہیں۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ زچگی کے سے شدید دردوں کے بعد زبردست تھکن کا احساس۔ رحم کے سخت اور اکڑے پن کے ساتھ خون کا اخراج۔

کاربوویج 30، چار گھنٹے بعد

☆ جبکہ صحت کے سلسلے میں کوئی اور شکایت نہ ہو حمل کے اور تیسرے مہینے میں اسقاط حمل کے خطرے کے ساتھ اچانک خون خارج ہونے لگے۔

کریازوٹ 30 یا 200، تین گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ معدے میں ورم ہو۔ کسی طرح گر جانے سے اخراج خون شروع ہو جائے۔ خون سیاہی مائل آنے لگے۔ دو ماہواریوں کے درمیان اخراج خون ہو۔

ہیما میلس Q یا 30، تین گھنٹے بعد

☆ مزمن اخراج خون۔ اسقاط حمل سے پہلے یا بعد میں کثرت سے خون بہے۔

لائیکو پوڈیم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ کثرت سے پتلا سیاہی مائل خون کا اخراج۔ کافی عرصے تک جاری رہنے والا۔ پانی جیسا

پتلا خون مسلسل رستا رہے۔

سیکالے کار 30 یا 200' چار گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ کسی مشینی چوٹ کے لگ جانے سے۔ مباشرت کے بعد رحم کے سرک جانے کی وجہ سے اخراج خون۔

آرنیکا 30 یا 200' تین گھنٹے بعد' تین
مرتبہ

☆ ڈنک لگنے یا کاٹنے کے سے دردوں کے ساتھ گرمی کا احساس۔ دوران حمل اخراج خون۔ پیاس ندارد۔

ایپس ملفیکا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ شدید دردوں کی وجہ سے دورے۔ اسقاط حمل کے بعد وقفے وقفے سے اخراج۔ خون گاڑھا اور جما ہوا سا۔

کیمومیلا 30 یا 200' تین گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ کیچڑ ملے پانی کی طرح کثیر خون کا اخراج۔ شدید دردوں کے ساتھ۔ بہت زیادہ محنت کا کام کرنے کی وجہ سے۔

نائٹرک ایسڈ 30 یا 200' چار گھنٹے
بعد' تین مرتبہ

☆ موٹی پلپلی سی اور ٹھنڈ محسوس کرنے والی مریضہ۔ جن کو اسقاط حمل کا خطرہ رہے۔

کلکیریا کارب 200 یا 1M' چار گھنٹے
بعد' تین مرتبہ

☆ صاف زبان کے ساتھ متلی اور قے۔ چمکدار سرخ خون دیر تک جاری رہے۔

اپی کاک Q یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ تشنجی دردوں کے ساتھ لوتھڑے والا خون۔ دوران حمل خون جاری ہو جائے۔ نیند کی کمی کی وجہ سے اخراج خون۔

کوکولس انڈیکا 30' چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی کلکیریا فاس 6x اور فیرم فاس 3x بھی مفید ادویات ہیں۔

رحم کا سرک جانا

Uterus Prolapsus

اسقاط یا وضع حمل کے بعد جب کسی سخت جسمانی محنت یا کمزوری کے سبب جب اندام نہانی کی پچھلی دیوار باہر کی طرف الٹ جائے تو اسی کے ساتھ مقعد بھی باہر الٹ جاتی ہے۔ اور اندام نہانی کی اگلی دیوار باہر الٹ جانے کی وجہ سے مثانہ بھی باہر نکل آتا ہے کیونکہ رحم کے عضلات ڈھیلے پڑے ہوتے ہیں۔ پیڑو اور کمر میں بوجھ محسوس ہوتا ہے اور سخت درد ہوتا ہے۔ رفع حاجت کرتے ہوئے زیادہ تکلیف ہوا کرتی ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ مایوسی اور خودکشی کرنے کے خیالات آئیں۔ زیادہ وزن اٹھانے کے بعد رحم سرک جائے۔ مریضہ کے دوران حیض تکلیفات میں اضافہ ہو۔

اورم میٹلیکم 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ رحم کے نیچے کو گر جانے کا احساس۔ بائیں جانب کے بیضۃ الرحم کے مقام پر درد ہو۔ چھاتی کے گرد کپڑوں کا ٹائٹ ہونا تک برداشت نہ کر سکے۔

لیکے سس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ رحم میں بوجھ کا احساس۔ نیچے کو دبائے جانے کا سا احساس۔ جوف شکم میں ڈوبنے کا سا احساس۔

سیپیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ جب رحم کے سیون اور بندھن ڈھیلے سے محسوس ہوں بھاری رحم کی وجہ سے۔

فریکسی نس (Fraxinus) 10-5 Q قطرے' چار گھنٹے بعد

☆ حیض قلت سے اور وقت سے پہلے۔ نیچے کو رحم گرنے کا احساس۔ دوران مباشرت زیادہ تکلیف ہو۔

نیمو کو کسین (Pneumococcin) 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ کمزوری کی وجہ سے رحم سرک جائے۔ مقعد کے سرکنے کے ساتھ۔

پوڈو فائلم 30 یا 200، چھ گھنٹے بعد

☆ چھیلنے کا سا احساس۔ صدمے یا چوٹ کی وجہ سے رحم گر جانا۔

آرنیکا 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ کثرت سے اور بدبودار حیض۔ جھٹکے یا ہلنے جلنے سے تکلیف میں اضافہ ہو۔ رحم نیچے سرکنے کا احساس ہو۔

بیلاڈونا 30، چار گھنٹے بعد

☆ سیپیا کے غیر موثر ہونے کی صورت میں۔ مریضہ ایسا محسوس کرے کہ پیڑو کے اعضاء اندام نہانی کے ذریعے باہر نکل پڑیں گے۔ فرج کو ہاتھ سے تھامے۔ پیشاب کرنے کی لگاتار خواہش یا حاجت۔

لیلیم ٹگ 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ روہانسی، نرم خو مریضہ۔ لیٹنے کے بعد تکلیف بڑھے۔ مریضہ ٹھنڈی کھلی ہوا میں اچھا محسوس کرے۔

پلساٹیلا 30 یا 200، چھ گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی کلکیریا فلور 12x اور کلکیریا فاس 3x بھی بہترین ادویات ہیں۔

دیگر اہم ادویات : ایلو، ایگری کس m، ایسے کولس ہپ، ارجنٹم میٹیلکم، ہیلونیاس، میوریکس، سفیلیم وغیرہ۔

رحم کا مسہ

Uterus Polypus

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ موٹی اور پلپلی خواتین کے لئے جو جلدی جلدی ٹھنڈ لگنے سے متاثر ہوں۔ ان کے رحم میں گومڑ ہو۔

کلکیریا کارب 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ رحم یا اندام نہانی میں گومڑ۔ مرطوب موسم میں تکلیف بڑھے۔

ٹیوکریم (Teucrium m. v.) 30، چار گھنٹے بعد

☆ جبکہ گومڑ سے آسانی کے ساتھ خون بہنے لگے۔

فاسفورس 30 یا 200، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ رحم کے منہ پر گومڑ جو کہ رفع حاجت کے وقت باہر کو نکل پڑے۔

کونیم میک 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

بائیو کیمک کی کلکیریا فاس 6x چار گھنٹے بعد دینے سے بھی بہت فائدہ ہوتا ہے۔

آپریشن سے پہلے اور بعد کے لئے احتیاطی دوائیں

(Pre & Post Operation Care)

☆ آپریشن کے بعد خون روکنے کے لئے۔

فاسفورس 30 یا 200، ایک خوراک

☆ سرجیکل صدمے کے لئے۔

سٹروشیا کارب 30 یا 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ ایتھر کے ساتھ انیستھیسیا کے برے اثرات رفع کرنے کے لئے۔

انٹی مونیم ٹارٹ 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ آپریشن سے پہلے دینے کے لئے۔ آپریشن کے صدمے سے بچانے کے لئے۔ آپریشن کے بعد کے اثرات وغیرہ کے لئے۔

آرنیکا 200 یا 1M، ایک خوراک

☆ اعصابی چوٹ کے لئے۔ ناخن وغیرہ نکالنے کے لئے ختنہ یا کوئی عضو کاٹنے کی صورت میں۔

ہائیپریکم 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ آپریشن کے بعد جبکہ سرخ چمکیلا خون ہے۔

ملی فولیم Q یا 30' تین گھنٹے بعد

☆ کلوروفارم سے انیستھیسیا کرنے کے اثرات بد کے لئے۔

کلوروفارم 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ ہائپریکم بے اثر ہونے کی صورت میں۔

ایلیم سیپا 30' تین گھنٹے بعد

☆ آپریشن کے بعد کے لئے۔ پیشاب روکنے کے لئے۔

کاسٹی کم 30 یا 200' آدھے گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ گلے کے غدود نکالنے کے بعد۔

کیلنڈولا 30' تین گھنٹے بعد' چھ مرتبہ

دوران حمل کی تکلیفات

Ailments during pregnancy

بعض خواتین کو دوران حمل طرح طرح کی تکلیفات ہوتی ہیں۔ بعض عورتیں مغموم رہنے لگتی ہیں۔ بعض کو غشی اور ہسٹریا کے دورے پڑنے لگتے ہیں۔ کسی کے دانتوں میں درد ہونے لگتا ہے۔ کسی کا دل تیزی سے دھڑکنے لگتا ہے اور کسی کے ہاتھ پاؤں اکڑ جاتے ہیں۔ اکثر خواتین کو کمر میں درد محسوس ہوتا ہے اور قبض ہو جاتا ہے۔ بعض خواتین کو پیشاب زیادہ آنے لگتا ہے۔ غرض یہ کہ دوران حمل انفرادی طور پر خواتین کو مختلف قسم کی شکایات ہو جایا کرتی ہیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ دوران حمل پانی کے نظارے سے قے آنے لگے۔

فاسفورس 30 یا 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ ہوش و حواس جاتا رہے۔ سر کی جانب دوران خون۔

گلونائن 30' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ دوران حمل دانتوں میں درد ہو۔

سیپیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ دوران حمل مسلسل قے آنے کی صورت میں۔

کوپرم آر سنکم 30' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ دوران حمل ہاتھ پاؤں پر ورم اور سخت ہو جائیں۔ (اکڑ جائیں)

سینگونیریا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ دوران حمل کان کی تکلیفات کے لئے۔

کیسی کم 30' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ پاؤں کے انگوٹھوں اور تلوؤں میں اینٹھن۔ دوران حمل ٹھنڈ زیادہ لگے۔

کلکیریا کارب 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ ہاتھ پاؤں ڈھیلے پڑیں۔ حمل کے ابتدائی دور میں کپکپی ہو۔

سمی سی فوگا 30' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ درد زہ کے دوران گھٹن کی لہریں اور اینٹھن۔

ہائیو سیامس (Hyoscyamus) 200' آدھے گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ خراشدار دردیں۔ کسی قسم کے مشینی دباؤ کی وجہ سے تکلیفات۔

آرنیکا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ دوران حمل دورے اور ٹانگوں میں اینٹھن۔

وائبرنم 30' چار گھنٹے بعد

☆ دوران حمل چلنے کے قابل نہ رہے۔

بیلس P 30' چار گھنٹے بعد

☆ دوران حمل قبض اور مسے۔

کولن سونیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ ایسا محسوس کرے کہ رحم کا منہ کھلا پڑ رہا ہے۔

لیکے سس 200' ایک خوراک

عورتوں میں خواہش جماع کا غیر معمولی جذبہ

Nymphomania

(See masturbaion of female also)

☆ دوران حیض اور ماہواری دب جانے کے بعد جماع کی خواہش۔ بہت زیادہ خواہش جماع۔

پلاٹینا 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ ذرا سا بھی چھو جانے سے بہت زیادہ جنسی اشتعال۔ بڑھے یا پھیلے اور اکڑے ہوئے رحم کے ساتھ انتہائی قسم کا جنسی اشتعال۔

میوریکس 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ جماع کے نتیجے میں جنسی خواہش اور بڑھے۔ ماہواری کے دوران بہت زیادہ خواہش جماع۔

ٹیرنٹولا ہسپانہ (Tarentula h) 200
یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ جبکہ چھاتی کے گرد لباس تک کا بوجھ ناقابل برداشت ہو۔ بہت زیادہ بکواس کرنے والی حاسد قسم کی عورت خاص طور پر موقوفی حیض یا تبدیلی زندگی کے وقت۔

لیکیسس 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ سرد نہ پڑنے والا جنسی اشتعال جس میں دنگا فساد تک کی کیفیت پائی جائے۔ اندھیرے سے ڈر خوف کے ساتھ۔

سٹرامونیم 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ ذرا سے اشارے پر جماع کے لئے آمادہ ہو جائے۔ حیض سے پہلے اور حمل کے دوران خواہش جماع بہت زیادہ ہو۔

فاسفورس 200' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ مشت زنی کے بعد شدید خواہش جماع کے ساتھ بظارہ (Clitoris) کی ایستادگی۔ ماہواری سے پہلے بہت زیادہ خواہش جماع ہو۔

فلکیریا فاس 12x یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ رحم کی بیماریوں کے ساتھ ساتھ جماع کی شدید خواہش۔ رحم کے سرک جانے اور رحم کی گردن میں تپکن اور دھڑکن ہو۔

لیلیم ٹگ 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ حیض سے پہلے اور حیض کے دوران شدید خواہش جماع۔ اپنے اوپر کسی طور پر کنٹرول نہ کر سکے۔

وراٹرم البم 30' چار گھنٹے بعد

☆ جنسی جنون۔ شدید خواہش جماع کے ساتھ اعضاء مخصوصہ کا ورم اور جلن۔

بیتھرس 30 یا بڑی طاقت' چار گھنٹے بعد

☆ جنسی خواہشات کا غیر معمولی جذبہ۔ مباشرت کے خیالات اور عیاشانہ قسم کے خواب۔ جنسی اختلاط کا رجحان۔

سیلیکس نائگر (Salix nig) Q یا 30'
چار گھنٹے بعد

☆ جوان لڑکیوں کے لئے جو شدید جنسی خواہش کے اطمینان کے لئے مشت زنی پر مجبور ہو جائیں۔

اوریگانم (Origanum) 30' چار گھنٹے
بعد

بائیو کیمک کی کلکیریا فاس 200x شدید جنسی خواہشات کے
لئے مفید دوا ہے۔
جو چار چار گھنٹے بعد دینے سے مفید نتائج برآمد ہوتے ہیں۔

موقوفیٔ حیض

Menopause

(change of life)

حیض سن بلوغت سے شروع ہو کر ادھیڑ عمری تک یعنی پینتالیس پچاس سال تک جاری رہتے ہیں۔ اس کے بعد عام طور پر حیض بند ہو جاتے ہیں۔ لیکن حیض بند ہونے سے پہلے اور بعد میں عورتوں میں حیض سے متعلق اور دیگر طرح طرح کے امراض، ذہنی اور جسمانی تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں۔ جو خود مریضہ اور دوسرے افراد کے لئے پریشانی کا باعث بنتی ہیں۔ ذہنی تبدیلیوں میں عورت کا چڑچڑا پن، باتونی پن، غمگینی، افسردگی اور جھگڑالو پن جیسی باتیں شامل ہوتی ہیں۔ جبکہ جسمانی طور پر مریضہ یا تو کمزور اور دبلی ہونا شروع ہو جاتی ہیں یا موٹی ہو جاتی ہے۔ تھکی ماندی سست اور کاہل ہو جاتی ہے۔

علامات	دوا اور طاقت	دورانیہ

☆ ٹھنڈ محسوس کرنے والی موٹی، پلپلی، پیلے رنگت کی، ڈھیلی ڈھالی سی مریضہ۔ زیادہ کام کی وجہ سے تھکی ماندی۔

کلکیریا کارب 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ شدید سر درد۔ مریضہ ایسا محسوس کرے کہ کھوپڑی پھٹ جائے گی۔ پشت کے پٹھوں کا گھٹیاوی درد اور گردن کی سوجن۔

ایکٹرا ریسی موسا (Actarararacemosa) 30، چار گھنٹے بعد

☆ گرمی اور خارش کا احساس۔ وزن کم ہوتا جا رہا ہو۔ تھکی ماندہ۔ نہانے سے گریز کرے۔

سلفر 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ گرم تمتماہٹ۔ لیکوریا پیاس کی زیادتی یا قبض کے ساتھ۔ رحم کے سرکنے یا گرنے کے ساتھ خون کا اخراج۔ ناقابل برداشت دردیں۔ مریضہ ہر قسم کی ہمدردی کو ناپسند کرے۔ لمبی دبلی پتلی مریضہ ذرا سی بات پر افسردہ اور غمگین ہو جائے۔ خونی بواسیر۔

سیپیا 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ باتونی، چڑچڑی اور غمگین قسم کی مریضہ۔ تمام جسم میں جلن کا احساس۔ گہرے رنگ کے

خون کا اخراج۔ سخت تکلیف دہ سردرد۔ دھڑکن۔ سونے کے بعد تکلیف میں اضافہ ہو۔
لیکے سس 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ جسمانی علامات غائب ہو جائیں اور دماغی علامات ظاہر ہوں۔ تشدد یا جارحانہ طبیعت کی تکبر اور اکڑ والی مریضہ۔ دوسروں کو لعن طعن کرے۔ دفعتہ الرحم میں درد کے ساتھ سیاہ لوتھڑوں کے ساتھ خون کا اخراج۔ خواہش جماع کا غیر معمولی جذبہ۔
پلاٹینا 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ رونے والے مزاج کی عورت۔ مزاج میں تبدیلی آتی رہے۔ گرم اور بند کمرے میں گرم پسینہ آئے۔ پیاس ندارد۔ کھلی اور ٹھنڈی فضا پسند کرے۔
پلساٹیلا 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

بائیو کیمک کی کالی فاس 6x مفید دوا ہے۔

چھاتی کی تکلیفات / دودھ کے غدود

Mammary glands

(Affections of Breast)

بعض خواتین کو دوران حمل اور وضع حمل کے بعد چھاتی کی تکلیفات ہو جاتی ہیں۔ بعض مستورات کے بچے کو پلانے کے لئے بہت قلیل مقدار میں دودھ بنتا ہے اور بعض کی چھاتیوں میں بہت دودھ اتر آتا ہے۔ کچھ عورتوں کی چھاتی سے خودبخود دودھ ٹپکتا رہتا ہے بعض اوقات زچہ کے پستانوں میں درد ہوتا ہے۔ بچے کو دودھ پلاتے ہوئے تکلیف ہوتی ہے یا نپل میں خارش ہوتی ہے۔ بعض خواتین کے دودھ کے غدود ورم آلود ہو جاتے ہیں یا چھاتی میں گومڑ ہو جاتے ہیں۔ بعض اوقات زچہ کا دودھ بہت پتلا یا بہت گاڑھا ہوتا ہے گویا دودھ خراب ہوتا ہے۔ بچہ اس قسم کے دودھ کو ہضم نہیں کرتا اور الٹ دیتا ہے۔ علامات کے مطابق علاج کرنے کے علاوہ چھاتی کی تکلیفات میں مبتلا مستورات کی صحت کا خاص خیال رکھنا چاہئے۔ انھیں بہتر غذا اور اچھا ماحول فراہم کرنا چاہئے اور کسی قسم کے فکر اور غم سے آزاد رکھنا چاہئے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ دودھ کے غدودوں کے اوپر پھنسیاں اور دانے نکل آئیں۔ پوری چھاتی پر جلن اور دباؤ کا احساس۔

پائپر نائیگر (Piper nig) 30

☆ چھاتیوں میں درد اور نپل میں خارش ہو۔ چھاتیوں کی نشوونما نہ ہوئی ہو اور بال پن سے متعلق رحم اور بیضہ دانیوں کے مسائل بھی رہے ہوں۔

اوناس موڈیم

(Onos modium C. M.) ماہانہ

(تین مرتبہ)

☆ ٹھنڈ محسوس کرنے والی مریضہ۔ دودھ کے غدودوں میں تالی کی شکل کا لمبا پھوڑا ہو۔

سلیشیا 12x یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ چھونے سے بھی تکلیف ہو۔ چھاتیاں سکڑی ہوئی اور ڈھیلی ہوں۔ لاغری ہو۔

کونیم 200 یا 1M ہفتہ وار' چھ مرتبہ

☆ رحم اور بیضہ دانیوں کی کمزور نشوونما۔ زنانہ اعضاء کی بہتر نشوونما کے لئے۔

پچوٹری گلینڈ (Pituitary g) 200'
چندرھویں روز' چھ مرتبہ

☆ بیضہ دانیوں اور رحم میں تیز کاٹنے والے درد۔ دودھ کے غدود بہت حساس۔ رات کے وقت تکلیفات بڑھیں۔

مفیلینم 1M 200' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ عام صحت کمزور۔ جنسی کمزوری۔ بال پن کی رحم اور بیضہ دانیوں کی تکلیفات۔ چھاتیوں کی نشوونما ٹھیک نہ ہو۔ مرجھائی ہوئی سی چھاتیاں۔

سابل سیرولاٹا (Sabal Ser) 10-5 Q
قطرے' چار گھنٹے بعد

☆ چھاتی کا زخم یا گاؤ دودھ کے غدودوں کا ناسور۔ چیرنے والے درد۔ ٹھنڈے مشروبات کی خواہش۔

فاسفورس 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ چھاتی کے گومڑ۔ سخت اور حساس۔ جب بچہ دودھ پئے تو درد نپل سے تمام جسم میں پھیلے۔

فائٹولاکا (Phytolacca) 30 یا 200'
چار گھنٹے بعد

☆ گومڑ کے ساتھ لمبی چھاتیاں۔ دودھ ضرورت سے زیادہ بہے۔ درد والے گومڑ۔ لاغری۔

چیمافیلا (Chimaphila) Q یا 30'
چار گھنٹے بعد

☆ دودھ کے غدودوں کا ورم اور سوجن۔

سمفائٹم (Symphytum) 6 یا 30'
چار گھنٹے بعد

☆ دودھ کے غدودوں کی سوزش اور زخم جلن اور خارش۔

پیونیا (Paenonia) Q یا 6' چار گھنٹے بعد

☆ دودھ کے غدودوں کے پیچھے درد۔ گرمی سے تکلیف میں اضافہ ہو۔ پیاس ندارد۔ کھلی اور ٹھنڈی ہوا کے لئے خواہش۔

پلساٹیلا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

چھاتی سے دودھ دینا

Lactation

بعض اوقات بچے کی پیدائش کے بعد چھاتیوں میں دودھ کے بھراؤ کی وجہ سے چھاتیوں میں درد ہو جاتا ہے۔ لرزہ کے ساتھ بخار ہو جاتا ہے۔ اعضاء، کمر اور سر میں درد ہو جاتا ہے۔ نپل پر ورم آجاتا ہے بس سے دودھ پلاتے ہوئے تکلیف ہوتی ہے۔ بعض اوقات دودھ زیادہ مقدار میں یا کم مقدار میں آنے کی وجہ سے چھاتی کی تکلیفات ہوتی ہیں۔ دودھ زیادہ آنے کی صورت میں دبا کر یا آلہ لگا کر دودھ نکال دینا چاہیے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ چھاتیاں سخت اور اکڑی ہوئی۔ پیپ بننے کے امکان کی وجہ سے۔ درد تمام جسم میں پھیلے۔ دودھ پلاتے ہوئے تکلیف ہو۔ نپل بہت زیادہ سوجا ہوا ورم آلود۔ دودھ کا بہاؤ بہت زیادہ ہو۔
فائٹولاکا 30، چار گھنٹے بعد

☆ چھاتی سخت اور چھونے سے حساس۔ سوزش سوجی ہوئی۔ درمیان سے گلاب کے پھول کے رنگ کی طرح۔ بچہ دودھ پینے سے انکاری ہو یا پینے کے بعد اگل دے۔ جب بچے کو دودھ پلائے تو نپل سے خون آئے۔ دودھ میں رکاوٹ ہو جائے۔
سلیسیا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ چہرہ سرخ تمتمایا ہوا۔ جلد خشک اور گرم۔ دودھ کا بہاؤ بہت زیادہ۔ چھاتی ورم آلود سوجی ہوئی گرم اور سرخ۔ نرم اور بعض اوقات پتھر کی طرح سخت۔
بیلاڈونا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ مریضہ کو شدید پیاس لگے۔ بہت زیادہ مایوس اور افسردہ ہو۔ چھاتی کا سائز چھوٹا ہو رہا ہو۔ دودھ کی مقدار کم ہو۔
لیک ڈی فلوریٹم (Lac-def) 30 یا 200، چھ گھنٹے بعد

☆ دودھ کی قلت۔ دودھ پلاتے ہوئے درد ہو۔ دردیں سینے، گردن اور کمر کی جانب پھیلیں۔ دودھ چھڑانے کے بعد قطرے قطرے ٹپکتا رہے اور چھاتی کھنچی یا تنی ہوئی محسوس ہو۔ مریضہ زود رنج، آنسو بہانے والی اور نرم خو ہو۔ گرمی پسند نہ کرے اور ٹھنڈ اور کھلی ہوا کی خواہش کرے۔
پلساٹیلا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ مریضہ ٹھنڈ محسوس کرنے والی، موٹی اور پلپلی سی اور کمزور ہو۔ جس کو جلدی پسینہ آجائے خاص طور پر سر میں اور رات کے وقت۔ پانی کی طرح پتلا دودھ کافی مقدار میں نکلے۔ لیکن بچہ پینے سے انکاری ہو۔ یا پھر دودھ کی قلت ہو چھاتی میں دودھ ہونے کے باوجود۔
کلکیریا کارب 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

دردزہ/زچگی کی دردیں

Labor

وضع حمل کے ساتھ ساتھ دردزہ کے بھی تین مراحل ہوتے ہیں۔ جب زچگی کے درد شروع ہوتے ہیں تو اس وقت سے رحم کا منہ کھلنے تک وضع حمل کا پہلا مرحلہ ہوتا ہے۔ وضع حمل کے اس درجے میں رحم بار بار سکڑتا ہے جس سے دردیں ہوتی ہیں۔ یہ دردیں شروع شروع میں دس بیس منٹ کے وقفے سے آتی ہیں اور قریباً" تیس سیکنڈ تک رہتی ہیں۔ آہستہ آہستہ یہ وقفہ کم ہوتا اور درد کا وقت بڑھتا جاتا ہے۔ ان بار بار کی دردوں اور رحم کے سکڑنے کی وجہ سے رحم کا منہ کھلتا چلا جاتا ہے۔ بچے کے پانی کی تھیلی پھٹ جانے کے بعد زچگی کا دوسرا مرحلہ شروع ہوتا ہے۔ اس درجے میں جلدی جلدی درد ہوتا ہے۔ ہر پانچ منٹ بعد اور پھر کم ہوتے ہوتے ایک منٹ اور دردیں ہونے لگتی ہیں۔ اس مرحلے پر حاملہ کے زور لگانے سے شدید درد کے ساتھ بچے کا سر اور منہ باہر نکل آتے ہیں۔ اس حالت کے بعد دو منٹ تک درد رک جاتا ہے اور بچے کے مکمل طور پر باہر آجانے کے بعد دردیں ختم ہو جاتی ہیں اور قریباً" بیس منٹ تک درد نہیں ہوتے۔ تیسرے مرحلے میں حاملہ سردی محسوس کرتی ہے اور پھر اچانک درد شروع ہو جاتے ہیں۔ اور شدید درد کے ساتھ پردے اور آنول رحم سے باہر نکل آتے ہیں اور اس طرح وضع حمل کا تیسرا مرحلہ مکمل ہو جاتا ہے اور بعد میں مریضہ کو بڑی حد تک آرام آجاتا ہے البتہ ہلکی ہلکی سی قابل برداشت دردیں محسوس ہوتی رہتی ہیں جو چند گھنٹوں کے بعد رفع ہو جاتی ہیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ متلی کی علامت بہت زیادہ نمایاں خاص طور پر ناف کے قریب تیز اور شدید درد کے ساتھ۔

اپی کاک 30 یا 200' 10 منٹ بعد'
تین مرتبہ

☆ دردزہ کے آخری مرحلے میں دینے کے لئے۔ دوسری خوراک اس وقت دی جائے جب رحم اور اندام نہانی کے پھیل جانے کی وجہ سے آنول الگ کر دی گئی ہو۔

آرنیکا 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین
مرتبہ

☆ اندام نہانی کا منہ سخت' لمبا' موٹا' اکڑا ہوا اور پٹی کی طرح بندھا ہوا ہو۔ اعصابی کمزوری بے دھڑکن اور تشنجی شدید درد۔ جو عام طور پر ابتدائی مرحلے کے بعد کمزور پڑ جائے۔

کولو فائلم 200' 10 منٹ بعد' تین
مرتبہ

☆ دردوں کے بعد۔ تشنج اور اکڑاہٹ۔ رحم کے منہ کا کھچاؤ۔ درد لاتوں کی جانب نیچے کی طرف جائے۔

وائبرنم آپوس 30 یا 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ بہت زیادہ شوروغل کرے۔ گھبراہٹ کا اظہار کرے۔ دوسروں کی مدد کے لئے چلائے۔ بہت زیادہ درد محسوس کرے۔ لیکن یہ علامات کیموملا جیسی شدید نہ ہوں۔

کافیا 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ مریضہ بہت رنجیدہ طبیعت ہو۔ روئے۔ بے ہوشی محسوس کرے اور تازہ ہوا کی خواہش کرے۔

پلساٹیلا 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ دردوں کے بعد۔ بچے کو چھاتی سے لگاتے ہوئے جذباتی ہو جائے۔ درد بائیں سے دائیں کو بڑھیں۔

کونیم mac 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ لمبی بے چینی اور بے آرامی کے بعد جبکہ مریض کمزور اور نڈھال ہو جائے۔ گرمائش چاہے اور کپڑا اوڑھنا پسند کرے۔

آرسنک البم 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ مریض کپڑا اوڑھنا پسند کرے۔ کپکپی اور لرزے کے ساتھ دردیں۔ گذشتہ ایام میں گرنے اور سرک جانے کی علامات کے ساتھ۔ کار وغیرہ سے۔

سیپیا 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ طبی معائنہ سے تنگ آکر مریض متشدد ہو جائے۔ خوف اور بے چینی پائی جائے۔

اکوناٹ 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ مریضہ روئے اور تکلیف کی شکایت کرے۔ ایک پاؤں سے فرش، بستر یا کرسی کو خوب رگڑے اور دوران درد حرکت کرے۔

ایکٹیا ریس موسا (Actacea race mosa) 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ دردوں کے بعد۔ رات کے وقت۔ دن میں درد نہ ہونے کے برابر۔ پہلو بدلنے کے بعد اور مناسب طریقے سے ڈھکے جانے کے بعد بہتر محسوس کرے۔

رہس ٹاکس 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ مریضہ ذرا سی بات پر غصہ میں آجائے۔ الٹی سیدھی باتیں کرے اور چلائے۔ اس کو اعتدال میں رکھنا مشکل ہو۔ اعصابی کمزوری محسوس کرے۔

کیمومیلا 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ دردوں کے بعد۔ ذرا سی حرکت سے بھی جذباتی ہو جائے یہاں تک کہ گہرے سانس لینے سے بھی۔ ہونٹ پھٹے ہوئے۔ منہ خشک سر میں شدید درد جیسے پھٹ جائے گا۔

برائی اونیا 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ مریضہ زودرنج ہو۔ روئے اور آہیں سسکیاں بھرے۔ ہمیشہ گہرا لمبا سانس لے۔ ایسا محسوس ہو کہ مریضہ گہرائی میں پھیپھڑوں تک سانس نہیں لے پا رہی ہے۔

اگنیشیا 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

اسقاط حمل

Abortion/Miscarriage

حمل ضائع ہونا

رحم مادر میں جنس (کچا بچہ یعنی چار ماہ تک) یا اس سے زیادہ عمر کا جس کے جسم کے اعضاء مکمل ہو چکے ہوں کے وقت سے پہلے جنم کو اسقاط حمل کہتے ہیں۔ یہ اچانک کسی صدمے، گرنے، چوٹ وغیرہ کے سبب بھی ہو سکتا ہے یا بعض خواتین میں حمل کے دوران کسی بھی مہینے میں اسقاط کا رجحان پائے جانے کی وجہ سے ایسا ہو سکتا ہے۔

اتفاقیہ یا حادثاتی اسقاط حمل کے لئے درج ذیل ادویات مفید و موثر ہیں۔

علامات	دوا اور طاقت، دورانیہ
☆ کسی خوف یا جذباتی ہونے کی وجہ سے اسقاط ہونے کی صورت میں۔	اکونائٹ 200، 10، 10 منٹ بعد تین مرتبہ
☆ ضائع ہو جانے کے بعد کمر اور اعضاء تناسل میں درد کے لئے۔	سیپیا 30، چھ چھ گھنٹے بعد، چھ مرتبہ
☆ ذہنی طور پر جذباتی ہو جانے سے۔	کیمو میلا 30 یا 200، ہر دو گھنٹے بعد
☆ خون کی کمی کے باعث اسقاط کا رجحان۔	الیٹرس الیف (Aletris f) Q، 5 سے 10 قطرے ہر دو گھنٹے بعد
☆ کسی بھی مہینے خصوصاً" آٹھویں مہینے میں مریضہ کو مکمل آرام کرنا چاہئے۔	وائبرنم (Viburnum) Q یا 30، ہر دو گھنٹے بعد
☆ رحم کی کمزوری کی وجہ سے۔	کولو فائلم (Caulophyllum) 30، ہر تین گھنٹے بعد

☆ اسقاط روکنے کے لئے جبکہ خون جاری ہو گیا ہو۔

ٹریلیم پی (Trillium P) Q، 5 تا 10
قطرے ہر آدھا گھنٹہ بعد

☆ بہت زیادہ اخراج خون جس میں کہ سرخ چمکدار خون جاری ہو' شدید درد ہو اور زبان صاف ہو۔

اپی کاک Q یا 30' ہر آدھا گھنٹہ بعد

☆ بہت زیادہ تھکن یا غصیلے جذبات کی وجہ سے۔

ہیلونیاس (Helonias) Q، 5 تا 10
قطرے ہر دو گھنٹہ بعد

☆ کالے اور نہ جمنے والے خون کے ساتھ۔

کروٹیلس ہیرائڈس (Crotalus h)
30 یا 200' ہر آدھا گھنٹہ بعد' تین مرتبہ

☆ گر جانے سے یا صدمے سے۔

آرنیکا 200' ہر 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ زیادہ اخراج خون کی کمزوری سے۔

چائنا 30' ہر تین گھنٹے بعد

☆ جب کچھ دیر تک خون جاری رہے۔

تھیلپسی برسا پی
(Thlaspi bur P) Q' پانچ سے 10
قطرے ہر دو گھنٹے بعد

☆ پہلے مہینے میں اسقاط کے لئے۔

کروکس سٹیوا (Crocus Sativa) Q
یا 30' ہر تین گھنٹے بعد

بعض خواتین کے ہاں کسی خاص مہینے میں اسقاط حمل کا رجحان پایا جاتا ہے اور یہ صورت حال ایک سے زیادہ مرتبہ پیش آچکی ہوتی ہے۔ ان حالات میں علامات کے مطابق اسقاط کے متوقع وقت سے ایک ماہ پہلے درج ذیل دواؤں کے استعمال سے بچے کے ضائع ہونے کی روک تھام کی جا سکتی ہے۔

☆ پانچ سے سات ماہ میں۔

سیپیا 30 یا 200' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ ایسی خواتین جن کے رحم کمزور اور غیر صحتمند ہوں اور جن کو مسلسل کئی کئی ہفتوں تک بدبودار ماہواری ہو۔

سیکالے کور (Secale cor) 30 یا 200' چار چار گھنٹے بعد

☆ ایسی مریض خواتین جن میں کی کمی ہو۔

فیرم میٹلیکم 3x' تین تین گھنٹے بعد

☆ ابتدائی مہینوں میں اسقاط حمل خصوصاً" دوسرے مہینے میں۔

کالی کارب 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ ساتویں مہینے کے بعد اسقاط حمل۔

اوپیم 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ رحم کے منہ کے سخت ہونے کی وجہ سے حمل کا ضائع ہونا۔

اورم میور نیٹرم 3x' ہر تین گھنٹے بعد

☆ دوسرے تیسرے یا چوتھے مہینے میں اسقاط حمل کی عادی خواتین۔

ایپس ملفیکا 200' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ تیسرے مہینے کے دوران کلاٹ والے خون کے اخراج کے ساتھ۔ جس میں تھوڑی حرکت سے بھی حالت بگڑ جائے۔

سبینا 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ سپرنما غدہ (Thyroid) کی بے قاعدگی کی وجہ سے ہونے والے اسقاط کو روکنے کے لئے۔

تھائی رائیوڈینم (Thyroidinum) 200' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ ایسی خواتین جن کو ہسٹریا ہو اور ان میں احساس برتری بھی ہو۔

پلاٹینا (Platina) 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ تیسرے مہینے میں سیاہی مائل خون کے اخراج میں۔

کریازوٹم (Kreosotum) 30 یا 200' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ موٹی اور پلپلی خواتین جن کو وقت سے پہلے بدبودار ماہواری ہو۔
کلکیریا کارب 200 یا 1M' ہفتہ وار'
تین مرتبہ

☆ جبکہ خاندان میں دق کی ہسٹری پائی جائے تو علامات کے مطابق کسی دوسری دوا کے ساتھ۔
ٹوبر کولینم K 200 یا 1M' پندرھویں
دن' تین مرتبہ

☆ جبکہ خاندان میں اسقاط حمل کی ہسٹری پائی جائے تو علامت کے مطابق دوا کے ساتھ۔
سفیلنم 200 یا 1M' پندرھویں دن'
تین مرتبہ

ان ادویات کے علاوہ بائیو کیمک کی کالی فاس 6x' کلکیریا فاس 6x اور کلکیریا فلور 6x بھی ہر چار گھنٹے بعد دینا مفید اور موثر ہوتا ہے۔

احتیاط : اگر دردیں اور خون آنا شروع ہو جائے تو مریضہ کو مکمل آرام کرنا چاہئے اور ایمرجنسی کی صورت میں ہسپتال لے جانا چاہئے۔ ایسی صورت میں جبکہ ماہواری رکے چند ہی دن گذرے ہوں تو درج ذیل آزمودہ نسخہ استعمال کرایا جا سکتا ہے جو بیشتر کیسوں میں بڑا کامیاب ثابت ہوا ہے۔
گوسی پیم Q+ پلساٹیلا Q+ سکیلے کار Q کے برابر برابر 40 قطرے تین چار روز تک ہر روز چار مرتبہ دینے سے بہتر نتائج حاصل کئے جا سکتے ہیں۔

Scanned by CamScanner

مشت زنی (زنانہ)

Masturbation (female)

بعض عورتوں کو بھی مشت زنی کی عادت بد پڑ جاتی ہے جس کے نتیجے میں عصبی کمزوری، سردرد، دنیا سے بے زاری، اداسی اور غمگینی، افسردگی، چڑچڑا پن، بد مزاجی جیسی خامیاں پیدا ہوئی ہیں۔ ہسٹریا، رعشہ، مرگی، تشنج، سکتہ جیسی تکلیفات بھی جنم لیتی ہیں۔ مشت زنی کی مرتکب خواتین کا چہرہ زرد، جلد خشک آنکھیں اندر کو دھنسی ہوئی، کمزور دبلی پتلی ہونٹ پیلے اور دانت خراب ہوتے ہیں۔ آنکھیں دھندلی اور سرخ ہو جاتی ہیں۔

اس بری عادت کے نتیجے میں رحم کے سخت ہو جانے یا اس میں سرطان (پھوڑا) بننے کا خدشہ ہوتا ہے۔

جوان لڑکیوں کا فحش ناول پڑھنا، بری صحبت، عاشقانہ قصے کہانیاں پڑھنا اور سننا، فحش فلمیں دیکھنا وغیرہ اس بری عادت کے پڑنے کا سبب ہوتے ہیں۔ کیونکہ برے خیالات پیدا ہونے سے شہوانی جذبات بھڑکتے ہیں اور عضو مخصوص میں خراش پیدا ہونے سے یہ بری عادت پڑتی ہے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ اندام نہانی میں شدید خارش کی وجہ سے مشت زنی کی عادت۔ رات کے وقت زیادہ۔ ماہواری کے دوران بہتر ہو۔

زنکم میٹیلیکم 30، چار گھنٹے بعد

☆ رحم اور اندام نہانی میں ہلکی سی خارش کی وجہ سے مشت زنی کی عادت۔

کیلیڈیم 30 S یا 200، دو گھنٹے بعد

☆ شرمیلی اور زودرنج مریضہ۔ مشت زنی جس کے نتیجے میں لیکوریا اور ہسٹریا (باؤگولہ) کی بد نظمی ہو جائے۔

پلساٹیلا 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ جنسی افسردگی مشت زنی کی وجہ سے۔ عیاشی اور ظاہری تسکین کی لہر پیٹ کی طرف رینگے یا بڑھے۔ احساس برتری ہو۔

پلاٹینا 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ جنسی خیالات آئیں۔ بظارہ میں خارش کی وجہ سے مشت زنی۔

سلفر 200 یا 1M، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ مشت زنی کے اثرات بدضائع کرنے، جنسی افسردگی رفع کرنے اور چہرے سے احساس شرمندگی کے آثار مٹانے کے لئے۔

سٹیفی سیگریا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ بہت زیادہ بڑھی ہوئی جنسی خواہش کی وجہ سے مشت زنی کی عادت۔

اوری گینم 30 یا 200، چھ گھنٹے بعد

☆ ذہنی طور پر رنجیدہ۔ اندام نہانی خشک اور ورم آلود۔ رحم میں شدید خارش کی وجہ سے مشت زنی۔

نیٹرم میور 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی کلکیریا فاس 3x اور نیٹرم میور 12x بھی مفید ادویات ہیں۔

دیگر اہم ادویات : ایسڈ فاس، فاسفورس، لیکے سس، جلسی میم اور ٹوبرکولینم ، غیرہ۔

جنسی خواہش

Sexual Desire (female)

(See masturbation and Nymphomania also)

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ مریضہ اپنے پوشیدہ اعضاء دکھانے میں شرم محسوس نہ کرے۔ بے حیا ہو جائے۔ بدتمیز اور غیر مہذب ہو اور خرافات بکے۔ بے حیائی کی باتیں کرے۔

ہائیوسائمس (Hyoscyamus) 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ ماہواری کے ایام کے دوران بہت زیادہ جنسی خواہش ہو۔

سٹرامونیم 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ اندام نہانی کے خشک ہونے کی وجہ سے مباشرت کرنے سے گریز کرے۔

نیٹرم میور 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ اعضاء مخصوصہ میں کھجلی ہو۔ بے چینی ہو۔ جنسی خواہش ہو۔ جنسی جذبات بھڑکیں۔

بغلگیر ہونے کی خواہش ہو۔

اگیری کس مس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ ناقابل برداشت جنسی خواہش۔ شدید خواہش جماع خاص طور پر غیر شادی شدہ جوان لڑکیوں میں۔ ہر کسی سے بغل گیر ہونے کی خواہش کرے۔

پلاٹینا 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ بڑھتی ہوئی جنسی خواہش کے ساتھ لیکوریا۔

سیپیا 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ پلاٹینا سے افاقہ نہ ہونے کی صورت میں۔ شرمگاہ کو دکھانے میں کوئی حجاب نہ کرے۔ ناقابل برداشت جنسی میلان۔ جلدی سے جماع کے لئے تیار ہو جائے۔

فاسفورس 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ نازک مزاج' زودرنج ٹھنڈ محسوس کرنے والی مریضہ۔ جس کو پیاس نہ لگے۔ تنہائی پسند ہو اور کھلی ہوا پسند کرے۔ بغلگیر ہونا چاہے۔

پلساٹیلا 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ شرمگاہ میں کیڑے ہوں جن سے کھجلی ہو۔ اندام نہانی کو کھجانے کی وجہ سے جنسی خواہش شدید ہو اور بڑھے۔

کیلیڈیم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ اعضاء مخصوصہ کو ذرا سا بھی چھیڑے جانے سے جنسی خواہش بڑھ جائے۔

میوریکس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

بانجھ پن

Sterility

بانجھ پن سے مراد اولاد پیدا نہ ہونا ہے۔ بانجھ پن کے چند اہم اسباب رحم کا ٹل جانا' رحم کی رسولی' حیض کا کثرت سے آنا یا نہ آنا۔ رحم کا چھوٹا ہونا' خصیۃ الرحم میں پیدائشی نقص ہونا' رحم کی گردن یا منہ کا بند ہونا' اندام نہانی کی سوزش یا بند ہونا وغیرہ ہیں۔ بہت زیادہ موٹاپے یا بہت زیادہ کمزوری کی وجہ سے بھی بعض دفعہ بانجھ پن ہو جاتا ہے۔ آتشک اور سوزاک جیسے موذی مرض بھی اس کا سبب ہوتے ہیں۔ شوہر کے جرثومے اور بیوی کے بیضے میں ہم آہنگی نہ ہونے کی وجہ سے بھی اولاد پیدا نہیں ہوتی ہے۔ لیکوریا اور خراشدار پانی کا اخراج بھی بانجھ پن کا سبب ہو سکتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ کئی بار اسقاط حمل ہو چکا ہو رحم میں تناؤ اور کھچاؤ۔ درد زہ تیز قسم کا ہوتا ہو۔

کالوفائلم 30' چھ گھنٹے بعد

☆ پر درد حیض اور رحم سے خون زیادہ خارج ہونے والے کیسوں کے لئے۔ مثانہ کی گردن پر ایسا محسوس ہو جیسے سوجی ہوئی ہو۔ پیشاب گزارنے کے لئے خواہش اور کوشش کرنی پڑے۔

مچیلا (Mitchella) Q' چار گھنٹے بعد

☆ رحم کا عمل درست کرنے کے لئے۔ کمر میں درد ہو۔ رحم اور خصیۃ الرحم میں دباؤ ڈالنے والا درد۔ کاٹنے پھاڑنے والا اور دباؤ ڈالنے والا درد۔ مثانہ میں سوزش اور جلن ہو۔ مثانہ میں اکثر اوقات درد ہو۔ مثانہ کی گردن پر دبانے والا درد ہو۔

یوپٹیوریم پرفولیم 30' چار گھنٹے بعد

☆ خصیۃ الرحم کا عمل درست کرنے اور خوشگوار احساس بڑھانے کے لئے۔ خاص طور پر لمبی' دبلی پتلی اور حساس خواتین کے لئے۔

فاسفورس 200' پندرھویں روز' تین مرتبہ

☆ قلیل مقدار میں حیض ہوں۔ پیلی رنگت کے حیض۔ تاخیر سے ہوں یا بعض اوقات کئی کئی مہینے گذر جائیں۔ قبض رہتا ہو۔ جلد غیر صحتمند ہو۔ کوئی زخم ہو تو جلدی مندمل نہ ہو۔ اگزیما ہو جاتا ہو۔ منہ کے کوئے اور پلکیں پھٹ جاتی ہوں۔

پلمبم میٹلیکم 30' چھ گھنٹے بعد

☆ کسی طبعی تبدیلی کے بغیر یا بانجھ پن ہو۔

مینڈراگورا (Mandragora) 30' چار گھنٹے بعد

☆ پیدائشی اعضاء کی عملی کمزوری رفع کرنے کے لئے۔ حمل ٹھہرنے کے تھوڑے عرصے بعد ہی اسقاط ہو جائے۔ جھلیوں کا ٹکڑ درد حیض ہو۔

وائبرنم اوپولس Q یا 6' چار گھنٹے بعد

☆ جب پیپ دار رطوبت (لیکوریا) اور تیزابی مادہ کے اخراج کی وجہ سے حمل نہ ٹھہرتا ہو۔ وہ مادہ تولید کے جرثومے کی حرکت کو روک دیتا ہو۔ مریضہ ایسا محسوس کرے کہ اندام نہانی سے گرم پانی بہہ رہا ہو۔ ماہواری کثرت سے' وقت سے پہلے' دیر تک رہنے والی اور درد بھری ہو۔ رحم کی گردن سے پانی بہنے کے مزمن کیس کے لئے۔

بوریکس 30' چار گھنٹے بعد

☆ اوپر بیان کی گئی علامات کے لئے بائیو کیمک کی بہترین دوا۔

نیٹرم فاس 6x' چار گھنٹے بعد

☆ ہر مرتبہ جماع کے بعد پسینہ آئے۔ نیند اڑ جائے۔ اور سخت قسم کی کمزوری کا احساس ہو۔ حیض وقت سے پہلے اور کثرت سے ہوں اور دیر تک جاری رہیں۔ تیزابی' کریم کی طرح کا لیکوریا ہو جو دن رات جاری رہے۔ موٹی اور پلپلی مریضہ کے لئے۔

کلکیریا کارب 200 یا 1M' پندرھویں روز' تین مرتبہ

☆ خصیۃ الرحم میں زخم یا سوزش ہو اور وہ سخت یا اکڑی ہوئی ہوں۔ البیومن کی طرح کا تیز اور جلن پیدا کرنے والے مادہ کا اخراج۔ رحم اور خصیۃ الرحم میں ٹیکن اور جلن دار درد ہو۔ جنسی خواہش کمزور ہو۔ حیض سے پہلے اور بعد میں چھاتیاں سوج جائیں اور درد ہو۔ کسی طرف سر گھمانے سے چکر آئیں۔

کونیم میک 200' پندرھویں روز' تین مرتبہ

☆ پاخانہ قبض سے ہو۔ دوران حیض شدید درد ہو جو کہ مقعد اور چڈے کی طرف بڑھے۔

گریفائٹس 30 یا 0/5' چھ گھنٹے بعد

☆ رحم میں ناطاقتی ہو۔ حیض قلیل اور تاخیر سے ہوں۔ کمر میں اور کمر کے مہروں کے قریب شدید قسم کا درد محسوس کرے۔

گوسی پیم Q 5-10 قطرے' چار گھنٹے بعد

دیگر اہم ادویات : سٹینی سیگریا' کالی کارب' سفیلنیم' تھوجا oc' اورم میٹلیکم' ٹوبرکولینم' سیکالے کار' کالی برومائڈ' میڈورنیم' کیمومیلا' لیلیم ٹگ' پلاٹینا' پلساٹیلا' تھائرائڈیم سلیکس ٹگ' اشوکا' سلفر' نیٹرم میور' برٹا کارب' ایس ملفیکا' وغیرہ۔

رعشہ (پٹھوں میں کھچاؤ)

Chorea

(Involuntary movements of muscles)

(See nervousness also)

رعشہ کے مرض میں تمام جسم یا اس کے کسی حصے یا عضو کے اختیاری عضلات میں غیر ارادی اور غیر منظم حرکت ہوتی ہے۔ عام طور پر یہ بیماری ہاتھ پاؤں اور چہرے کے عضلات میں ہوتی ہے اور اس قسم کی حرکت نیند کی حالت میں واقع نہیں ہوتی۔

اس مرض کی ابتدا میں کسی عضو یعنی ہاتھ پاؤں یا چہرے پر تشنجی حرکت ہوتی ہے جو آہستہ آہستہ بڑھتی اور پھیلتی جاتی ہے اور ٹانگ' بازو جسم کا نصف حصہ یا تمام جسم کانپنے لگتا ہے۔ مریض کھڑے ہوتے ہوئے لڑکھڑانے لگتا ہے۔ کسی چیز کو اٹھاتے ہوئے ہاتھ میں جھٹکا پڑتا ہے۔ بازو اور ٹانگ وغیرہ ہلتے رہتے ہیں۔ مریض ٹانگ گھسیٹ کر چلتا ہے۔ مریض کا ہاتھ کچھ کھاتے ہوئے یا منہ میں کچھ ڈالتے ہوئے منہ کے بجائے سر کے اوپر چلا جاتا ہے۔ مریض ہاتھ اٹھا کر انگلیوں کو سیدھا اور متوازی نہیں رکھ سکتا۔ مرض کے شدت اختیار کر جانے پر مریض کو اپنی حرکات پر اختیار نہیں رہتا گویا وہ اپنی مرضی اور ضرورت کے مطابق اعضاء کو حرکت نہیں دے پاتا۔ غرض یہ کہ مریض کے لئے چلنا پھرنا بولنا' اٹھنا' بیٹھنا دشوار ہو جاتا ہے۔

یہ مرض عموماً" دس سال سے اوپر کی عمر کے بچوں کو زیادہ ہوتا ہے مردوں کی نسبت مستورات اس مرض میں زیادہ مبتلا ہوتی ہیں۔ اکثر یہ مرض موروثی ہوتا ہے علاوہ ازیں فتور حیض' ہسٹریا' جلن کمیء خون' وجع المفاصل' کثرت چائے نوشی اور شراب نوشی وغیرہ بھی اس مرض کے اسباب ہیں۔ عصبی مزاج والدین اور باؤگولہ کی مریضہ عورت کے بچوں میں اس مرض کے لاحق ہونے کے زیادہ امکانات ہوتے ہیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ سر کا آگے پیچھے حرکت کرتے رہنا۔ اندھیرے سے خوف یا ڈر۔

سٹرامونیم 200 یا 1M' چھ گھنٹے بعد

☆ درد اور سُن ہو جانے کے ساتھ کسی عضو کا ہلنا۔

آسیفونڈا 30' چھ گھنٹے بعد

☆ عضو پر قابو نہ رہے۔ اعضاء کا ہلنا۔ سوتے ہوئے زیادہ ہو۔ اعضاء میں کھچاؤ اور تناؤ۔

کاسٹی کم 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ بازو اور ٹانگوں میں جھٹکے۔

مائی گیلی (Mygale) 200' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ ٹھنڈ محسوس کرنے والے مریض۔ کمزور۔ ٹھنڈ سے تکلیف بڑھے۔

زنکم فاس 30' چھ گھنٹے بعد

☆ ہاتھوں کا کپکپانا۔ بہت زیادہ پسینہ جس کے بعد بھی آرام نہ آئے۔

مرکیورس سال 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ جذبات و احساسات کو ٹھیس لگنے کی وجہ سے رعشہ۔ خاص طور پر چہرے کے پٹھوں میں۔ دھوئیں سے اور زیادہ تکلیف ہو جائے۔

اگنیشیا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ بہت دبلا پتلا اور اکڑ۔ سوتے ہوئے کچھ بہتر ہو۔

ارجنٹم نائٹریکم 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی کالی فاس 6x اور میگنیشا 6x ہر چار گھنٹے بعد۔

کینسر (مختلف اعضاء کا)

Cancer Of Different Organs

اس مرض میں جسم کے کسی حصے کے خلیات بڑھ کر رسولی کی شکل اختیار کر لیتے ہیں اور یہ رسولی کچھ عرصے کے بعد درمیان میں سے گلنا شروع ہو جاتی ہے جس کے نتیجے میں ایک زخم بن جاتا ہے۔ سرطان کی جگہ کے اطراف کے گلینڈ بڑھ جاتے ہیں اور سخت ہو کر وہاں بھی کینسر کی علامات پیدا ہونے لگتی ہیں کینسر کے خلیات خون اور لمف کی نالیوں کے ذریعے جسم کے دوسرے حصوں میں پہنچ کر نئی رسولی پیدا کر دیتے ہیں۔ عام طور پر مسوڑھوں' معدے' جگر' پھیپھڑوں' چھاتی' ہڈیوں' بڑی انتڑی اور بچے دانی میں کینسر بنتا ہے خون کا کینسر بھی ہوتا ہے جس کا واحد علاج خون کی تبدیلی ہے۔ کثرت شراب نوشی' سگریٹ نوشی' پان خوری اور دیگر قسم کی نشہ آور اشیاء کا استعمال اس مرض کا خاص سبب ہیں۔ مختلف اور مخصوص اعضاء کے کینسر کے لئے جو دوائیں نہایت مفید ہیں ان کو ذیل میں درج کیا گیا ہے۔ جب مریض کی تمام علامات متعلقہ دوا سے مناسبت و مطابقت رکھتی ہوں تو اس کے مطابق وہ دوا دی جائے اور دوا دوہراتے ہوئے بڑی احتیاط سے کام لیا جائے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ پھیپھڑوں کے کینسر کے لئے۔ نیند میں شہوانی اور بدکاری کے خواب آئیں جس سے پرسکون طور سے نہ سو سکے۔

کوبالٹم (Cobaltum) 30' تین گھنٹے بعد

☆ مثانے اور چھاتی کا کینسر۔ بلوغت کی عمر میں مہاسے اور پھنسیوں کی شدید تکلیف۔

اسٹریاس ریبنس (Asterias rubens) 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ کالی رطوبت کی مسلسل قے کے ساتھ معدے کا کینسر

کیڈمیم سلف (Cadmium Sulph) 30' تین گھنٹے بعد

☆ فوطوں کا کینسر۔

کیڈمیم فاس (Cadmium Phos) 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ بچے اور ہڈیوں کا کینسر خاص طور پر نچلے جبڑے اور پنڈلی کی بڑی ہڈی کا کینسر۔
فاسفورس 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ نچلی آنتوں کو متاثر کرنے والا کینسر جس میں آنت سرک جائے یا گر جائے۔
روٹا 6 یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ خود کو پہلے کینسر رہا ہو یا خاندان کی ہسٹری میں کینسر کا کیس پایا جاتا ہو۔
کارسی نوسین (Carcinocin) 200
یا 1M' پندرھویں روز' تین مرتبہ

☆ اندام نہانی یا غدود کا کینسر۔ پیشاب پر قابو نہ پا سکے۔ جب لیٹے تو مسلسل پیشاب کا قطرہ نکلتا رہے۔
کریازوٹ 30' تین گھنٹے بعد

☆ ہڈی اور ہڈی کے غلاف کا کینسر خاص طور پر جوڑوں کی ہڈی کا کینسر۔
سمفائٹم (Symphytum) 6 یا 30'
تین گھنٹے بعد

☆ کسی مرض میں بار بار مبتلا ہونے کے رجحان میں کینسر کی علامات۔
سٹرا یچنم (Strychninum) 200 یا
1M' پندرھویں روز

☆ گردن کے غدودوں کا کینسر۔ مریض ٹھنڈ سے بہت زیادہ حساس۔ مختلف اعضاء میں ٹھنڈک کا احساس۔
سسٹس کناڈنس (Cistus Can) 30'
تین گھنٹے بعد

☆ جب پھوڑا ناسور میں تبدیل ہو رہا ہو اور اس میں شدید جلن اور بے چینی ہو۔
آرسنک البم 30' چار گھنٹے بعد

☆ معدے' بغلوں جانگوں اور خوراک کی نالی کا کینسر۔ منہ کے کناروں کی پھٹن میں درد۔
کانڈورانگو (Condurango) 30 یا
200' تین گھنٹے بعد

☆ متاثرہ جگہ میں سے زہریلا مادہ نکالنے کے لئے۔
سلیسیا 12x یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ چہرے کا کینسر۔ ویکسی نیشن کے مضر اثرات۔ بہت جلدی تھکن اور لاغری۔
تھوجا 30 OC یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ معدے کے زیریں حصے کے چھید' بارہ انگشتی آنت اور اندھی یا کانی آنت کا کینسر۔

بارہ انگشتی آنت میں کھچاؤ کے ساتھ شدید درد۔

اورنی تھوگیلم (Ornithogalum)

Q یا 6' تین گھنٹے بعد

☆ کینسر والا السر خاص طور پر ملیریا کے دبائے جانے کے نتیجے میں پیدا ہونے والا۔

چینینم سلف (Chininum Sulph)

30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ گدی' گردن اور رحم کی گردن کا کینسر۔ جس میں سے آسانی سے خون بہے۔ پشت کے ساتھ پانی ابلنے کا سا احساس۔

اسٹی لاگو (Ustilogo) Q یا 6' تین گھنٹے بعد

بیرونی استعمال کے لئے ہائپریکم (Hypericum) لوشن بہت مفید ہے۔

خون کی کمی

Anaemia

اس مرض میں جسم کی حرارت نارمل سے کم رہتی ہے۔ خون کے سرخ جرثوموں (ہیموگلوبن) کی مقدار کم ہو جاتی ہے۔ مریض تھوڑی سی محنت سے تھک جاتا ہے۔ ہاتھ اور ٹانگیں ٹھنڈی رہتی ہیں۔ سانس پھول جاتا ہے۔ آنکھوں کے گرد نیلے حلقے پڑ جاتے ہیں۔ بھوک مر جاتی ہے گیس بنتی ہے۔ مریض جسمانی اور ذہنی طور پر کمزور ہو جاتا ہے۔ زیادہ دیر کھڑے رہنے سے پاؤں پر ورم آجاتی ہے۔ دل زور زور سے دھڑکتا ہے۔ چکر آنے لگتے ہیں۔ طبیعت ست اور پژمردہ رہتی ہے۔

خونی بواسیر' زیادہ حیض' کسی وجہ سے خون کا بہت زیادہ اخراج' پرانی پیچش اور دست' بدہضمی اور قبض وغیرہ کے علاوہ کوئی ایسی بیماری جس میں خون پیدا کرنے والے اعضاء میں خرابی پیدا ہو جائے اور ناکافی غذا اس مرض کے عام اسباب ہیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ لمبے اور لگاتار ملیریے کے بعد خون کی کمی۔ اچھی خوراک کھانے کے باوجود لاغری ہوتی جائے۔ شدید پیاس۔ دل ڈوبے۔ اس بات کی خواہش بڑھے کہ کوئی اس کو تسلی دے۔ مزید نمک کھانے کی خواہش بڑھے۔

نیٹرم میور 6x یا 30' ہر چار گھنٹے بعد

☆ ملک اور سبز یرقان جس سے چہرہ زرد ہو جائے اور خون کی کمی ہو۔ خصوصاً جوان لڑکیوں میں۔

ملکیریا فاس 6x' ہر چار گھنٹے بعد

☆ موٹے اور پلپلے لوگوں میں خون کی کمی' ناہضم ہونے والی چیزوں کے کھانے کی خواہش کریں۔

ملکیریا کارب 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ جنسی کاموں میں پڑنے کی وجہ سے خون کی کمی۔

ایسڈ فاس 30' ہر چار گھنٹے بعد

☆ بڑھنے والی اور تباہ کن حد تک خون کی کمی۔ دماغی تھکن اور جنسی خواہشات بڑھی ہوئی۔

پکرک ایسڈ 30' ہر چار گھنٹے بعد

☆ آئرن زیادہ مقدار میں لینے کے سبب کمیء خون۔ ماہواری میں بے قاعدگی۔ پیاس کم یا بالکل ختم ہو جائے۔ کھلی اور ٹھنڈی ہوا میں بہتر محسوس کرے۔

پلساٹیلا 30' ہر چار گھنٹے بعد

☆ سخت کمزوری اور تمام بدن میں تھکن کا احساس۔ نرم نبض۔ دل کا ڈوبنا۔ مریض کی 3 بجے رات حالت زیادہ خراب ہو۔

کالی کارب 30 یا 200' ہر چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ حیاتی عروق کے ضائع ہونے' خون ضائع ہونے اور زیادہ ماہواری ہونے۔ منی ضائع ہونے اور پیچش ہو جانے کی وجہ سے خون کی کمی جس سے شدید کمزوری ہو جائے۔ معدہ میں تکلیف بڑھ جائے اور کمزوری سے اونگھ آنے لگے۔

چائنا 6 یا 30' ہر چار گھنٹے بعد

☆ کاروباری یا زیادہ پڑھنے لکھنے والے لوگوں میں خون کی کمی۔ زیادہ دیر بیٹھ کر کام کرنے کی وجہ سے اور تحریک دینے والے زیادہ مشروبات پینے کی وجہ سے مثلاً" چائے۔ کافی یا شراب وغیرہ۔

نکس وامیکا 30' ہر چار گھنٹے بعد

☆ پورے طور پر سانس نہ آنے کے ساتھ خون کی کمی مریض سیدھا لیٹ کر بہتر محسوس کرے اور گرم جگہ پر۔ موسم گرما میں بھی گرم کپڑے پہننا پسند کرے۔

سورینم 200' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ دھڑکن اور سانس کی کمی کے ساتھ خون کی کمی۔

سٹروفینتھس Q (Strophanthus)

10-5 قطرے' ہر چار گھنٹے بعد

☆ ذرا سی محنت سے سانس لینے میں دقت ہو۔ اچانک یکدم چہرہ سرخ ہو جائے جس میں چہرے کے کچھ حصے پر زردی چھا جائے اور سوجن اور اونگھ آنے لگے۔

فیرم میٹلیکم 3x یا 6' ہر چار گھنٹے بعد

☆ کافی دیر تک اعصابی تناؤ کے بعد خون کی کمی۔

فاسفورس 200' ہر تین گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ بہت زیادہ فکر مندی اور پژمردگی کے بعد خون کی کمی۔ ملیریے یا کسی قسم کے زہر کے اثرات بد کی وجہ سے۔ بے چینی اور جلن شدید پیاس۔ پانی کے گھونٹ جلدی جلدی لے۔

آرسنک البم 30' ہر چار گھنٹے بعد

ادھرنگ/فالج

Paralysis

(of different body parts)

ادھرنگ یا فالج کے مرض میں جسم کے کسی خاص یا بعض حصے کی حس یا حرکت یا دونوں زائل یا ناقص ہو جاتی ہیں۔ یہ مرض سارے جسم' نصف جسم' طولانی یا کمر سے نچلے دھڑ میں یا صرف چہرے پر پڑ سکتا ہے۔ بعض اوقات اس مرض کا حملہ اچانک ہوتا ہے۔ اچھا بھلا آدمی صبح کو سو کر اٹھتا ہے' ہلکے سردرد کے بعد ایک دو مرتبہ قے آتی ہے اور مرض لاحق ہو جاتا ہے۔ ماؤف جانب کے ہاتھ پاؤں بے حس و حرکت ہو جاتے ہیں۔ ہاتھ کو اٹھا کر چھوڑ دیا جائے تو خودبخود گر پڑتا ہے۔ چہرے پر لقوے کے حملے کی صورت میں تندرست حصے کی جانب تھوڑا سا ٹیڑھا ہو جاتا ہے اور زبان بیمار جانب قدرے مڑ جاتی ہے۔ کبھی کبھار اس کے برعکس بھی ہو جاتا ہے۔ اگر مرض جلد رفع نہ ہو تو مفلوج حصہ لاغر اور سرد ہو جاتا ہے۔ مریض کے ہوش و حواس میں بھی فرق پڑ جاتا ہے۔ قبض ہو جاتا ہے۔ مریض کے لئے بغیر سہارے کے چلنا پھرنا یا کوئی کام کرنا قریباً" ممکن نہیں رہتا۔ ہاتھ پاؤں ہلانا جلانا محال ہو جاتا ہے۔ یہ مرض رعشہ' دماغ میں پھوڑے یا رسولی' مرگی' باؤگولے یا آتشک کے سبب لاحق ہوتا ہے۔ یہ مرض عام طور پر بائیں جانب زیادہ ہوتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ انتڑیوں کا فالج۔ اچانک علامات تبدیل ہوں۔

فاسفورس 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ اعصاب کا فالج۔ جس کے نتیجے میں بھاری پن کا احساس ہو اور حساسیت بھی متاثر ہو۔ سخت بے چینی ہو۔

روہس ٹاکس 200' چار گھنٹے بعد

☆ مریض انتہائی نڈھال اور پژمردہ ہو جائے۔ چہرے اور آنکھوں کی پلکوں کا فالج۔

کیڈمیم سلف 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ بھیپھڑوں اور ہاتھ پاؤں کا فالج جس میں کسی قسم کا درد نہ ہو۔

لوروسیریسس (Laurocerasus) 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ خوف رنج اور صدمے کے اثرات بد۔ زبردست کمزوری اور نقاہت بازوؤں کا فالج۔
نیٹرم میور 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ کلائی یا واحد پٹھے کا فالج جو سکڑنے یا مرجھانے لگے۔ پھیلانے والے پٹھے میں فالج شروع ہوتا۔
پلمبم میٹلیکم 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ صدمے اور حادثے کے بعد کے اثرات۔ غیر حساسیت خاص طور پر دماغ کی۔
اوپیم IM یا اوپر کی طاقتیں' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ چلتے ہوئے پاؤں لڑکھڑائیں اور کپکپائیں۔ اعصاب میں کھنچنے والے درد۔ چہرے کا فالج۔
نکس وامیکا 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ بوڑھے لوگوں کا فالج۔ جو ٹھنڈ سے متاثر ہونے کی رغبت رکھتے ہوں اور بچگانہ قسم کا برتاؤ کرتے ہوں۔
برئٹا کارب 200 یا IM' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ کسی واحد عضو کے حصے' مثانے' گلے کے آلات صوت وغیرہ یا زبان کا فالج۔
کاسٹی کم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' چھ مرتبہ

☆ لاتوں کا فالج جو بڑھتا جائے۔ شدید کمزوری۔ تھکن۔ تمام جسم پر بھاری پن کا احساس۔
پکرک ایسڈ 30' چار گھنٹے بعد

☆ نیچے سے اوپر کی جانب پھیلنے والا فالج خاص طور پر کنوارے مردوں اور عورتوں کے لئے۔
کونیم میک 200 یا IM' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ پلکوں اور آلہء صوت کا فالج۔ پٹھے کام کرنا چھوڑ دیں۔
جیلسی میم 30' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ ایک جانب کا فالج جبکہ دوسری جانب تشنج اور اینٹھن ہو۔ اندھیرے سے ڈر لگے۔
سٹرامونیم 200 یا IM' چار گھنٹے بعد

☆ مریض جسم کے کسی حصے پر کوئی بھی چیز برداشت نہ کر سکے۔ دماغ کا فالج۔ بائیں جانب کا فالج۔

لیکے سس 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ آنکھوں کے پٹھوں کا فالج۔ چہرے کے بائیں جانب کا فالج۔ چہرے میں گرمی کا احساس۔

سینیگا (Senega) 30' چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی کلکیریا فاس 6x کالی فاس 6x اور میگنیشا فاس 6x بھی فالج کی مفید ادویات ہیں۔

Epilepsy

اس مرض میں بے ہوشی اور مکمل غشی کا دورہ پڑتا ہے۔ اختیاری عضلات اکڑ جاتے ہیں۔ آنکھوں کے ڈھیلے اوپر کو چڑھ جاتے ہیں۔ رنگ پیلا پڑ جاتا ہے۔ قوائے حس و حرکت جواب دے جاتے ہیں۔ منہ سے جھاگ آنے لگتا ہے۔ مریض بے ہوش ہو کر گر پڑتا ہے۔ دل دھڑکتا ہے۔ پیشاب پاخانہ بھی خطا ہو جاتا ہے۔ بعض اوقات مریض کی زبان دانتوں کے درمیان آ کر کٹ جاتی ہے۔ اس مرض کے دورے عام طور پر ہفتوں مہینوں اور لمبے وقفوں کے بعد پڑتے ہیں۔ بعض اوقات یہ دورہ چلتے پھرتے اور کام کرتے ہوئے اچانک پڑ جاتا ہے۔ اس لئے اس کے مریض کو آگ، پانی، دریا اور کنوئیں کے قریب نہیں جانے دینا چاہئے۔

عام طور پر یہ مرض موروثی ہوتا ہے۔ زیادہ رنج و غم، زیادہ دماغی محنت، جلق، دماغی صدمہ آتشک، زیادہ شراب نوشی، سمیت خون سر کی چوٹ اور دماغ میں پھوڑا بھی اس مرض کے اسباب ہیں۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ سر پر چوٹ لگنے کی وجہ سے مرگی کا دورہ۔

نیٹرم سلف 200 یا 1M، پندرھویں روز، تین مرتبہ

☆ رات کو نیند کے دوران مرگی۔

بفورانا (Buforana) 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، چھ مرتبہ

☆ ماہواری سے پہلے زیادہ مرگی۔

اونا تھے کروکاٹا (Oenanthe Cro) 30، چار گھنٹے بعد

☆ معدے کے ورم کے ساتھ۔ حملے کے دوران انگوٹھے اندر کی جانب مڑ جائیں۔ جھٹکے یا چھیڑنے سے تکلیف بڑھ جائے۔

سکوٹا V 30، چار گھنٹے بعد

☆ کیڑوں کی وجہ سے۔ ناک اور مقعد میں درد۔

سائنا 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ ماہواری میں بے قاعدگی کی وجہ سے۔

سیڈرون (Cedron) 200' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ چاند کے دورانیوں میں تشنجی اثرات۔ پٹھوں میں تناؤ۔ دورے وغیرہ۔ انگلیوں اور انگوٹھوں سے شروع ہو۔

کوپرم میٹیلکم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ آبلوں اور چھالوں وغیرہ کے دب جانے کے بعد۔

اگریکس مس (Agricus m) 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ کسی خوف یا ڈر سے۔ لوگوں کو دور پرے کرے یا بے حس ہو جائے۔

اوپیم 200 یا 1M' چھ گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ محبت میں ناکامی یا کسی صدمے کی وجہ سے۔

اگنیشیا 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی کالی میور 6x کالی فاس 6x اور میگنیسیا فاس 6x چار گھنٹے بعد۔ شدید حملے کی صورت میں مذکورہ ادویات مختصر وقفے کے بعد بھی دی جا سکتی ہیں۔

رسولی کے امراض

Affections of Tumours

رسولی دو قسم کی ہوتی ہے: لائی پوما (Lipoma) اور فائبروما (Fibroma)۔ لائی پوما عام طور سے جلد کے نیچے چربی دار نرم گوشت کی ہوتی ہے۔ یہ آہستہ آہستہ بڑھتی ہے۔ یہ مختلف سائز کی اور گول ہوتی ہے۔ اس کے اطراف میں کیپسول ہوتا ہے۔ اسی لئے ہلانے سے حرکت کرتی ہے۔ فائروما رسولی ملحقہ گوشت سے جڑی ہوتی ہے اور ذرا سی سخت ہوتی ہے۔ یہ بھی آہستہ آہستہ بڑھتی ہے۔ لیکن یہ زیادہ بڑی نہیں ہوتی ہے۔ اس طرح کی رسولی کینسر میں تبدیل ہو سکتی ہے۔ اس لئے اس کے علاج پر فوری توجہ دی جانی چاہئے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ جلد پر سخت رسولی ہو۔

مینگنم اسیٹکم

'30 (Manganum acaticum)

چار گھنٹے بعد

☆ ناقابل برداشت درد کے ساتھ رسولی ہو۔

سٹرامونیم 200 یا 1M' چھ گھنٹے بعد

☆ معدے کی رسولی۔

کالی آیوڈیم 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ رحم کی مہلک رسولی۔ آسانی سے خون جاری ہو جائے۔

کروٹیلس ہائیڈرس 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ پلکوں پر ریشہ دار رسولی۔ رحم میں ریشہ دار رسولی۔

ٹیوکریم (.Teucrium m.v) 30'

چار گھنٹے بعد

☆ رحم کی ریشہ دار رسولی۔

اسٹی لاگو (Ustilago) Q یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ کھوپڑی کے اندر رسولی کی بیماری میں متلی کے بغیر قے ہو۔

فیرم میٹلیکم 30' چار گھنٹے بعد

☆ ماتھے یا پنڈلی کی بڑی ہڈی پر یا کسی اور جگہ رسولی ہو۔
سٹلنجیا (Stillingia) Q یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ جسم کے اندر جلد کے نیچے درد کے بغیر یا درد سے بھری گانٹھیں۔ رسولی اور پھیلنے والا درد۔
کونیم Mac 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ گھٹنے کے اوپر رسولی۔
کلکیریا فلور 12x یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ کھوپڑی یا گردن کے قریب رسولی جس سے مادہ خارج ہو۔
برٹا کارب 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ غدود سے متعلقہ ایسی جگہ رسولی جہاں غدود نہ ہوں۔
لیپس البم (Lapis alb) 30' چار گھنٹے بعد

☆ چھاتی کی ریشہ دار رسولی۔
تھائرائیڈینم 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

بائیو کیمک کی کلکیریا فاس 6x کلکیریا فلور 12x تھائیرائیڈینم 200 یا 1M ہفتہ وار (تین مرتبہ) اور سلیشیا 30x بھی مفید ادویات ہیں۔

سوزش غشائے معلی/ پیری ٹونم یا پیٹ کی استری یا جھلی کی سوزش

Peritonitis

(See fever also)

اس بیماری میں پیٹ کی استری یا جھلی (شکم کی دیوار کی اندرونی سطح پر ہے) میں ورم ہو جاتا ہے۔ اس کا کوئی حصہ یا پوری جھلی متورم ہو سکتی ہے۔ پہلے پیٹ کی کسی خاص جگہ درد شروع ہوتا ہے اور پھر تمام پیٹ میں پھیل جاتا ہے۔ پیٹ کے اعضاء اتنے حساس ہو جاتے ہیں کہ ہلنے جلنے، کھانسنے، دبانے، چھونے حتیٰ کہ کپڑا لگنے تک سے درد ہوتا ہے۔ یہ درد گولی لگنے، چھری چبھنے یا نشتر لگنے کا سا ہوتا ہے۔ پیٹ تن جاتا اور لرزے سے تیز بخار چڑھ جاتا ہے۔ قبض ہو جاتا ہے مریض کا جی متلاتا اور ابکائیاں آتی ہیں۔ نبض باریک اور تیز چلتی ہے۔ پیشاب میں سوزش ہوتی ہے۔ ٹھنڈے پسینے آتے ہیں۔ مریض ٹانگوں کو پیٹ کی طرف سکیڑے سیدھا لیٹا رہتا ہے۔ زبان خشک سفید ہوتی ہے۔ ہچکیاں آنے لگتی ہیں۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ بخار اور جلن کے احساس کے ساتھ غشائے سوزش معلی حرکت سے تکلیف میں اضافہ ہو۔ لمبے وقفے کے بعد بہت مقدار میں پانی کی پیاس۔

برائی اونیا البم 30 یا 200، چھ گھنٹے بعد

☆ جب مریض معدے پر ذرا سا بھی چھوا جانا برداشت نہ کر سکے حتیٰ کہ کپڑے تک برداشت نہ کر سکے۔

لیکے سس 30 یا 200، چار گھنٹے بعد،
تین مرتبہ

☆ غشائے معلی کے درد کے ساتھ تیز بخار۔ سرد خشک ہوا لگ جانے کی وجہ سے سوزش غشائے معلی۔

اکونائٹ 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ پتلے دستوں کے ساتھ بخار۔ بہت زیاد پسینے کے ساتھ پیپ پڑنے والے مرحلے کے لئے۔ بخار کو پسینہ سے بھی کوئی فرق نہ پڑے۔

مرکیورس سال 30، چار گھنٹے بعد

☆ معدے کے شدید درد اور ورم کے ساتھ۔ مقامی اجتماع تکلیف۔ ذرا سے دباؤ اور چھونے سے تکلیف میں اضافہ ہو۔

بیلاڈونا 30' چار گھنٹے بعد

☆ تمام جسم سرد پڑ جائے۔ اعضاء میں تشنج اور کھچاؤ تناؤ۔ مریض ٹھنڈے مشروبات کی خواہش کرے۔ بخار اور قے ہو۔

ورائٹرم البم 30' چار گھنٹے بعد

☆ جب سادہ بخار ٹائی فائڈ میں تبدیل ہو جائے۔ زبان خشک ہو۔ زبان کی نوک سرخ ہو۔ شدید بے چینی۔ حرکت کرنے سے بہتر محسوس کرے۔

رہس ٹاکس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی فیرم فاس 6x تین تین گھنٹے بعد دینا بھی بہت فائدہ مند ہے۔

پسینہ

Affections of Sweat

قدرت نے جانداروں کے اجسام سے فضلے اور غیر ضروری مادوں کے اخراج کا خاص نظام با بندوبست کیا ہے۔ جسم کے مساموں کے ذریعے جو غیر ضروری مادہ اخراج ہوتا ہے اسے پسینہ کہا جاتا ہے۔ پسینہ جسمانی ساخت' محنت' ماحول' آب و ہوا اور تکلیفات کی مناسبت سے کم یا زیادہ آتا ہے۔ پسینے کے کم زیادہ آنے کے اسباب ہوتے ہیں اور جسم کے مختلف اعضاء پر مختلف کیفیات میں کم زیادہ پسینہ آتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ صرف ڈھکے ہوئے حصے پر پسینہ آئے۔

بیلاڈونا 30' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ پسینہ آنے کے دوران بھوک محسوس کرے۔

سنکونیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ ٹانگوں پر پسینہ آئے۔

میر بلیتم Q یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ پسینے کے ساتھ قے ہونے لگے۔

کیمفورا 30' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ کبھی بھی پسینہ نہ آئے۔ پاخانہ سخت اور قبض کے ساتھ ہو۔

الیومنا 200 یا 0/5 یا اور بڑی طاقت' چھ گھنٹے بعد

☆ حاد امراض کے بعد کثرت سے پسینہ آئے جس سے سکون ملے۔

سورینم 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ شدید بھوک کے ساتھ ٹھنڈا پسینہ۔ بازوں اور ہاتھوں پر۔

فاسفورک ایسڈ Q یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ جن حصوں میں درد ہو وہاں پسینہ آئے۔

کالی کارب 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ گرم پسینے۔ بستر کی گرمی سے زیادہ ہو جائے۔ سو کر اٹھنے پر خارش کے ساتھ پسینہ۔ کسی

چیز سے ڈھانپنا برداشت نہ کر سکے۔ ہاتھوں اور پاؤں پر پسینہ۔

لیڈم پال 30 یا 200' چار گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ کپڑے پر پسینے کے دھبے پڑ جائیں اور کپڑا اکڑ جائے۔

سیلنم 30' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ چپکنے والا پسینہ۔

کینابس انڈیکا 30 یا 200' چار گھنٹے
بعد' تین مرتبہ

☆ کسی قسم کی حرکت کرنے سے پسینہ غائب ہو جائے اور گرمی پیدا ہو جائے۔ پیاز کی سی بو آئے۔

لائیکو پوڈیم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ ڈھانپنے پر پسینہ اور بہت پیاس اور کمزوری ہو۔

چائنا 6 یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ سوائے چہرے کے تمام جسم پر یا کھلے ہوئے حصے پر پسینہ۔ ڈھکے ہوئے حصے پر پسینہ نہ آئے۔ شہد کی سی بو آئے۔

تھوجا 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین
مرتبہ

☆ دل کی دھڑکن کے ساتھ۔ بہت زیادہ پسینہ اور ہتھوڑے لگنے کا سا درد۔

لیکے سس' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ بغلوں میں سے لہسن کی سی بو آئے۔

سلفر 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین
مرتبہ

☆ صرف سو کر جاگنے یا اٹھنے کے بعد پسینہ آئے۔

سیپیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین
مرتبہ

☆ گرمی کے موسم میں بھی بہت کم پسینہ۔

نکس موسکاٹا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ موسیقی سن کر پسینہ آئے۔ موسیقی سے لطف اندوز ہو۔

ٹیرنٹولا ہسپانیہ 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ جب پسینہ آرہا ہو تو کپڑا اتارنا برداشت نہ کر سکے۔

ایتھوزا 30 Cy، چار گھنٹے بعد

☆ ٹھنڈا چپکنے والا پسینہ۔ کھانا کھاتے ہوئے پسینہ زیادہ آنے سے شکایات میں اضافہ ہو۔ کثرت سے پسینہ آنے کے باوجود سکون نہ ملے۔

مرکیورس سال 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ پسینہ جس پر مکھیاں بیٹھیں۔

کیلیڈیم 30، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ تمام جسم پر ہلکا سا پسینہ۔ خوف اور پریشانی کے ساتھ۔

اکونائٹ 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ کھلی ہوا میں چلتے ہوئے پسینہ آئے۔ مسالے کی سی بو آئے۔

رہوڈینڈرون 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ ٹھنڈا اور لیسدار پسینہ۔

وراٹرم V 30، چار گھنٹے بعد

☆ جسم کے کسی حصے پر پسینہ آئے۔ ہاتھوں پر ٹھنڈ کے ساتھ اور گردن اور سینے پر بھی۔

ککیریا فاس 6x یا 30، چار گھنٹے بعد

☆ گیس کی شکایت کے ساتھ لگاتار پسینہ آتا رہے۔

کالی کم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ ٹانگوں اور پاؤں میں ٹھنڈے پسینے۔ مریض بہت زیادہ ذکی الحس ہو۔

ہیپر سلف 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ تپ دق کے مریض۔ پسینے سے کپڑے پر پیلے دھبے پڑ جائیں۔

ٹوبر کولینم 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ جلد میں چھلنے والے احساس کے ساتھ پسینہ۔

کیمومیلا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ ماتھے پر پسینہ۔ پنکھا جھلنا یا پنکھے کی ہوا لینا پسند کرے۔

کاربوویج 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ چہرے کے ایک جانب پسینہ آئے۔ گرمی سے اضافہ ہو جائے۔

پلساٹیلا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ کھانے کے بعد تمام جسم پر پسینہ آجائے۔ بغلوں میں بھی پسینہ آئے۔

نائٹرک ایسڈ 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ چلنے سے پسینہ کم ہو۔ کپڑے پر پیلے دھبے پڑ جائیں۔

چیلی ڈونیم Q یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ پسینہ میں سے سڑے ہوئے گوشت کی سی تیز بو آئے۔

پائرو جینم 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

فربہی/موٹاپا

Fatness/Obesity

بعض لوگ قدرتی طور پر موٹے ہوتے ہیں یا چربی اور نشاستہ دار غذائیں کھانے سے موٹے ہو جاتے ہیں۔ موٹاپا موروثی بھی ہو سکتا ہے۔ اکثر لوگ ادھیڑ عمری میں موٹے ہو جاتے ہیں۔ خواتین حیض کے موقوف ہو جانے کے بعد اکثر موٹی ہو جاتی ہیں۔ ان وجوہات کے علاوہ جلد کے اندرونی اور زیریں اعضاء کے گرد کثرت سے چربی جمع ہونے کی وجہ سے جسم بھاری اور بے ڈول ہو جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے ہاضمے کی تکلیفات پیدا ہوتی ہیں اور اندرونی اعضاء کے افعال میں بھی خلل یا نقص پیدا ہو جاتا ہے۔ اکثر موٹے اشخاص جوڑوں کے دردوں میں مبتلا رہتے ہیں۔ موٹاپے سے بچنے کے لئے مرغن، میٹھی، نشاستہ دار اشیاء۔ چکنائی والی اشیاء اور گوشت اور انگور اور آم وغیرہ سے پرہیز کرنا چاہئے۔ محنت کے کام اور ورزش کرنا نہایت مفید ہے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ موٹے مریض جو قبض، ریاح، تھائرائڈ کے غدود کے بڑھنے اور گومڑ وغیرہ کے امراض میں مبتلا ہوں۔ جبکہ کلکیریا کارب موثر نہ ہوا ہو۔

فوکس (Fucus ves) 10-20 Q
قطرے، چار گھنٹے بعد

☆ پٹھوں کو سخت اور مضبوط بنانے کے لئے۔ جسم سے گوشت اور چربی کم کرنے کے لئے۔ موٹاپا زیادہ اور گوشت کم ہو۔

کیلوٹروپس (Calotropis) 30 یا
200، چھ گھنٹے بعد

☆ مریض گرم موسم میں تھکا ماندہ محسوس کرے۔ زبان پر سفیدی کی موٹی تہہ جمی ہو۔ گیس یا ریح کی وجہ سے موٹاپا۔

انٹم کروڈم 200، چھ گھنٹے بعد

☆ نئی چربی اور گوشت کے بڑھنے کو روکنے کے لئے۔ غیر معمولی بافتوں کو جذب کرنے کے لئے۔ (گولیوں کی شکل میں بھی دستیاب ہوتی ہے)

فائٹولاکا Q 10-15 قطرے، چار گھنٹے بعد

☆ پلپلے اور ٹھنڈ محسوس کرنے والے مریض۔ پاؤں ٹھنڈے اور گیلے سے۔ انڈے کھانا پسند کریں۔ سر پر کثرت سے پسینہ آئے۔ معدے کے آپریشن کے بعد کا موٹاپا۔ محنت کرنے سے بہت جلدی اور زیادہ تھک جائیں۔ رات کے وقت سر میں زیادہ پسینہ آئے۔ مرطوب اور سرد موسم سے بہت زیادہ حساس۔

کلکیریا کارب 200 یا 1M، 4 گھنٹے بعد

☆ موٹے اور ٹھنڈ محسوس کرنے والے مریض جن کو قبض بھی ہو۔ خصوصاً" ایسی عورتوں کے لئے جن کو ماہواری دیر سے شروع ہوئی ہو۔ جلدی بیماریوں کا رجحان رکھنے والے مریض۔ بہت ٹھنڈ محسوس کریں۔ گرمی اور سردی سے جلد متاثر ہونے والے مریض۔ موقوفیء حیض کے دوران موٹاپا۔

گریفائٹس 200 یا 1M' ہفتہ وار' چھ مرتبہ

☆ ران اور کولہے جسم کے باقی حصوں کی نسبت زیادہ موٹے ہوں۔

امونیم میور 200' چھ گھنٹے بعد

☆ کمزور دل والے موٹے مریض۔ ٹھنڈ سے بہت زیادہ حساس۔ پانی پینا پسند نہ کریں۔ صاف ستھرے نہ رہیں۔ ٹھنڈ لگنے کا رجحان رکھنے والے مریض۔

ایمن کارب 200' چھ گھنٹے بعد

☆ موٹی خواتین کے لئے جو مکمل طور پر تھک چکی ہوں۔ چاہے وہ کوئی کام کریں یا نہ کریں۔ بالکل تھکی ماندہ اور نڈھال سی خواتین کے لئے۔

لیک ڈی فلوریٹم 200' ہفتہ وار' چھ مرتبہ

☆ ٹھنڈ محسوس کرنے والے مریض۔ بچے جو غیر معمولی طور پر لمبے ہو رہے ہوں کے لئے۔

سلیسیا 3x یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ ایسی خواتین جو موقوفیء حیض کے قریب کی عمر کو پہنچ رہی ہوں اور سرد موسم سے بہت زیادہ حساس ہوں۔ ایسے مریض جن کی تلی اور جگر بڑھ گئے ہوں۔

کلکیریا آرسنکم 200' چھ گھنٹے بعد

☆ جگر کی تکلیفات کے ساتھ جبکہ زبان پر مستقل طور پر سفیدی کی تہہ جمی ہو۔

کالی میور 30x یا 6' چار گھنٹے بعد

☆ معاون دوا خصوصاً" ایسے مریضوں کے لئے جن کا موٹاپا تھائرائیڈ غدود کی بے قاعدگی یا بیماری کی وجہ سے ہو۔

تھائرائیڈینم 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

دیگر اہم ادویات : ایمن برومائیڈ' کیسی کم' فیرم میٹلیکم' آیوڈو تھائراڈینم' کالی برومائیڈ' کالی کارب اور میڈورنیم وغیرہ۔ بائیو کیمک کی کلکیریا 6x نیٹرم میور 6x اور سلیسیا 30 بھی مفید ادویات ہیں جو چار گھنٹے بعد دی جا سکتی ہیں۔

حالتِ نزع

Collapse (failure of vital power/sinking)

(See fainting and unconsciousness also)

جسمانی طور پر گہری ناطاقتی/لاغری یا افسردگی میں پڑ جانے کو حالت نزع کہا جاتا ہے۔ ایسی حالت میں فوری طور پر مریض کو طبی امداد دینی چاہیے۔ جب تک مریض کو ضرورت کے مطابق طبی امداد دی جائے اس وقت تک فوری طور پر درج ذیل ادویات میں سے علامات کے مطابق دوا دے دینی چاہیے۔ اسی دوران حالت نزع میں جانے کی بنیادی وجہ تلاش یا معلوم کرنی چاہیے تاکہ اصل سبب معلوم کر کے اس کے مطابق صحیح تشخیص و علاج کیا جا سکے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ کسی چوٹ کی وجہ سے حالت نزع طاری ہو جانا۔

آرنیکا 200 یا 1M، آدھے گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ مرگی کے دورہ پڑنے کے لئے۔

کوپرم میٹیلیکم 30 یا 200، آدھے گھنٹے بعد

☆ جب اندرونی اور بیرونی طور پر جسم بالکل ٹھنڈا ہو۔ اچانک ہوا لگ جانے سے یا پینے کے دوران۔

کیمفر Q یا 30، 15 منٹ بعد، چھ مرتبہ

☆ لو لگنے یا دھوپ کی تپش کی وجہ سے حالت نزع۔

گلونائین 30 یا 200، آدھے گھنٹے بعد

☆ اگرچہ جسم ٹھنڈا ہو۔ اس کے باوجود مریض ہوا طلب کرے۔

کاربوویج 30 یا 200، آدھے گھنٹے بعد

☆ ٹھنڈے پسینے کے ساتھ حالت نزع۔

وراٹرم البم 30 یا 200، آدھے گھنٹے بعد

☆ اچانک حالت نزع طاری ہو جائے یا خشک ٹھنڈی ہوا لگ جائے یا کسی خوف سے اس حالت کو پہنچ جائے۔

اکو نائٹ 200 یا 1M' آدھے گھنٹے بعد

☆ رطوبات زندگی مثلاً" خون' منی کے بہت زیادہ اخراج کی وجہ سے یا بہت زیادہ قے اور دستوں کے ہو جانے سے حالت نزع طاری ہو جانا۔

چائنا 30' آدھے گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی کالی فاس 6x میگنیشیا فاس 6x اور نیٹرم میور 12x نیم گرم پانی میں ملا کر آدھا گھنٹہ بعد دینا بھی بہت فائدہ مند ہے۔

مندرجہ بالا ادویات کے علاوہ آرسنک البم' فاسفورس' کونیم mac' ہائیڈروسیانک ایسڈ (Hydrocyanic Acid) اوپیم اور کالوسنتھ بھی بڑی مفید دوائیں ہیں۔

بے ہوشی

Fainting

(See collapse and unconsciousness also)

بے ہوشی سے مراد بے حس و حرکت ہو جانا ہے۔ اس کے متعدد اسباب ہو سکتے ہیں۔ صدمے، چوٹ، خوشی کی خبر، بہت زیادہ کمزوری اور نقاہت، زیادہ خون بہہ جانا، لو لگ جانا، گرمی سے نڈھال ہو جانا، کسی جگہ آکسیجن کی کمی، زیادہ دھواں اور حساس آدمیوں کے لئے زیادہ ڈانٹ ڈپٹ وغیرہ بے ہوشی کے اسباب ہو سکتے ہیں۔ جس کی وجہ سے مریض بے ہوش ہو کر گر سکتا ہے۔ ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہو جاتے ہیں۔ سخت پسینہ آتا ہے۔ پتلیاں پھیل جاتی ہیں۔ اعصاب تن جاتے ہیں اور جسم اکڑ جاتا ہے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ	
☆ خوف کے بعد یا حادثے وغیرہ کے بعد کے اثرات۔	اوپیم 200 یا 1M، آدھے گھنٹے بعد، تین مرتبہ
☆ خوف یا جذباتیت کی وجہ سے بے ہوشی۔ اعصابی تناؤ۔	فاسفورس 200، آدھے گھنٹے بعد، تین مرتبہ
☆ بہت زیادہ خوشی یا تفریح کی وجہ سے۔	کافیا (Coffea) 200 یا 1M، آدھے گھنٹے بعد، تین مرتبہ
☆ غیر معمولی حساس مریض۔ کسی کے گالیاں دینے یا برا بھلا کہنے کے نتیجے میں غصہ آنے پر بے ہوشی۔ شدید اور ناقابل برداشت درد کی وجہ سے۔	کیمومیلا 200، آدھے گھنٹے بعد، تین مرتبہ
☆ اسہال کے بعد۔ رسدار پھل وغیرہ کھانے سے۔	آرسنک البم 200، آدھے گھنٹے بعد، تین مرتبہ
☆ رطوبات زندگی مثلاً" قے اور دستوں کے ذریعے پانی، خون، منی وغیرہ کے بہت زیادہ خارج یا ضائع ہو جانے سے۔	چائنا، آدھے گھنٹے بعد

☆ پانی کے جہاز یا کسی اور سواری میں بیٹھنے کی وجہ سے۔ نیند اڑ جانے کی وجہ سے۔
کوکولس انڈیکا (Cocculus ind)
200' آدھے گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ تضحیک' بے عزتی ہو جانے یا کسی کے روکھے اور سخت برتاؤ کی وجہ سے۔
سٹیفی سیگریا 200 یا 1M' آدھے گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ آپریشن کے بعد کسی صدمے سے۔ شدید ٹھنڈ یا سردی سے۔ کمزوری سے۔ کسی بری خبر کے رنج سے۔
وراٹرم البم 30 یا 200' آدھے گھنٹے بعد' تین مرتبہ "

☆ گیس کی روشنی کے نیچے کام کرنے' سر پر گرمی پڑنے یا لو لگ جانے سے۔
گلونائین 3x یا 6' آدھے گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ حسد' کسی رطوبت کے اخراج کو روک دینے سے۔ گھٹن اور گرم ماحول سے۔
لیکے سس 200' آدھے گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ مایوسی اور ناامیدی سے۔ صدمے اور رنج سے حادثے سے۔ جذبات کے اظہار میں خلل اندازی سے۔
اگنیشیا 200 یا 1M' آدھے گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ اچانک خشک سرد ہوا لگنے یا خوف سے۔
اکونائٹ 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ کسی خدشے' ان دیکھے خیال اور خوف' جذباتی کیفیت اور بری خبر سے۔
جیلسی میم 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ غصے کے ساتھ جسم یا گوشت سڑے۔ بعض اوقات غصہ دبائے جانے سے مریض سکتے میں چلا جاتا ہے۔
کالوسنتھ 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ رونما ہونے والے واقعات کے پیشگی تصور سے اور ان دیکھے خدشات سے۔

ارجنٹم نائٹریکم 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ پن اور سوئیوں مثلاً" انجکشن کا خوف۔ ویکسین کے اثرات بد سے۔

سلیسیا 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ اچانک مالی نقصان کی اطلاع ملنے سے۔ چوٹ کی وجہ سے۔ چھیڑنے یا تنگ کئے جانے سے۔

آرنیکا 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ مرگی کے دورے میں جبکہ حساسیت گھٹنوں سے شروع ہو کر زیریں بطن کی جانب جائے۔

کوپرم میٹیلیکم 30 یا 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ معاون دوا۔

سلفر 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

بائیو کیمک کی کالی فاس 6x اور میگنیسا فاس 6x آدھا گھنٹہ بعد دینا بہت مفید ہے۔

نوٹ : بے ہوشی کا اصل سبب جاننے کی کوشش اور اس کے مطابق علاج کرنا چاہئے۔ مرض پر قابو نہ پا سکنے کی صورت میں مریض کو ہسپتال پہنچا دینا چاہئے۔

بے حسی

Unconciousness

(See Collaps and fainting also)

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ بہت زیادہ خون اور رطوبات زندگی ضائع ہو جانے کی وجہ سے بے ہوشی۔

چائنا 30 یا 200، آدھے گھنٹے بعد

☆ غصے اور ناراضگی کے دبانے کی وجہ سے بے ہوشی۔

کالوسنتھ 200 یا 1M، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

کی ہسٹری پائی جائے۔

☆ دماغی کمزوری، نقاہت کی وجہ سے جبکہ بلڈ پریشر زیادہ ہونے

اورم میٹلیکم 10M، 15 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ جبکہ نومولود بچہ سانس نہ لے اور کسی واضح علامت یا رکاوٹ کے بغیر نیلا پڑ جائے۔

لوروسیرسس (Laurocerasus) 6 یا 30، 15 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ کسی قسم کے ڈر خوف یا بجلی کی چمک کی وجہ سے بے ہوشی۔

فاسفورس 200 یا 1M، 15 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ تارکول کی گیس دماغ کو چڑھ جانے کی وجہ سے بے ہوشی۔

بووسٹا 30، 15 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ جب پیشاب اور نبض کی وجہ سے نقص پیدا ہوا ہو۔

ہیلے بورس 200 یا 1M، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ زیادہ شراب پینے یا کوئلے کی گیس کی وجہ سے بے ہوشی۔

کاربو سلف 30، 15 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ جب بے ہوشی کی علامات میں سوزاکی وجوہات شامل ہوں اور دل اور پھیپھڑوں میں طبعی تبدیلی رونما ہو رہی ہو۔

سائی فیلیم 10M، ایک خوراک

☆ معاون دوا۔

سلفر 200، ایک خوراک

بائیو کیمک کی کالی میور 6x اور فیرم فاس 6x بھی مفید ادویات ہیں۔

کے دوران۔ کسی کام میں دلچسپی نہ لے۔

کونیم میک 200 یا 1M' تین گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ اکیلے یا تنہائی میں غمگینی۔

آرسنک البم 200 یا 1M' تین گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ کسی پیارے کی اچانک موت کا صدمہ۔ شدید بے چینی۔ فکرمندی اور خوف۔

اکونائٹ 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ بلاوجہ کی مایوسی اور غمگینی۔ رات کے وقت غمگینی۔ اندھیرے میں افسردگی۔

فاسفورس 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ آرام کے دوران یا جب گھر پر ہو تو غمگین ہو۔

رہس ٹاکس 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ رطوبات زندگی ضائع ہو جانے کی وجہ سے۔ مشت زنی کی وجہ سے غمگینی۔

ایسڈ فاس 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ دھوپ میں سو کر اٹھنے کے بعد۔ صبح کے وقت اور چلنے کے بعد غمگینی۔

لیکے سس 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ غصے سے غمگینی۔ گرم کمرے میں افسردگی۔

پلساٹیلا 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ محبت میں ناکامی کی وجہ سے غمگینی۔ آہیں بھرے۔ گوشت یا جسم کا کوئی حصہ گل سڑ جائے۔ کسی عزیز یا دوست کی جدائی یا موت کا صدمہ برداشت نہ کر سکے۔

اگنیشیا 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ چڑچڑاپن۔ کھانے کے بعد کی غمگینی۔

نکس وامیکا 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ دوران حمل غمگینی۔ احساس برتری۔

پلاٹینا 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد' تین
مرتبہ

☆ نامردی کی وجہ سے غمگینی اور مایوسی۔

کالی بروما ئٹم 200 یا 1M' تین گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ جب بستر میں ہو۔ رات کے وقت۔ کسی غم کے بعد۔ گرمی کے دوران۔ رو بھی نہ سکے۔ کسی کی ہمدردی بھی پسند نہ کرے۔

نیٹرم میور 200 یا 1M' تین گھنٹے بعد'
تین مرتبہ
بائیو کیمک کی نیٹرم میور 30x چار گھنٹے بعد دینا بھی مفید ہے۔

سکتہ

Apoplexy

(lack of sensation due to stroke)

(حس کی کمی کی وجہ سے غشی)

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ غصے کے جذبات کو دبانے کے نتیجے میں ہونے والی بے ہوشی۔
کالوسنتھ 200 یا 1M' تین گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ بے حس و حرکت۔ سر کی جانب خون کا اجتماع۔
بیلا ڈونا 200 یا 1M' تین گھنٹے بعد' تین
مرتبہ

☆ اچانک اونچی چیخوں کے ساتھ غفلت اور مدہوشی اور حواس باختہ ہو جانا۔ بے حس و حرکت ہو جانا۔

ایس ملفیکا 200 یا 1M' تین گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ ٹھنڈے ہوا کے جھونکے سے اچانک بے ہوش ہو جانا۔
ایکونائٹ 200، تین گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ دھڑکن کے ساتھ۔ جلد ٹھنڈی اور نم۔ چہرے کے اعصاب تن جائیں یا اینٹھ جائیں۔
لورو سراسس (Laurocerasus)
30، تین گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ مکمل بے حسی اور بے ہوشی۔ غیر ارادی سسکیاں اور آہیں۔ مریض کے چہرے سے جنون اور بد حواسی ظاہر ہو۔
بیلے ڈونا 200 یا 1M، تین گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ منہ آدھا کھلا ہوا اور بہت جھاگ نکلے۔
برئٹا کارب 200 یا 1M، تین گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ جذباتی تناؤ، صدمے یا حادثے سے بے ہوشی۔
اگنیشیا 1M یا 10M، تین گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ کسی مشین سے زخم آنے کی صورت میں بے ہوشی۔
آرنیکا 200 یا 1M، تین گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ مکمل بے ہوشی۔ دماغی چوٹ کی وجہ سے غفلت یا بے حسی۔ جبڑے لٹک جائیں۔
اوپیم 1M یا 10M، تین گھنٹے بعد، تین مرتبہ

علامات کے مطابق متعلقہ دوا کے ساتھ ساتھ سلفر 200 تین تین گھنٹے بعد دینے سے بہتر نتائج حاصل کئے جا سکتے ہیں۔
بائیو کیمک کی کالی فاس 6x اور میگنیسا 6x بھی بہت مفید ادویات ہیں۔ کیس کی صحیح تشخیص کے لئے معالج کو چاہئے کہ بے ہوشی کے اسباب کی تحقیق و تصدیق کرے اور اس کے بعد صحیح دوا تجویز کرے۔

☆ کسی رنج کی وجہ سے پریشانی یا تحت الشعور میں موجود کسی صدمے یا بری خبر سے۔
اگنیسیا 200 یا 1M، تین گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ شدید بیمار ہونے کے باوجود بزنس کے لئے فکرمند۔
برائی اونیا البم 200، تین گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ وقفے وقفے سے طویل عرصہ تک پریشانی اور خوف و ہراس کے حملے۔
آرسنک البم 200، ایک یا دو گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ کھانے کے بعد پریشانی و فکرمندی کم ہو جائے۔
اینا کارڈیم 30، چار گھنٹے بعد

☆ خوف کی وجہ سے مریض تیز چلنے لگے۔ پیشگی احتیاط کی وجہ سے پریشانی۔
ارجنٹم نائٹریکم 200، تین گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ اچانک بے چینی کے ساتھ خوف اور موت کا خوف۔
اکونائٹ 30 یا 200، آدھے گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ شام کے وقت خدشات کے جمع ہونے سے خوف۔ خشک ٹھنڈی ہوا لگ جانے کے بعد بے چینی۔
کاسٹی کم 200، تین گھنٹے بعد، تین مرتبہ
بائیو کیمک کی دوا کالی فاس 6x بھی بہت موثر ہے۔

زود حسی/پریشانی/گھبراہٹ

Nervousness

(See Anxiety also)

ہر انسان شکل و صورت ایک جیسی رکھنے کے باوجود مختلف طبیعت اور مزاج کا مالک ہوتا ہے اور ہر شخص پر مختلف حالات و کیفیات کا مختلف ذہنی اور جسمانی ردعمل ہوتا ہے۔ کچھ لوگ بہت زود حس اور جلدی اثر قبول کرنے والے ہوتے ہیں جبکہ بعض لوگ لاپرواہ اور سیلانی طبیعت رکھتے ہیں۔ بعض افراد وہمی' شرمیلے اور زودرنج ہوتے ہیں۔ ان کی ذہنی کیفیات بدلتی رہتی ہیں جس کا اثر ان کی جسمانی کارکردگی پر بھی پڑتا ہے ان کے ردعمل اور رویے بعض اوقات خود ان کے لئے اور دوسروں کے لئے بھی پریشانی کا سبب ہوتے ہیں۔ ایسی ہی مختلف علامات کے لئے ذیل میں چند ضروری اور اہم ادویات بیان کی گئی ہیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ ہر چیز اور بات ناقابل برداشت۔ کسی بات سے خوش نہ ہو۔ بدمزاج۔ انتہائی بے چینی۔

کیمومیلا 200 تین گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ لوگوں سے ملنے سے کترائے۔ مایوسی اور غمگینی۔ کسی طویل ذہنی دباؤ اور کھچاؤ کی وجہ سے طبیعت میں زود حسی اور پریشانی۔

کالی فاس 6 یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ فکرمندی کے ساتھ زود حسی۔ کھانے کے بعد بہتر ہو۔

اناکارڈیم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ کاہل' وہمی' بدگمانیوں میں مبتلا۔ ایسا محسوس ہو کہ ذہن ماؤف ہو گیا ہے۔ زندگی کے ساتھ گذر کرنے کے قابل نہ ہو۔ گرنے کا خوف۔ مایوس۔ جلدی متاثر ہو جائے۔ نزلہ زکام کے بعد زود حسی۔

جیلی میم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ نرم خو۔ بہت زیادہ حساس' رومانی طبیعت' کسی بری خبر سے متاثر ہو۔ جذباتی طور پر پراگندہ۔ لوگوں کے پاس رہنا پسند کرے۔

پلساٹیلا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ امتحان میں بیٹھنے کا خوف۔ پانی، بند جگہ، بھیڑ (رش)، بلندی وغیرہ سے خوفزدہ۔ رونما ہونے والے واقعات سے فکرمند۔

ار جنٹم نائٹریکم 30 یا 200، تین گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ کسی اچانک صدمے یا دباؤ کی وجہ سے زود حسی۔ چڑچڑا اور مایوس مریض۔ مزاج میں تبدیلی آتی رہے۔ بغیر کسی کو کچھ بتائے غم میں رہے۔ گذشتہ واقعات کو بھلا نہ سکے۔ غیر ارادی طور پر آنسو آجائیں۔ آہیں بھرے۔ درد اور تکلیف برداشت نہ کر سکے۔

اگنیشیا 200 یا 1M، تین گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ ذہنی پراگندگی۔ خیالات اور تصورات یکے بعد دیگر گھیرے رکھیں۔ ذرا سا شور اور موسیقی بھی برداشت نہ کرے۔ انتہائی درجہ حسدار۔ ذرا سی بات بھی برداشت نہ کرے۔ زبردست پریشانی اور فکرمندی۔ درد بھی برداشت نہ کرے۔

اکونائٹ 30 یا 200، تین گھنٹے بعد

☆ جھگڑالو، دوسروں پر تنقید کرنے والا۔ انتہا درجہ کا حساس اور حاسد۔ چیزیں پھینکنے کا رجحان رکھنے والا۔ مایوس لیکن تیز طرار شخص۔ ٹھنڈ محسوس کرنے والا۔ ہاضمہ ٹھیک نہ ہو۔

نکس وامیکا 30، چھ گھنٹے بعد

☆ فکرات اور صدمے کے نتیجے میں زود حسی۔ رونے کا رجحان ناخوش، ناامید، ذرا سے شور سے بھی اچھل پڑے۔ دوسروں پر تنقید کرے۔ بھول جانے والی طبیعت ہمدردی رکھنے والا۔

کاسٹی کم 200، تین گھنٹے بعد، تین مرتبہ

بائیو کیمک کی کالی فاس 6x بھی مفید دوا ہے۔

———— ✪ ————

رونا

Weeping

رونا بذات خود کوئی مرض نہیں بلکہ کسی ذہنی پریشانی یا جسمانی تکلیف کے نتیجے میں رونا آتا ہے۔ جسمانی تکلیف یا درد کی وجہ سے رونا فطری امر ہے۔ البتہ احساسات اور جذبات کے منفی یا مثبت طور پر متاثر ہونے سے بھی انسان کو رونا آتا ہے۔ بعض حساس طبیعتوں اور نازک مزاج لوگوں کو بات بات پر رونا آجاتا ہے۔ وہ خوشی اور رنج دونوں سے یکساں طور پر متاثر ہوتے ہیں اور ان کی آنکھوں میں آنسو آجاتے ہیں۔ بعض ذہنی امراض کی وجہ سے رونا آتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ کسی پریشانی اور فکر کے بعد اور میوزک سننے سے رونا آجائے۔
گریفائٹس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ خوشی سے رونا آجائے۔ احساس برتری ہو۔
پلاٹینم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ دوران حمل روئے۔
میگنیشیا کارب 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ نیند میں رونے لگے۔ کسی بات کی تردید برداشت نہ کر سکے اور رونے لگے۔
نکس وامیکا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ مطالبات پورے نہ ہونے پر رونے لگے۔ ذرا سا بھی چھوا جانا برداشت نہ کرے اور رونے لگے۔
سائنا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ جب تنہا ہو تو رونے لگے۔ کوئی دلجمعی یا حوصلہ افزائی یا مزاج پرسی کرے تو رونے لگے۔ گذرے ہوئے برے واقعات یاد کر کے رونے لگے۔
نیٹرم میور 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ کسی مدت یا مقررہ وقت کے بعد رونا شروع کر دے۔ مثلاً ہر مہینے کے بعد۔

کونیم میک 30 یا 200' چار گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ بوڑھے لوگ بلاوجہ رونے لگیں۔ ذرا سا بھی جذبات کو چھیڑنے پر رو پڑیں۔ ذرا ذرا سی بات پر رو پڑے۔

کاسٹی کم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین
مرتبہ

☆ رات دن روئے۔ کسی طور بھی خوش نہ ہو۔

ایپس ملفیکا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ اونچی آواز سے روئے۔ سسکیاں بھرے۔ چار سے آٹھ بجے کے دوران۔ شکریہ ادا کرنے پر رو پڑے۔

لائیکو پوڈیم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ لوگوں سے ملتے ہوئے رونے لگے۔ خودکشی کے خیالات آئیں۔

اورم میور 30 یا 200' چار گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ تمام رات روتا اور سارے دن ہنستا رہے۔ کبھی خوش ہو جائے اور کبھی رنجیدہ۔ اندھیرے میں کبھی ہنسے کبھی روئے۔

سٹرامونیم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ بچہ صرف اٹھائے پھرنے سے رونا بند کرے۔ ضدی ہو جائے۔

کیمومیلا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین
مرتبہ

☆ کھانسی سے پہلے رونے لگے۔ لمظ اور چھونے سے بہت زیادہ حساس۔

ہیپر سلف 30 یا 200' چار گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ اپنی بیماری کا حال بتاتے ہوئے جب تیمارداری کی جائے۔ جب کسی بات پر روک ٹوک کی جائے۔ نزلے زکام کے دوران۔ کسی سوال کا جواب دیتے ہوئے۔ دلچسپی کرنے پر خوش ہو

کہ ہر حال میں رونا شروع کر دے۔

پلساٹیلا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ گندگی یا مشت زنی کے بعد رونے لگے۔

آسٹی لاگو (Usti Lago) 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ صبح کے وقت یا گیارہ بجے رونے لگے۔

سلفر 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ بغیر کسی سبب جانے یا بے بات رونے لگے۔ بے چینی ہو۔

رہس ٹاکس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ مزمن کیسوں کے لئے۔ ایسے کیسوں کے لئے جن میں مریض اور اس کے خاندان میں افسردگی' غمگینی کی علامات پائی جائیں۔

کارسی نوسین 200 یا 1M' ایک خوراک

☆ بولتے ہوئے روئے۔ خاص طور پر دن کے اوقات میں۔

میڈورینم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ کھلی ہوا میں چلتے ہوئے رونے لگے۔

سیپیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ جب مریض سے بات کی جائے تو رونے لگے۔ پھٹ پڑے۔ چلانے لگے۔ کوئی بات چبھ جائے تو رونے لگے۔

سٹیفی سیگریا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

غصہ / جھنجلاہٹ

Anger

(Annoyance)

اگرچہ غصہ آنا انسانی جبلت اور سرشت میں شامل ہے لیکن غیر معمولی غصہ کسی ذہنی یا جسمانی بیماری کی علامت ہوتا ہے۔ ذرا ذرا سی بات پر طیش میں آجانا۔ مرنے مارنے پر آمادہ ہو جانا' کوئی بات برداشت نہ کر سکنا تشدد پر اتر آنا اور لڑنا جھگڑنا غیر صحتمندی کی علامات ہیں۔ یہ کیفیت کسی دماغی تکلیف' اعصابی کمزوری یا ذہنی پریشانی کی وجہ سے ہو سکتی ہے۔ بعض دفعہ جسمانی تکلیفات سے بھی مزاج میں چڑچڑاپن اور غصہ پیدا ہو سکتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ تیز تیز نبض۔ جان سے مار دینا چاہے۔
آیوڈیم (Iodium) 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ آسانی سے غصہ آجائے۔ جھگڑالو۔ منانا مشکل ہو۔
ہیپر سلف 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ غصہ۔ متشددانہ دورے۔ بے ہوش ہو کر گر جائے۔
ماسکس (Moschus) 200' ہر 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ متشددانہ غصہ۔ ملازموں اور دوستوں کو مارے۔
ٹرنٹولا ہسپانیہ 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ غلط چیزوں پر غصہ آجائے۔ غیر معمولی حساس۔
سٹیفی سیگریا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ کسی بات کی تردید پر شدید غصہ آئے۔ یا جب کسی بات کا جواب دینے پر اصرار کیا جائے۔
نکس وامیکا 200 یا 1M' ہر 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ مزاج (Moods) تبدیل ہونے کے ساتھ ساتھ غصہ۔ بعد میں شرمندہ یا معذرت خواہ

ہو۔

☆ غصے سے کانپنے لگے۔ شدید جھنجلاہٹ۔ نفرت سے بھرا غصہ۔ بدلا لینے کا جذبہ اور دماغ مضبوط رکھنے والا شخص۔

کروکس سٹیوا (Crocus Sat) 200، ہر 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ بچوں کا غصہ۔ کوئی نئی چیز مثلاً" کھلونے طلب کریں اور جب دیئے جائیں تو لینے سے انکار کر دیں۔ ان کا مزاج بدلتا (Changable) رہے۔

نائٹرک ایسڈ (Acid nit) 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ معمولی معمولی باتوں پر غصہ آ جائے۔ غدودوں کی سوزش ہو۔ بلوغت پر حنجرہ بڑھ جائے۔

کیموملا 200 یا 1M، ہر 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ دوران حمل غصہ۔

کلکیریا آیوڈیم 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ غصہ آسانی سے آجائے۔ جھنجلاہٹ اور ضدی پن۔ کھلی اور ٹھنڈی فضا میں بہتر محسوس کرے۔

نکس موسکاٹا 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ ساتھیوں اور استادوں سے جھگڑا کرے۔ اگرچہ جلد خوف زدہ ہو جائے۔ اپنی طرف توجہ چاہے۔

کالی سلف 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ آسانی سے غصے میں آجائے۔ جھگڑالو۔ ضدی اور جھنجلانے والا۔

فاسفورس 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ غصیارہ، جھنجلانے والا، گالیاں بکنے والا اور ظالم شخص۔

کالی کارب 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

کالی آیوڈیم 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ آسانی سے غصہ میں آجائے۔ ضدی مزاج۔ خطرناک مرض مثلاً" پھوڑے' رسولی یا بڑے زخم میں مبتلا۔

کارسی نوسین 200 یا 1M
(Carcinocin)' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ خاندان کے افراد اور بچوں کے لئے غیر متعلقہ سا۔ کسی ایک سے پیار کرے۔ ماہواری سے پہلے زیادہ غصہ آئے۔

سیپیا 200' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ جماع کے بعد غصہ۔ ضدی' موٹے اور پلپلے لوگ۔

کلکیریا کارب 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ بدمزاج' بلاوجہ غصہ۔ کبھی ہنسے نہ کسی بات پر خوش ہو۔

ٹوبرکولینم 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ غصہ جب غلط بات سمجھے۔ بے اختیار ہنسی سے پہلے۔

بوفوراناً 200 یا 1M' ہر 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

---------- ✪ ----------

☆ خون یا چاقو دیکھنے کے بعد خودکشی کرنے کا رجحان۔
الیومنا 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ کلھاڑی سے خودکشی کرنے کا رجحان۔
تاجاڑپ (Maja trip) 200 یا 1M'
چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ شدید درد کی وجہ سے خودکشی کا رجحان۔ اونچائی یا کھڑکی سے گر کر مرنے کا رجحان۔
اورم میٹلیکم 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ موت کے خوف سے خودکشی کرنے کا رجحان۔
نائٹرک ایسڈ 200 یا 1M' چار گھنٹے
بعد' تین مرتبہ

☆ پسینہ آنے کے دوران چھرا مار کر خودکشی کرنے کا رجحان۔
کلکیریا کارب 200 یا 1M' چار گھنٹے
بعد' تین مرتبہ

☆ خیالات خودکشی کی طرف آمادہ کریں یا غصے کی وجہ سے خودکشی کرنے کا رجحان۔
کاربوویج 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ کسی غم' رنج یا صدمے کی وجہ سے خودکشی کا رجحان۔ گولی مارنے کا ارادہ کرے۔
سٹیفی سیگریا 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ دریا یا سمندر میں ڈوب کر مرنے کا ارادہ کرے۔
رہس ٹاکس 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ دوران حیض خودکشی کا رجحان۔ چاقو سے یا بھوک سے مرنے کا ارادہ کرے۔
مرکیورس سال 200 یا 1M' چار گھنٹے
بعد' تین مرتبہ

بائیو کیمک کی کالی فاس 6x یا 12x بھی بہترین دوا ہے۔

بے خوابی/نیند نہ آنا

Insomnia

(Sleeplessness)

اس مرض میں رات کو نیند نہیں آتی۔ ذرا نیند یا غنودگی ہو تو نیند اچٹ جائے یا پریشان کن قسم کے خواب آتے رہیں۔ نیند نہ آنے کا سبب کوئی نہ کوئی دوسری بیماری یا ذہنی پریشانی ہوتی ہے۔ جب کئی روز تک نیند نہ آئے تو دماغ میں خرابی واقع ہونے کا خدشہ ہوتا ہے اور کئی قسم کی تکلیفات جنم لیتی ہیں۔ جسم مضمحل اور تھکا ماندہ ہو جاتا ہے۔ اعصاب میں تناؤ پیدا ہو جاتا ہے اور دماغی اور جسمانی ہر قسم کی محنت اور کام کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔

یہ مرض بدہضمی، زیادہ چائے نوشی، شدید بخار، جگر میں فتور، فکرات، بعض قلبی و دماغی امراض کمیء خون، جوڑوں کے درد، قبض اور خون میں زیادہ جوش کی وجہ سے لاحق ہو سکتا ہے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ کسی خوف اور اضطرار کی وجہ سے بے خوابی۔ بے چینی اور بستر میں جھولنا۔ کسی صدمے یا خوف کے بعد نیند اڑ جائے۔

اکو نائٹ 30، چار گھنٹے بعد

☆ مایوسی اور ناامیدی، غمگینی۔ کسی اچانک صدمے یا حادثے کی وجہ سے بے خوابی۔

اگنیشیا 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ موقوفیء حیض کے دوران بے خوابی۔

سینیسیو (Senceio Aur) 30، چار گھنٹے بعد

☆ بستر کو سخت محسوس کرے۔ سکون اور نرم جگہ تلاش کرنے کے لئے بستر میں ادھر ادھر حرکت کرتا رہے۔ جسمانی یا دماغی تھکاوٹ کی وجہ سے بے خوابی۔

آرنیکا مونٹ 30 یا 200، آدھے گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ سوتے میں ہاتھ سر پر رکھے۔ نیند کے ابتدائی حصے میں بے چینی۔ اٹھنے کے وقت پر گہری نیند آجائے۔ بستر میں گرمی محسوس کر کے اٹھ بیٹھے۔ چادر یا کمبل/رضائی ایک طرف پھینک دے۔ پھر سردی محسوس کرے اور پھر سے اوڑھ لے۔

اوپیم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ اشتعال اور جذبات کی وجہ سے سو نہ سکے۔ ذہن کام کرتا رہے۔ رات کے ابتدائی

اوقات میں نہ سو سکے۔ بڑبڑاتا ہوا اٹھ جائے۔
کافیا 30' چھ گھنٹے بعد

☆ فکرات یا پریشانی کی وجہ سے درمیانہ رات کے بعد سو نہ سکے۔ اٹھ کر بیٹھ جائے اور ٹہلنے لگے۔
بیلاڈونا 30' چار گھنٹے بعد

☆ چوروں اور ڈاکوؤں کے خواب دیکھنے کے بعد اور کسی پرانے غم کو یاد کرکے بے خوابی۔
نیٹرم میور 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ خوفناک یا ڈراؤنے خواب کی وجہ سے بے چین نیند۔ بچہ بستر میں جھولے۔ چادر یا کمبل پاؤں سے اتار پھینکے۔ کھنچاؤ یا اینٹھن محسوس کرے۔ غنودگی ہو لیکن سو نہ سکے۔
آرسنک البم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ بستر گرم محسوس ہو۔ ٹھنڈا حصہ تلاش کرنے کے لئے بستر میں ادھر ادھر حرکت کرتا رہے۔ لیکن ناکام رہے۔ دور کہیں گھنٹے کی آواز سے بھی جاگ اٹھے۔ نیند آئے لیکن سو نہ سکے۔
پلساٹیلا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ بے چین اور خوابوں والی نیند۔ رات کو تین بجے کے بعد نیند نہ آئے۔ تنہائی پسندی اور ذہن پر بوجھ کی وجہ سے بے خوابی۔
نکس وامیکا 30' رات کو سونے سے پہلے سات دن تک

☆ بے چینی اور بے خوابی خصوصاً" رات کے ابتدائی حصے میں۔ اٹھ کر بیٹھ جائے اور ٹہلنا شروع کر دے۔ جیسے ہی سونے کا وقت آئے مریض اٹھ کر بیٹھ جائے۔ جاگ جائے۔
کیمومیلا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ نیند اڑ جانے کی وجہ سے تکلیفات میں اضافہ ہو۔ بچے کی پرورش اور دیکھ بھال کرنے کی وجہ سے نیند نہ آئے۔
کوکولس انڈیکا 30' چار گھنٹے بعد

☆ نیند سے پہلے اور بعد میں تکلیفات میں اضافہ ہو جائے۔
لیکے سس 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ خوشگوار نیند آنے کے بعد تکلیفات میں افاقہ ہو۔ فاسفورس 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

بائیو کیمک کی کالی فاس 6x اور فیرم فاس 30x روزانہ سونے سے پہلے دینا مفید ہے۔

☆ طوفان، بجلی کی کڑک، خطرہ وغیرہ۔	آرسنک البم 200، ہفتہ وار، تین مرتبہ
☆ دعوت، خوش و خرم، تفریح وغیرہ۔	اسیفوٹڈا (Asafoetida) 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ
☆ چور، ڈاکو وغیرہ دیکھنا۔	نیٹرم میور 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ
☆ اپنے ساتھ کسی اور کو لیٹے یا سوئے ہوئے دیکھنا۔	پٹرولیم 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ
☆ شادی اور خوشی کے خواب۔	اوپیم 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ
☆ کالے درندے اور جانور، سونا اور خوشی دیکھنا۔	پلساٹیلا 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ
☆ خود کو اڑتے ہوئے دیکھنا۔	ایسں ملفیکا 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ
☆ ناخوشگواری، احتلام۔	سلفر 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ
☆ کاروبار میں مصروف یا میدانوں میں گھومتے دیکھنا۔	رہس ٹاکس 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ
☆ سانپوں کا کاٹنا۔	بووسٹا 200، ہفتہ وار، تین مرتبہ
☆ خود کو اندھا دیکھنا۔ شیر دیکھنا۔	فائی سو سٹگما (Physostigma) 200 یا M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ بات کرنے کی ناکام کوشش کرتے دیکھنا۔

میگنیشیا کارب 200' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ بہت خوش ہونا۔

کلکیریا کارب 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ ذہنی کام میں عمدہ کارکردگی۔ آگ۔

اناکارڈیم 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ خوفزدہ' کتا پیچھے لگا دیکھنا' زلزلہ' گذشتہ واقعات' لڑائی جھگڑا' چوروں کو پیچھا کرتے دیکھنا۔

سلیسیا 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

بھیانک خواب

Nightmare

بعض دفعہ مریض کو بہت زیادہ ڈراونے اور عجیب و غریب قسم کے خواب آتے ہیں۔ دم گھٹتا ہوا محسوس ہوتا ہے۔ خود کو کسی بھاری بوجھ کے نیچے دبا ہوا محسوس کرتا ہے اور اپنے اندر بولنے اور حرکت کرنے کی سکت تک نہیں پاتا ہے۔ اسی کیفیت میں مریض کی گھبرا کر آنکھ کھل جاتی ہے۔ مریض کچھ دیر تک حیران پریشان اور ہکابکا سا رہتا ہے۔ تھوڑی دیر کے بعد گھٹن تو رفع ہو جاتی ہے البتہ تپش قلب باقی رہتی ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ مریض نیند میں بولے یا بڑبڑائے۔

سلفر 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ مریض رات میں کئی مرتبہ جاگے۔ چبانے اور نگلنے کی سی حرکتیں کرے۔ سر پر شدید قسم کا پسینہ آئے۔

کلکیریا کارب 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ نیند میں بھیانک خواب دیکھے لیکن اٹھنے کے قابل نہ ہو۔

رہس ٹاکس 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ مرے ہوئے لوگوں کے ساتھ جھگڑنے کے خواب دیکھے۔

سیڈرون (Cedron) 200' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ مریض نیند میں جیسے جیسے ڈر گیا ہو۔ اپنی ماں یا اپنے کفیل سے چمٹ جائے۔

بوریکس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ ایسا خواب آئے جیسے اس کے اوپر کوئی بھاری پتھر رکھا ہے۔

کالی کارب 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ ڈراونے خواب دیکھنے سے مریض نیند میں اچانک چیخنا چلانا یا رونا شروع کر دے۔

کیمومیلا 200' چار گھنٹے بعد

☆ جب مریض آدھی آنکھیں بند کر کے لیٹے تو خواب آئیں۔

اوپیم 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ ڈراونے خواب دیکھنے کی وجہ سے مریض نیند میں سکڑے اور کانپنے لگے۔

کالی بروم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی فیرم فاس 6x کالی فاس 6x اور میگنیشیا 6x بھی مفید ادویات ہیں۔

———— ✪ ————

پانی سے خوف (مرگی جیسی علامتیں)

Hydrophobia

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ اندھیرے سے خوف۔ خیالی چیزوں سے ڈر۔ شدید بے چینی اور حرکت۔ چیخے چلائے۔

سٹرامونیم 200 یا 1M' 10 منٹ بعد'
تین مرتبہ

☆ پانی سے ڈرے۔ جلد نیلی سرخ ہو جائے۔ کنارے سخت اور سوجے ہوئے۔

ہائیڈروفوبیم 200 یا 1M' 10 منٹ بعد'
تین مرتبہ

☆ تشنج۔ گلا ورم آلود۔ گلے میں کھچاؤ اور تشنج۔ نگلنا مشکل ہو۔ بھونکنے کی سی آواز۔ آواز بیٹھ جائے۔ دھوپ اور چمکیلی چیزوں سے حساس۔ آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھے۔ آنکھ کی پتلی پھری ہوئی۔ طبیعت میں فکر اور پریشانی۔ فریب نظر کا شکار۔ وہمی۔ کاٹے۔ دانت کٹکٹا کر کاٹ کھائے۔ جھپٹے مارے۔ چہرہ وحشت زدہ۔

بیلاڈونا 30 یا 200' آدھے گھنٹے بعد

☆ نیند میں بے قاعدگی کسی اچانک خوف سے۔ آس پاس کے لوگوں کو برا بھلا کہے۔ گلے کے تشنج کے مقابلے میں عام جسمانی تشنج زیادہ۔ ڈرنے کے بعد تشنج ہو۔

ہائیوسائمس (Hyoscyamus) 200
یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ مرض کی انتہائی غیر حالت کے لئے۔

لیکے سس 200 یا 1M' 10 منٹ بعد'
تین مرتبہ

☆ نگلنے کی وجہ سے درد کے بعد تشنج اس صورت میں بھی جبکہ قائم الذکری ہو۔ (ایستادگی) جب نہ صرف گلے کے تشنج کی وجہ سے بلکہ گلے کی سوزش یا زخم کی وجہ سے بھی نگلنے میں روکاوٹ ہو۔

کینتھرس 200 یا 1M' 10 منٹ بعد'
تین مرتبہ

حساسیت

Allergies

(بعض کھانوں، مشروبات اور ادویات سے غیر معمولی حساسیت)

بعض کیسوں میں الرجی کی حساسیت کو کم یا ختم کرنے کے لئے اسی قسم کی چیزوں کی قلیل مقدار (potentised) دینے سے بھی بہتر نتائج حاصل کئے جا سکتے ہیں۔ یہ مقدار اتنی قلیل ہونی چاہئے کہ اس سے کسی طرح کی علامات ظاہر نہ ہوں۔ کیونکہ ہومیوپیتھی طریقہ ء علاج میں بالشل ہونا ضروری ہے۔

علامات	دوا اور طاقت، دورانیہ
☆ بچھڑے کے گوشت سے الرجی۔	کالی نائٹریکم 200، ہر چھ گھنٹے بعد
☆ پھولوں کی خوشبو سے۔ (دمہ)	ابلنتھس (Ailanthus g) 6 یا 30، ہر چار گھنٹے بعد
☆ آیوڈائڈ آف پوٹاشیم سے (بطور مخروج بلغم، کھانسی دمہ میں)	اورم میٹلیکم 30 یا 200، ہر چھ گھنٹے بعد
☆ مٹھائی، پیاز اور چربی دار گوشت سے۔	تھوجا 30 OC یا 200، ہر چھ گھنٹے بعد، تین مرتبہ
☆ بند گوبھی یا کرم کلہ سے۔	پٹرولیم 30 یا 200، ہر چھ گھنٹے بعد، تین مرتبہ
☆ کافی سے الرجک۔	نکس وامیکا 30، چار گھنٹے بعد
☆ بیر اور اناج سے بنے ہوئے شیرے سے۔	کالی بچ 30، چار گھنٹے بعد
☆ دودھ سے الرجک۔	میگنیشیا کارب 30 یا 200، ہر چھ گھنٹے بعد
☆ شکر سے الرجک۔	ارجنٹم نائٹریکم 30 یا 200، ہر چھ گھنٹے بعد، تین مرتبہ
☆ سٹرابری سے الرجک۔	اوکسے لک ایسڈ 30 یا 200، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ گلی سڑی سبزیوں سے۔

کاربو اینملس (Carbo animalis) 30 یا 200' ہر چھ گھنٹے بعد

☆ پنیر سے الرجک۔

نائٹری سپرٹس ڈلسس Q (Nitri spiritus dulcis) یا 30' ہر چھ گھنٹے بعد

☆ ٹھنڈے مشروبات' پھل سڑے ہوئے کھانے اور آیوڈین سے۔

آرسنک البم 30' ہر چار گھنٹے بعد

☆ کچے پھلوں سے یا شاخوں سے۔

رہوم (Rheum) 200' ہر چھ گھنٹے بعد

☆ اسپرین' نمکین مکھن' خراب انڈوں' مرغی وغیرہ اور خراب شراب سے۔

کاربوویج 30' ہر چار گھنٹے بعد

☆ لیموں اور سکنجبین سے۔

سلینیم 30 یا 200' ہر چھ گھنٹے بعد

☆ پیاز سے الرجی۔

تھوجا 30 OC یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ انڈے سے۔

سلفر 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ اجوائن سے۔

اوپیم g 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ کستورا مچھلی سے۔

لائیکو پوڈیم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ چینی سے۔

سیکرم (Saccharum) 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ گاجر' سبزی اور چکن سلاد سے۔

برائی اونیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ سڑابری سے۔

فریگیریا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ جمور (کھانے سجانے کے لئے خوشبودار پتے) سے۔

پٹرولیم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ بیر (Beer) اچار' کھٹے کھانے اور شراب سے۔

فیرم میٹلیکم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ کونین سے۔

چینینم سلف (Chin Sulfh) 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ مرغن' مزیدار' مختلف النوع کھانے' گوشت سے بنے کھانے اور انڈے وغیرہ سے۔

پلساٹیلا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ زیادہ پکے ہوئے پھلوں۔ رکھے ہوئے کھانوں اور مشروبات سے۔

آرسنک البم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ گندم اور دودھ وغیرہ سے۔
سورینم 30 یا 200' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ کیسٹرول سے الرجک۔
برائی اونیا البم 30' ہر چھ گھنٹے بعد

☆ شکر اور کھٹے کھانوں سے۔
نیٹرم فاس 6x یا 30' ہر چار گھنٹے بعد

☆ چاولوں سے الرجک۔
ٹیلوریم (Tellurium) 30 یا 200' ہر چھ گھنٹے بعد

☆ ابلے ہوئے گرم دودھ سے۔
سیپیا 30 یا 200' ہر چار گھنٹے بعد

☆ سرکے' اچار' کھٹے اور تیز کھانوں سے۔
لیکے سس 200' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ گرمی سے الرجک۔
ایپس ملفیکا 30' ہر چار گھنٹے بعد

☆ ناقابل ہضم کھانوں سے جبکہ زبان صاف ہو اور لگاتار متلی ہو۔
اپی کاک 30 یا 200' ہر چھ گھنٹے بعد

☆ روٹی اور تیز کھانوں سے۔
نیٹرم میور 30 یا 200' ہر چار گھنٹے بعد

☆ ٹھنڈے دودھ سے الرجک۔
کالی آیوڈیم 200' ہر چھ گھنٹے بعد

☆ کستورا مچھلی سے الرجک۔
لائیکو پوڈیم 200' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ مچھلی کے تیل سے۔ (Cod Liver oil)
ہیپر سلف 30' ہر چھ گھنٹے بعد

☆ تربوز اور خربوزے سے۔
زنجبیر (Znigiber) 30' ہر چار گھنٹے بعد

☆ نمی یا مرطوب جگہ سے۔
ڈلکا مارا 30 یا 200' ہر چار گھنٹے بعد

☆ گرد و غبار' دھویں اور تیز قسم کے عطریات/خوشبو سے۔
ہسٹامائن (Histamine) 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ متعلقہ دوا کے ساتھ ساتھ۔
سورینم 200 یا 1M' پندرھویں روز' تین مرتبہ

☆ گرد و غبار سے۔ (دمہ)
پوتھوس فوئڈس 6 یا 30 (Pothos foe)' ہر چار گھنٹے بعد

☆ پیسٹری' آئس کریم اور ملے جلے کھانوں سے۔
پلساٹیلا 30' ہر چار گھنٹے بعد

خواہش/پسندیدگی

Cravings

(desires for eatables etc)

علامات	دوا اور طاقت' دورانیہ
☆ کیلے کھانے کی خواہش۔	تھیریڈیان (Theridion) 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد' تین مرتبہ
☆ انڈوں کی خواہش۔	کلکیریا کارب 200 یا 1M' چھ گھنٹے بعد' تین مرتبہ
☆ دودھ کی خواہش۔	رہس ٹاکس 200' ہفتہ وار' تین مرتبہ
☆ صاف کپڑے یا کچے کھانے چبانے کی خواہش۔	الیومنا 200 یا اس سے اوپر کی طاقت' چھ گھنٹے بعد' تین مرتبہ
☆ مٹھائیاں کھانے کی خواہش۔	ارجنٹم نائٹریکم 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد' تین مرتبہ
☆ برف کی طرح ٹھنڈی چیزیں پینے کی خواہش۔	فاسفورس 200' چھ گھنٹے بعد' تین مرتبہ
☆ نمک (کھانے میں عام نمک سے بھی زیادہ) کھانے کی خواہش۔	نیٹرم میور 200 یا 1M' چھ گھنٹے بعد' تین مرتبہ
☆ اچار اور کھٹی چیزیں کھانے کی خواہش۔	سیپیا 200 یا 1M' چھ گھنٹے بعد' تین مرتبہ
☆ چربی' چونا' سلیٹ' پنسل' چاک اور مٹی وغیرہ کھانے کی خواہش۔	نائٹرک ایسڈ 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد' تین مرتبہ
☆ سکنجبین وغیرہ پینے کی خواہش۔	پلساٹیلا 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد' تین مرتبہ

ناپسندیدگی/نفرت

Aversion

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

علامات	دوا اور طاقت' دورانیہ
☆ سیبوں سے نفرت۔	ا نٹم ٹارٹ 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ
☆ آئس کریم پسند نہ کرنا۔	ریڈیم بروما ئڈ (Radium brom) 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ
☆ شہد یا دودھ پسند نہ ہونا۔	نیٹرم کارب 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ
☆ بیر سے نفرت۔	نکس وامیکا 200' ہفتہ وار' تین مرتبہ
☆ مرغی پسند نہ کرنا۔	بیسی لینم 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ
☆ ٹھنڈے مشروبات پسند نہ کرنا۔	آرسنک البم 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ
☆ انڈوں سے نفرت ہو جانا۔	فیرم میٹ 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ
☆ سبزیاں پسند نہ کرنا۔	میگنیشیا کارب 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ
☆ کیلے' کشمش میوے وغیرہ پسند نہ کرنا۔	برٹا کارب 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ
☆ تربوز خربوزے اور پیسٹری وغیرہ سے نفرت۔	سلیسیا 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ دودھ اور مکھن وغیرہ پسند نہ کرنا اور مٹھائیوں کی خواہش کرنا۔

سائنا 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ گائے کے گوشت' برانڈی اور خشک کھانوں سے نفرت۔

مرک سال 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ پنیر سے نفرت اور مٹھائی کی خواہش۔
ار جنٹم نائٹریکم 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ پکے ہوئے کھانوں سے نفرت۔
لائیکو پوڈیم 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ مچھلی' گرم مشروبات' نمک' شوربے' یخنی اور مٹھائی سے نفرت۔
گریفائٹس 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ برانڈی اور گوبھی۔ کرم کلہ وغیرہ سے نفرت۔
کاربوویج 200' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ اچار وغیرہ پسند نہ کرنا۔
ابیس کناڈنسس (Abies Can) 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ چاکلیٹ' کوکو اور مسالوں سے نفرت۔
ٹرنٹولا ہسپانیہ 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ چکنائی' پھل' گرم مشروبات۔ پیسٹری' مسالوں وغیرہ سے نفرت۔
پلساٹیلا 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ کافی' دودھ اور دلیے سے نفرت۔
کلکیریا کارب 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ شوربے اور یخنی وغیرہ پسند نہ کرنا۔
رہس ٹاکس 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ مٹھائی' نشاستہ والے کھانے اور سٹرابری سے نفرت۔ سلفر 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ ٹھنڈے پانی' پیاز' شراب اور لہسن سے نفرت۔
سباڈیلا 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ روٹی' مکھن' گرم کھانے اور تربوز وغیرہ پسند نہ کرنا۔
نیٹرم میور 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ ابلا ہوا دودھ' پیاز' سنگترے' پیسٹری' کھیر' مسالے' گرم مشروبات اور اناج وغیرہ پسند نہ کرنا۔
فاسفورس 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ ہنستے مسکراتے چہرے اچھے نہ لگیں۔

☆ بعض لوگوں کو ناپسند کرے۔

☆ والدین اور بیوی کو پسند نہ کرے۔

☆ دوران حمل دوستوں اور سہیلیوں کو پسند نہ کرے۔

☆ اپنے ہی بچوں کو پسند نہ کرے۔

امبرا گر۔سیا (Ambra gr) 200 یا 1M، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

اموینم میور 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

فلورک ایسڈ 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

کونیم (Conium mac) 200، ہفتہ وار، تین مرتبہ

پلاٹینا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

اوسی نوفیلیا

Eosinophilia

خون کے Eosinophil Cells کی تعداد بڑھ جانے کو Eosinophilia کہا جاتا ہے۔
یہ کئی وجوہات سے ہو سکتا ہے۔ مثلاً" پھیپھڑے کی نالیوں کے دمہ' جلدی امراض' فائی لیریا پیدا کرنے والے کرم' نزلے زکام کا الرجک بخار' مہلک حد تک خون کی کمی اور کسی موسم کے اثرات کی وجہ سے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ نظام انہضام میں بے قاعدگی اور مختلف طریقے سے ظاہر ہونے والی الرجی۔

ہسٹامائن (Histamine) 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ بلغم' کف یا تھوک بہت کم اور مشکل سے نکلنے والا۔ مریض ذرا سا بھی اختلاف رائے برداشت نہ کر سکے۔ غدود کی بے قاعدگی۔

تھائراڈین (Thyroidin) 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ تنگیٔ نفس' سانس کی گھٹن۔ گلے کے گرد ہر چیز کا دباؤ محسوس ہو۔ سونے کے دوران اور جاگنے کے بعد تنگیٔ نفس اور گھٹن۔ کھٹے اور انگور سے بنے ہوئے کھانے اور مشروبات سے تکلیف میں اضافہ ہو۔

لیکے سس 0/5 اور اس سے اوپر کی طاقت' چھ گھنٹے بعد

☆ چھینکوں کے ساتھ تنگیٔ نفس۔ ہر قسم کی ٹھنڈ سے تکلیف میں اضافہ ہو جائے۔ مریض ہر طرح کی ٹھنڈ سے حساس ہو۔ حتیٰ کہ چھوا جانا بھی پسند نہ کرے۔

ہیپر سلف 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ مرطوب موسم کے دوران میں تنگیٔ نفس۔ ذرا سے ہوا کے جھونکے سے بھی شکایت پیدا ہو جائے چاول اور کیلا وغیرہ کھانے کے بعد تکلیف بڑھ جائے۔

نیٹرم سلف 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ حاد اور مزمن ہر طرح کی تکلیف کے لئے آزمودہ دوا۔

کیسیاسفورا Q (Cassia Sophera)
یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ معاون دوا۔

تھوجا 200 OC یا 1M' ہفتہ وار' تین
مرتبہ

بائیو کیمک کی نیڑم میور 12x اور نیڑم سلف 12x ہر دو گھنٹے بعد یکے بعد دیگر۔
مذکورہ ادویات کے علاوہ درج ذیل دوائیں بھی بہت مفید ہیں۔
سلیسیا' آرسنک البم' اپی کاک' بیسی لینم' ٹوبرکولینم' فاسفورس' میڈورنیم اور سفیلینم۔

احتیاط : چونکہ دودھ میں تھائرائڈ گلینڈ کی اندرونی رطوبت شامل ہوتی ہے اس لئے دودھ سے پرہیز کرنا اچھا ہے۔

---------- ✪ ----------

نسیج کے نیچے کی نالی یا خلا کی تکلیف
ناک کی ہڈی کی تکلیف/ناک بند ہونا

Sinusitis

(See cold catarrh etc also)

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ رطوبت والی نالیوں میں خشکی ہو۔ سر میں شدید چیرنے اور پھاڑنے والا درد ہو۔ ناک کی جڑ سے درد شروع ہو کر ماتھے کی جانب جائے اور متلی بھی ہو۔

نیٹرم میور 30' چار گھنٹے بعد

☆ مزمن نزلہ زکام جس میں قوت شامہ (سونگھنے کی حس) جاتی رہے۔ پیلا اور سبز سا بلغم نکلے۔ ٹھنڈی اور کھلی ہوا میں بہتر ہو۔

پلساٹیلا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ دائیں جانب اور سامنے کے حصے کی ناک کی تکلیف۔ گاڑھی رطوبت خارج ہو پیلے سے رنگ کی۔ ٹھنڈ اور مرطوب پانی اور محنت سے تکلیف میں اضافہ ہو۔

بیسی لینم 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ صبح سویرے کے وقت تکلیفات بڑھیں۔ مریض نہانا پسند نہ کرے۔

سلفر 200' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ سر کی گدی سے درد شروع ہو کر آنکھ پر ٹھہر جائے پنکھے کے نیچے تکلیف میں اضافہ ہو۔

سلیسیا 1M' ہفتہ وار' چھ مرتبہ

☆ پستان کے آپریشن کے بعد ناک کی تکلیف شروع ہو جائے۔

ہیکلا لاوا 3x یا 6x' چار گھنٹے بعد

☆ ناک کی مزمن اور حاد تکلیف کے لئے۔ نزلے زکام میں تار دار رطوبت خارج ہو۔

کالی بائی کروم 30' چار گھنٹے بعد

☆ معاون دوا۔

بیسی لینم 200 یا 1M' پندرھویں روز' تین مرتبہ

بائیو کیمک کی کالی میور 6x اور سلیسیا 30 چار گھنٹے بعد دینا بھی بہت فائدہ مند ہے۔

غدودوں کی بیماریاں

Ailments of glands

(See Goitre and Tonsilities also)

انسان کے جسم میں بہت سے غدود ہوتے ہیں ان میں سے بعض غدود ہارمونز بناتے ہیں۔ یہ ہارمونز مخصوص کیمیائی اجزا ہوتے ہیں جن میں بہت سی تبدیلیاں لانے کی طاقت ہوتی ہے۔ یہ بے نالی کے غدود ہوتے ہیں اس لئے ان کے بنائے ہوئے ہارمونز براہ راست خون میں شامل ہوتے ہیں۔ ان غدودوں کے فعل میں کسی قسم کا نقص پیدا ہو جانے سے ہارمونز بننا بند ہو جائیں تو انسانی جسم پر اس کے برے اثرات پڑتے ہیں اور مختلف امراض جنم لیتے ہیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ بائیں جانب کے غدودوں کی سوجن جو سخت اور سرخ ہوں۔
مرک بن آیوڈائڈ (Merc bin iod) 3x یا 6' چار گھنٹے بعد

☆ خواتین کی چھاتیوں میں سخت گلٹی یا گانٹھ۔ پتھر کی سی سختی۔ کھرٹ۔
کلکیریا فلور 12x یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ دائیں جانب کے غدودوں کی سوجن۔ سختی اور سرخی۔
مرک پروٹو آیوڈائڈ 3x یا 6' چار گھنٹے بعد

☆ چڑے کے غدودوں کی سوجن۔
ٹر-بنتھ (Terebinth) Q یا 6' چار گھنٹے بعد

☆ گردن سے متعلقہ غدودوں کی سوزش۔
رہس وینانا (Rhus Ven) 30' چار گھنٹے بعد

☆ غدودوں مثلاً "تھائرائڈ' گلے کے ٹونسل وغیرہ کا بڑھنا۔
کلکیریا آیوڈیم 3x یا 6' چار گھنٹے بعد

☆ نچلے جبڑے کے غدودوں کی سوجن۔

پائنس (Pinus Syl) 6 یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ کان کے پاس کے غدودوں کی بافتوں کی سختی' کڑا پن اور بے حسی۔ تھائرائڈ اور دوسرے غدودوں کا بڑھ جانا۔

برومیم 30' چار گھنٹے بعد

☆ غدود پتھر کی طرح سخت ہو جائیں خصوصا" غیر شادی شدہ مرد اور عورتوں کے۔ آہستہ آہستہ کمزوری پیدا ہو رہی ہو۔

کونیم میک 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ معاون دوا۔

ٹوبر کولنیم 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

بائیو کیمک کی کلکیریا فاس 6x کالی میور 6x سلیسیا 30 چار گھنٹے بعد دینا مفید ہے۔ اور غدودوں کی خنازیری بو کے لئے نیٹرم فاس 6x فائدہ مند ہے۔

ہچکی

Hiccough

ہچکی آنا بذات خود کوئی مرض نہیں ہے۔ یہ مرض عام طور پر معدے کی خرابی اور بدہضمی کی وجہ سے ہوتا ہے بعض اوقات پیٹ کے دوسرے امراض یا گلا خشک ہونے سے بھی ہچکی آجاتی ہے۔ درحقیقت حجاب حاجز (ڈایا فرام) میں تشنج ہو کر سکڑنے سے ہچکی آتی ہے۔ بچوں کے معدے میں دودھ کے زیادہ پھٹ جانے یا زیادہ کھا لینے سے اپھارہ ہو جاتا ہے اور ہچکی آتی ہے۔ بڑی عمر کے لوگوں کو عموماً" بدہضمی کی وجہ سے ہچکی آتی ہے۔ کلیجے کی جلن اور جگر کے فعل میں سستی بھی اس مرض کے اسباب سمجھے جاتے ہیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ ٹھنڈ محسوس کرنے والا مریض۔ گیس یا ریاحی وجوہات سے ہچکی آئے۔
نکس وامیکا 30 یا 200' آدھے گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ سگریٹ نوشی کے بعد۔ گرم مشروبات پینے کے بعد زیادہ ہچکیاں آئیں۔
ورائرم البم 30 یا 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ ہسٹریا کی وجہ سے۔ کسی آپریشن کے بعد۔ تشنج یا اینٹھن کے ساتھ کھانے کے بعد۔
ہائیو سائمس (Hyoscyamus) 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ سخت بے چینی۔ سگریٹ نوشی کے بعد۔ ٹھنڈے مشروبات پینے کے بعد یا دوران بخار زیادہ ہچکیاں آئیں۔
آرسنک البم 30 یا 200' آدھے گھنٹے بعد

☆ اونچی آواز کے ساتھ شدید ہچکیاں۔ تشنج یا اینٹھن کے ساتھ۔
سکوٹا 30 یا 200' دو گھنٹے بعد

☆ کھانے' جذباتی بدنظمی یا سگریٹ نوشی کے بعد۔
اگنیشیا 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ ہر قسم کی اشتعال انگیزی یا تحریک مثلاً" ہنسنے بات کرنے یا کھانے کے بعد۔
کاجوپوٹم (Cajuput) 30' تین گھنٹے بعد

سوزشی اور تشنجی کیفیت میں بائیو کیمک کی میگنیشیا فاس 6x گرم پانی میں دینے سے بڑا فائدہ ہوتا ہے۔

ہسٹیریا/باؤگولہ

Hysteria

ہسٹریا کا مرض نظام عصبی کے افعال میں خلل واقع ہونے سے پیدا ہوتا ہے لہٰذا یہ عصبی مرض ہوتا ہے عام طور پر یہ مرض عورتوں کو ہوتا ہے۔ البتہ مردوں میں بھی یہ مرض دیکھنے میں آتا ہے۔ اس بیماری میں مریض کا گلا گھٹتا ہے۔ اس مرض کو باؤگولہ بھی کہا جاتا ہے کیونکہ اس مرض کا دورہ پڑنے پر مریض کو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ پیٹ میں سے ایک گولہ اٹھ کر اور اوپر کو جا کر اس کے حلق میں اٹک گیا ہے۔

پہلے زمانے میں اطباء کا خیال تھا کہ عورتوں کو یہ مرض رحم کی خرابی کے سبب ہوتا ہے لیکن اب یہ ثابت ہو گیا ہے کہ یہ مرض نہ صرف ایسی مستورات کو بھی ہوتا ہے جن کے رحم میں کوئی خرابی نہیں ہوتی ہے بلکہ ان خواتین کو بھی ہو جاتا ہے جن کا رحم ہوتا ہی نہیں۔ لہٰذا یہ مرض کسی عضو کے نقص کی وجہ سے نہیں بلکہ نظام عصبی کے فعل میں عارضی نقص ہونے سے اس مرض کا دورہ پڑتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ سر آگے کی جانب جھٹکے کھائے۔ بے ہوشی کے دورے پڑیں۔

نکس موسکاٹا 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ صدمے کے برے اثرات کی وجہ سے۔ خوف اور غصہ۔ بیماری کے نفسیاتی عوامل۔ جبڑے بھنچ جائیں۔

نیٹرم میور 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ مزاج بدلتا رہے۔ کبھی ہنسے اور کبھی چیخیں مارے۔

اگنیشیا 200 یا IM' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ تھائرائڈ غدود اور لعاب اور کف بنانے والے بیضوی غدود فعل کرنا چھوڑ دیں۔ اچانک سانس رک جائے۔ چڑھتے ہوئے تکلیف بڑھ جائے۔

کلکیریا کارب 200 یا IM' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ گہری غفلت اور بے ہوشی۔ جنون۔ شہوت پرستانہ خیالات۔ بھاگنے کی کوشش کرے۔ غیر حاضر دماغی۔ مریض جسم سے کپڑے اتار دے۔

ہائیو سائمس (Hyoscyamus)

200' چار گھنٹے بعد

☆ اچانک رطوبات کا اخراج رک جانے کی وجہ سے۔

ایسو نٹڈا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

بائیو کیمک کی کلکیریا فاس 6x' کالی فاس 6x اور نیٹرم میور 12x چار گھنٹے بعد بہت فائدہ مند ہے۔

——— ✪ ———

دورے

Convulsions (Fits)

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ مریض کی گرم اور سرخ جلد۔ چمکدار تمتماتا چہرہ۔ چمکتی آنکھیں۔ خاص طور پر دانت نکالنے کی عمر میں بچوں کے دورے۔

بیلاڈونا 30، چار گھنٹے بعد

☆ پانی دیکھنے کے بعد دورہ۔ خاص طور پر مرگی کے مریض یا پانی سے خوف کھانے والے افراد کا دورہ۔

لاسین (Lyssin) 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ دورہ کی کیفیت میں جسم (مڑتڑ) بدوضع ہو جائے۔ کمر کمان کی طرح پیچھے مڑ جائے۔

سکوٹا (Cicuta V) 30 یا 200، تین گھنٹے بعد

☆ کھانسی کی وجہ سے دورہ۔

کوپرم میٹلیکم 30 یا 200، تین گھنٹے بعد

☆ شدید قسم کا دورہ۔ جسم مڑ تڑ جائے۔ اندھیرے سے خوف۔

سٹرامونیم 30، تین گھنٹے بعد

☆ بچوں کے پیٹ میں کیڑوں کی وجہ سے دورہ۔

سائنا 200 یا 1M، چھ گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی کالی فاس 6x میگنیشیا فاس 6x اور نیٹرم فاس 6x بھی چار چار گھنٹے بعد دینا مفید ہے۔ شدید حملے کی صورت میں یہ دوائیں مختصر وقفے کے بعد بھی دی جا سکتی ہیں۔

—— ✪ ——

خوف/ڈر

Fear

(See anxiety also)

ڈر اور خوف بذات خود کوئی مرض نہیں ہے بلکہ نفسیاتی اور ذہنی کیفیت کی وجہ سے انسان مختلف قسم کے ڈر اور خوف میں مبتلا ہوتا ہے۔ مریض کے دل سے ان چیزوں کا ڈر خوف نکال دیا جائے جن کی کوئی حقیقت نہیں ہوتی ہے۔ بلکہ مریض بلاوجہ کے وہم میں گرفتار ہوتا ہے۔

علامات	دوا اور طاقت، دورانیہ
☆ ہیضے کا خوف۔	لیکے سس 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ
☆ اندھیرے کا خوف۔	سٹرامونیم 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ
☆ کتوں یا جانوروں سے خوف۔	بیلا ڈونا 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ
☆ غربت کا خوف۔	کلکیریا فلور 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ
☆ ناکامی (امتحان یا انٹرویو وغیرہ) کا خوف۔	جیلسی میم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ
☆ حادثے کا خوف۔	کاربوویج 200، ہفتہ وار، تین مرتبہ
☆ بلندی سے گرنے کا خطرہ یا خوف۔	بوریکس 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ
☆ بچہ بستر پر اکیلا جانے سے ڈرے۔	کاسٹی کم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد
☆ شیو کرتے ہوئے چہرہ کٹنے کا ڈر۔	کیلیڈیمس (Caladiums) 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ
☆ گرج چمک، طوفان اور بھوت وغیرہ کا ڈر۔ اکیلے پن سے خوف۔	فاسفورس 200، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ زندگی سے تنگ۔ طویل بیماری۔ موت کا خوف۔

نیموکوکسین (Pneumococcin)
200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ جب کاربوویج موثر نہ ہو۔

سوریئم 200، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ چھرے چاقو یا نوکدار چیزوں سے خوف۔

سپائی جیلیا 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ ڈ-ینٹسٹ (دانتوں کے ڈاکٹر) کے پاس جاتے ہوئے خوف۔ دق یا ایسی بیماری کا خوف جس سے آدمی گھل جاتا ہے۔ چھوت کی بیماری کا ڈر۔

کلکیریا کارب 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ حاضرین کے سامنے یا انٹرویو یا امتحان میں بیٹھنے کا خوف۔

ارجنٹم نائٹریکم 30 یا 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ ٹھنڈ محسوس کرنے والا مریض۔ تنہائی سے خوفزدہ۔ کھلی ہوا میں بہتر محسوس کرے۔

پلساٹیلا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ باہر جانے، ہجوم میں جانے، سڑک عبور کرنے، ریل اور بس میں سوار ہونے سے ڈر اور خوف۔

اکونائٹ 30، چار گھنٹے بعد
سلفر 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ معاون دوا۔

----- ✪ -----

جمائیاں

Yawning

جمائی بذات خود کوئی مرض نہیں ہے۔ بلکہ اس کا عام سبب عمر کی مناسبت سے نیند کی ضرورت پورا نہ ہونا ہے۔ گویا رات کے وقت پرسکون اور گہری نیند نہ آنے کی وجہ سے دن کے وقت نیند کا غلبہ ہونے پر جمائیاں آنی شروع ہو جاتی ہیں۔ تھکن یا زیادہ محنت کرنے سے بھی جمائی آ جاتی ہے۔ عام طور پر ہاتھ اوپر اٹھا کر جمائی لینے سے جسم کھل جاتا ہے اور سستی رفع ہو جاتی ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ تشنجی جمائیوں کے لئے۔ — پلاٹینا 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ شدید قسم کی اور تشنجی جمائیوں کے لئے۔ — روہس ٹاکس 200 یا 1M' چار گھنٹے بعد

☆ کھانے کے بعد جمائیاں آئیں' اعضاء میں تناؤ کھچاؤ ہو۔ — نکس وامیکا 30 یا 200' تین گھنٹے بعد

☆ جمائیوں کے ساتھ تنگیء نفس ہو۔ — برائی اونیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ جسمانی طور پر مصروف ہونے کے باوجود جمائیاں آئیں۔ طبیعت میں بے چینی اور تشویش پائی جائے۔ — اکونائٹ 30 یا 200' دو گھنٹے بعد

☆ جمائیوں کے بغیر غنودگی اور اونگھ۔ — جیلی ڈونیم 30' چار گھنٹے بعد

☆ دن کے وقت میں سونے کی خواہش کرے اور جمائیاں آئیں۔ مسلسل خیالات آنے کی وجہ سے گہری نیند نہ سو سکے۔ ذہن ہمیشہ سوچنے میں مصروف رہے۔ نظریات کا سلسلہ بندھا رہے۔ — سلفر 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ ہاتھ اٹھا اٹھا کر اور کھینچ کر جمائیاں لے۔

روٹا g 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ اگرچہ رات کو خوب اچھی طرح سو لے۔ تاہم دن میں سونے کی خواہش کے ساتھ جمائیاں آئیں۔

لائیکو پوڈیم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ جمائیاں آنے پر مریض کو مختلف شکایات/تکالیف پیدا ہو جائیں۔ مثلاً" کانپنے اور رونگٹے کھڑے ہونا۔

سائنا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

جمائیوں کے لئے آرنیکا، اگنیشا، اور نیڑم میور بھی اچھی ادویات ہیں۔

———✪———

لو لگنا

Affections of Sun Stroke

لُو لگنے سے مراد سورج کی تیز گرمی سے جھلس جانا ہے۔ اس میں حرارت بڑھ جانے کی وجہ سے خون جوش میں آ جاتا ہے۔ دماغ اور ریڑھ کے ستون کو صدمہ پہنچتا ہے اور شدید کمزوری ہو جانے کی وجہ سے نقاہت اور غشی طاری ہو جاتی ہے۔ بروقت علاج اور دیکھ بھال نہ کرنے کی صورت میں موت واقع ہونے کا خدشہ ہوتا ہے۔ اس تکلیف میں چہرہ زرد پڑ جاتا ہے نبض بھری ہوئی ہوتی ہے اور حرارت جسم بہت بڑھ جاتی ہے۔ دماغ میں اجتماع' ہذیان سردرد' تیز بخار اور بے ہوشی کی کیفیت ہوتی ہے۔ عصبی نظام پر برا اثر پڑتا ہے۔ تشنج اور آنکھ کی پتلیاں بھی پھیل سکتی ہیں۔ اس مرض سے بچنے کے لئے تیز دھوپ گرم ہوا اور تمازت سے پرہیز کرنا چاہئے۔ سخت گرمی کے دنوں میں زیادہ محنت' ورزش اور سفر سے بھی گریز کرنا چاہئے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ بے ہوشی۔ آنکھیں قریباً" بند۔ چہرہ سرخ' سیاہی مائل اور دھبے دار۔ مریض بے سدھ ہو۔

اوپیم 200 یا 1M' آدھے گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ سر بہت زیادہ سرخ۔ تکلیف کا اچانک حملہ ہوا ہو۔ پیشاب اور پاخانہ غیر ارادی طور پر خطا ہو جائے یا نکل جائے۔

آرنیکا مونٹ 30' آدھے گھنٹے بعد

☆ اچانک سر بھاری ہو جائے۔ ایسا لگے کہ کسی چیز سے باندھ دیا گیا ہے۔ پھاڑنے والا سر درد جس میں ناطاقتی ہو اور مریض نڈھال ہو جائے۔

کیکٹس گرینڈی فلورس Q یا 30' آدھے گھنٹے بعد

☆ دھوپ میں سر کھلا رہا ہو اور دھوپ یا لو لگ گئی ہو۔ خاص طور پر جب مریض سو رہا ہو۔ بہت زیادہ پیاس۔ آنکھیں اور چہرہ سرخ ہو۔ شدید بے چینی اور فکر۔ موت کا خوف۔

اکونائٹ 30 یا 200' آدھے گھنٹے بعد

☆ لو لگنے کے بعد ذہنی پراگندگی۔ کپکپی اور افسردگی اور نڈھال پن۔ نظر دھندلا جائے۔ پشت سر پر شدید درد۔

جیلی میم 30' آدھے گھنٹے بعد

☆ حیاتیاتی قوتوں کے نڈھال پڑنے کے ساتھ جھٹکے پڑیں۔

کیمنورا Q 5-10 قطرے' آدھے گھنٹے بعد

☆ سر درد' متلی۔ سر چکرائے۔ قے ہو۔ نظر جاتی رہے۔ حرکت کرنے شور اور آنکھیں کھولنے سے تکلیف بڑھے۔

تھیریڈیان 30' آدھے گھنٹے بعد

☆ دل ڈوبے بہت زیادہ متلی اور قے۔ سخت تپکن والا سر درد۔ ایسا محسوس ہو کہ دماغ پھیل رہا ہے۔

گلونائن 3x یا 6' آدھے گھنٹے بعد

☆ اچانک حملہ ہو اور سر بھاری ہو جائے۔ سر بوجھل اور بھرا بھرا محسوس ہو۔ قے ہو۔ ہاتھ پاؤں اور چہرے کے اوپر ٹھنڈا پسینہ آئے۔

ورانرم ورائڈ 30' آدھے گھنٹے بعد

☆ سرخی کے ساتھ گرمی اور تپکن والا درد ہو۔

بیلاڈونا 30' آدھے گھنٹے بعد

☆ لو لگنے کے ایک دن بعد۔ جبکہ اس کا رد عمل ہونے کا امکان ہو۔

کیتھرس 6 یا 30' تین گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی نیٹرم میور 6x اور کالی فاس 6x آدھا گھنٹہ بعد دینا بھی بہت فائدہ مند ہے۔

لو لگنے کے اثرات

After Effects of Sun Stroke

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ خون کی کمی ہو جائے۔ دھوپ اور گرمی میں تکلیف محسوس کرے۔ جسمانی یا دماغی نقص پیدا ہو جائے۔ دھوپ میں بے ہوش ہو جائے۔ شدید پیاس لگے۔ پاخانہ قبض سے ہو۔

نیٹرم میور 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ سورج کی گرمی اور ماحول میں بجلی کی تبدیلی سے مریض کی تکلیف میں اضافہ۔ سر میں ہتھوڑے سے لگنے کا درد۔ مریض موسم گرما میں کمزوری محسوس کرے۔

لیکے سس 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ سورج نکلنے اور بڑھنے کے ساتھ ہی مریض کی شکایات میں اضافہ ہو جائے اور جیسے جیسے سورج غروب ہو مریض توانائی محسوس کرے۔

سیلنم (Selenium) 30، چار گھنٹے بعد

☆ مریض گرمی کے موسم میں زیادہ تکلیف محسوس کرے۔ سر درد ہو۔ دھوپ میں رہتے ہوئے صحیح طور پر سوچ بچار نہ کر سکے۔

نیٹرم کارب 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ لو لگ جانے کی وجہ سے جانی پہچانی گلیوں اور سڑکوں کو بھول جائے۔

گلونائن 3x یا 30، چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی نیٹرم میور 6x بھی مفید دوا ہے۔

—— ✪ ——

سفری بیماریاں/امراض

Travel Sickness

بعض افراد خاص طور پر خواتین کو سفر کے دوران متلی اور قے ہونے لگتی ہے۔ پیٹ میں مروڑ ہونے لگتی ہے۔ پٹھے اکڑ جاتے ہیں۔ دل ڈوبنے لگتا ہے۔ چکر آنے لگتے ہیں۔ نازک مزاجی اور ذکی الحسی اس کا خاص سبب ہوتے ہیں۔ جسمانی کمزوری کی وجہ سے بھی تھکن، متلی اور قے ہوتی ہے۔ معدے کی خرابی کی وجہ سے بھی سفر میں تکلیفات بڑھ جاتی ہیں۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ پہاڑ پر جانے سے پیدا ہونے والی بیماریاں۔

کوکا 6x یا 30، دو گھنٹے بعد

☆ سفر کے دوران لگاتار متلی اور زبان صاف ہو۔

اپی کاک 30، آدھے گھنٹے بعد

☆ ہوائی جہاز، سمندر، ریل اور سڑک سے سفر کرتے ہوئے متلی ہو۔ قے کرنے کے لئے آمادہ ہو۔ کچھ کھانے کو جی نہ چاہے۔

کوکولس انڈیکا 30، آدھے گھنٹے بعد

☆ متلی ہو۔ منہ میں پانی جمع ہو جائے۔ خالی پیٹ درد۔ کھانے سے بہتر ہو۔ بیٹھ کر اٹھنے سے تکلیف بڑھے۔ پٹھے اکڑ جائیں۔

نکس وامیکا 30 یا 200، آدھے گھنٹے بعد

☆ انتہائی شدید متلی اور قے۔ بے ہوش ہونے اور دل ڈوبنے کا احساس۔ تمباکو کی بو سے تکلیف بڑھ جائے۔ سمندر میں بیمار ہو جائے۔

ٹابکم 30، آدھے گھنٹے بعد

☆ بھوک اڑ جانے کے ساتھ متلی اور قے۔ اٹھنے کی کوشش کرتے ہوئے چکر آئیں۔ کھوپڑی چھونے تک سے ذکی الحسی۔ ہوا میں ہونے کی وجہ سے بیماریاں۔

رو ہس ٹاکس 30 یا 200، آدھے گھنٹے بعد

☆ ہوائی سفر میں۔ نیچے کی طرف حرکت کرنے سے خوف آئے۔

بوریکس 30، آدھے گھنٹے بعد

پیاس ندارد
Absence of Thirst

دنیا میں شاید ہی ایسا کوئی شخص ہو جس کو پیاس نہ لگتی ہو البتہ پیاس کی شدت موسم' حالات اور کیفیات کی مناسبت سے کم زیادہ ہو سکتی ہے۔ کچھ لوگ زیادہ پانی پیتے ہیں جبکہ کچھ لوگ کم پیتے ہیں۔ کچھ لوگ وقفے وقفے سے جلدی جلدی اور تھوڑا تھوڑا پانی پیتے ہیں اور کچھ طویل وقفے کے بعد زیادہ مقدار میں پانی پیتے ہیں۔ سردی کی نسبت گرمی میں زیادہ پانی پیا جاتا ہے۔ اسی طرح بعض تکالیف میں مریض زیادہ پانی پیتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ تیز ٹمپریچر ہونے کے باوجود پیاس نہ ہو۔ — جیلسی میم 30 یا 200' دو گھنٹے بعد

☆ گلے کی سوجن اور ورم کے ساتھ پیاس نہ ہو۔ — ایپس ملفیکا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ منہ خشک ہونے کے باوجود پیاس ندارد۔ — پلساٹیلا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

شدید پیاس
Excessive Thirst

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ منہ اور گلا خشک ہو۔ دودھ پینے کی خواہش کرے۔

روبس ٹاکس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ تیز بخار اور بے چینی کے ساتھ سخت پیاس۔ — اکونائٹ 30 یا 200' دو گھنٹے بعد

☆ نہ بجھنے والی پیاس۔ تھوڑے تھوڑے وقفے سے ذرا ذرا سا پانی پئے۔

آرسنک البم 30' چار گھنٹے بعد

☆ ٹھنڈی چیزوں کی پیاس ایک وقت میں بہت مقدار میں پانی یا مشروبات پئے۔

برائی اونیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ بہت زیادہ نمک کھا لینے کی وجہ سے پیاس۔ قبض ہو۔

نیٹرم میور 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی کالی فاس 6x اور نیٹرم میور 12x چار گھنٹے بعد دینا بھی مفید ہے۔

خوبصورتی کی ہلکی سی ضربیں

Beauty Tips

چہرہ سرخ ہو جانا، تمتماہٹ (glow)

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ خون کی کمی کی وجہ سے چہرے کی پیلی رنگت۔

فیرم میٹلیکم 3x، چار گھنٹے بعد

☆ طویل عرصے سے اعصابی تناؤ یا اعصابی کمزوری کی وجہ سے آنکھوں کے گرد سیاہ حلقے۔

فاسفورس 200، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ خشک کھردری جِلد کے لئے۔ نہانا پسند نہ کرے۔ متاثرہ جگہ پر خارش یا اس جگہ کو کھرچے۔

سلفر 30 یا 200، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ پرانے جلے یا زخموں کے نشان۔ آسانی سے خون بہہ نکلے۔ مسے نکل آئیں۔

کاسٹی کم 30 یا 200، چھ گھنٹے بعد

☆ کھجانے کے بعد درد۔ جلد خشک اور کھردری۔ مریض ٹھنڈا موسم پسند کرے۔

سوریئم 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ چہرہ پھنسیوں سے بھرا ہو۔ جلد خشک، کھردری، چھلکے والی۔ رنگت صاف کرنے کے لئے۔

بربرس ایکوی فولیم Q 4-5 قطرے، چار گھنٹے بعد

☆ سیاہ دھبے۔ جلد خشک، کھردری اور چھلکے والی۔ جلد میں جلن کا احساس۔ طبیعت میں بے چینی۔

آرسنک البم 30، چار گھنٹے بعد

☆ کسی صدمے یا رنج کی وجہ سے آنکھوں کے گرد سیاہ حلقے پڑ جائیں۔

نیٹرم میور 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ چہرے پر مردے کی سی پیلاہٹ اور آنکھوں کے گرد نیلے حلقے۔

سیپیا 200، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ ناک اور گالوں پر گھوڑے کی زین کی طرح بھورے رنگ کے دھبے۔ سینے پر زرد دھبے۔ زرد رنگت۔

سیپیا 200، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ نسیج کے داغ دھبے یا زخم کے نشان صاف کرنے کے لئے۔

تھائیوسنا مینم (Thiosinaminum)

3x، چار گھنٹے بعد

☆ رطوبات حیات ضائع ہو جانے کی وجہ سے چہرہ زرد اور آنکھیں اندر کو دھنسی ہوئی۔

چائنا 6 یا 30، چار گھنٹے بعد

☆ نیلے، ارغوانی دھبے۔ زرد چہرہ۔ یرقان زدہ۔ مریض گردن، چھاتی اور پیٹ پر کپڑوں تک کا دباؤ برداشت نہ کر سکے۔

لیکے سس 30 یا 200، چھ گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ مسے، جلد کا سرطان، جلد پر لسن کے نشان، بڑی پھنسیاں اور بھورے داغ دھبے۔

تھوجا 200 OC، ہفتہ وار، چھ مرتبہ

پیدائشی نشانات، داغ اور سخت جلد کے لئے بائیو کیمک کی کلکیریا فلور 12x بہت مفید دوا ہے۔

----- ✪ -----

چلنے کا انداز

Gait (walking)

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ ٹانگیں بھاری محسوس ہوں جیسے لکڑی یا شیشے کی بنی ہوں۔

تھوجا 200 OC یا 1M' پندرھویں روز'
چھ مرتبہ

☆ ناہموار زمین پر چلنا مشکل ہو۔

لیلیم ٹگ (Lilium Tig) 30 یا
200' ہفتہ وار' چھ مرتبہ

☆ تیزی۔ تمام اعضاء کی عملی حرکات کو بڑھانے اور چست رکھنے کے لئے۔

کافیا (Coffea) 30 یا 200' ہفتہ وار'
تین مرتبہ

☆ چلتے ہوئے پاؤں کو کھینچے۔

نکس وامیکا 30' چھ گھنٹے بعد

☆ چلتے چلتے اچانک گر جائے۔

کیلشیا کارب 30' ہفتہ وار' چھ مرتبہ

☆ چلتے ہوئے غیر ارادی طور پر لنگڑائے۔

بیلاڈونا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ تشنجی کھچاؤ۔ چلتے ہوئے گھٹنے ایک دوسرے سے ٹکرائیں۔

لیکے سس 30 یا 200' پندرھویں روز'
چھ مرتبہ

☆ چلتے ہوئے ٹانگیں سیسے کی طرح بھاری لگیں۔

میڈورینم 200 یا 1M' پندرھویں روز'
تین مرتبہ

☆ سیدھا نہ چلے۔ لڑکھڑائے یا ڈگمگائے۔

ارجنٹم نائٹریکم 30 یا 200' پندرھویں
روز' چھ مرتبہ

☆ معمول سے زیادہ پاؤں اوپر اٹھائے اور نیچے بھاری پن کے ساتھ لائے۔

ہیلوڈرما 200' ہفتہ وار' چھ مرتبہ

☆ چلتے ہوئے ایڑی زمین کو نہ لگے۔

لیتھائرس (Lathyrus) 200'

پندرھویں روز' چھ مرتبہ

☆ چلتے ہوئے غیر ارادی طور پر لاتیں پیچھے کو پھینکے۔

مرکیورس سال 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ سر اور کندھے جھکا کر چلے۔

آرنیکا 200' ہفتہ وار' چھ مرتبہ

جب مذکورہ ادویات دی ہوئی طاقتوں میں کام کرنا چھوڑ دیں تو اس سے اوپر کی طاقت علامات کے مطابق دینی چاہئے۔

----- ✪ -----

لاغری

Emaciation

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ ٹانگیں کمزور ہو جائیں۔ دستوں کے بعد ٹانگوں کی لاغری۔

بووسٹا 30' چار گھنٹے بعد

☆ اعصابی تھکن اور کمزوری کے لئے بہترین ٹانک۔

کالی فاس 6x یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ اعصابی تناؤ۔ نیند نہ آنے کے سبب کمزوری کے لئے۔

فاسفورس 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ کسی حاد بیماری کے بعد کی لاغری کے لئے۔ بظاہر کمزوری کا کوئی سبب نہ ہو۔

الفلفا ٹانک' کھانے سے پہلے

☆ ٹھنڈ محسوس کرنے والے مریض۔ اعصابی تھکن کی وجہ سے کمزوری کے لئے۔

کلکیریا کارب 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ معاون دوا۔ خاص طور پر سورا کے مریضوں کے لئے۔

سورینم 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ بچوں کا دیر سے چلنا اور بولنا سیکھنا۔ کمزور بچے۔ گردن میں خاص طور سے لاغری۔ جسم پر گوشت کی کمی۔

نیٹرم میور 30 یا 200' پندرھویں روز' تین مرتبہ

☆ نچلے اعضاء کی لاغری جو اوپر کے اعضاء کی جانب بڑھے۔

ابروٹینم (Abrotanum) 30 یا 200' پندرھویں روز' تین مرتبہ

☆ اگرچہ ٹھیک ٹھاک طریقے سے کھائے پئے لیکن جسم سے گوشت کم ہوتا جائے۔

آئیوڈیم 30 یا 200' پندرھویں روز' تین مرتبہ

اس قسم کی تکلیف میں طبی علاج بہتر ہے۔ مریض کی خوراک اور کھانے پینے کا خصوصی خیال رکھنا چاہئے۔

چہرے کی جِلد کا دق

Lupus

یہ بیماری چالیس سال سے زیادہ عمر کی خواتین میں پائی جاتی ہے۔ اس مرض میں عموماً ناک اور رخسار سرخ ہو جاتے ہیں اور جلد پر ورم آجاتا ہے' جس پر باریک باریک چھلکے بن جاتے ہیں۔ کسی کسی جگہ سے جلد ٹھیک ہو کر داغ پڑ جاتے ہیں۔ دھوپ اور گرمی سے تکلیف میں اضافہ ہوتا ہے۔

خیال یہ ہے کہ یہ مرض جسم کے اندر کسی قسم کے حساسیاتی ردعمل کی وجہ سے ہوتا ہے کیونکہ تاحال اس مرض کا اصل سبب معلوم نہیں ہو سکا۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ بہترین اور بطور معاون دوا۔

ریڈیم برومائڈ 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ چہرے پر داغ دھبے پڑ جائیں۔ دھوپ میں جانے سے بڑھ جائیں۔

نیٹرم کارب 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ ناک پر گھوڑے کی زین کی طرح کی بھوری لکیر۔ پیاروں اور رشتہ داروں سے لاپرواہ اور ناپسندیدگی۔

سیپیا 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ چہرے کی جلد کی دق جلن کے احساس کے ساتھ۔ بے چینی اور تھکن۔ گرمی سے بہتر۔ ٹھنڈ سے تکلیف بڑھے۔ نہ بجھنے والی پیاس۔

آرسنک البم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

دیگر اہم ادویات : کلکیریا کارب' گریفائٹس' لائیکوپوڈیم' مرک سال' نیٹرم میور' روہس ٹاکس' سلیسیا' تھجی تیگریا' سلفر اور سٹیفسیگریا وغیرہ۔

—— ✪ ——

ناخن کی تکلیفات

Affections of Nails

اس مرض میں ناخن کے اردگرد اور اس کی جڑ میں سوجن ہو جاتی ہے اور شدید درد ہوتا ہے۔ ناخن کے نیچے زخم بن کر پک جاتا ہے اور اس میں پیپ پڑ جاتی ہے۔ ناخن کو دبانے سے مواد خارج ہوتا ہے اور انگلی سے ناخن الگ ہو جاتا ہے اور نیچے سے زخم نکل آتا ہے۔ اس کے علاوہ ناہموار اور ٹیڑھے میڑھے کمزور اور بدشکل' درد کرنے والے' داغ دھبوں والے' گوشت کے اندر گھسے ہوئے ناخن بھی ہوتے ہیں۔ پاؤں کے انگوٹھوں اور انگلیوں پر بوائیاں بن جاتی ہیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ غیر صحت مند ناخن اور بال۔ ذرا سے بھی چھونے سے حساس۔

میگنیشیا کارب 30' چھ گھنٹے بعد

☆ نرم اور جلد ٹوٹنے والے ناخن۔ ناخن موم کی طرح نرم و نازک ہو جائیں اور شکل بگڑ جائے۔

تھوجا 200 OC یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ انگلیوں اور انگوٹھوں کے درمیان چھالے اور پھنسیاں ناخن گرنے لگیں۔

بیلے بورس 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ ناخن گوشت کے اندر بڑھنے لگیں۔ ان میں درد ہو۔

میگنٹس پولس

'30 (Magnetis Pol australis)

چھ گھنٹے بعد

☆ ناخنوں پر دھبے اور جھریاں پڑ جائیں۔ ناہموار ناخن۔

کلکیریا کارب 200 یا 1M' ہفتہ وار' چھ مرتبہ

☆ بہت زیادہ حساس' ڈھیلے ہو جائیں۔ درد بھرے۔

ہیپر سلف 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ لنگڑے لولے' ٹوٹے پھوٹے ناخن۔ انگلیوں کے ناخنوں میں زخم۔ ناخنوں پر سفید دھبے۔ پاؤں کے انگوٹھے کے ناخن اندر کو گھس جائیں۔

سلیسیا 12x یا 30' چھ گھنٹے بعد

☆ ناہموار ناخن۔ نرم اور جلد ٹوٹنے والے۔ بدشکل آسانی سے ٹوٹ جائیں۔ بہت تیزی سے بڑھیں۔

فلورک ایسڈ 30 یا 200، چھ گھنٹے بعد

☆ پاؤں کے انگوٹھوں پر بوائیاں بن جائیں۔ ٹھنڈے اور نیلے ناخن۔ درد بھرے۔

نائٹرک ایسڈ 30 یا 200، چھ گھنٹے بعد

☆ انگلیوں اور پاؤں کے انگوٹھوں کے ناخن موٹے ہو جائیں۔ اگرچہ سخت ہوں لیکن جلدی ٹوٹنے لگیں اور گرنے لگیں۔ سیاہ ہوں۔

گریفائٹس 30 یا 200، چھ گھنٹے بعد

☆ انگلیوں میں درد اور سوجن اور ہاتھ پاؤں کی انگلیوں کی باریک ہڈیوں میں درد۔

مائرسٹکا سیب (Myristica Seb) 3x یا 6، تین گھنٹے بعد

☆ ناخن چرمرے اور سخت لیکن جلد ٹوٹنے والے ہوں۔

امبرا 30 gr یا 200، چھ گھنٹے بعد

☆ خون کی کمی اور عام کمزوری والا مریض۔ ناخنوں کی جڑوں میں درد۔

کلکیریا فاس 6x یا 30، چار گھنٹے بعد

☆ ناخن بہت آہستہ آہستہ بڑھیں، مرطوب آب و ہوا میں بہتر ہوں۔

کاسٹی کم 30 یا 200، چھ گھنٹے بعد

☆ ناخن بے رنگ اور بدشکل ہو جائیں۔

نیٹرم آر سکم 30 یا 200، چھ گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی نیٹرم میور 12x اور سلیسیا 30x چار چار گھنٹے بعد دینا بھی بڑا فائدہ ہے۔

----- ✪ -----

کزاز چاندنی (بدن یا اعضاء کا اکڑ جانا)

ٹیٹنس Tatanus

ٹیٹنس کا مرض بیسی لس آف ٹیٹنس نامی کرم سے پیدا ہوتا ہے۔ جو اصطبل کی کھاد اور سڑکوں کی مٹی میں زیادہ پایا جاتا ہے۔ کسی زخم کو غلاظت لگنے یا سڑک پر حادثہ ہو جانے سے چوٹ لگنے پر جسم میں سرائیت کر جاتا ہے۔ اس کا زہر جب اعصابی مرکزوں پر اثر انداز ہوتا ہے تو بدن یا اعضاء اکڑ جاتے ہیں۔ اگر اس مرض کا بروقت اور مدافعتی علاج نہ کرایا جائے تو نوبت موت واقع ہونے تک پہنچ جاتی ہے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ موت کی سی ٹھنڈک کے ساتھ بدن اکڑ جانا۔

کمفورا 200 یا 1M، آدھے گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ ٹیٹنس کی اینٹھن اور تشنج۔

ورائرم ورائڈ 200 یا 1M، آدھے گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ زخم لگ جانے کے بعد ٹیٹنس سے بچاؤ کے لئے۔

لیڈم پال 200 یا 1M، آدھے گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ منہ کے کوئے کے کھچاؤ کے ساتھ ٹیٹنس۔

سٹرائیکنین (Strychmine) 200 یا 1M، آدھے گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ منہ سے جھاگ آئے اور جسم نیلا پڑ جائے۔

ہائیڈروسیانک ایسڈ 3x، آدھے گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ آنکھ کی پتلیاں باری باری پھیلیں اور سکڑیں۔ ٹانگوں میں اکڑاؤ۔

فائی سو سٹگما 3x یا Q، آدھے گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ مریض کی آنکھ کسی ایک نکتے پر ٹکی رہے۔ جسم اچانک اکڑ جائے۔
سائی کوٹارو 3x' آدھے گھنٹے بعد' تین
مرتبہ

☆ شیر خوار بچوں میں ٹیٹس کے لئے بہترین دوا۔
بیلا ڈونا 2x یا 1x' آدھے گھنٹے بعد' تین
مرتبہ

☆ اعصاب کو چوٹ لگنے یا زخم کی وجہ سے ٹیٹس۔
ہائی پریکم 3x یا 30' آدھے گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

بائیو کیمک کی کالی فاس 3x اور میگنیسا فاس 3x بھی آدھا
گھنٹہ بعد دینا مفید ہے۔

—— ✪ ——

حرارت کی تبدیلی

Thermal Variations

(effects of hot and cold)

کسی مرض کی صورت میں مریض مختلف کیفیات سے گذرتا ہے۔ کبھی اسے گرمی اور کبھی ٹھنڈ محسوس ہوتی ہے۔ کسی وقت گرمائش سے آرام اور کبھی تکلیف میں اضافہ ہوتا ہے کبھی ٹھنڈک سے فرحت اور سکون محسوس کرتا ہے اور بعض امراض ٹھنڈ اور ہوا لگنے سے بڑھتے ہیں۔ بستر کی گرمی سے بھی تکلیف میں اضافہ یا افاقہ ہوتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ مریض دوا کی کافی مقدار سے تکلیف میں اضافہ محسوس کرے۔

بیلا ڈونا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ اندرونی حرارت کے بغیر بیرونی طور پر گرمی محسوس کرے۔

اگنیشیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ ٹھنڈ محسوس کرے لیکن ساتھ ہی ٹھنڈک سے اچھا محسوس کرے۔ ٹھنڈے پانی میں پاؤں ڈال کر بہتر محسوس کرے۔ بستر میں گرم ہونے کے بعد تکلیف بڑھے۔

لیڈم پال 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ مریض کسی طرح کی بھی گرمی اور دھوپ برداشت نہ کرے۔

گلونائین 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ ہر چیز پینے کے بعد سردی اور جاڑا محسوس کرے۔

کیپسی کم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ ٹھنڈ سے تکلیف میں اضافہ ہو۔

سیپیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ جلن کا احساس۔ گرمائش سے آرام آئے۔ بستر میں گرم ہونے کے بعد بہتر محسوس کرے۔

آرسنک البم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد،
تین مرتبہ

☆ ذرا سی بھی حرکت سے ٹھنڈ محسوس کرے۔ اگرچہ ٹھنڈا ہو لیکن اسے محسوس نہ کرے۔ گرمائش سے بہتر ہو۔

نکس وامیکا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد،
تین مرتبہ

☆ اگرچہ جسم ٹھنڈا ہو لیکن پنکھے کی ہوا لینا پسند کرے۔

کاربوویج 30 یا 200، چار گھنٹے بعد،
تین مرتبہ

کہنی کا تناؤ / کھچاؤ

Tennis Elbow

کہنی کا جوڑ نہایت حساس ہوتا ہے۔ ذرا سی بھی چوٹ لگنے سے تمام جسم میں ارتعاش سا آ جاتا ہے۔ بعض دفعہ کہنی میں اکڑاہٹ اور اعصابی درد بھی ہو جاتا ہے۔ بازو کے پٹھے اکڑنے کی وجہ سے شدید کھچاؤ اور درد ہوتا ہے۔ حرکت کرنے سے سخت تکلیف ہوتی ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ انگوٹھے اور انگلیوں میں کھچاؤ۔ پھاڑنے والا درد ایسا محسوس ہو کہ کہنی میں موچ آگئی ہے یا فالج پڑ گیا ہے۔
امبرا گر۔سیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ محنت کرنے کے بعد بازو کانپنے لگے۔ کہنی میں درد ہو۔ بازو اکڑ جائے۔
رہس ٹاکس 1M یا 10M' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ کسی زناٹے یا جھٹکے کی وجہ سے کہنی میں درد ہو۔
ایلم سیپا 30' چار گھنٹے بعد

☆ پوری کہنی میں اکڑاہٹ۔ جلد کے نیچے چیرنے والا تیز اعصابی درد۔ حرکت کرنے سے تکلیف بڑھ جائے۔
ایگریکس 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ بازو کی ہڈیوں کا چٹخنا۔ کلائی اور ہاتھ کی پچھلی ہڈیوں میں خراشدار اور کھنچنے والا درد اور جھٹکے۔ حرکت کرنے سے تکلیف بڑھ جائے۔
روٹا g 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

Affections of Testicles

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ جوان لڑکوں کے خصیے سکڑے ہوئے یعنی ڈھیلے اور لٹکے ہوئے نہ ہوں۔
تھائرائیڈینم 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ اکڑے ہوئے اور سکڑے ہوئے خصیوں کے لئے آزمودہ دوا۔
اورم میور نیٹرو نیٹم 3x' چار گھنٹے بعد (دو سے تین ماہ تک)

دانت گرنا

Carries of Teeth

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ بچوں کے جیسے ہی دانت نکلیں ویسے ہی جلدی سے ٹوٹ جائیں۔ بستر پر پیشاب کر دیں یا بستر گیلا کردیں۔

کریازوٹ 30، چار گھنٹے بعد

☆ دانتوں کا گرنا۔ دانتوں میں درد اور سوزش۔

پلانٹیگو 30، چار گھنٹے بعد

☆ دانتوں کا ٹوٹنا۔ مسوڑھوں سے خون جاری ہو۔ گرم اور ٹھنڈی چیزیں دانتوں میں لگیں۔

مرک سال 30، چار گھنٹے بعد

☆ معاون دوا۔

سفیلنم 200 یا 1M، آدھے گھنٹے بعد، تین مرتبہ

بائیو کیمک کی کلکیریا فاس 12x، کلکیریا فاس 6x اور سلیسیا 12x بھی دانتوں کی تکلیفات کے لئے اچھی ادویات ہیں۔ ان کے چار چار گھنٹے بعد استعمال سے بہتر نتائج حاصل ہوتے ہیں۔ بیرونی استعمال کے لئے پلانٹیگو Q اور کریازوٹ Q بھی مفید ہیں۔

سوکھیا مسان/لاغری

بچوں کا سوکھیا Marasmus

(See Emaciation also)

سوکھیا مسان کے مرض میں بچہ بہت زیادہ دست آنے کی وجہ سے کمزور و لاغر ہوتا جاتا ہے پیٹ کے غدود بڑھ جاتے ہیں اور پیٹ پھول جاتا ہے۔ ٹانگیں پتلی اور کمزور ہو جاتی ہیں۔ چہرہ مرجھا جاتا ہے اور جسم کی کھال لٹک جاتی ہے۔ اس مرض میں بھوک بڑھ جاتی ہے اور بچہ ہر وقت کچھ کھانے کی کوشش کرتا ہے۔ کھانسی بھی ہو جاتی ہے۔ ہڈیوں میں نقص پیدا ہو جانے کی وجہ سے بچے کی نشوونما ٹھیک طور سے نہیں ہوتی ہے۔

اس مرض کا سبب بچے کے پیٹ کے غدودوں میں نقص پیدا ہو جاتا ہے۔ بچے کو ماں کے دودھ کے بجائے اوپرا دودھ ملنے سے بھی مرض پیدا ہوتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ معاون دوا۔ جبکہ خاندان میں دق کی ہسٹری پائی جائے۔ موسم کی تبدیلی سے بہت زیادہ حساس ہو۔

ٹوبر کولینم 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ بہت تیزی سے لاغری ہو۔ کسی بھی چیز کے کھانے اور پینے کے فوراً بعد دست لگ جائیں۔ معدے میں جلن کا احساس ہو۔

آرسنک البم 30' چار گھنٹے بعد

☆ ٹانگوں میں زبردست لاغری۔ پٹھے چڑھ جائیں۔ گردن کمزور ہو جائے۔ سر کو نہ سہار سکے۔ پلپلی اور ڈھیلی جلد۔ دستوں کے ہونے سے کچھ بہتر محسوس کرے۔

ابروٹینم 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ بہت زیادہ ریاح اور گیس بنے۔ مسلسل لاغر ہوتا جائے۔ مٹھائیوں کی خواہش کرے اور وہ موافق نہ آئیں۔

ارجنٹم نائٹریکم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ گوشت کھانے کی خواہش کرے۔ دودھ پینے کی خواہش کرے لیکن ہضم نہ کر سکے۔ لاغری ہو۔

میگنیشیا کارب 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ جسم میں پانی کی کمی ہو جائے۔ گردن بہت زیادہ کمزور ہو۔ قبض ہو۔ زیادہ نمک کھانے کی خواہش ہو۔ رانیں بہت کمزور ہو رہی ہوں۔ ہڈیوں میں معمولی خم پذیری ہو۔

نیٹرم میور 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ کھایا پیا ہضم اور جذب نہ ہونے کی وجہ سے لاغری۔ پاؤں میں بہت زیادہ پسینہ آئے۔ مریض کو بہت ٹھنڈ لگے۔

سلیسیا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ شرمیلی طبیعت کا مریض۔ غدودوں کی سوجن کے ساتھ لاغری۔ پیٹ بڑھ جائے۔

برٹا کارب 200 یا 1M، ہفتہ وار، تین مرتبہ

☆ بچوں کی لاغری۔ ذہنی طور پر کمزور۔ چڑچڑے اور اعصابی طور پر کمزور۔

امبرا گر-سیا 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ مریض میٹھی چیزوں اور گرم مشروبات کی خواہش کرے۔ ریاح بہت زیادہ بنے۔ گردن اور چہرہ لاغر ہو۔

لائیکو پوڈیم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ جوڑوں میں سوجن اور ان کی ہیئت بگڑ جائے۔ مریض اچھی طرح کھانے کے باوجود لاغر ہوتا جائے۔

آیوڈیم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد

☆ ذہنی یا جسمانی محنت کے بعد کمزوری۔ ہاضمہ اچھا ہونے کے باوجود لاغری ہو۔

پکرک ایسڈ، چار گھنٹے بعد

☆ شیر خوار بچوں کا سوکھیا۔

نیٹرم فاس 6x یا 30، چار گھنٹے بعد

☆ بچے کو اسہال لگیں۔ شدید لاغری ہو اور انتہائی کمزور ہو جائے۔ تالو یا چندیا بہت زیادہ کھلی رہے۔

کلکیریا فاس 12x یا 30، چار گھنٹے بعد

☆ کمر کے مہرے ٹیڑھے ہو جائیں۔ آنکھ میں بھینگا پن آجائے یا آنکھیں ادھ کھلی رکھے۔ آنکھ کی پتلی پھیل جائے۔ کوئی چیز نگلتے ہوئے گلے میں درد ہو۔ آنتیں موٹی اور باہر کو نکلی ہوں۔

بیلاڈونا 30، چار گھنٹے بعد

☆ بچے کے دانت مشکل سے اور آہستہ آہستہ نکل رہے ہوں۔ سر پر کثیر پسینہ آتا ہو۔ تالو

یا چندیا کھلی ہو۔ پیٹ بڑھ گیا ہو۔ سفید جھاگ دار دست ہو رہے ہوں۔ پٹھے اور اعصاب بدوضع ہو رہے ہوں اور ریڑھ کی ہڈی میں خم آنے لگا ہو۔

کلکیریا کارب 200 یا 1M' ہفتہ وار'

چھ مرتبہ

☆ زور لگانے سے پتلے یا قبض سے پاخانے ہوں۔ پسینہ بالکل نہ آئے۔ بال خشک اور بغیر چمک کے بھوسلے سے ہو جائیں۔ بولنے اور چلنے میں سستی اور آہستگی۔ دانت کاٹتا ہو۔ سر بڑا ہو۔ تالو یا چندیا کھلی ہو۔ ٹھنڈے پسینے سے نہا جاتا ہو۔ شدید قسم کی بھوک محسوس کرتا ہو۔ غیر معمولی اشیاء کی خواہش کرنے لگے۔

الیومنا 30' چار گھنٹے بعد

دیگر اہم ادویات : آیوڈیم' مرک سال' فاسفورس' سیپیا' تھیریڈیان' سلفر' سٹینی سگریا' لائیکوپوڈیم' میزریم' فلورک ایسڈ' سلیسیا' آسفوئڈا' آرم میور' ہیپر سلف' فاسفورک ایسڈ' سمفائٹم' وغیرہ۔

— ✪ —

تمباکونوشی/تمباکو کی خواہش/عادت

Tobacco Craving

عموماً تمباکونوشی کی ابتداء شہروں میں فیشن کے طور پر ہوتی ہے اور گاؤں میں معاشرتی ماحول کی وجہ سے۔ شہروں میں لوگ سگریٹ نوشی کرتے ہیں اور گاؤں میں حقہ پیتے ہیں۔ بہرحال تمباکونوشی ہر صورت میں نقصان دہ ہے۔ اس سے متعدد امراض خصوصاً پھیپھڑوں کی تکلیفات پیدا ہوتی ہیں۔ اس سے نظام تنفس کی بیماریاں نزلہ زکام کھانسی، دمہ پھیپھڑوں کی ٹی بی، دل کی شریانوں کی بیماری، آنتوں میں زخم اور سرطان وغیرہ جنم لیتی ہیں۔ گلے کی خشکی، ٹانگوں کی کمزوری، پٹھوں کا درد تیز دھڑکن اور کھانسی جیسی بیماریاں بھی سگریٹ نوشی کی وجہ سے ہو سکتی ہیں۔ دل کی تکلیفات اور اعصابی شریانوں کا بند ہونا بھی تمباکو نوشی کے سبب ہوتا ہے۔ اس سے نظام انہضام بھی کمزور ہو جاتا ہے اور معدے کی بیماریاں پیدا ہوتی ہیں۔ تمباکونوشی نہ کرنا اچھی صحت کی ضمانت ہوتی ہے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ سگریٹ پینے کی شدید خواہش۔ دل سے تمباکو کی طرف مائل اور متاثر۔ دمہ کی طرح سانس میں دباؤ کھچاؤ۔

کیلیڈیم 30 S، چار گھنٹے بعد

☆ تمباکو کی خواہش کم کرنے کے لئے۔ جبکہ تمباکو نوشی چھوڑنا مقصود ہو۔

ٹابکم 30، چار گھنٹے بعد

☆ تمباکو کھانے کے عادی لوگوں کو تمباکو سے نفرت پیدا کرنے کے لئے۔

پلانٹیگو 30، چار گھنٹے بعد

☆ اگرچہ تمباکو کا عادی ہو لیکن اس کی بو برداشت نہ کر سکے۔

لوبیلیا انفلیٹا Q 5-10 قطرے، چار گھنٹے بعد

نشہ کی عادت

Addictions

نشہ آور ادویات اور منشیات کا استعمال صحت کے لئے انتہائی مضر ہے۔ عام طور پر منشیات کا عادی ایسی نشہ آور چیزوں کو چھوڑنے کے لئے تیار نہیں ہوتا ہے جس سے اس کو سرور حاصل ہوتا ہے بلکہ وقت کے ساتھ ساتھ وہ ان کی مقدار بڑھاتا جاتا ہے اور ان کے مسلسل استعمال سے اس کے اعضاء کمزور ہوتے جاتے ہیں۔ اس بری عادت کو چھڑانے کے لئے ذیل میں چند دوائیں تجویز کی جاتی ہیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ ایسے اشخاص جن کو منشیات کی طلب وراثت میں ملی ہو۔

سفیلینم 1M' ہفتہ وار' چھ مرتبہ

☆ افیون کی عادت۔

بربرس ولگرس Q 5-10 قطرے' ہر چار گھنٹے بعد

☆ افیون کا ست (Morphia)

اوینا سٹیوا Q 10-20 قطرے' ہر چار گھنٹے بعد

چونکہ نشئی کے اعصاب کمزور ہوتے جاتے ہیں لہٰذا علامات کے مطابق مندرجہ بالا ادویات کے ساتھ ساتھ اعصاب کی کمزوری کو دور کرنے کے لئے بائیو کیمک کی کالی فاس 6x اور میگنیشیم فاس 3x ہر چار گھنٹے بعد دینے سے بہتر نتائج بر آمد ہوتے ہیں۔

نشے کے اثرات بد

Bad Effects of Alcohol

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ ہذیانی کیفیت۔ بکواس کرنا۔ مسلسل اول فول بکتے رہنا۔

ہائیو سائمس (Hyoscyamus) 30 یا 200' ہر 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ تھوڑی مقدار میں منشیات استعمال کر کے بھی مریض نشے میں دھت ہو جائے خاص طور

پر بوڑھے جنہوں نے شادی نہ کی ہو۔

کونیم میک 200' ہر چھ گھنٹے بعد' چھ مرتبہ

☆ منشیات کے زیادہ استعمال کے بداثرات جس کے نتیجے میں لرزہ یا رعشہ سا طاری ہو جائے مسلسل بکواس کرے۔ گیس کی شکایت ہو۔ طبیعت میں جھنجلاہٹ اور اعصابی کمزوری۔

نکس وامیکا 30 یا 200' ہر چار گھنٹے بعد

☆ بدکردار لوگ۔ جو طبعاً" بدمعاش ہوں اور حاسد۔ الٹی سیدھی باتیں کرتے ہوں۔ اس وقت بھی جبکہ انھوں نے نشہ نہ کیا ہو۔

لیکے سس 30 یا 200' ہر چھ گھنٹے بعد

☆ ہذیانی' جنونی' دماغی فتور والے وہمی۔ فریب نظر' دھوکے اور وہم میں مبتلا جن کو اندھیرے سے ڈر لگے۔

سٹرامونیم 200 یا 1M' ہر 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ جب مریض شراب کے بغیر ذرا سا بھی کھانا ہضم نہ کر سکے۔

سلفورک ایسڈ 30' ہر چار گھنٹے بعد

☆ بہت زیادہ بکواسی۔ جس کے دماغ کی طرف خون کا بہاؤ تیز ہو جائے۔

بیلاڈونا 30' آدھے گھنٹے بعد

☆ ایسے مریض جو بلانوش ہوں اور ان کے ذہن میں طرح طرح کے خدشات اور خوف ہوں اور بہت زیادہ بکواس کرتے ہوں۔

اوپیم 200 یا 1M' ہر 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ ذہنی دباؤ۔ رعشہ اور لرزہ۔ خود کو زخمی کرنے پر آمادہ۔

سیمی سی فوگا 30 یا 200' آدھے گھنٹے بعد

☆ اکثر اوقات قبض۔ پاخانہ سخت۔ شراب کی تھوڑی مقدار سے بھی نشے میں دھت ہو جائے۔

الیومنا (Alumina) 30 یا 0/5 اور اس سے زیادہ' ہر چار گھنٹے بعد

☆ مسلسل شراب نوشی کے بعد مریض متشدد ہو جائے۔ مارنے مرنے پر آجائے اور ضرورت سے زیادہ بولنے لگے۔

کینابس انڈیکا 30 یا 200' ہر چار گھنٹے بعد

علامات کے مطابق متعلقہ دوا کے ساتھ ساتھ اعصابی طاقت کے لئے بائیو کیمک کی کالی فاس 6x دینا مفید ہے۔

نشہ چھڑانے کے لئے ادویات

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ پانی کے بجائے شراب یا دیگر نشہ آور چیزیں پینے کی خواہش۔

آرسنک البم 30' ہر تین گھنٹے بعد یا جب ضرورت ہو

☆ نشے اور شراب سے نفرت پیدا کرنے کے لئے۔

انجلیکا Q (Angelica)' 10 قطرے' ہر چار گھنٹے بعد

☆ عادی نشئی لوگ جن کے دل کمزور ہوں۔

سٹروفینتھس Q (Strophanthus)' 10 قطرے' ہر چار گھنٹے بعد

☆ پانی سے پیٹ میں ٹھنڈک پیدا ہو اور شراب کے ساتھ پانی ملانا پڑے۔ شراب اور نشے کی دوسری چیزوں سے نفرت پیدا کرنے کے لئے۔

سلفورک ایسڈ 30' ہر چار گھنٹے بعد

☆ وراثت سے ملنے والی خواہش کے لئے یا بہت زیادہ خواہش ہو شراب کے لئے۔

سیلینم 1M یا 10M' ہفتہ وار' بارہ مرتبہ

☆ ایسے کمزور اور اعصابی لوگ جو نشے کے عادی ہو چکے ہوں۔

ایونا سٹیوا Q 10-15 قطرے' ہر تین گھنٹے بعد یا جب ضرورت ہو

☆ جب Angelica Q سے فائدہ نہ ہو رہا ہو۔

کمفر Q 5 قطرے' حسب ضرورت

نبض کی تکلیفات

Affections of Pulse

ایک صحتمند آدمی کی نبض ستر سے اسّی مرتبہ فی منٹ حرکت کرتی ہے۔ اس سے کم یا زیادہ نبض چلنا کسی نہ کسی مرض کی علامت ہوتی ہے اور دونوں حالتیں قابل تشویش ہوتی ہیں۔ عام طور پر اختلاج قلب میں نبض کی حرکت تیز ہو جاتی ہے۔ مختلف قسم کے بخاروں کے دوران میں بھی نبض تیز چلتی ہے۔ اسی طرح کمزور کر دینے والے امراض میں نبض ست ہو جاتی ہے۔ نبض کا اچھل کر چلنا، دھڑکن سے چلنا، باریک چلنا اور نبض کی حرکت کے دوران کم یا زیادہ وقفہ بھی مختلف بیماریوں کی علامت ہوتا ہے اور مرض کی تشخیص میں نبض کی کیفیت بڑی اہمیت کی حامل ہوتی ہے۔

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ کھانے کے بعد تیز نبض۔

لائیکو پوڈیم 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ ٹمپریچر (حرارت) کے غیر متناسب نبض۔

پائیرو جینم 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ بھاری اور ست نبض۔ جسم برف کی طرح ٹھنڈا۔ کمزور کرنے والی تکلیفات میں۔

ورائرم V 30، آدھے گھنٹے بعد

☆ دھاگے کی طرح اور مسلسل اور تیز نبض۔ اندرونی طور پر خون کے اخراج کی صورت میں۔ ٹھنڈ کے احساس اور بے چینی کے ساتھ۔

آرسنک البم 30 یا 200، آدھے گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ جب بستر میں ہو تو سرعت سے چلنے والی نبض۔

سلفیورک ایسڈ 30، چار گھنٹے بعد

☆ اچھلتی ہوئی نبض۔ چلنے کے بعد۔

پٹرولیم 30 یا 200، چھ گھنٹے بعد

☆ دوران آرام سرعت سے یا لگاتار چلنے والی نبض۔

میگنیشیا میور 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ دھڑکن اور کثرت سے چلنے والی نبض۔ ٹھنڈ محسوس ہو۔ ہر چوتھی پانچویں دھڑکن کے بعد وقفہ۔

نکس وامیکا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ آدھی رات کے بعد نبض تیز ہو۔

بنزوک ایسڈ 30' چار گھنٹے بعد

☆ ہر دوسری دھڑکن کے بعد وقفہ۔

سپائی جیلیا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ ہر تیسری دھڑکن کے بعد وقفہ۔ محنت کے بعد بے قاعدہ نبض۔ بائیں جانب لیٹنے سے وقفہ۔ شدید پیاس اور قبض۔

نیٹرم میور 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ ہر تیسری اور چوتھی دھڑکن کے بعد وقفہ۔

نائٹرک ایسڈ 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ ہر چوتھی یا پانچویں دھڑکن کے بعد وقفہ۔

سیپی سی فوگا 30' چار گھنٹے بعد

☆ ہر چھٹی ساتویں دھڑکن کے بعد وقفہ۔

میورک ایسڈ 30' چار گھنٹے بعد

☆ ہر دسویں دھڑکن کے بعد وقفہ۔ کسی قسم کے وہم یا محنت کے بعد تکلیف بڑھے۔

جیلسی میم 30' چار گھنٹے بعد

☆ دسویں سے تیرھویں نبض کے درمیان وقفہ۔

سائنا 200 یا 1M' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

☆ شام کے وقت نبض ست ہو۔ پاخانہ قبض کے ساتھ ہو۔

گریفائٹس 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ رفع حاجت کے بعد نبض تیز ہو۔

کونیم میک 200' 10 منٹ بعد' تین مرتبہ

بائیں جانب کی ادویات

Left sided Remedies

ایسی ادویات جو جسم کے بائیں حصوں کے اعضاء کے لئے نہایت مفید ہیں نیچے بیان کی گئی ہیں۔ ان کا دوبارہ جائزہ لینے کے لئے کتاب میں دیئے گئے متعلقہ امراض کا مطالعہ بھی کیا جا سکتا ہے۔ دوا کے وقفے کے لئے بھی متعلقہ ابواب دیکھے جائیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ پسینہ بائیں جانب کے حصے پر زیادہ آنے کے لئے۔

جیرانڈی 30 یا 200

☆ بائیں جانب کے امراض کی ایسی علامات کے لئے جو شام تین بجے کے قریب بڑھ جائیں۔

تھوجا 30 یا 200

☆ بائیں طرف کے دوروں کے لئے۔

کالچی کم 30 یا 200

☆ گلے کے بائیں جانب کی شکایات کے لئے۔

لیکے سس 30 یا 200

☆ بائیں جانب کے بازو' ٹانگ اور پیٹ کے حصہ کے لئے۔

آسٹونڈا 30 یا 200

☆ بائیں جانب کی شکایات کے لئے خصوصاً" تلی کی چبھن کی تکلیف کے لئے۔

بیلس پرینس (Bellis Perennis)

30 یا 200

☆ گلے کے بائیں جانب کی شکایات کے لئے۔ گلے کی سوزش' زخم اور خناق کے لئے۔

مرک بن آیوڈیم 30

☆ پیٹ کے بائیں جانب درد کے لئے جو کمر کی طرف بڑھے۔

السٹونیا (Alstonia) 30 یا 200

☆ بائیں جانب کا گٹھیا۔ تیز درد جو کہ بائیں پھیپھڑے کے نچلے جوف کی طرف بڑھے۔

اوکسلک ایسڈ 30 یا 200

☆ ایسی علامات جو بائیں جانب سے شروع ہوں اور پھر دائیں جانب بھی ہو جائیں۔

بنزوک ایسڈ 30 یا 200

☆ بائیں جانب کا سردرد۔ پانچویں اعصاب کا درد اعصابہ۔
سپائی جیلیا 30 یا 200

☆ بائیں جانب کے ہاتھ اور پاؤں کا استسقا۔
کیکٹس g 30 یا 200

☆ بائیں جانب کا آدھا چہرہ سرخ اور گرم اور دائیں جانب کا آدھا پیلا اور ٹھنڈا۔
پیرس کواڈر فولیا 30 یا 200

☆ معدہ کا درد اعصابہ جس کی بائیں جانب زیادہ تکلیف ہو۔
نکس وامیکا 30 یا 200

☆ بائیں جانب کی پسلیوں کے بیچ درد اعصابہ جس میں بائیں جانب کا پورا بازو سن ہو جائے۔
کالمیا Lat 30 یا 200

☆ دورے کا سا درد اعصابہ خصوصاً" بائیں جانب جب کہ عرق النساء دائیں جانب ہو۔
کالوسنتھ 30 یا 200

☆ پستان کے نیچے کا درد جس سے اندام نہانی کی تکلیفات کا پتہ بھی چلے۔
سی سی فوگا 30 یا 200

دائیں جانب کی ادویات

Right sided Remedies

علامات، دوا اور طاقت، دورانیہ

☆ دائیں جانب کے خصیۃ الرحم کے بڑھ جانے اور استسقا کے لئے۔

ایپس ملفیکا 30 یا 200

☆ شکم کے نچلے حصے کی داہنی جانب کاٹنے اور مروڑ والے درد۔

الیو 30 یا 200

☆ دائیں پھیپھڑے کی تکلیف کے نمونیہ کے ساتھ یرقان۔

انٹی مونیم ٹار ٹیکم 30 یا 200

☆ داہنے کولہے اور شکم کے درمیانی مقام میں درد جس کو ذرا چھونے تک سے تکلیف بڑھ جائے۔

بیلا ڈنا 30 یا 200

☆ علامات دائیں سے بائیں کو جائیں۔

لائیکو پوڈیم 30 یا 200

☆ دائیں ابرو کے اوپر درد۔ دائیں پھیپھڑے کا نمونیہ۔ دائیں چوتڑ کا درد۔ دایاں پاؤں برف کی مانند ٹھنڈا ہو۔ دائیں شانے کی ہڈی کے نچلے کونے میں مستقل درد۔

چیلی ڈونیم 30 یا 200

☆ دائیں کولہے سے دائیں گھٹنے تک باہر کی جانب درد۔

کالی کارب 30 یا 200

☆ عصبی درد۔ دائیں جانب نوکیلی تیر لگنے اور کٹنے کا سا درد۔

میگنیشیا فاس 30 یا 200

☆ دائیں جانب کا سر درد۔ گدی سے چل کر دائیں آنکھ پر جا ٹھہرے۔ دائیں کندھے اور بازو کا درد۔ چھاتی کے دائیں جانب کی تکالیف۔ گلے کے دائیں طرف کی تکلیف۔

سنگونیریا 30 یا 200

☆ حلق کا داہنا حصہ۔ داہنا خصیۃ الرحم۔ شکم کا داہنا حصہ ماؤف ہو۔ داہنے خصیۃ الرحم کے داہنی ران میں جانے والے درد اور سن ہونے کا احساس۔

پوڈوفائلم 30 یا 200

سی سی فوگا 30 یا 200

☆ دائیں پستان میں درد۔

مختلف اوقات میں مرض میں کمی بیشی

Time Modalities

(Aggravation of symptoms at a specific time)

ہومیو پیتھک طریقہ علاج میں مختلف اوقات میں مرض میں کمی بیشی کی علامت کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ مختلف امراض میں مختلف اوقات میں تکلیف کی شدت کم زیادہ ہوتی ہے۔ اس طرح ایک سے مرض میں بھی انفرادی طور پر ہر مریض کی تکلیف میں اضافے و افاقے کے اوقات مختلف ہو سکتے ہیں۔ لہٰذا ایک کامیاب ہومیو معالج بیماری کی شدت اور کمی کا انفرادی طور پر جائزہ لے کر اس کی مناسبت سے دوا تجویز کرتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ رات کے ایک اور دو بجے کے دوران تکلیف میں اضافہ ہو۔

آرسنک البم

☆ رات کے دو اور تین بجے کے دوران تکلیف بڑھے۔

کالی بچ

☆ آدھی رات کے قریب تکلیف بڑھے۔ باقی اوقات میں سکون سے رہے۔

رہس ٹاکس

☆ دن کے اوقات میں تکلیف میں اضافہ ہو۔

میڈورنیم

☆ آدھی رات سے پہلے تکلیف بڑھے۔

اکونائٹ

☆ تمام رات اور خاص طور پر ابتدائی رات میں تکلیف میں اضافہ ہو۔

مرک سال

☆ رات کے وقت تکلیفات بڑھیں۔

سفیلنم

☆ دو بجے دوپہر کے قریب تکلیف بڑھے۔

کلکیریا کارب

☆ دن کے چار سے پانچ بجے کے دوران تکلیف میں اضافہ ہو۔

کاربوویج

☆ شام چار سے چھ بجے کے دوران تکلیفات بڑھیں۔

ایپس ملفیکا

☆ شام چار سے آٹھ تک تکلیف میں اضافہ ہو۔

لائیکو پوڈیم

☆ شام پانچ سے چھ بجے کے دوران تکلیف بڑھے۔

ہیپر سلف

☆ شام سات بجے کے قریب تکلیفات میں اضافہ ہو۔

رہس ٹاکس

☆ شام تین بجے کے قریب تکلیف بڑھے۔

بیلاڈونا

☆ شام چار بجے بخار وغیرہ کی تکلیف بڑھے۔

پلساٹیلا

☆ رات کو آدھی رات سے تین بجے رات تک تکلیف میں اضافہ ہو۔

ڈروسیرا

☆ دن کے گیارہ بجے کے قریب تکلیف بڑھے۔

اپی کاک، سلفر

☆ رات تین بجے کے قریب تکلیفات میں اضافہ ہو۔

نکس وامیکا، تھوجا

☆ صبح کے وقت تکلیف بڑھے۔

اگنیشیا

☆ رات تین تا چار تکلیف بڑھے۔

ہائپریکم

☆ رات تین بجے کے قریب تکلیف بڑھے۔

کالی کارب

☆ دن کے دس سے گیارہ کے دوران تکلیف بڑھے۔

جیلسی میم، نیٹرم میور

صبح کے وقت کی تکلیفات

Morning Sickness

Vomiting etc. During Pregnancy

(See travel sickness and vomiting etc. also)

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ مسلسل متلی اور قے سخت بے چینی کے ساتھ۔ ضدی قسم کی الٹیاں جو کسی طرح بھی نہ رکیں۔

لیک ویک ڈی فلوریٹم
30 (Lac Vac def)' چار گھنٹے بعد

☆ جوف شکم کے بالائی حصے پر کمزوری۔ بیہوشی سی۔ شدید قسم کی متلی اور قے۔
لو بیلیا انفلیٹا 6 یا 30' چار گھنٹے بعد

☆ منہ میں تری اور تھوک۔ متلی۔ زبان صاف۔ لیٹنے کے بعد تکلیف میں اضافہ ہو۔
اپی کاک 30' چار گھنٹے بعد

☆ کچھ کھانے پینے کے بعد زیادہ الٹیاں ہوں۔ بے چینی۔ تھوڑا تھوڑا اور وقفے وقفے سے پانی پئے۔ نہ بجھنے والی پیاس۔

آرسنک البم' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ قبض اور کڑوا ذائقہ۔ متلی۔ ریاحی تکلیفات کے ساتھ لگاتار قے۔
سمفوری کاریس (Symph race)
30' چار گھنٹے بعد

☆ پانی پینے کے بعد جیسے ہی وہ معدے میں گرم ہو تو فوراً باہر نکال دے یا الٹ دے۔ پانی دیکھنے سے تکلیف میں اضافہ ہو۔

فاسفورس 30 یا 200' 10 منٹ بعد'
تین مرتبہ

☆ صبح کے وقت اور کھانے کے بعد زیادہ الٹیاں ہوں۔ بہت زیادہ ریاح بنے۔ زبان میلی ہو۔

نکس وامیکا 30' چار گھنٹے بعد

بائیو کیمک کی فیرم فاس 6x نیٹرم میور 12x اور نیٹرم فاس 6x بھی مفید ادویات ہیں۔

متضاد نوعیت کی علامات

Opposite Characteristic Syptoms

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ کھانسی ٹھنڈے مشروبات سے بڑھے۔

سپا نجیا ٹوسٹا

☆ کھانسی کو ٹھنڈے مشروبات سے افاقہ ہو۔

کوپرم میٹلیکم

☆ حیض سے پہلے اور دوران حیض قبض۔

سلیسیا

☆ حیض سے پہلے اور حیض کے دوران پاخانے لگیں۔

بووسٹا' ورائٹرم البم' امونیا کارب

☆ دانتوں کی جڑیں گرنے لگیں۔

تھوجا' میزریم

☆ دانتوں کے کنارے جھڑیں۔

سٹیفی سیگریا' مرک سال

☆ کھلی ہوا سے گرم کمرے میں آنے سے کھانسی بڑھے۔

برائی اونیا

☆ گرم کمرے سے کھلی ہوا میں آنے سے کھانسی بڑھے۔

فاسفورس

☆ بچہ سارے دن روئے چلائے اور تمام رات سوئے۔

لائیکو پوڈیم

☆ بچہ سارے دن سکون سے رہے اور سوئے اور رات بھر روئے اور بے چین رہے۔

سورینم' جلاپا

☆ ٹھنڈے پانی سے دانت کے درد کو افاقہ ہو۔

کافیا' نیٹرم سلف' بسمتھ

☆ گرم پانی سے دانت کے درد کو افاقہ ہو۔

میگنیشیا فاس

☆ تر منہ ہونے کے باوجود پیاس لگے۔

مرک سال

☆ منہ خشک ہو لیکن پیاس ندارد۔

پلسائیلا

☆ سانس اندر لینے سے کھانسی بڑھے۔

سپا نجیا ٹوسا

☆ سانس خارج کرنے سے کھانسی بڑھے۔

اکونائٹ، کاسٹی کم

☆ سو کر اٹھنے کے بعد پسینہ آئے۔

سمبوکس نائگرا

☆ جیسے ہی سونے کے لئے آنکھیں بند کرے پسینہ آ جائے۔

کونیم، چائنا

☆ بیماریاں دائیں جانب سے شروع ہو کر بائیں جانب کو پھیلیں۔

لائیکو پوڈیم

☆ بیماریاں بائیں جانب سے شروع ہو کر دائیں طرف بڑھیں۔

لیکے سس

☆ دوہرا ہونے سے درد میں کمی ہو۔

کالوسنتھ

☆ پیچھے کی جانب مڑنے سے درد میں کمی ہو۔

ڈائس کوریا V

☆ بے ضرر نزلہ زکام میں خراشدار پانی بہے۔

یوفریزیا

☆ بے ضرر پانی کے ساتھ خراشدار نزلہ زکام۔

ا-یلیم سیپا

☆ حرکت کرنے سے درد کی شدت میں اضافہ ہو۔

برائی اونیا البم

☆ حرکت کرنے سے درد میں کمی واقع ہو۔

رہس ٹاکس

کچھ وقفے کے بعد پرانی علامات ظاہر ہونے کا رجحان

Periodicity

(Periodical appearance of symptoms)

ایسی ادویات جو مخصوص اوقاتی نوعیت کی حامل ہیں ذیل میں درج کی جاتی ہیں۔ ان ادویات کی تفصیلات متعلقہ امراض کے بیان میں دی جا چکی ہیں۔ یہاں صرف چند اہم ادویات کا ذکر کیا گیا ہے۔

علامات	دوا اور طاقت، دورانیہ
☆ سالانہ۔	ٹرینٹولا ہسپانیہ
☆ ہر موسم بہار میں۔	کوٹیلس ہرائڈس (مقررہ وقفے سے شکایت واپس لوٹے۔ چودھویں روز، سونے کے بعد۔ لیکے سس
☆ آٹھویں روز۔	آئرس V
☆ معمول میں۔	رہس ٹاکس (مقررہ وقفے سے شکایت واپس لوٹے، اٹھائیسویں روز۔ نکس وامیکا) سفیلنم
☆ تمام رات۔	میڈورینم
☆ تمام دن۔	
☆ ہر سرد موسم میں۔ جلد پھٹ جائے۔	پٹرولیم
☆ ہر صبح کھانسی۔	الیومنا
☆ نو بجے اٹھنے پر دست آئیں۔	نیٹرم سلف
☆ صبح پانچ بجے سے دست لگیں یا اس میں اضافہ ہو۔	سلفر
☆ چوتھے دن آدھی رات کے بعد تکلیف میں اضافہ ہو۔	آرسنک البم
☆ تکلیف میں دن کے دو سے چار بجے کے دوران اضافہ۔	کالی کارب

☆ تین سے پانچ بجے کے دوران تکلیف بڑھے۔

کالی بچ

☆ صبح آٹھ سے گیارہ بجے کے دوران تکلیف میں اضافہ۔

نیٹرم میور

☆ شام چھ سے سات بجے کے دوران۔ کثرت سے پیشاب آئے۔

برائی اونیا البم

☆ مقررہ وقفے کے ساتھ شکایت واپس لوٹے۔ شام کے وقت، گرمائش سے۔

پلساٹیلا

☆ مقررہ وقفے سے شکایت واپس لوٹے۔ تیسرے دن، اکیسویں دن، بخار وغیرہ۔

چائنا سلف

☆ مقررہ وقفے سے شکایت واپس لوٹے۔ ساتویں دن۔ صبح کے وقت۔

سلفر

☆ مقررہ وقفے سے شکایت لوٹے۔ دسویں روز۔

فاسفورس

مختلف امراض کو دبائے جانے کے اثرات بد

Bad effects of Suppressions

(See other relevant ailments also)

دنیا میں ہر شخص کو کبھی نہ کبھی کوئی نہ کوئی مرض لاحق ہوتا ہے اور اس کا صحیح علاج ہو جانے کی صورت میں وہ بیماری رفع ہو جاتی ہے۔ لیکن بعض دفعہ بعض امراض کی صحیح تشخیص نہ ہونے اور غلط طور پر مرض کو دبا دینے کی وجہ سے دوسرے امراض یا پیچیدگیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔

علامات	دوا اور طاقت، دورانیہ
☆ لیکوریا کو دبانے کی وجہ سے بواسیر ہو جائے۔	امونیم میور 30 یا 200، چار گھنٹے بعد
☆ پاؤں کے پسینے کو دبانے کے نتیجے میں تشنج یا سوتیا ہو جائے۔	سلیسیا 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ
☆ توہین، ہتک اور بے عزتی کے اثرات بد۔	سٹیفی سیگریا 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ
☆ پھنسیاں پھوڑے اور دانے دبانے کی وجہ سے جنون یا بدحواسی۔	زنکم میٹیلکم 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ
☆ آتشک کو دبانے کی وجہ سے بہرہ پن ہو جائے۔	کریازوٹ 30 یا 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ
☆ سوزاک کے بعد کے اثرات۔	میڈورینم 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ
☆ دستوں کو روک دینے کی وجہ سے جوڑوں کا درد ہو جائے۔	ابروٹینم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

☆ پاؤں کے پسینہ کو دبانے کی وجہ سے دمہ ہو جائے۔

اولیم انِی مل (Oleum an) 200،
10 منٹ بعد، تین مرتبہ

☆ پھوڑے پھنسیوں اور دانوں کو دبانے کی وجہ سے خارش ہو جائے۔

آرسنک البم 30 یا 200، چار گھنٹے بعد،
تین مرتبہ

☆ خناق، لال بخار یا ٹائی فائڈ کو دبانے کے نتیجے میں گردے کی تکلیف ہو جائے۔

ٹیر-بنتھ Q یا 30، چار گھنٹے بعد

☆ جلنے کے بعد کے اثرات۔

کاسٹی کم 30 یا 200، ہفتہ وار، تین
مرتبہ

☆ پھوڑے پھنسی اور دانوں کو دبانے کی وجہ سے بے حسی اور بدحواسی۔

سلفر 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین
مرتبہ

☆ پھوڑے پھنسی اور دانے دبانے کی وجہ سے اینٹھن اور کھچاؤ۔

زنکم میٹلیکم 200، 10 منٹ بعد، تین
مرتبہ

مانع امراض ادویات

Prophylactics

(Preventive Remedies)

علامات	دوا اور طاقت، دورانیہ
☆ فلو۔	انفلوائزنم 30 یا 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ پہلے دن، آرسنک البم 6 دوسرے روز سے صبح شام
☆ ملیریا۔	ملیریا off 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ ملیریا off کی ناکامی کی صورت میں نیٹرم میور 200
☆ پولیو۔	لیتھیرس سٹیوا (Lathyrus Sat) 200، پہلے مہینے میں ایک خوراک (ہفتہ وار تین مرتبہ) دوسرے مہینے 1M، تیسرے مہینے 10M کی ایک ایک خوراک
☆ چیچک۔	ملانڈریلا 30 یا 200، ایک مرتبہ، دو تین دن تک چھ مرتبہ
☆ کالرا۔ (ہیضہ)	کوپرم میٹیلیکم 30 یا 200، تین دن
☆ یرقان۔	مرک سال 200، پہلے دن (10 منٹ بعد تین مرتبہ) اگلے دن سے کالی میور 6x چار گھنٹے بعد
☆ آشوب چشم۔	بیلاڈونا 30، صبح شام، باقی تین دن (چھ مرتبہ)
☆ کالی کھانسی۔	پرٹوسن (Pertussin) 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ
☆ سردی لگنے کے لئے۔	اکونائٹ 6 یا 30، شروع میں آدھے گھنٹے بعد اور بعد ازاں چھ گھنٹے بعد ساتھ ہی فیرم فاس 6x دو دو گھنٹے بعد

☆ کن پیڑے۔	پروٹی ڈی نم (Parotidinum) 200، ایک خوراک اور پلوکارپس (Pilocarpus) 6 گھنٹے بعد چھ مرتبہ
☆ خسرہ۔	ویریو لینم 200، 10 منٹ بعد تین مرتبہ، ویریو لینم ناکام ہونے کی صورت میں انٹم موینم ٹارٹ 10 منٹ بعد، تین مرتبہ
☆ کالا موتیا۔	کلکیریا فلور 12x، چار گھنٹے بعد اور ساتھ ہی نیٹرم میور 6x + کلکیریا فاس 6x + کالی فاس 6x- ہر دوا کی دو گولی صبح شام
☆ دماغی بخار۔	بیلا ڈونا 200، ہفتہ وار، تین مرتبہ
☆ دماغ کی جھلیوں کا ورم۔	بیلا ڈونا 30، تین گھنٹے بعد، چھ مرتبہفیرم فاس 12x تین گھنٹے بعد
☆ معدے اور انتڑیوں کا ورم۔	آرسنک البم 200، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ
☆ خناق۔	ڈپتھرینم (Diptherinum) 200 یا 1M، ایک خوراک
☆ ٹیٹنس۔	لیڈم پال 200 اور ہائپریکم 200 یکے بعد دیگر تین گھنٹے بعد ایک دوا تین مرتبہ
☆ ٹانسلز (گلے کے غدودوں کا ورم)۔	برٹا کارب 200 یا 1M، پندرھویں روز، چھ مرتبہ
☆ تپ دق۔	ٹوبرکو لینم 10M K پہلے مہینے میں، 50M دوسرے مہینے اور سی ایم تیسرے مہینے ہر مرتبہ ایک خوراک
☆ ٹائی فائڈ بخار۔	ٹائی فائیڈنیم (Typhoidinum) 200 یا 1M، 10 منٹ بعد، تین مرتبہ
☆ فلیریا۔	کیسی کم 30، چھ گھنٹے بعد پہلے تین چار روز اور بعد میں کلکیریا فلور 30x چھ گھنٹے بعد
☆ پلیگ (طاعون)۔	ٹیرنٹولا ہسپانیہ 30 یا 20، چار گھنٹے بعد، تین مرتبہ

خصوصی علامات کے حامل امراض

Peculiar symptoms

☆ کوئلے چبانے کی خواہش۔

سکوٹا V 30 یا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ قبض کی حالت میں بہتر محسوس کرے۔

کلکیریا کارب 200' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ ہمیشہ کسی شدید بیماری کے حملے سے پہلے بہتر محسوس کرے۔

سورینم 200 یا 1M' پندرھویں روز' تین مرتبہ

☆ سر' سینے اور پیٹ میں کھوکھلا پن محسوس کرے۔

کوکولس انڈیکا 30' چار گھنٹے بعد

☆ بستر بہت سخت محسوس ہو۔

آرنیکا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ ضرورت سے زیادہ باتونی۔ موضوعات بدل بدل کر بولتا رہے۔

لیکے سس 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ ناچنے کے بعد یا کوئی مشقت کرنے کے بعد بہتر محسوس کرے۔

سیپیا 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

☆ اپنی شکایات کے بارے میں سوچتے ہوئے بہتر محسوس کرے۔

کیمفر 30' چار گھنٹے بعد

☆ ناک کے سوراخوں کے اگلے حصوں کا پنکھے کی طرح حرکت کرنا۔

لائیکو پوڈیم 30 یا 200' چار گھنٹے بعد

☆ کافی پینے کے بعد ہر قسم کی علامات میں اضافہ ہو۔

کاسٹی کم 200 یا 1M' ہفتہ وار' تین مرتبہ

انسدادی ٹیکہ کے امراض

Affections of vaccination

ویکسین : مردہ یا لاغر بیکٹیا کے نلیوں پر مبنی یا ان سے حاصل کردہ جوہر یا عرق جو بعض امراض کے تدارک کے لئے انسدادی طور پر استعمال کیا جاتا ہے اور اس طرح انسانی بدن کو جراثیم سے پاک کیا جاتا ہے۔ تنہا ویکسین تین امراض کو روکتی ہے۔ یعنی خناق' ٹیٹس اور کالی کھانسی کو۔ دیگر امراض کے لئے بھی ویکسین ہوتی ہیں۔ مثلاً" پولیو' سے ہیں۔ ساک اور بی سی جی وغیرہ۔

کسی مہلک بیماری بالخصوص چیچک کا خاص طریقہ سے تیار کیا ہوا زہریلا مادہ جس کا ٹیکہ لگانے سے انسان اس بیماری سے محفوظ رہتا ہے۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ (Vaccination) ٹیکے کے اثرات بد کے لئے۔ چیچک کے انسداد کے لئے اعلیٰ ترین دوا۔

تھوجا OC 200 یا 1M' 10 منٹ بعد'
تین مرتبہ

☆ جب ویکسینیشن اثرات بد کو رفع کرنے میں غیر موثر ہو جائے۔
انٹی مونیم ٹارٹ 200' ایک خوراک

☆ ویکسینیشن کے سالہا سال بعد تک جلد خشک اور کھردری رہے۔
میلنڈرینم 200' ہفتہ وار' چھ مرتبہ

☆ ویکسینیشن کے بعد چھلکے اور کھرنڈ بن جائیں۔ ویکسی نینم 200' ہفتہ وار' چھ مرتبہ

☆ ویکسینیشن کے بعد تمام جسم پلپلا سا ہو جائے۔ ایبس ملفیکا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد'
تین مرتبہ

☆ ویکسینیشن کے بعد ایگزیما اور دانے نکل آئیں جن میں خارش ہو۔
میزریم 30' چار گھنٹے بعد

☆ ویکسینیشن کے بعد چھالے اور دورے پڑیں۔ سلیسیا 30 یا 200' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

☆ ویکسینیشن کے بعد چہرے اور جسم کے دوسرے حصوں سے دانے اور خارش ختم کرنے کے لئے۔

سارساپریلا 30' چار گھنٹے بعد

☆ جلد کے متاثرہ حصوں کی سوزش اور بخار کے لئے۔
بیلا ڈونا 30' چار گھنٹے بعد' تین مرتبہ

پیشہ ورانہ امراض

Occupational Ailments

ہر شخص کے پیشے کی مناسبت سے اس کی زندگی کے معمولات پر مختلف قسم کے اثرات پڑتے ہیں۔ چنانچہ صحت پر بھی دماغی اور جسمانی لحاظ سے پیشے کا اثر ہوتا ہے۔ مثلاً" زیادہ بیٹھ کر کام کرنے والے لوگوں کو اکثر معدے کے امراض کی شکایات ہو جاتی ہیں۔ ذہنی اور جسمانی محنت کرنے والے اشخاص کو تھکن' نزلہ زکام اور بخار وغیرہ کے امراض لاحق ہو جاتے ہیں۔ گردوغبار اور گندے ماحول میں کام کاج کرنے والے لوگ اکثر سانس کی تکلیفات میں مبتلا ہوتے ہیں۔ زیادہ بولنے اور تقریر کرنے والے افراد گلے کی تکلیفات کا شکار ہوتے ہیں۔

علامات' دوا اور طاقت' دورانیہ

☆ اساتذہ اور کاروباری حضرات کی دماغی تھکن اور سردرد۔

پکرک ایسڈ 30' چھ گھنٹے بعد

☆ گانے والوں اور مقررین کی تھکاوٹ۔

جلیسی میم 30' چار گھنٹے بعد

☆ جولاہوں یا بنائی کرنے والوں کے لئے۔

گاسی پیم 30' چھ گھنٹے بعد

☆ ایکٹروں۔ نیلامی کی آواز لگانے والوں۔ تقریر کرنے والوں اور مولویوں اور پادریوں کے لئے۔

اورم ٹری فائلم 30' چار گھنٹے بعد

☆ ذہنی اور جسمانی دباؤ کی وجہ سے کمزوری۔

کوکا Q 5 تا 10 قطرے' کالی فاس 6x' چار گھنٹے بعد

☆ کوئلے کی کان میں کام کرنے والوں کے لئے۔ کوئلے کا گرد سانس کے ساتھ داخل ہونے کی وجہ سے دمہ۔

نیٹرم آر سنکم 30' چار گھنٹے بعد

☆ پانی میں کام کرنے اور کپڑے دھونے والی خواتین کے لئے۔

سیپیا 200' چھ گھنٹے بعد

☆ بیٹھ کر کام کرنے والوں۔ فکرمند' گیس کی شکایت والوں کے لئے۔ کھانسی۔ کتابی کیڑوں یعنی بہت زیادہ لکھنے پڑھنے والے لوگوں کے لئے۔ تنہائی پسند لوگوں کے لئے۔

نکس وامیکا 30' چھ گھنٹے بعد

☆ مہاجرین۔ راگ ترتیب دینے والے۔ شعر کہنے والے، اور قبض میں مبتلا لوگ۔
پلاٹینا 200 یا 1M، چار گھنٹے بعد، تین
مرتبہ

☆ پتھر کا کام کرنے والے۔ کھانسی۔ دمہ۔ پھیپھڑوں کی تکلیفات سینے کی انفیکشن وغیرہ کے لئے۔
سلیشیا 6x یا 30 (احتیاط کے ساتھ
استعمال کرائی جائے) چھ گھنٹے بعد

☆ زیادہ مطالعہ کرنے والے یا پڑھاکو قسم کی لڑکیوں لڑکوں اور لوگوں کے سر درد کے لئے۔
کلکیریا فاس 6x یا 30، چھ گھنٹے بعد

☆ مولویوں اور پادریوں یا مذہبی مقررین کے لئے جن کے گلے بیٹھ جائیں۔ کپڑے دھونے والی خواتین کے دانت درد کے لئے۔
فاسفورس 30 یا 200، چار گھنٹے بعد،
تین مرتبہ

☆ ملاحوں کے لئے۔ سمندر میں جانے سے دمہ کی تکلیف کو افاقہ ہو۔
برومیم 30، چار گھنٹے بعد

☆ پینٹرز اور رنگ سازوں کی دوا۔
پلمبم میٹلیکم 30، چھ گھنٹے بعد

☆ نرسوں کے لئے جو مسلسل کام کرنے اور جاگنے کی وجہ سے تھک گئی ہوں۔
کوکولس انڈیکا 30، چھ گھنٹے بعد

☆ درزیوں کے لئے دوا۔ مزدوروں کے بھاری بوجھ اٹھانے کی وجہ سے پیدا ہونے والی تکلیفات۔
روٹا 30 g، چھ گھنٹے بعد

☆ پاؤں نازک اور کمزور سے ہوں خصوصاً" سیلزگرل وغیرہ کے لئے۔
سکوٹیلا 30، چھ گھنٹے بعد

☆ ایسی ملازم پیشہ لڑکیاں جو گاؤں سے آئی ہوں اور خون کی کمی کا شکار ہو جائیں۔
پلساٹیلا 30، چھ گھنٹے بعد

☆ لوہاروں یا فیکٹری میں کام کرنے والے لوگوں کے لئے جن کو آنکھوں اور عصب بینائی کی تکلیف ہو۔
مرکورس سال 30، چار گھنٹے بعد

آپ کیا چاہتے ہیں؟
ہومیوپیتھک و بائیوکیمک ادویات
ہومیوپیتھک کتب و گائیڈیں
ملک شوگر، گولیاں، ٹکیاں یا
ہومیوپیتھی سے متعلقہ کوئی اور چیز مثلاً
سٹیتھوسکوپ، بلڈ پریشر ناپنے کا آلہ اور ڈاکٹری
کوٹ وغیرہ، تو ہمارے ہاں تشریف لائیں۔
رحیم ہومیوپیتھک سٹور اینڈ کلینک
فسٹ فلور لاہور آرٹ پریس بلڈنگ بالمقابل جالندھر موتی چور
۱۵۔ نیو انارکلی۔ لاہور۔ فون ۷۳۵۷۵۱۳—۷۳۵۱۸۹۸